لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ

لِلْمُحْسِنِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَ	يُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَهُمْ
نیکوں کے لیے	وہ جو	قائم کریں	نماز	اور	دیں	زکوۃ	اور وہ

اور رحمت ہے۔ جو نماز قائم کرتے ہیں زکوۃ ادا کرتے ہیں اور جو

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ

بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	يُوْقِنُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	عَلٰى	هُدًى	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَ	اُولٰٓئِكَ
آخرت پر	وہ	یقین رکھیں	یہی لوگ ہیں	اوپر	ہدایت کے	اپنے رب سے	اور	یہی

آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ

هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يَّشْتَرِيْ	لَهْوَ	الْحَدِيْثِ
وہ ہیں	کامیاب	اور	بعض لوگوں سے	ایسے ہیں جو	خریدتے ہیں	کھیل کی	بات

فلاح پانے والے ہیں۔ اور لوگوں میں سے کوئی ہے جو غافل کر دینے والی باتوں کا خریدار بنتا ہے

لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

لِيُضِلَّ	عَنْ سَبِيْلِ	اللّٰهِ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	وَيَتَّخِذَهَا	هُزُوًا	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ
تاکہ گمراہ کرے	راہ	خدا سے	بغیر	علم کے	اور پکڑتا ہے اس کو	ٹھٹھا	یہ ہیں	کہ ان کیلئے

تاکہ وہ علم کے بغیر (لوگوں کو) اللہ تعالیٰ کے راستے سے بہکا دے اور اس کا مذاق بنائے۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے ذلیل کرنے

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۶﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ

عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	وَ	اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	وَلّٰى	مُسْتَكْبِرًا	كَاَنْ	لَّمْ
عذاب	ذلیل کرنے والا	اور	جب	پڑھی جاتی ہیں	اس پر	ہماری آیتیں	پھرتا ہے	تکبر کرتا	گویا کہ	نہیں

والا عذاب ہے۔ اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جائیں تو تکبر کرتا ہوا پھرے جیسے انہیں سنا ہی نہیں

يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	اِنَّ	اَلِيْمٍ	بِعَذَابٍ	فَبَشِّرْهُ	وَقْرًا	فِيْٓ اُذُنَيْهِ	كَاَنَّ	يَسْمَعْهَا
وہ جو	بیشک	دردناک کی	عذاب	توخوشخبری دو اسکو	بوجھ ہے	اسکے کانوں میں	گویا کہ	سنا اس کو

جیسے اس کے کانوں میں بوجھ ہے تو اسے دردناک عذاب کی بشارت دیدیں۔ بے شک جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ﴿۸﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

فِيْهَا	خٰلِدِيْنَ	النَّعِيْمِ	جَنّٰتُ	لَهُمْ	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا	اٰمَنُوْا
اس میں	ہمیشہ رہیں	نعمتوں کے	باغ ہیں	ان کے لیے	نیک	اور عمل کیے	ایمان لائے

ایمان لائے اور اچھے کام کے ان کیلئے نعمتوں والے باغ ہیں۔ جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے

وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ

عَمَدٍ	بِغَيْرِ	السَّمٰوٰتِ	خَلَقَ	الْحَكِيْمُ	الْعَزِيْزُ	وَهُوَ	حَقًّا	اللّٰهِ	وَعْدَ
ستون کے	بغیر	آسمانوں کو	پیدا کیا اس نے	حکمت والا	عزت والا ہے	اور وہ	سچا ہے	اللہ کا	وعدہ

یہ اللہ کا سچا وعدہ ہے اور وہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اسی نے آسمانوں کو بغیر ستون کے پیدا کیا ہے

تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِى الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ

مِنْ كُلِّ	فِيْهَا	وَبَثَّ	تَمِيْدَ بِكُمْ	اَنْ	رَوَاسِيَ	فِى الْاَرْضِ	وَاَلْقٰى	تَرَوْنَهَا
ہر طرح کے	اس میں	اور پھیلائے	نہ حرکت کرے تمہارے ساتھ	یہ کہ	لنگر	زمین میں	اور ڈالے	کہ دیکھتے ہو تم اسکو

تم انہیں دیکھ رہے ہو اور اس نے زمین میں پہاڑوں کو جما دیا تاکہ وہ تمہیں جنبش نہ دے سکے اور ہر طرح کے

دَآبَّةٍ ؕ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۰﴾

كَرِيْمٍ	زَوْجٍ	مِنْ كُلِّ	فِيْهَا	فَاَنْۢبَتْنَا	مَآءً	مِنَ السَّمَآءِ	اَنْزَلْنَا	وَ	دَآبَّةٍ
بارونق	جوڑے	ہر طرح کے	اس میں	تو اگائے ہم نے	پانی	آسمان سے	اتارا ہم نے	اور	چارپائے

جاندار زمین میں پھیلا دیئے اور ہم نے آسمان سے پانی برسا کر زمین میں ہر قسم کے عمدہ نباتات کے جوڑے اُگا دیئے۔

هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ بَلِ

هٰذَا	خَلْقُ	اللّٰهِ	فَاَرُوْنِيْ	مَاذَا	خَلَقَ	الَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	بَلِ
یہ ہے	بنایا ہوا	اللہ کا	تو دکھاؤ مجھے	کیا	بنایا ہے	انہوں نے	جو اسکے سوا ہیں	بلکہ

یہ اللہ کا پیدا کیا ہوا ہے تو (پس اے مشرکو) مجھے وہ دکھاؤ جو اس کے سوا دوسروں نے

الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۱﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ

الظّٰلِمُوْنَ	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	لُقْمٰنَ	الْحِكْمَةَ	اَنِ	اشْكُرْ
ظالم	میں	گمراہی	کھلی ہیں	اور	بیشک	عطا فرمائی ہم نے	لقمان کو	حکمت	یہ کہ	شکر کر

پیدا کیا ہو بلکہ یہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔ اور بے شک ہم نے لقمان کو حکمت عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر ادا کیجئے اور جو شکر کرے

لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ

لِلّٰهِ	وَ	مَنْ	يَّشْكُرْ	فَاِنَّمَا	يَشْكُرُ	لِنَفْسِهٖ	وَ	مَنْ	كَفَرَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَنِيٌّ
اللہ کا	اور	جو	شکر کرے	تو وہ	شکر کرے گا	اپنے لیے	اور	جو	کفر کرے	تو بیشک	اللہ	بے پروا

وہ اپنے ہی نفع کیلئے شکر کرتا ہے اور جس نے ناشکری کی تو یقیناً اللہ بے نیاز بہت

حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ

حَمِيْدٌ	وَ	اِذْ	قَالَ	لُقْمٰنُ	لِابْنِهٖ	وَ	هُوَ	يَعِظُهٗ	يٰبُنَيَّ	لَا تُشْرِكْ	بِاللّٰهِ
تعریف کیا گیا	اور	جب	کہا	لقمان نے	اپنے بیٹے کو	اور	وہ	نصیحت کرتا تھا اسکو	اے بیٹا	شرک مت کرنا	اللہ کے ساتھ

تعریف کیا ہوا ہے۔ اور یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا اور وہ نصیحت کرتا تھا اے میرے بیٹے! اللہ کا

اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ

اِنَّ	الشِّرْكَ	لَظُلْمٌ	عَظِيْمٌ	وَوَصَّيْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَيْهِ
بیشک	شرک	ظلم ہے	بہت بڑا	اور نصیحت کی ہم نے	انسان کو	اسکے ماں باپ کے متعلق

کسی کو شریک نہ کرنا بے شک شرک بڑا ظلم ہے۔ اور ہم نے انسان کو اُس کے والدین کے معاملے میں وصیت کی۔ اُس کی ماں

حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِیْ عَامَیْنِ اَنِ اشْكُرْ لِیْ

حَمَلَتْهُ	اُمُّهٗ	وَهْنًا	عَلٰى	وَهْنٍ	وَّ	فِصٰلُهٗ	فِیْ عَامَیْنِ	اَنِ	اشْكُرْ لِیْ
اٹھایا اس کو	اسکی ماں نے	کمزوری	اوپر	کمزوری کے	اور	دودھ چھڑانا اس کا	دو سال میں	یہ کہ	حق مان میرا

نے دُکھ پر دُکھ اُٹھا کر اُسے (اپنے پیٹ میں نو ماہ تک) اٹھایا اور دو سال اُس کا دودھ چھڑانے میں کہ میرا بھی شکر ادا کرو اور اپنے

وَلِوَالِدَیْكَ ؕ اِلَیَّ الْمَصِیْرُ ﴿۱۴﴾ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰۤى اَنْ تُشْرِكَ بِیْ مَا

وَ	لِوَالِدَیْكَ	اِلَیَّ	الْمَصِیْرُ	وَ	اِنْ	جَاهَدٰكَ	عَلٰۤى	اَنْ	تُشْرِكَ	بِیْ	مَا
اور	اپنے ماں باپ کا	میری طرف ہی	پھرنا ہے	اور	اگر	جھگڑیں تجھ سے	اوپر	اسکے کہ	تو شریک بنائے	میرا	اسکو

والدین کا بھی۔ (تمہیں) میری طرف ہی پلٹنا ہے۔ لیکن اگر وہ تجھ پر زور دیں کہ میرے ساتھ اسے جس کا تجھے کوئی علم نہیں

لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْیَا مَعْرُوْفًا ؗ

لَیْسَ	لَكَ	بِهٖ	عِلْمٌ	فَلَا	تُطِعْهُمَا	وَ	صَاحِبْهُمَا	فِی الدُّنْیَا	مَعْرُوْفًا
نہیں ہے	تجھے	اس کا	کوئی علم	تو نہ	کہا مان ان کا	اور	ساتھ دے ان کا	دنیا میں	بھلائی سے

شریک کر تو ان کی بات نہ مان مگر دنیاوی معاملات میں پسندیدہ طریقے پر ان کا ساتھ دے اور اس کی

وَّاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ ۚ ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا

وَّاتَّبِعْ	سَبِیْلَ	مَنْ	اَنَابَ	اِلَیَّ	ثُمَّ	اِلَیَّ	مَرْجِعُكُمْ	فَاُنَبِّئُكُمْ	بِمَا
اور پیروی کر	راستے کی	اس کے جو	رجوع ہوا	میری طرف	پھر	میری طرف ہے	تمہارا لوٹنا	تو میں بتاؤں گا تم کو	جو

راہ پر چل جس کا رُخ میری طرف ہے پھر میری طرف ہی تم لوگوں کو واپس آنا ہے پھر میں تمہیں بتاؤں گا

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ یٰبُنَیَّ اِنَّهَاۤ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	یٰبُنَیَّ	اِنَّهَاۤ	اِنْ	تَكُ	مِثْقَالَ	حَبَّةٍ	مِّنْ خَرْدَلٍ	فَتَكُنْ
تم کرتے تھے	اے بیٹا	وہ	اگر	ہوگا	برابر	ایک دانے	رائی کے	پھر ہو وہ

جو تم کیا کرتے تھے۔ میرے بیٹے! اگر رائی کے دانے کے برابر کوئی شے ہو پھر

النصف

فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

فِيْ	صَخْرَةٍ	اَوْ	فِي	السَّمٰوٰتِ	اَوْ	فِي	الْاَرْضِ	يَاْتِ	بِهَا	اللّٰهُ	اِنَّ	اللّٰهَ
میں	پتھر	یا	میں	آسمانوں	یا	میں	زمین	تو لائے گا	اس کو	اللہ	بیشک	اللہ

وہ کسی چٹان میں ہو یا آسمانوں میں (چھپی) ہو یا زمین میں (چھپی) ہو اللہ تعالیٰ اس کو لے آئے گا اللہ

لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۶﴾ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ

لَطِيْفٌ	خَبِيْرٌ	يٰبُنَيَّ	اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	وَاْمُرْ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَانْهَ	عَنِ الْمُنْكَرِ
باریک بین	خبردار ہے	اے بیٹا	قائم کر	نماز	اور حکم کر	بھلائی کا	اور روک	برائی سے

باریک بین اور باخبر ہے۔ اے میرے بیٹے نماز قائم رکھ اور نیکی کا حکم دے اور برائی سے روک

وَاصْبِرْ عَلٰي مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾

وَاصْبِرْ	عَلٰي	مَآ	اَصَابَكَ	اِنَّ	ذٰلِكَ	مِنْ عَزْمِ	الْاُمُوْرِ
اور صبر کر	اوپر	اس کے جو	تکلیف آئے تجھ کو	بیشک	یہ	ہمت کے	کاموں سے ہے

اور جو تکلیف تجھے پہنچے اس پر صبر کر بے شک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

وَ	لَا	تُصَعِّرْ	خَدَّكَ	لِلنَّاسِ	وَ	لَا	تَمْشِ	فِي	الْاَرْضِ	مَرَحًا	اِنَّ	اللّٰهَ
اور	نہ	چڑھا	اپنا رخسارہ	لوگوں کیلئے	اور	نہ	چل	میں	زمین کے	اکڑ کر	بیشک	اللہ

اور (تکبر کے ساتھ) لوگوں سے اپنا رُخ نہ پھیر اور زمین میں اکڑتا ہوا نہ چل بے شک اللہ کسی

لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ

لَا	يُحِبُّ	كُلَّ	مُخْتَالٍ	فَخُوْرٍ	وَاقْصِدْ	فِيْ	مَشْيِكَ	وَاغْضُضْ	مِنْ صَوْتِكَ
نہیں	پسند کرتا	ہر	اکڑنے والے	متکبر کو	اور درمیانہ رہ	میں	اپنی چال	اور نیچی رکھ	اپنی آواز

اکڑنے والے متکبر کو پسند نہیں فرماتا۔ اور میانہ چال چل اور اپنی آواز پست رکھ بے شک

اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿١٩﴾ ع اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ

اَنَّ	تَرَوْا	اَلَمْ	الْحَمِيْرِ	لَصَوْتُ	الْاَصْوَاتِ	اَنْكَرَ	اِنَّ
بیشک	دیکھا تم نے	کیا نہ	گدھے کی ہے	آواز	آوازوں سے	بدترین	بیشک

سب آوازوں میں بُری آواز گدھے کی ہے۔ کیا تم نے نہ دیکھا کہ

اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ

عَلَيْكُمْ	وَاَسْبَغَ	فِى الْاَرْضِ	مَا	وَ	فِى السَّمٰوٰتِ	مَّا	سَخَّرَ لَكُمْ	اللّٰهَ
تم پر	اور پوری کیں	زمین میں ہے	جو	اور	آسمانوں میں ہے	جو کچھ	تابع کیا تمہارے لیے	اللہ نے

اللہ نے تمہارے لئے کام میں لگائے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور اس نے اپنی

نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ

عِلْمٍ	بِغَيْرِ	اللّٰهِ	فِى	يُّجَادِلُ	مَنْ	مِنَ النَّاسِ	وَ	بَاطِنَةً	وَّ	ظَاهِرَةً	نِعَمَهٗ
علم کے	بغیر	اللہ	میں	جھگڑتا ہے	وہ جو کہ	بعض لوگوں میں سے	اور	باطنی	اور	ظاہری	اپنی نعمتیں

ظاہری اور باطنی نعمتیں تم پر پوری کر دیں ہیں اور بعض آدمی اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں یوں کہ ان کے پاس

وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿٢٠﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا

قَالُوْا	اللّٰهُ	اَنْزَلَ	مَاۤ	اتَّبِعُوْا	لَهُمُ	قِيْلَ	وَاِذَا	مُّنِيْرٍ	كِتٰبٍ	لَا	وَّ	هُدًى	لَا	وَّ
کہتے ہیں	اللہ نے	اتارا	اسکی جو	پیروی کرو	ان کو	کہا جاتا ہے	اور جب	روشن کے	کتاب	نہ	اور	ہدایت	نہ	اور

نہ علم نہ عقل اور نہ کوئی روشن کتاب ہے۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل

بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ

يَدْعُوْهُمْ	الشَّيْطٰنُ	كَانَ	اَوَلَوْ	اٰبَآءَنَا	عَلَيْهِ	وَجَدْنَا	مَا	نَتَّبِعُ	بَلْ
بلاتا ان کو	شیطان	ہو	کیا اگرچہ	اپنے باپ دادا کو	اس پر	پایا ہم نے	اسکی جو	پیروی کرینگے ہم	بلکہ

کیا ہے تو کہتے ہیں نہیں بلکہ ہم اس کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا کیا! اگرچہ شیطان انہیں بھڑکتی

إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿٢١﴾ وَمَن يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ

اِلٰی	عَذَابِ	السَّعِیۡرِ	وَ	مَنۡ	یُّسۡلِمۡ	وَجۡهَهٗۤ	اِلَی	اللّٰهِ	وَهُوَ
طرف	عذاب	دوزخ کی	اور	جو	جھکا دے	اپنا چہرہ	طرف	اللہ کی	اور وہ ہو

آگ کے عذاب کی طرف بلا رہا ہو؟ مگر جس نے اپنا چہرہ اللہ کے سامنے جھکا دیا اور وہ

مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ ۗ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ

مُحۡسِنٌ	فَقَدِ	اسۡتَمۡسَكَ	بِالۡعُرۡوَةِ	الۡوُثۡقٰی	وَ	اِلَی	اللّٰهِ	عَاقِبَةُ
نیک	تو بیشک	تھامی اس نے	گرہ	مضبوط	اور	طرف	اللہ کی ہے	انجام

نیک بھی ہوا تو اس نے مضبوط سہارا تھام لیا اور سارے کاموں کا انجام تو اللہ کے

الْأُمُورِ ﴿٢٢﴾ وَمَن كَفَرَ فَلَا يَحْزُنكَ كُفْرُهُ ۚ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

الۡاُمُوۡرِ	وَ	مَنۡ	كَفَرَ	فَلَا	یَحۡزُنۡكَ	كُفۡرُهٗ	اِلَیۡنَا	مَرۡجِعُهُمۡ
کاموں کا	اور	جو	کفر کرے	تو نہ	غمگین کرے آپ کو	اس کا کفر	ہماری طرف ہے	ان کا لوٹنا

پاس ہی ہے۔ اور جو کفر کرے تو اس کا کفر آپ کو غمگین نہ کرے انہیں ہماری ہی طرف لوٹنا ہے

فَنُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٢٣﴾ نُمَتِّعُهُمْ

فَنُنَبِّئُهُمۡ	بِمَا	عَمِلُوۡا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِیۡمٌ	بِذَاتِ	الصُّدُوۡرِ	نُمَتِّعُهُمۡ
تو ہم بتا دینگے انکو	وہ کچھ جو	عمل کیے انہوں نے	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو	سینوں میں ہے	ہم فائدہ دینگے انکو

پھر ہم انہیں بتا دیں گے ان کے سب عمل بے شک اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ سینوں میں ہے۔ ہم انہیں تھوڑا سا فائدہ

قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَىٰ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٢٤﴾ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ

قَلِیۡلًا	ثُمَّ	نَضۡطَرُّهُمۡ	اِلٰی	عَذَابٍ	غَلِیۡظٍ	وَ	لَئِنۡ	سَاَلۡتَهُمۡ	مَنۡ
تھوڑا	پھر	بے بس کرینگے ان کو	طرف	عذاب	سخت کی	اور	اگر	تو ان سے پوچھے کہ	کس نے

اٹھانے (کا موقع) دیں گے پھر ہم انہیں بے اختیار کر دیں گے سخت عذاب کی طرف۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ

خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	بَلْ
پیدا کیا	آسمانوں	اور	زمین کو	تو ضرور کہیں گے	اللہ نے	فرمادو	سب خوبیاں	اللہ کیلئے ہے	بلکہ

بنائے آسمان اور زمین تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے فرما دیجئے سب خوبیاں اللہ کو ہی ہیں

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اَكْثَرُهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	اِنَّ	اللّٰهَ
اکثر ان کے	نہیں	جانتے	اللہ ہی کیلئے ہے	جو	میں	آسمانوں	اور	زمین	بیشک	اللہ

بلکہ ان میں اکثر نہیں جانتے۔ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے بے شک اللہ ہی

هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ

هُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	وَ	لَوْ	اَنَّ	مَا	فِي	الْاَرْضِ	مِنْ شَجَرَةٍ	اَقْلَامٌ
وہ ہے	بے پروا	تعریف کیا گیا	اور	اگر	بیشک	جو	میں	زمین ہے	درخت	قلمیں ہوں

بے نیاز ہے تعریف کیا گیا ہے۔ اور اگر وہ سب درخت جو زمین میں ہیں قلم بن جائیں

وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ

وَّ	الْبَحْرُ	يَمُدُّهٗ	مِنْ بَعْدِهٖ	سَبْعَةُ	اَبْحُرٍ	مَّا	نَفِدَتْ	كَلِمٰتُ	اللّٰهِ
اور	سمندر	سیاہی ہوں اسکی	بعد اس کے	سات	سمندر اور بھی	تو نہ	ختم ہوں	کلمات	اللہ کے

اور سمندر کو سات سمندروں کی مدد کے ساتھ سیاہی بنادیں تو بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں گی

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ

اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	مَا	خَلْقُكُمْ	وَ	لَا	بَعْثُكُمْ	اِلَّا	كَنَفْسٍ
بیشک	اللہ	عزت والا ہے	حکمت والا	نہیں	تمہاری پیدائش	اور	نہ	تمہارا اٹھنا	مگر	مانند جان

اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ تم انسانوں کا پیدا کرنا اور تمہارا دوبارہ زندہ کرنا ایک نفس کی طرح ہے۔

وَّاحِدَةٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ

وَّاحِدَةٍ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	بَصِيْرٌ	اَلَمْ	تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يُوْلِجُ	الَّيْلَ
جان ایک کی	بیشک	اللہ	سننے والا	دیکھنے والا ہے	کیا نہ	دیکھا تونے	بیشک	اللہ	داخل کرتا ہے	رات کو

یقیناً اللہ تعالیٰ خوب سننے والا دیکھنے والا ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں

فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۡ كُلٌّ

فِي النَّهَارِ	وَ	يُوْلِجُ	النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ	كُلٌّ
دن میں	اور	داخل کرتا ہے	دن کو	رات میں	اور مسخر کیا	سورج	اور	چاند کو	ہر ایک

اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور اس نے سورج اور چاند مسخر کر دیئے ہر ایک مقرر کی ہوئی

يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ

يَّجْرِيْٓ	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَّاَنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	ذٰلِكَ
چلتا ہے	طرف	مدت	مقرر کی	اور بیشک	اللہ	جو	تم کرتے ہو اس سے	خبردار ہے	یہ

میعاد تک چل رہا ہے اور یہ کہ اللہ ان سب کاموں سے خوب خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔ یہ اس لئے کہ

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

بِاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْحَقُّ	وَاَنَّ	مَا	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهِ	الْبَاطِلُ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ
اس لیے کہ	اللہ	وہی	حق ہے	اور بیشک	جس کو	پکارتے ہیں	اس کے سوا	وہ باطل ہے	اور	بیشک	اللہ

اللہ ہی حق ہے اور اللہ کو چھوڑ کر جنہیں یہ پوجتے ہیں سب بے حقیقت ہیں اور اس لئے کہ اللہ ہی

هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ

ع

هُوَ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيْرُ	اَلَمْ	تَرَ	اَنَّ	الْفُلْكَ	تَجْرِيْ	فِي الْبَحْرِ	بِنِعْمَتِ
وہی ہے	بلند	بڑا	کیا نہ	دیکھا آپ نے کہ	بیشک	کشتیاں	چلتی ہیں	دریا میں	فضل

بہت بلند ہے نہایت بڑائی والا۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ کشتی دریا میں چلتی ہے اللہ کے فضل سے تاکہ وہ تمہیں

اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝۳۱

اللّٰهِ	لِيُرِيَكُمْ	مِّنْ اٰيٰتِهٖ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ	صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ
خداوندی سے	تاکہ دکھائے تم کو	اپنی نشانیاں	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	واسطے ہر ایک	صبر کرنے والے	شکرگزار کے

وہ اپنی کچھ نشانیاں دکھائے بے شک اس میں نشانیاں ہیں ہر بڑے صبر کرنے والے شکرگزار کے لیے۔

وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا

وَ	اِذَا	غَشِيَهُمْ	مَّوْجٌ	كَالظُّلَلِ	دَعَوُا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ	فَلَمَّا
اور	جب	ڈھانپتی ہے انکو	موج	مانند پہاڑوں کی	تو پکارتے ہیں	اللہ کو	خالص کر کے	اس کیلئے	دین	پھر جب

اور جب اُن پر کوئی موج سائبانوں کی طرح چھا جاتی ہے وہ اپنے دین کو اُس کے لیے خالص کرنے والے بن کر اللہ تعالیٰ کو

نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ

نَجّٰىهُمْ	اِلَى	الْبَرِّ	فَمِنْهُمْ	مُّقْتَصِدٌ	وَ	مَا	يَجْحَدُ	بِاٰيٰتِنَآ	اِلَّا	كُلُّ
نجات دیتا ہے انکو	طرف	خشکی کے	تو بعض ان سے	میانہ رو ہیں	اور	نہیں	انکار کرتا	ہماری آیتوں کو	مگر	ہر ایک

پکارتے ہیں۔ پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف بچا کر لے آتا ہے تو اُن میں سے کچھ ہی راہِ راست پر قائم رہتے ہیں۔ اور ہماری

خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ۝۳۲ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ

خَتَّارٍ	كَفُوْرٍ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اتَّقُوْا	رَبَّكُمْ	وَاخْشَوْا	يَوْمًا	لَا	يَجْزِيْ
بڑا بے وفا	ناشکرا	اے	لوگو	ڈرو	اپنے رب سے	اور ڈرو	اس دن سے	نہ	کام آئے گا

آیات کا انکار نہیں کرتا مگر ہر بدعہد ناشکرا۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو اور اس دن کی فکر کرو جب کوئی باپ اپنے بیٹے کے

وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۡ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ وَعْدَ

وَالِدٌ	عَنْ وَّلَدِهٖ	وَ	لَا	مَوْلُوْدٌ	هُوَ	جَازٍ	عَنْ وَّالِدِهٖ	شَيْـًٔا	اِنَّ	وَعْدَ
باپ	اپنے بیٹے کے	اور	نہ	بیٹا	وہ	کام آنے والا ہے	اپنے باپ کے	کچھ بھی	بیشک	وعدہ

بدلے میں کام نہیں آئے گا اور نہ بیٹا ہی اپنے باپ کے بدلے میں کچھ کام آئے گا اللہ کا وعدہ سچا ہے

اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وقفة وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ

اللّٰهِ	حَقٌّ	فَلَا	تَغُرَّنَّكُمُ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	وَ	لَا	يَغُرَّنَّكُمْ	بِاللّٰهِ
اللہ کا	سچا ہے	تو نہ	دھوکہ دے تم کو	دنیا کی زندگی	اور	نہ	دھوکا دے تم کو	اللہ کے بارے میں

پس دنیا کی زندگی تمہیں دھوکا نہ دے اور نہ وہ بڑا دھوکے باز (شیطان) اللہ کے بارے

الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ج وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ج

الْغَرُوْرُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عِنْدَهٗ	عِلْمُ	السَّاعَةِ	وَ	يُنَزِّلُ	الْغَيْثَ
دھوکے باز	بیشک	اللہ	اسکے پاس ہے	علم	قیامت کا	اور	اتارتا ہے	بارش

میں تمہیں دھوکا دے۔ بے شک اللہ ہی کے پاس اس گھڑی کا علم ہے اور وہ بارش برساتا ہے

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ط وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ط

وَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي الْاَرْحَامِ	وَ	مَا	تَدْرِيْ	نَفْسٌ	مَاذَا	تَكْسِبُ	غَدًا
اور	جانتا ہے	جو	رحموں میں ہے	اور	نہیں	جانتا	کوئی جان	کیا	کرے گا	کل

اور جانتا ہے جو ماؤں کے پیٹ میں ہے اور کسی کو خبر نہیں کہ وہ کل کیا کمائے گا

وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ع ﴿۳۴﴾

وَ	مَا	تَدْرِيْ	نَفْسٌ	بِاَيِّ	اَرْضٍ	تَمُوْتُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	خَبِيْرٌ
اور	نہیں	جانتا	کوئی جان	کونسی	زمین میں	مرے گا	بیشک	اللہ	جاننے والا	خبر والا ہے

اور کسی کو خبر نہیں کہ کس زمین میں مرے گا اللہ علم والا خبردار ہے۔

ع

ایاتها ۳۰ ﴿۳۲﴾ سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ ﴿۷۵﴾ رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾ۭ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

الٓمّٓ	تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	لَا	رَيْبَ	فِيْهِ	مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَمْ	يَقُوْلُوْنَ
ال م	اتاری گئی ہے	کتاب	نہیں	شک	اس میں	پروردگار جہانوں کی طرف سے	کیا	کہتے ہیں

الٓمّٓ۔ اس کتاب کا نزول جس میں کوئی شک نہیں رب کائنات کی طرف سے ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

افْتَرٰىهُ	بَلْ	هُوَ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَّآ	اَتٰىهُمْ	مِّنْ نَّذِيْرٍ
بنالیا ہے اسکو	بلکہ	وہ	حق ہے	تمہارے رب کی طرف سے	کہ تو ڈرائے	اس قوم کو	کہ نہیں	آیا انکے پاس	کوئی ڈرانیوالا

اسے گھڑ لیا ہے؟ نہیں بلکہ یہ تمہارے رب کی طرف سے حق ہے تاکہ آپ اس قوم کو ڈرائیں جس کے پاس آپ سے پہلے کوئی

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

مِّنْ قَبْلِكَ	لَعَلَّهُمْ	يَهْتَدُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
تم سے پہلے	تا کہ وہ	ہدایت پائیں	اللہ	وہ ہے جس نے	پیدا کیا	آسمانوں

ڈرانے والا نہیں آیا تا کہ وہ ہدایت یافتہ ہو جائیں۔ اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ

وَ	الْاَرْضَ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى	الْعَرْشِ
اور	زمین کو	اور	جو	انکے درمیان ہے	چھ دنوں میں	پھر	استوا فرمایا	اوپر	عرش کے

اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں بنایا پھر عرش پر استوا فرمایا اس کے سوا تمہارا کوئی

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴﴾ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ

مَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَّ	لَا	شَفِيْعٍ	اَفَلَا	تَتَذَكَّرُوْنَ	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ
نہیں	تمہارے لیے	اس کے سوا	کوئی حمایتی	اور	نہ	سفارشی	کیا پھر بھی نہیں	نصیحت لیتے تم	تدبیر فرماتا ہے	کام کی

دوست نہیں اور نہ کوئی سفارش کرنے والا تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرو گے؟ وہ آسمان سے زمین تک

مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ

اَلْفَ	مِقْدَارُهٗۤ	كَانَ	يَوْمٍ	فِيْ	اِلَيْهِ	يَعْرُجُ	ثُمَّ	الْاَرْضِ	اِلَى	مِنَ السَّمَآءِ
ہزار	مقدار اس کی	کہ ہے	ایسے دن میں	میں	طرف اسکے	رجوع فرمائے گا	پھر	زمین کی	طرف	آسمان سے

معاملات کی تدبیر فرماتا ہے۔ پھر وہ اُس کی طرف اوپر جاتی ہے ایک ایسے دن میں جس کی مقدار ایک ہزار سال ہے

سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ

الْعَزِيْزُ	الشَّهَادَةِ	وَ	الْغَيْبِ	عٰلِمُ	ذٰلِكَ	تَعُدُّوْنَ	مِّمَّا	سَنَةٍ
عزت والا	حاضر کا	اور	غیب کا	جاننے والا	یہ ہے	تم گنتے ہو	اس سے جو	سال

اس میں سے جو تم گنتے ہو۔ وہی ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا بڑا غالب

الرَّحِيْمُ ۝۶ الَّذِيْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ

الْاِنْسَانِ	خَلْقَ	بَدَاَ	وَ	خَلَقَهٗ	كُلَّ شَيْءٍ	اَحْسَنَ	الَّذِيْۤ	الرَّحِيْمُ
انسان کی	پیدائش	شروع کی	اور	پیدائش کو	ہر شے کی	اچھا کیا	وہ جس نے	مہربان

بے حد رحم فرمانے والا۔ وہ جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور انسان کی تخلیق کی ابتداء

مِنْ طِيْنٍ ۝۷ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝۸ ثُمَّ

ثُمَّ	مَّهِيْنٍ	مِّنْ مَّآءٍ	مِنْ سُلٰلَةٍ	نَسْلَهٗ	جَعَلَ	ثُمَّ	مِنْ طِيْنٍ
پھر	ذلیل	پانی سے	خلاصہ	اس کی نسل کو	بنایا	پھر	مٹی سے

مٹی سے فرمائی۔ پھر اس کی نسل چلائی ایک حقیر پانی کے خلاصہ سے۔ پھر

سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

الْاَبْصَارَ	وَ	السَّمْعَ	لَكُمُ	جَعَلَ	وَ	مِنْ رُّوْحِهٖ	فِيْهِ	نَفَخَ	وَ	سَوّٰىهُ
آنکھیں	اور	کان	تمہارے لیے	بنائے	اور	اپنی روح	اس میں	پھونکی	اور	برابر کیا اسکو

اسے درست کیا اور اس نے اس میں اپنی روح پھونکی اور تمہارے لئے کان آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑨ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا

ءَاِنَّا	فِي الْاَرْضِ	ضَلَلْنَا	ءَاِذَا	قَالُوْٓا	وَ	تَشْكُرُوْنَ	مَّا	قَلِيْلًا	الْاَفْـِٕدَةَ	وَ
کیا ہم	زمین میں	مل جائینگے ہم	کیا جب	بولے	اور	شکر کرتے ہو تم	جو	تھوڑا ہے	دل	اور

اور دل بنائے (مگر) تم کم ہی شکر کرتے ہو۔ اور وہ کہتے ہیں کیا جب ہم زمین میں گم ہو چکے ہوں گے

لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ⑩ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ

يَتَوَفّٰىكُمْ	قُلْ	كٰفِرُوْنَ	رَبِّهِمْ	بِلِقَآئِ	هُمْ	بَلْ	جَدِيْدٍ	لَفِيْ خَلْقٍ
فوت کرتا ہے تم کو	فرمادو	منکر ہیں	اپنے رب کی	ملاقات سے	وہ	بلکہ	نئی کے ہونگے	البتہ پیدائش میں

تو کیا ہم ایک نئی پیدائش میں ہوں گے؟ نہیں بلکہ وہ تو اپنے رب سے ملنے کے ہی منکر ہیں۔ اے حبیب ﷺ فرمادیجئے تم پر جو

مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ⑪ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ

اِذِ	تَرٰٓى	وَلَوْ	تُرْجَعُوْنَ	رَبِّكُمْ	اِلٰى	ثُمَّ	بِكُمْ	وُكِّلَ	الَّذِيْ	الْمَوْتِ	مَلَكُ
جب	آپ دیکھیں	اور اگر	پھیرے جاؤ گے	اپنے رب کی	طرف	پھر	تم پر	مقرر کیا گیا ہے	جو	موت کا	فرشتہ

موت کا فرشتہ مقرر کیا گیا ہے تمہاری روح قبض کرے گا پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور اگر آپ دیکھیں جب

الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا

سَمِعْنَا	وَ	اَبْصَرْنَا	رَبَّنَآ	رَبِّهِمْ	عِنْدَ	رُءُوْسِهِمْ	نَاكِسُوْا	الْمُجْرِمُوْنَ
ہم نے سنا	اور	ہم نے دیکھا	اے ہمارے رب	رب اپنے کے	پاس	اپنے سر	جھکائے ہونگے	مجرم

مجرم اپنے رب کے حضور اپنے سر جھکائے ہوں گے ہیں گے اے ہمارے رب! ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا تو ہمیں واپس لوٹادے

فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ⑫ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ

نَفْسٍ	كُلَّ	لَاٰتَيْنَا	لَوْ شِئْنَا	وَ	مُوْقِنُوْنَ	اِنَّا	صَالِحًا	نَعْمَلْ	فَارْجِعْنَا
جان کو	ہر	تو دیتے	اگر ہم چاہتے	اور	یقین لائے	بیشک ہم	اچھے	ہم کام کرینگے	تو لوٹا ہم کو

کہ ہم نیکی کریں، بے شک ہم یقین کرنے والے ہوں گے۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر نفس کو اس کی ہدایت دیتے۔

هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّىْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

هُدٰىهَا	وَ	لٰكِنْ	حَقَّ	الْقَوْلُ	مِنِّىْ	لَاَمْلَئَنَّ	جَهَنَّمَ	مِنَ الْجِنَّةِ	وَ	النَّاسِ
ہدایت اسکی	اور	لیکن	حق ہوئی	بات	مجھ سے کہ	ضرور بھروں گا میں	دوزخ	جنوں سے	اور	آدمیوں

لیکن میری طرف سے بات حق ثابت ہو گئی کہ میں جہنم کو ضرور جنوں اور انسانوں

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ

اَجْمَعِيْنَ	فَذُوْقُوْا	بِمَا	نَسِيْتُمْ	لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ	هٰذَا	اِنَّا	نَسِيْنٰكُمْ
سب سے	تو چکھو	بدلہ اس کا جو	بھولے تم	ملاقات	اپنے دن	اس کی	بیشک ہم	بھلا دیا تم کو

سب سے بھر دوں گا۔ پھر چکھو مزہ اس وجہ سے کہ تم نے اُس دن کی ملاقات کو بھلا دیا۔ یقیناً ہم نے بھی تمہیں بھلا دیا ہے۔

وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

وَ	ذُوْقُوْا	عَذَابَ	الْخُلْدِ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّمَا	يُؤْمِنُ	بِاٰيٰتِنَا
اور	چکھو	عذاب	ہمیشہ کا	بدلہ اسکا جو	تھے تم	عمل کرتے	اسکے سوا نہیں	ایمان لاتے ہیں	ہماری آیتوں پر

اور چکھو ہمیشہ کے عذاب کا مزہ اس وجہ سے جو تم عمل کرتے تھے۔ بے شک ہماری آیتوں پر صرف وہ لوگ

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ

الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِّرُوْا	بِهَا	خَرُّوْا	سُجَّدًا	وَ	سَبَّحُوْا	بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ	وَ	هُمْ
وہ کہ	جب	نصیحت کیے جائیں	انکے ساتھ	تو گر پڑیں	سجدے میں	اور	تسبیح کہتے ہیں	ساتھ حمد کے	اپنے رب کی	اور	وہ

ایمان رکھتے ہیں جب انہیں ان کے ذریعے سے نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے میں گر جاتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ ﴿۱۵﴾ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

لَا	يَسْتَكْبِرُوْنَ	تَتَجَافٰى	جُنُوْبُهُمْ	عَنِ الْمَضَاجِعِ	يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ
نہیں	تکبر کرتے	الگ رہتے ہیں	ان کے پہلو	بستروں سے	پکارتے ہیں	اپنے رب کو

بیان کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ ان کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں اور وہ اپنے رب کو ڈر اور اُمید سے

خَوْفًا وَّ طَمَعًا ۫ وَّ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ

مَّآ	نَفْسٌ	تَعْلَمُ	فَلَا	يُنْفِقُوْنَ	رَزَقْنٰهُمْ	مِمَّا	وَّ	طَمَعًا	وَّ	خَوْفًا
جو	کوئی آدمی	جانتا	تو نہیں	خرچ کرتے ہیں	جو ہم نے انکو دیا ہے وہ	اس سے	اور	امید سے	اور	خوف سے

پکارتے ہیں اور اس میں سے جو ہم نے انہیں دیا ہے خرچ کرتے ہیں۔ تو کسی کو نہیں معلوم کہ ان کیلئے آنکھوں کی

اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءً ۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اَفَمَنْ كَانَ

كَانَ	اَفَمَنْ	يَعْمَلُوْنَ	كَانُوْا	بِمَا	جَزَآءً	اَعْيُنٍ	مِّنْ قُرَّةِ	لَهُمْ	اُخْفِيَ
ہو	تو کیا جو	عمل کرتے	تھے	اس کا جو	بدلہ	آنکھوں کی	ٹھنڈک	ان کیلئے	چھپائی گئی ہے

کس طرح کی ٹھنڈک پوشیدہ رکھی گئی ہے بدلہ ہے اس کا جو وہ (نیک) کام کرتے تھے۔ کیا پھر جو شخص ایمان والا ہو

مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وقف غفران

اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	اَمَّا	يَسْتَوٗنَ	لَا	فَاسِقًا	كَانَ	كَمَنْ	مُؤْمِنًا
ایمان لائے	جو	پھر وہ	برابر	نہیں ہیں	فاسق	ہو	وہ اس جیسا ہے جو	مومن

اُس شخص جیسا ہو سکتا ہے جو نافرمان ہے؟ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ رہے وہ لوگ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰی ۡ نُزُلًا بِمَا كَانُوْا

كَانُوْا	بِمَا	نُزُلًا	الْمَاْوٰی	جَنّٰتُ	فَلَهُمْ	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا
تھے وہ	اس کی جو	مہمانی ہیں	رہنے کے	جنت میں	تو ان کے لیے	اچھے	اور عمل کیے

اور جنہوں نے نیک عمل کیے تو اُن کے لیے جنت کی قیام گاہیں ہیں مہمان نوازی کے طور پر اس کی وجہ سے

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ

كُلَّمَآ	النَّارُ	فَمَاْوٰىهُمُ	فَسَقُوْا	الَّذِيْنَ	اَمَّا	وَ	يَعْمَلُوْنَ
جب بھی	آگ ہے	تو ان کی جگہ	فاسق ہیں	وہ جو	رہے	اور	عمل کرتے

جو وہ کام کرتے تھے۔ رہے وہ جو نافرمان ہیں ان کا ٹھکانا آگ ہے جب بھی

أَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا

أَرَادُوْٓا	اَنْ	يَّخْرُجُوْا	مِنْهَآ	اُعِيْدُوْا	فِيْهَا	وَ	قِيْلَ	لَهُمْ	ذُوْقُوْا
ارادہ کرینگے	یہ کہ	نکل جائیں	اس سے	لوٹائے جائیں گے	اس میں	اور	کہا جائے گا	ان کو	چکھو

اس میں سے نکلنا چاہیں گے پھر اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے

عَذَابَ النَّارِ الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ

عَذَابَ	النَّارِ	الَّذِیْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ	مِّنَ الْعَذَابِ
عذاب	آگ کا	وہ جس کو	تم	تھے	جھٹلاتے	اور ضرور چکھائیں گے ہم انکو	عذاب

فرمایا جائے گا چکھو اس آگ کا عذاب جسے تم جھٹلاتے تھے۔ اور ہم انہیں اس بڑے عذاب کے علا

الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾

الْاَدْنٰى	دُوْنَ	الْعَذَابِ	الْاَكْبَرِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ
ہلکا	پہلے	عذاب	بڑے سے	تاکہ وہ	لوٹ آئیں

وہ چھوٹے عذاب کا کچھ مزہ بھی ضرور چکھائیں گے کہ شاید وہ راہ حق کی طرف لوٹ آئیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا

وَ	مَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	ذُكِّرَ	بِاٰيٰتِ	رَبِّهٖ	ثُمَّ	اَعْرَضَ	عَنْهَا	اِنَّا
اور	کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جو	نصیحت دیا گیا	ساتھ آیات	اپنے رب کے	پھر	منہ پھیرا	اس سے	بیشک ہم

اور اس سے بڑا ظالم کون ہے جسے اس کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی گئی پھر وہ ان سے کنارہ کر گیا

مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

ع ۲

مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ	مُنْتَقِمُوْنَ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	الْكِتٰبَ
مجرموں سے	بدلہ لینے والے ہیں	اور	بیشک	عطا فرمائی ہم نے	موسیٰ کو	کتاب

ہم ان مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی تو

فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ

لِّبَنِيْٓ	هُدًى	وَجَعَلْنٰهُ	مِّنْ لِّقَآئِهٖ	فِيْ مِرْيَةٍ	فَلَا تَكُنْ
واسطے اولاد	ہدایت	اور بنایا ہم نے اس کتاب کو	اس کی ملاقات سے	شک میں	تو نہ ہو تم

اس کے ملنے سے آپ شک میں نہ رہیں اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کیلئے ہدایت بنایا۔

اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا

لَمَّا	بِاَمْرِنَا	يَّهْدُوْنَ	اَئِمَّةً	مِنْهُمْ	جَعَلْنَا	وَ	اِسْرَآءِيْلَ
جب	ہمارے حکم سے	ہدایت دیتے	امام جو	ان میں سے	بنائے ہم نے	اور	یعقوب کے

اور ہم نے ان میں سے کچھ پیشوا بنائے کہ وہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے رہیں

صَبَرُوْا ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ

يَفْصِلُ	هُوَ	رَبَّكَ	اِنَّ	يُوْقِنُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	كَانُوْا	وَ	صَبَرُوْا
فیصلہ کرے گا	وہ	تمہارا رب	بیشک	یقین کرتے	ہماری آیتوں کا	تھے	اور	صبر کیا

جب کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے۔ بے شک تمہارا رب قیامت کے دن

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمْ

اَوَلَمْ	يَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	كَانُوْا	فِيْمَا	الْقِيٰمَةِ	يَوْمَ	بَيْنَهُمْ
کیا نہ	اختلاف کرتے	اس میں	وہ تھے	جس میں	قیامت کے	دن	ان میں

ان میں فیصلہ فرما دے گا جس بات میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ اور کیا انہیں اس پر

يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ

يَمْشُوْنَ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	مِنْ قَبْلِهِمْ	اَهْلَكْنَا	كَمْ	يَهْدِ لَهُمْ
کہ چلتے ہیں	کئی سنگتیں	ان سے پہلے	ہلاک کیں ہم نے	کتنے	ہدایت ہوئی انکو

ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں کہ آج یہ

فِیْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ ؕ اَفَلَا یَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا

اَنَّا	یَرَوْا	اَوَلَمْ	یَسْمَعُوْنَ	اَفَلَا	لَاٰیٰتٍ	فِیْ ذٰلِكَ	اِنَّ	فِیْ مَسٰكِنِهِمْ
کہ ہم	دیکھا انہوں نے	کیا نہ	سنتے	تو کیا نہیں	نشانیاں ہیں	اس میں	بیشک	ان کے گھروں میں

ان کے گھروں میں چل پھر رہے ہیں بے شک اس میں ضرور نشانیاں ہیں تو کیا سنتے نہیں۔ اور کیا انہوں نے

نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ

مِنْهُ	تَاْكُلُ	زَرْعًا	بِهٖ	فَنُخْرِجُ	الْجُرُزِ	الْاَرْضِ	اِلَى	الْمَآءَ	نَسُوْقُ
اس سے	کھاتے ہیں	کھیتی کو	اس سے	تو نکالتے ہیں ہم	خشک کی	زمین	طرف	پانی کو	چلاتے ہیں

غور نہیں کیا کہ ہم پانی کو خشک زمین کی طرف بھیجتے ہیں پھر اس کے ذریعے سے کھیتی اگاتے ہیں جسے ان کے جاندار

اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا یُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ

الْفَتْحُ	هٰذَا	مَتٰى	یَقُوْلُوْنَ	وَ	یُبْصِرُوْنَ	اَفَلَا	وَاَنْفُسُهُمْ	اَنْعَامُهُمْ
فیصلہ	یہ	کب ہے	کہتے ہیں	اور	دیکھتے	تو کیا نہیں	اور وہ خود بھی	ان کے مویشی

اور وہ خود کھاتے ہیں تو کیا وہ دیکھیں گے نہیں؟ اور وہ کہتے ہیں یہ فیصلہ کب ہو گا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ یَوْمَ الْفَتْحِ لَا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اِیْمَانُهُمْ

اِیْمَانُهُمْ	كَفَرُوْٓا	الَّذِیْنَ	یَنْفَعُ	لَا	الْفَتْحِ	یَوْمَ	قُلْ	صٰدِقِیْنَ	كُنْتُمْ	اِنْ
ان کا ایمان	کافر ہیں	ان کو جو	نفع دے گا	نہ	فیصلے کا وہ ہے کہ	دن	فرمادیں	سچے	ہو تم	اگر

اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے فیصلہ کے دن کافروں کو ان کا ایمان (لانا) نفع نہ دے گا اور نہ ان کو

وَلَا هُمْ یُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

مُّنْتَظِرُوْنَ	اِنَّهُمْ	وَانْتَظِرْ	عَنْهُمْ	فَاَعْرِضْ	یُنْظَرُوْنَ	هُمْ	لَا	وَ
انتظار میں ہیں	وہ بھی	اور انتظار کرو	ان سے	تو منہ پھیر لو	مہلت دیے جائیں	وہ	نہ	اور

مہلت دی جائے گی۔ پس آپ ان سے منہ پھیر لیجئے اور انتظار کیجئے بے شک وہ (بھی) انتظار کر رہے ہیں۔

ایاتھا ۷۳ ﴿۳۳ سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ ۹۰﴾ رکوعاتھا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

كَانَ	اللّٰهَ	اِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَ	الْكٰفِرِيْنَ	تُطِعِ	لَا	وَ	اللّٰهَ	اتَّقِ	النَّبِيُّ	يٰۤاَيُّهَا
ہے	اللہ	بیشک	منافقوں کا	اور	کافروں کا	کہا مانو	نہ	اور	اللہ سے	ڈرو	غیب کی خبریں بتانیوالے نبی	اے

اے غیب بتانے والے نبی ﷺ! اللہ کا یونہی خوف رکھنا اور کافروں اور منافقوں کی بات نہ ماننا بے شک اللہ علم و حکمت والا ہے۔

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۱﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

كَانَ	اللّٰهَ	اِنَّ	مِنْ رَّبِّكَ	اِلَيْكَ	يُوْحٰى	مَا	وَّاتَّبِعْ	حَكِيْمًا	عَلِيْمًا
ہے	اللہ	بیشک	آپ کے رب سے	آپ کی طرف	وحی کی گئی	اسکی جو	اور پیروی کرو	حکمت والا	جاننے والا

اور اس کی پیروی کرنا جو آپ کے رب کی طرف سے آپ کو وحی ہوتی ہے اے لوگو! اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ﴿۲﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۳﴾ مَا

مَا	وَكِيْلًا	بِاللّٰهِ	كَفٰى	وَ	اللّٰهِ	عَلَى	تَوَكَّلْ	وَ	خَبِيْرًا	تَعْمَلُوْنَ	بِمَا
نہیں	کارساز	اللہ	کافی ہے	اور	اللہ کے	اوپر	بھروسہ کرو	اور	خبردار	تم کرتے ہو	اس سے جو

اور اللہ تعالیٰ جل جلالہ پر ہی توکل رکھو اور اللہ کارساز ہونے کے لیے کافی ہے۔ اللہ نے کسی آدمی کے اندر دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری بیویوں کو جن کو تم ماں کہہ دیتے ہو

جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ

اَزْوَاجَكُمُ	جَعَلَ	مَا	وَ	فِيْ جَوْفِهٖ	مِّنْ قَلْبَيْنِ	لِرَجُلٍ	اللّٰهُ	جَعَلَ
تمہاری بیویوں کو	بنایا	نہیں	اور	اس کے پیٹ میں	دو دل	کسی آدمی کے	اللہ نے	بنائے

الّٰٓیْ تُظٰھِرُوْنَ مِنْھُنَّ اُمَّھٰتِکُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِیَآءَکُمْ اَبْنَآءَکُمْ ؕ

الّٰٓیْ	تُظٰھِرُوْنَ	مِنْھُنَّ	اُمَّھٰتِکُمْ	وَ	مَا	جَعَلَ	اَدْعِیَآءَکُمْ	اَبْنَآءَکُمْ
وہ	کہ ظہار کرو تم	ان سے	تمہاری مائیں	اور	نہیں	بنایا	کہ تمہارے لے پالکوں کو	بیٹے تمہارے

تمہاری مائیں بنایا ہے اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے بیٹے بنایا ہے

ذٰلِکُمْ قَوْلُکُمْ بِاَفْوَاھِکُمْ ؕ وَاللّٰهُ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَھُوَ یَھْدِی السَّبِیْلَ ۝

ذٰلِکُمْ	قَوْلُکُمْ	بِاَفْوَاھِکُمْ	وَ	اللّٰهُ	یَقُوْلُ	الْحَقَّ	وَ	ھُوَ	یَھْدِی	السَّبِیْلَ
یہ	بات ہے	تمہارے مونہوں کی	اور	اللہ	فرماتا ہے	حق	اور	وہ	دکھاتا ہے	راستہ

یہ تمہارے منہ کی بات ہے اور اللہ حق بات فرماتا ہے اور وہی راہ دکھاتا ہے۔

اُدْعُوْھُمْ لِاٰبَآئِھِمْ ھُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَھُمْ

اُدْعُوْھُمْ	لِاٰبَآئِھِمْ	ھُوَ	اَقْسَطُ	عِنْدَ	اللّٰهِ	فَاِنْ	لَّمْ	تَعْلَمُوْٓا	اٰبَآءَھُمْ
پکارو ان کو	انکے باپوں کے نام پر	وہ	بہت انصاف کی بات ہے	نزدیک	اللہ کے	پھر اگر	نہ	جانو تم	باپ ان کے تو

ان (منہ بولے بیٹوں) کو ان کے باپ ہی کا بیٹا کہہ کر بلایا کرو یہ اللہ کے نزدیک بہت ہی انصاف کی بات ہے پھر

فَاِخْوَانُکُمْ فِی الدِّیْنِ وَمَوَالِیْکُمْ ؕ وَلَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ فِیْمَآ

فَاِخْوَانُکُمْ	فِی الدِّیْنِ	وَمَوَالِیْکُمْ	وَ	لَیْسَ	عَلَیْکُمْ	جُنَاحٌ	فِیْمَآ
تو بھائی ہیں تمہارے	دین میں	اور دوست ہیں تمہارے	اور	نہیں	تم پر	گناہ	اس میں جو

اگر ان کے باپ کے نام معلوم نہ ہوں تو دین میں وہ تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے دوست اور تم پر کوئی گناہ نہیں

اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰکِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُکُمْ ؕ وَکَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

اَخْطَاْتُمْ	بِهٖ	وَلٰکِنْ	مَّا	تَعَمَّدَتْ	قُلُوْبُکُمْ	وَ	کَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا
غلطی سے کہو	تم	اور لیکن	اس پر جو	جان بوجھ کر کریں	تمہارے دل	اور	ہے	اللہ	بخشنے والا

اس بات میں جو بلا قصد تم نے کہی ہاں وہ (بری بات ضرور گناہ ہے) جس کا قصد کیا تمہارے دلوں نے اور اللہ بہت بخشنے والا ہے

رَّحِيمًا ۝٥ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ

رَّحِيمًا	اَلنَّبِيُّ	اَوْلٰى	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	مِنْ اَنْفُسِهِمْ	وَ	اَزْوَاجُهٗ
مہربان	یہ نبی	زیادہ مالک ہے	مسلمانوں کا	ان کی جان سے	اور	اس کی بیویاں

حد رحم فرمانے والا ہے۔ یہ نبی محترم ﷺ ایمان والوں کے ساتھ ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہیں اور ان کی

اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ

اُمَّهٰتُهُمْ	وَ	اُولُوا الْاَرْحَامِ	بَعْضُهُمْ	اَوْلٰى	بِبَعْضٍ	فِيْ كِتٰبِ	اللّٰهِ
انکی مائیں ہیں	اور	قرابت والے	بعض انکے	زیادہ حقدار ہیں	بعض کے	کتاب میں	اللہ کے

بیویاں مؤمنوں کی مائیں ہیں اور رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دوسرے) مسلمانوں اور مہاجروں کی

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الْمُهٰجِرِيْنَ	اِلَّآ	اَنْ	تَفْعَلُوْٓا	اِلٰٓى	اَوْلِيٰٓئِكُمْ	مَّعْرُوْفًا
مومنوں سے	اور	مہاجروں سے	مگر	یہ کہ	کروتم	طرف	اپنے دوستوں کی	بھلائی

بہ نسبت آپس میں ایک دوسرے سے زیادہ قریب ہیں مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں پر

كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝٦ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ

كَانَ	ذٰلِكَ	فِي الْكِتٰبِ	مَسْطُوْرًا	وَ	اِذْ	اَخَذْنَا	مِنَ النَّبِيّٖنَ
ہے	یہ	کتاب میں	لکھا ہوا	اور	جب	لیا ہم نے	نبیوں سے

احسان کرو یہ کتاب (الٰہی) میں لکھا ہوا ہے۔ اور اے محبوب ﷺ یاد کرو جب ہم نے

مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ

مِيْثَاقَهُمْ	وَ	مِنْكَ	وَ	مِنْ نُّوْحٍ	وَّ	اِبْرٰهِيْمَ	وَمُوْسٰى	وَ	عِيْسَى	ابْنِ
خاص ان کا عہد	اور	آپ سے	اور	نوح سے	اور	ابراہیم سے	اور موسیٰ سے	اور	عیسیٰ	بیٹے

نبیوں سے عہد لیا اور آپ ﷺ سے اور نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام بن

مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ

الصّٰدِقِيْنَ	لِيَسْـَٔلَ	غَلِيْظًا	مِّيْثَاقًا	مِنْهُمْ	اَخَذْنَا	وَ	مَرْيَمَ
سچوں	تاکہ پوچھے	مضبوط	عہد	ان سے	لیا ہم نے	اور	مریم سے

مریم سے اور ہم نے ان سے پکا عہد لیا ہے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ سچے لوگوں سے ان کی سچائی کے بارے میں سوال کرے۔

عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۞ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اٰمَنُوا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	اَلِيْمًا	عَذَابًا	لِلْكٰفِرِيْنَ	اَعَدَّ	وَ	عَنْ صِدْقِهِمْ
ایمان لائے ہو	وہ جو	اے	دردناک	عذاب	کافروں کے لیے	تیار کیا	اور	انکے سچ کے متعلق

اور کافروں کے لیے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کی

اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا

رِيْحًا	عَلَيْهِمْ	فَاَرْسَلْنَا	جُنُوْدٌ	جَآءَتْكُمْ	اِذْ	عَلَيْكُمْ	اللّٰهِ	نِعْمَةَ	اذْكُرُوْا
آندھی	ان پر	تو بھیجی ہم نے	لشکر	آئے تمہارے پاس	جبکہ	تم پر	اللہ کا	احسان	یاد کرو

وہ نعمت یاد کرو جب تم پر لشکر آپہنچے تو ہم نے ان پر آندھی اور وہ لشکر جو تم نے نہیں

وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۞ اِذْ جَآءُوْكُمْ

جَآءُوْكُمْ	اِذْ	بَصِيْرًا	تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	اللّٰهُ	كَانَ	وَ	تَرَوْهَا	لَّمْ	وَّجُنُوْدًا
آئے تم پر	جب	دیکھنے والا	کرتے ہو تم	اسکو جو	اللہ	ہے	اور	دیکھا تم نے انکو	نہ	اور ایسے لشکر کہ

دیکھے بھیجے اور اللہ دیکھ رہا تھا جو تم کر رہے تھے۔ جب وہ تم پر

مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ

بَلَغَتِ	وَ	الْاَبْصَارُ	زَاغَتِ	اِذْ	وَ	مِنْكُمْ	مِنْ اَسْفَلَ	وَ	مِّنْ فَوْقِكُمْ
پہنچے	اور	آنکھیں	پتھرا گئیں	جب	اور	تم سے	نیچے کے رخ سے	اور	تمہارے اوپر سے

تمہارے اوپر سے اور تمہارے نیچے سے آپہنچے اور جب آنکھیں پھر گئیں اور

الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝١٠ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ

ابْتُلِيَ	هُنَالِكَ	الظُّنُوْنَا	بِاللّٰهِ	تَظُنُّوْنَ	وَ	الْحَنَاجِرَ	الْقُلُوْبُ
آزمائے گئے	اس وقت	برے خیال	اللہ کے متعلق	خیال کیا تم نے	اور	گلوں تک	دل

دل حلق کو پہنچ گئے اور تم اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔ وہ مقام تھا جہاں مسلمانوں کی

الْمُؤْمِنُوْنَ وَ زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝١١ وَ اِذْ يَقُوْلُ

يَقُوْلُ	اِذْ	وَ	شَدِيْدًا	زِلْزَالًا	زُلْزِلُوْا	وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ
کہنے لگے	جب	اور	سخت	ہلانا	ہلائے گئے	اور	مومن

آزمائش کی گئی اور وہ نہایت سختی سے ہلا دیئے گئے۔ اور جب کہا

الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ

اللّٰهُ	وَعَدَنَا	مَّا	مَّرَضٌ	قُلُوْبِهِمْ	فِيْ	الَّذِيْنَ	وَ	الْمُنٰفِقُوْنَ
اللہ نے	وعدہ کیا ہم سے	نہیں	بیماری ہے	ان کے دلوں	میں	وہ کہ	اور	منافق

منافقوں نے اور ان لوگوں نے جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری تھی کہ اللہ اور اس کے رسول نے

وَ رَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ۝١٢ وَ اِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ

مِّنْهُمْ	طَّآئِفَةٌ	قَالَتْ	اِذْ	وَ	غُرُوْرًا	اِلَّا	رَسُوْلُهٗ	وَ
ان میں سے	ایک گروہ نے	کہا	جب	اور	دھوکے کا	مگر	اسکے رسول نے	اور

ہم سے (فتح کا) وعدہ نہیں کیا تھا مگر دھوکہ دینے کیلئے۔ اور ان میں سے ایک گروہ نے کہا اے مدینہ والو!

يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ

مِّنْهُمُ	فَرِيْقٌ	وَيَسْتَاْذِنُ	فَارْجِعُوْا	لَكُمْ	مُقَامَ	لَا	يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ
ان میں سے	ایک گروہ	اور اجازت مانگتا تھا	تو واپس ہو جاؤ	تم سے	مقابلہ ہو سکے گا	نہیں	اے مدینے کے رہنے والو

یہاں تمہارے ٹھہرنے کی جگہ نہیں تم گھروں کو واپس چلو اور ان میں سے ایک گروہ نبی ﷺ سے اذن مانگتا تھا

النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۛ إِنْ

النَّبِيَّ	يَقُولُونَ	إِنَّ	بُيُوتَنَا	عَوْرَةٌ	وَمَا	هِيَ	بِعَوْرَةٍ	إِنْ
نبی سے	کہتے تھے	بیشک	ہمارے گھر	غیر محفوظ ہیں	اور نہیں تھے	وہ	غیر محفوظ	نہیں

یہ کہہ کر کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں اور حالانکہ وہ غیر محفوظ بے حفاظت نہ تھے وہ

يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِم مِّنْ أَقْطَارِهَا

يُرِيدُونَ	إِلَّا	فِرَارًا	وَ	لَوْ	دُخِلَتْ	عَلَيْهِمْ	مِنْ	أَقْطَارِهَا
چاہتے تھے	مگر	بھاگنا	اور	اگر	داخل ہوں	ان پر	اس سے	کناروں سے

بھاگنے کے سوا اور کچھ ارادہ نہ کررہے تھے۔ اور اگر مدینہ کے اطراف سے اُن پر کوئی شخص آتا پھر ان سے

ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوا بِهَا إِلَّا يَسِيرًا ﴿۱۴﴾

ثُمَّ	سُئِلُوا	الْفِتْنَةَ	لَآتَوْهَا	وَ	مَا	تَلَبَّثُوا	بِهَا	إِلَّا	يَسِيرًا
پھر	ان سے مطالبہ ہو	فتنے کا	تو ارتکاب کریں اسکا	اور	نہ	ٹھہریں	اسکے مقابل	مگر	تھوڑے

فتنے کا سوال کیا جاتا تو یہ اُسے ضرور کرگزرتے اور اُس سے ... ہی رُکتے۔

وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللَّهَ مِن قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ ۚ

وَ	لَقَدْ	كَانُوا	عَاهَدُوا	اللَّهَ	مِنْ قَبْلُ	لَا	يُوَلُّونَ	الْأَدْبَارَ
اور	بیشک	تھے	عہد کرچکے	اللہ سے	اس سے پہلے کہ	نہ	پھیریں گے	پیٹھ

اور وہ اس سے پہلے اللہ سے عہد کر چکے تھے کہ وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے

وَكَانَ عَهْدُ اللَّهِ مَسْئُولًا ﴿۱۵﴾ قُل لَّن يَنفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِن

وَ	كَانَ	عَهْدُ	اللَّهِ	مَسْئُولًا	قُلْ	لَنْ	يَنفَعَكُمُ	الْفِرَارُ	إِنْ
اور	ہے	عہد	اللہ کا	پوچھا گیا	فرمادو	ہرگز نہ	فائدہ دیگا تم کو	بھاگنا	اگر

اور اللہ کے عہد کی پرسش کی جائیگی۔ فرما دیجئے اگر تم قتل یا موت سے بھاگے تو

فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾

فَرَرْتُمْ	مِّنَ الْمَوْتِ	اَوِالْقَتْلِ	وَ	اِذًا	لَّا	تُمَتَّعُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
تم بھاگو	موت سے	یا قتل سے	اور	اس وقت	نہ	فائدہ دیے جاؤ گے	مگر	تھوڑا

بھاگنا تمہیں نفع نہ دے گا اور اس صورت میں بھی تم کم ہی فائدے حاصل کرو گے۔

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ

قُلْ	مَنْ	ذَاالَّذِيْ	يَعْصِمُكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَ	بِكُمْ	سُوْٓءًا	اَوْ
فرمادو	کون ہے	وہ جو	بچائے تم کو	اللہ سے	اگر	ارادہ کرے	تمہارے متعلق	برائی کا	یا

فرما دیجئے تمہیں کون بچائے گا اللہ سے اگر وہ تمہیں تکلیف پہنچانا چاہے یا تم پر

اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

اَرَادَ	بِكُمْ	رَحْمَةً	وَ	لَا	يَجِدُوْنَ	لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلِيًّا
ارادہ کرے	تمہارے متعلق	رحمت کا	اور	نہیں	پائیں گے وہ	اپنے لیے	سوا	اللہ کے	حامی

رحمت کا ارادہ فرمائے اور وہ اللہ کے سوا کسی اپنے کو حمایت کرنے والا نہ پائیں گے

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ

وَّ	لَا	نَصِيْرًا	قَدْ	يَعْلَمُ	اللّٰهُ	الْمُعَوِّقِيْنَ	مِنْكُمْ	وَ	الْقَآئِلِيْنَ
اور	نہ	مددگار	بیشک	جانتا ہے	اللہ	روکنے والوں کو	تم میں سے	اور	کہنے والوں کو

اور نہ کوئی مدد گار۔ بے شک اللہ جانتا ہے تم میں سے ان کو جو (جہاد سے) روکتے ہیں اور

لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾ ۙ

لِاِخْوَانِهِمْ	هَلُمَّ	اِلَيْنَا	وَلَا	يَاْتُوْنَ	الْبَاْسَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
اپنے بھائیوں سے	آجاؤ	ہماری طرف	اور نہیں	آتے	لڑائی کو	مگر	تھوڑے

اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں ہماری طرف آ جاؤ اور لڑائی میں نہیں آتے مگر بہت کم۔

اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ

اَشِحَّةً	عَلَيْكُمْ	فَاِذَا	جَآءَ	الْخَوْفُ	رَاَيْتَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ
بخیل ہیں	تم پر	پھر جب	آتا ہے	خوف	دیکھو گے تم ان کو	دیکھتے ہیں

تمہاری مدد میں بخل کرتے ہیں پھر جب ڈر کا وقت آئے تم انہیں دیکھو گے تمہاری

اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِیْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا

اِلَيْكَ	تَدُوْرُ	اَعْيُنُهُمْ	كَالَّذِیْ	يُغْشٰى	عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ	فَاِذَا
تمہاری طرف	پھرتی ہیں	ان کی آنکھیں	جیسے اس کی کہ	غشی طاری ہو	اس پر	موت کی	پھر جب

طرف یوں نظر کرتے ہیں کہ ان کی آنکھیں گھوم رہی ہیں جیسے کسی پر موت چھائی ہو پھر جب

ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى

ذَهَبَ	الْخَوْفُ	سَلَقُوْكُمْ	بِاَلْسِنَةٍ	حِدَادٍ	اَشِحَّةً	عَلَى
چلا جاتا ہے	خوف	طعنہ دیتے ہیں تم کو	ساتھ زبانوں	تیز کے	بخیل ہیں	اوپر

ڈر کا وقت نکل جائے تو آپ کی گستاخی کرنے لگیں تیز زبان سے مال غنیمت کے لالچ میں

الْخَيْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ

الْخَيْرِ	اُولٰٓئِكَ	لَمْ	يُؤْمِنُوْا	فَاَحْبَطَ	اللّٰهُ	اَعْمَالَهُمْ
بھلائی کے	یہ لوگ	نہیں	ایمان لائے	تو ضائع کر دیے	اللہ نے	ان کے عمل

یہ لوگ ایمان لائے ہی نہیں تو اللہ نے ان کے عمل اکارت کر دیے

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ

وَ	كَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيْرًا	يَحْسَبُوْنَ	الْاَحْزَابَ
اور	ہے	یہ	اوپر	اللہ کے	آسان	خیال کرتے ہیں	لشکروں کو کہ

اور یہ اللہ کو آسان ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ فوجیں ابھی نہیں گئیں۔

لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي

فِي	بَادُوْنَ	اَنَّهُمْ	لَوْ	يَوَدُّوْا	الْاَحْزَابُ	يَّاْتِ	اِنْ	وَ	لَمْ يَذْهَبُوْا
میں	رہنے والے ہوں	وہ	کاش	پسند کرتے ہیں	لشکر	آجائیں	اگر	اور	نہیں گئے

اور اگر فوجیں پھر آجائیں، وہ پسند کریں گے کہ کاش وہ دیہاتیوں کے ساتھ

الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۭ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا

مَّا	فِيْكُمْ	كَانُوْا	لَوْ	وَ	عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ	يَسْاَلُوْنَ	الْاَعْرَابِ
نہ	تم میں تو	ہوتے	اگر	اور	خبریں تمہاری	پوچھیں	دیہاتوں

صحرا میں رہنے والے ہوں۔ وہ تمہارے حالات کے بارے میں پوچھتے رہیں۔ اور اگر یہ تمہارے

قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ۝۲۰ۧ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ

اُسْوَةٌ	اللّٰهِ	فِيْ رَسُوْلِ	لَكُمْ	كَانَ	لَقَدْ	قَلِيْلًا	اِلَّا	قٰتَلُوْٓا
نمونہ	اللہ کے	رسول میں	تمہارے لیے	ہے	بیشک	تھوڑے	مگر	لڑتے

درمیان رہیں تو بہت کم ہی لڑیں گے۔ یقیناً تمہارے لیے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ ہے ہر اُس شخص کے لیے

حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ

اللّٰهَ	ذَكَرَ	وَ	الْاٰخِرَ	الْيَوْمَ	وَ	اللّٰهَ	يَرْجُوا	كَانَ	لِّمَنْ	حَسَنَةٌ
اللہ کو	یاد کرے	اور	آخرت کی	دن	اور	اللہ کی	امید رکھتا	ہے	اس کیلئے جو	اچھا

جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن کی اُمید رکھتا ہو اور اللہ تعالیٰ کو

كَثِيْرًا ۝۲۱ۭ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا

مَا	هٰذَا	قَالُوْا	الْاَحْزَابَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	رَاَ	لَمَّا	وَ	كَثِيْرًا
وہ ہے جو	یہ	بول اٹھے	لشکروں کو	مسلمانوں نے	دیکھا	جب	اور	بہت

کثرت سے یاد کرے۔ اور جب مؤمنوں نے لشکر کو دیکھا تو بول اُٹھے یہ ہے وہ جس کا

وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ

وَعَدَنَا	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	وَصَدَقَ	اللّٰهُ	وَ	رَسُوْلُهٗ	وَ	مَا	زَادَهُمْ
وعدہ دیا ہم کو	اللہ نے	اور اسکے رسول نے	اور سچ فرمایا	اللہ نے	اور	اسکے رسول نے	اور	نہ	زیادہ کیا انکو

ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا اور اس بات سے انکی قوت

اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا

اِلَّآ	اِيْمَانًا	وَّتَسْلِيْمًا	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	رِجَالٌ	صَدَقُوْا
مگر	ایمان	اور فرمانبرداری	مومنوں میں سے کچھ	مرد ہیں جنہوں نے	سچ کر دکھایا

ایمانی و فرمانبرداری میں اور اضافہ کر دیا۔ ایمان والوں میں سے کچھ ایسے سچے لوگ ہیں جنہوں نے سچ کر دکھایا

مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ

مَا	عَاهَدُوا	اللّٰهَ	عَلَيْهِ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ	قَضٰى	نَحْبَهٗ
جو	عہد کیا تھا انہوں نے	اللہ سے	اس کا	تو بعض ان سے	وہ ہیں جو	پوری کر چکے	نذر اپنی

اس عہد کو جو اللہ سے کیا تھا تو ان میں سے کوئی تو اپنی نذر پوری کر چکا

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ

وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّنْتَظِرُ	وَ	مَا	بَدَّلُوْا	تَبْدِيْلًا	لِيَجْزِيَ	اللّٰهُ
اور	بعض ان سے	وہ ہیں جو	منتظر ہیں	اور	نہ	تبدیل کی انہوں نے	کوئی تبدیلی	تاکہ بدلہ دے	اللہ

اور ان میں سے کوئی انتظار کر رہا ہے اور انہوں نے ردوبدل نہیں کیا۔ تاکہ اللہ

الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ

الصّٰدِقِيْنَ	بِصِدْقِهِمْ	وَ	يُعَذِّبَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	اِنْ	شَآءَ
سچوں کو	ان کے سچ کا	اور	سزا دے	منافقوں کو	اگر	چاہے

سچوں کو ان کے سچ کا اجر عطا فرمائے اور اگر چاہے منافقوں کو عذاب دے

اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۲۴﴾ۚ

رَّحِیْمًا	غَفُوْرًا	كَانَ	اللّٰهَ	اِنَّ	عَلَیْهِمْ	یَتُوْبَ	اَوْ
مہربان	بخشنے والا	ہے	اللہ	بیشک	ان کی	توبہ قبول کرے	یا

یا ان پر رجوع برحمت ہو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِغَیْظِهِمْ لَمْ یَنَالُوْا خَیْرًا ؕ

خَیْرًا	یَنَالُوْا	لَمْ	بِغَیْظِهِمْ	كَفَرُوْا	الَّذِیْنَ	اللّٰهُ	رَدَّ	وَ
کوئی بھلائی	پائی انہوں نے	نہ	انکے غصے کے ساتھ	جو کافر ہیں	ان کو	اللہ نے	لوٹا دیا	اور

اور اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا اُن کے غصے کے ساتھ پھیر دیا۔

وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِیًّا

قَوِیًّا	اللّٰهُ	كَانَ	وَ	الْقِتَالَ	الْمُؤْمِنِیْنَ	اللّٰهُ	كَفَى	وَ
زبردست	اللہ	ہے	اور	لڑائی کی	مومنوں سے	اللہ نے	کفایت کی	اور

اور	وہ ہے	فیصلہ کرنیوالا	جاننے والا	فرماؤ	دکھاؤ مجھے	وہ جنہیں	تم ملاتے ہو	اسکے ساتھ	شریک	ہرگز نہیں	بلکہ

اور وہی ہے بڑا فیصلے کرنے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔ فرمادیجئے مجھے وہ لوگ دکھاؤ جنہیں تم نے اس کے ساتھ شریک کر رکھا

هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا

هُوَ	اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَمَآ	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	كَآفَّةً	لِّلنَّاسِ	بَشِيْرًا
وہ ہے	اللہ	عزت والا	حکمت والا	اور نہیں	بھیجا ہم نے تم کو	مگر	تمام	لوگوں کیلئے	خوشخبری دینے والا

ہے ہرگز نہیں بلکہ اللہ ہی غالب و دانا ہے۔ اور (اے رسول ﷺ) ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام لوگوں کیلئے

وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

وَّنَذِيْرًا	وَّ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا
اور ڈرسنانے والا	اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں	جانتے	اور	کہتے ہیں	کب ہوگا	یہ

خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور وہ کہتے ہیں کب پورا ہوگا یہ وعدہ

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ

الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلْ	لَّكُمْ	مِّيْعَادُ	يَوْمٍ	لَا	تَسْتَاْخِرُوْنَ
وعدہ	اگر	ہوتم	سچے	فرماؤ	تمہارے لیے	وعدہ ہے	ایک دن کا کہ	نہ	پیچھے رہوگے

اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے تمہارے لئے وعدے کا ایسا دن مقرر ہے جس سے تم ایک گھڑی

عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

عَنْهُ	سَاعَةً	وَّلَا	تَسْتَقْدِمُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَنْ	نُّؤْمِنَ
اس سے	ایک گھڑی	اور نہ	آگے بڑھوگے	اور بولے	وہ جو	کافر تھے	ہرگز نہ	ایمان لائیں گے ہم

نہ پیچھے ہٹ سکو گے اور نہ آگے بڑھ سکو گے۔ اور کافر بولے ہم ہرگز نہیں ایمان لائیں گے اس

النصف ع ۹

بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ

بِهٰذَا	الْقُرْاٰنِ	وَ	لَا	بِالَّذِيْ	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَ	لَوْ	تَرٰٓى	اِذِ	الظّٰلِمُوْنَ
اس	قرآن پر	اور	نہ	ان کتابوں پر جو	اس سے پہلے ہیں	اور	اگر	دیکھے تم	جب	ظالم

قرآن پر اور نہ ان کتابوں پر جو اس سے پہلے تھیں اور کاش تم دیکھو کہ جب ظالم

مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ښ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ

مَوْقُوْفُوْنَ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	يَرْجِعُ	بَعْضُهُمْ	اِلٰى	بَعْضِ	الْقَوْلَ	يَقُوْلُ
کھڑے ہونگے	نزدیک	اپنے رب کے	لوٹائے گا	بعض ان کا	طرف	بعض کی	بات کو	کہیں گے

اپنے رب کے پاس کھڑے کئے جائیں گے ان میں ایک دوسرے پر الزام لگائیں گے

الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ۝۳۱

الَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	لَوْ	لَآ	اَنْتُمْ	لَكُنَّا	مُؤْمِنِيْنَ
وہ جو	کمزور تھے	ان کو جو	متکبر تھے	اگر	نہ	ہوتے تم	تو ہوتے ہم	مومن

اور جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے وہ بڑے بننے والوں سے کہیں گے اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آتے۔

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى

قَالَ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	لِلَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْٓا	اَنَحْنُ	صَدَدْنٰكُمْ	عَنِ الْهُدٰى
کہیں گے	وہ جو	متکبر تھے	ان کو جو	کمزور تھے	کیا ہم نے	روکا تھا تم کو	ہدایت سے

جو لوگ بڑے بنتے تھے وہ کمزور سمجھے جانے والوں سے کہیں گے کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے روک دیا

بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ۝۳۲ وَقَالَ الَّذِيْنَ

بَعْدَ	اِذْ	جَآءَكُمْ	بَلْ	كُنْتُمْ	مُّجْرِمِيْنَ	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ
بعد اسکے کہ	جب	آئی تمہارے پاس	بلکہ	تھے تم	مجرم	اور	کہیں گے	وہ جو

اس کے بعد کہ تمہارے پاس آ چکی تھی بلکہ تم خود مجرم تھے۔ پھر کمزور لوگ بڑے بننے والے

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ

اسْتُضْعِفُوْا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	بَلْ	مَكْرُ	الَّيْلِ	وَ	النَّهَارِ	اِذْ	تَاْمُرُوْنَنَآ
کمزور تھے	ان کو جو	متکبر تھے	بلکہ	تدبیریں	رات	اور	دن کی	جب	حکم دیتے تھے تم ہم کو

لوگوں سے کہیں گے نہیں بلکہ یہ رات اور دن کی مکاری تھی جب تم ہمیں تلقین کرتے تھے

اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا

اَنْ	نَّكْفُرَ	بِاللّٰهِ	وَ	نَجْعَلَ	لَهٗ	اَنْدَادًا	وَ	اَسَرُّوا	النَّدَامَةَ	لَمَّا	رَاَوُا
یہ کہ	ہم انکار کریں	اللہ کا	اور	بنائیں	اس کیلئے	شریک	اور	چھپائیں گے	ندامت کو	جبکہ	دیکھیں گے

کہ ہم اللہ کا انکار کریں اور اس کے ہمسر ٹھہرائیں اور وہ پشیمانی کو چھپائیں گے جو عذاب

الْعَذَابَ ؕ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِیْۤ اَعْنَاقِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ هَلْ

هَلْ	كَفَرُوْا	الَّذِیْنَ	فِیْۤ اَعْنَاقِ	الْاَغْلٰلَ	جَعَلْنَا	وَ	الْعَذَابَ
نہیں	کافر ہیں	ان لوگوں کے جو	گردنوں میں	طوق	کیے ہم نے	اور	عذاب

کو دیکھیں گے اور ہم نے کافروں کی گردنوں میں طوق ڈال رکھے ہیں کیا وہ

یُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّذِیْرٍ

نَّذِیْرٍ	مِّنْ	فِیْ قَرْیَةٍ	اَرْسَلْنَا	مَاۤ	وَ	یَعْمَلُوْنَ	كَانُوْا	مَا	اِلَّا	یُجْزَوْنَ
ڈرانے والا	کوئی	بستی میں	بھیجا ہم نے	نہ	اور	وہ عمل کرتے	تھے	جو	مگر	بدلے جاؤ گے

اپنے عملوں کے سوا بھی جزاء پا سکتے ہیں؟ اور ہم نے جس بستی میں بھی کوئی ڈرانے والا بھیجا اس کے خوش حال

اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَاۤ ۙ اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ

اَكْثَرُ	نَحْنُ	قَالُوْا	وَ	كٰفِرُوْنَ	بِهٖ	اُرْسِلْتُمْ	بِمَاۤ	اِنَّا	مُتْرَفُوْهَاۤ	قَالَ	اِلَّا
زیادہ ہیں	ہم	بولے	اور	انکار کرتے ہیں	اسکے ساتھ	بھیجے گئے ہو تم	اس چیز پر کہ	بیشک ہم	اسکے دولتمندوں نے	کہا	مگر

لوگوں نے کہا ہم اس پیغام کا جس کے ساتھ تمہیں بھیجا گیا ہے انکار کرتے ہیں۔ اور انہوں نے کہا ہم بہت

اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ ﴿۳۵﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ

یَبْسُطُ	رَبِّیْ	اِنَّ	قُلْ	بِمُعَذَّبِیْنَ	نَحْنُ	مَا	وَّ	اَوْلَادًا	وَّ	اَمْوَالًا
فراخ کرتا ہے	میرا رب	بیشک	فرماؤ	سزا دیے جائینگے	ہم	نہ	اور	اولاد میں	اور	مال میں

زیادہ مال اور اولاد والے ہیں اور ہم عذاب نہیں دیے جائیں گے۔ فرما دیجئے بے شک میرا رب کشادہ

الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع وَمَاۤ

وَمَاۤ	یَعْلَمُوْنَ	لَا	النَّاسِ	اَكْثَرَ	لٰكِنَّ	وَ	یَقْدِرُ	وَ	یَّشَآءُ	لِمَنْ	الرِّزْقَ
اور نہیں	جانتے	نہیں	لوگ	اکثر	لیکن	اور	تنگ کرتا ہے	اور	چاہے	جس کیلئے	رزق

کر دیتا ہے رزق جس کیلئے چاہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کیلئے چاہے) لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور تمہارے مال اور

أَمْوَالُكُمْ وَلَآ أَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى إِلَّا مَنْ اٰمَنَ

أَمْوَالُكُمْ	وَ	لَآ	أَوْلَادُكُمْ	بِالَّتِيْ	تُقَرِّبُكُمْ	عِنْدَنَا	زُلْفٰى	إِلَّا	مَنْ	اٰمَنَ
تمہارے مال	اور	نہ	تمہاری اولاد	ایسی کہ	نزدیک کرے تمہیں	ہمارے	قریب	مگر	جو	ایمان لائے

تمہاری اولاد اس قابل نہیں کہ تمہیں ہمارے قرب تک پہنچائیں مگر وہ جو ایمان لائے

وَعَمِلَ صَالِحًا فَأُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ

وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَأُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	جَزَآءُ	الضِّعْفِ	بِمَا	عَمِلُوْا	وَ	هُمْ
اور	عمل کرے	اچھے	تو یہ لوگ	ان کیلئے	بدلہ ہے	دُگنا	جو	عمل کیے	اور	وہ

اور پھر یہی لوگ ہیں جن کے لیے دوگنی جزا ہے اس بنا پر جو انہوں نے عمل کیے۔ اور وہ

فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

فِي	الْغُرُفٰتِ	اٰمِنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يَسْعَوْنَ	فِيْٓ	اٰيٰتِنَا	مُعٰجِزِيْنَ
میں	بالاخانوں	امن میں ہوں	اور وہ جو	کوشش کریں	میں	ہماری آیتوں	عاجز کرنیوالے

بالاخانوں میں امن و امان سے رہیں گے۔ اور وہ جو ہماری آیتوں میں ہمیں عاجز کرنے کی کوشش کرتے ہیں

أُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ إِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

أُولٰٓئِكَ	فِي الْعَذَابِ	مُحْضَرُوْنَ	قُلْ	إِنَّ	رَبِّيْ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ
یہ لوگ	عذاب میں	حاضر کیے جائینگے	فرمادیں	بیشک	میرا رب	فراخ کرتاہے	رزق

وہی لوگ عذاب میں حاضر کیے جائیں گے۔ فرما دیجئے میرا رب اپنے بندوں میں سے جس

لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ أَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ

لِمَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَ	يَقْدِرُ	لَهٗ	وَ	مَآ	أَنْفَقْتُمْ	مِّنْ	شَيْءٍ	فَهُوَ
جس کا	چاہے	اپنے بندوں میں سے	اور	تنگ کرتا ہے	اس کیلئے	اور	جو	تم خرچ کرو	کوئی	چیز	تو وہ

کیلئے چاہتا ہے رزق کشادہ اور تنگ کر دیتا ہے اور جو کچھ تم نے خرچ کر دیا تو وہی

يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ

يُخْلِفُهٗ	وَهُوَ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ	وَ	يَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ
اس کا بدل دیتا ہے	اور وہ ہے	بہتر	رزق دینے والا	اور	جس دن	اکٹھا کرے گا ان کو	سب کو	پھر

اس کی جگہ اور دیتا ہے اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ اور جس دن وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر

يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

يَقُوْلُ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اَهٰٓؤُلَآءِ	اِيَّاكُمْ	كَانُوْا	يَعْبُدُوْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ
فرمائے گا	فرشتوں کو	کیا یہ	خاص تمہاری	ہی	عبادت کرتے تھے	عرض کریں گے	تو پاک ہے

فرشتوں سے فرمائے گا کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کیا کرتے تھے؟ وہ عرض کریں گے پاک ہے

اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ

اَنْتَ	وَلِيُّنَا	مِنْ دُوْنِهِمْ	بَلْ	كَانُوْا	يَعْبُدُوْنَ	الْجِنَّ	اَكْثَرُهُمْ	بِهِمْ
تو	ہمارا مالک ہے	ان کے سوا	بلکہ	وہ تھے	عبادت کرتے	جنوں کو	اکثر ان کے	ان پر

تیری ذات تو ہی ہمارا دوست ہے ان کے سوا بلکہ یہ جنوں کی عبادت کرتے تھے ان کے اکثر (لوگ) ان ہی

مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ

مُّؤْمِنُوْنَ	فَالْيَوْمَ	لَا	يَمْلِكُ	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	نَّفْعًا	وَّلَا	ضَرًّا
ایمان لانیوالے ہیں	تو آج	نہیں	اختیار ہوگا	تمہارے بعض کا	بعض پر	نفع	اور نہ	نقصان کا

پر یقین رکھتے ہیں۔ تو آج کے دن تم میں سے کوئی ایک دوسرے کے نفع کا مالک نہ ہو گا

وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

وَ	نَقُوْلُ	لِلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	ذُوْقُوْا	عَذَابَ	النَّارِ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ	بِهَا
اور	فرمائے گا	ان کو جو	ظالم ہیں	چکھو	عذاب	آگ کا	وہ کہ	تھے تم	اس کو

اور نہ کسی نقصان کا اور ہم ظالموں سے فرمائیں گے چکھو آگ کا عذاب جسے تم

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ

تُكَذِّبُوْنَ	وَ	اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالُوْا	مَا	هٰذَآ	اِلَّا	رَجُلٌ
جھٹلاتے	اور	جب	پڑھی جاتی ہیں	ان پر	ہماری آیتیں	روشن	کہتے ہیں	نہیں	یہ	مگر	ایک آدمی

جھٹلاتے تھے۔ اور جب ہماری واضح آیات اُن پر پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ یہ ایک آدمی کے سوا کچھ نہیں

يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ

يُرِيْدُ	اَنْ	يَّصُدَّكُمْ	عَمَّا	كَانَ	يَعْبُدُ	اٰبَآؤُكُمْ	وَ	قَالُوْا	مَا	هٰذَآ	اِلَّآ	اِفْكٌ
چاہتا ہے	یہ کہ	روک دے تم کو	اس سے کہ	تھے	عبادت کرتے	تمہارے باپ دادا	اور	بولے	نہیں	یہ	مگر	جھوٹ

جو یہ ارادہ رکھتا ہے کہ تمہیں اُن سے روک دے جن کی تمہارے باپ دادا عبادت کرتے تھے۔ اور کہتے ہیں

مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا

مُّفْتَرًى	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لِلْحَقِّ	لَمَّا	جَآءَهُمْ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا
گھڑا ہوا	اور	بولے	وہ جو	کافر ہیں	حق کے متعلق	جب	آیا ان کے پاس	نہیں	یہ	مگر

کہ یہ تو محض ایک جھوٹ ہے گھڑا ہوا۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اُن کے سامنے جب حق آیا تو انہوں نے کہا کہ یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۳﴾ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ

سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَ	مَآ اٰتَيْنٰهُمْ	مِّنْ كُتُبٍ	يَّدْرُسُوْنَهَا	وَ	مَآ	اَرْسَلْنَآ
جادو	کھلا	اور	ہم نے ان کو نہیں دیں	کچھ کتابیں	جنہیں پڑھتے ہوں	اور	نہ	بھیجا ہم نے

تو محض کھلا جادو ہے۔ اور ہم نے ان (اہل مکہ) کو نہ آسمانی کتابیں عطا کیں تھیں جنہیں یہ لوگ پڑھتے ہوں

اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ؕ﴿۴۴﴾ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا

اِلَيْهِمْ	قَبْلَكَ	مِنْ	نَّذِيْرٍ	وَكَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ	قَبْلِهِمْ	وَ	مَا
انکی طرف	تم سے پہلے	کوئی	ڈرانے والا	اور جھٹلایا	انہوں نے جو	ان سے	پہلے تھے	اور	نہ

نہ تم سے پہلے ان کے پاس کوئی ڈرسنانے والا آیا۔ اور ان سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلایا اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا تھا یہ لوگ

بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾

نَكِيْرِ	كَانَ	فَكَيْفَ	رُسُلِيْ	فَكَذَّبُوْا	اٰتَيْنٰهُمْ	مَآ	مِعْشَارَ	بَلَغُوْا
میرا انکار کرنا	ہوا	تو کیسا	میرے رسولوں کو	تو جھٹلایا انہوں نے	ہم نے ان کو دیا	جو	دسویں حصہ کو	پہنچے وہ

اس کے دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے ہاں! انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلادیا سو میری سزا کیسی تھی۔

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ

ثُمَّ	وَفُرَادٰى	مَثْنٰى	لِلّٰهِ	تَقُوْمُوْا	اَنْ	بِوَاحِدَةٍ	اَعِظُكُمْ	اِنَّمَآ	قُلْ
پھر	اور اکیلے اکیلے	دو دو	اللہ کیلئے	کھڑے ہو تم	یہ کہ	ایک بات کی	میں نصیحت کرتا ہوں تم کو	اسکے سوا نہیں کہ	فرماؤ

فرمادیجئے میں تمہیں صرف ایک ہی بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم اللہ کیلئے دو دو اور

تَتَفَكَّرُوْا مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ

بَيْنَ يَدَيْ	لَّكُمْ	نَذِيْرٌ	اِلَّا	هُوَ	اِنْ	مِّنْ جِنَّةٍ	بِصَاحِبِكُمْ	مَا	تَتَفَكَّرُوْا
آگے	تمہیں	ڈرانے والے	مگر	وہ	نہیں	دیوانہ	تمہارا ساتھی	نہیں ہے	سوچو کہ

ایک ایک کھڑے ہو جاؤ پھر سوچو تمہارے ساتھی کو کوئی جنون تو نہیں وہ تو سخت

عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿۴۶﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ اِنْ اَجْرِيَ

اَجْرِيَ	اِنْ	لَكُمْ	فَهُوَ	اَجْرٍ	مِّنْ	سَاَلْتُكُمْ	مَا	قُلْ	شَدِيْدٍ	عَذَابٍ
میرا اجر	نہیں	تمہارے لئے ہے	تو وہ	اجر	کوئی	مانگوں میں تم سے	جو	فرماؤ	سخت کے	عذاب

عذاب سے پہلے تمہیں خبردار کرنے والا ہے۔ فرما دیجئے جو اجر میں نے تم سے مانگا ہو وہ تم ہی رکھو

اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ

يَقْذِفُ	رَبِّيْ	اِنَّ	قُلْ	شَهِيْدٌ	شَيْءٍ	كُلِّ	عَلٰى	وَهُوَ	اللّٰهِ	عَلَى	اِلَّا
ڈالتا ہے	میرا رب	بیشک	فرماؤ	گواہ ہے	چیز کے	ہر	اوپر	اور وہ	اللہ کے ہے	اوپر	مگر

میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ فرما دیجئے بے شک میرا رب حق کی ضرب لگاتا ہے

بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٤٨﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا

بِالْحَقِّ	عَلَّامُ	الْغُيُوْبِ	قُلْ	جَآءَ الْحَقُّ	وَ	مَا يُبْدِئُ	الْبَاطِلُ	وَمَا
حق کو	جاننے والا ہے	غیبوں کا	فرماؤ	حق آیا	اور	پہل نہ کرے	باطل	اور نہ

بہت جاننے والا سب غیبوں کا۔ اور اگر وہ تمہیں جھٹلاتے ہیں تو تحقیق آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول جھٹلائے جا چکے ہیں۔

يُعِيْدُ ﴿٤٩﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَ اِنِ اهْتَدَيْتُ

يُعِيْدُ	قُلْ	اِنْ	ضَلَلْتُ	فَاِنَّمَآ	اَضِلُّ	عَلٰى	نَفْسِيْ	وَ	اِنِ	اهْتَدَيْتُ
پھر کر آئے	فرماؤ	اگر	میں گمراہ ہوں	تو	میری گمراہی	اوپر	میرے ہے	اور	اگر	میں ہدایت پاؤں

اور سارے معاملات اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔ فرمادیجئے اگر میں بہکا تو اپنے ہی برے کو بہکا اور اگر میں نے

فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿٥٠﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا

فَبِمَا	يُوْحِيْٓ	اِلَيَّ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	سَمِيْعٌ	قَرِيْبٌ	وَ	لَوْ	تَرٰٓى	اِذْ	فَزِعُوْا
تو اس سے جو	وحی کرتا ہے	میری طرف	میرا رب	بیشک وہ	سننے والا	قریب ہے	اور	اگر	تو دیکھے	جب	وہ گھبراہٹ میں ڈالے جائینگے

راہ پائی تو اس کے سبب جو میرا رب میری طرف وحی فرماتا ہے بیشک وہ سننے والا نزدیک ہے۔ اور اگر تم ان کا حال دیکھیں جب

فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۙ﴿٥١﴾ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ

فَلَا فَوْتَ	وَاُخِذُوْا	مِنْ مَّكَانٍ	قَرِيْبٍ	وَّقَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِهٖ	وَاَنّٰى	لَهُمُ
پھر بچ کر نہ نکل سکیں گے	اور پکڑے جائینگے	جگہ ہی	قریب سے	اور کہیں گے	ہم ایمان لائے	اس پر	اور کہاں ہے	ان کیلئے

وہ گھبرائے ہوئے ہوں گے پھر وہ بچ نہ سکیں گے اور قریبی جگہ سے پکڑ لئے جائیں گے۔ اور کہیں گے ہم اس پر ایمان لائے مگر

التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۚ﴿٥٢﴾ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ

التَّنَاوُشُ	مِنْ مَّكَانٍ	بَعِيْدٍ	وَ	قَدْ	كَفَرُوْا	بِهٖ	مِنْ قَبْلُ	وَ	يَقْذِفُوْنَ
حاصل کرنا	جگہ	دور سے	اور	بیشک	کفر کیا انہوں نے	اس کا	پہلے	اور	پھینکتے ہیں

اب اتنی دور دراز جگہ سے وہ اسے کہاں پاسکتے ہیں؟ حالانکہ وہ اس سے پہلے کفر کر چکے تھے اور بغیر دیکھے اندھیرے میں تیر

بِالۡغَیۡبِ مِنۡ مَّكَانٍۭ بَعِیۡدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِیۡلَ بَیۡنَهُمۡ وَبَیۡنَ مَا یَشۡتَهُوۡنَ كَمَا

بِالۡغَیۡبِ	مِنۡ مَّكَانٍۭ	بَعِیۡدٍ	وَ	حِیۡلَ	بَیۡنَهُمۡ	وَ	بَیۡنَ	مَا	یَشۡتَهُوۡنَ	كَمَا
غیب کی باتیں	جگہ	دور سے	اور	حائل ہوگا	ان کے	اور	درمیان	اسکے جو	چاہیں گے	جیساکہ

چلاتے ہیں بہت دور کی جگہ سے۔ اور رکاوٹ پیدا کر دی جائے گی ان کے اور ان کی خواہشات کے درمیان

فُعِلَ بِاَشۡیَاعِهِمۡ مِّنۡ قَبۡلُ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا فِیۡ شَكٍّ مُّرِیۡبٍ ﴿۵۴﴾ ع

فُعِلَ	بِاَشۡیَاعِهِمۡ	مِّنۡ قَبۡلُ	اِنَّهُمۡ	كَانُوۡا	فِیۡ شَكٍّ	مُّرِیۡبٍ
کیا گیا	اسکے ساتھیوں سے	پہلے	بیشک وہ	تھے	شک میں	دھوکے والے کے

جیسا کہ اس سے پہلے ان کے ہم مشرب گروہوں کے ساتھ کیا گیا بے شک وہ دھوکہ دینے والے شک میں پڑے ہوئے تھے۔

آیاتہا ۴۵ ۔ (۳۵) سُوۡرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ ۴۳ ۔ رکوعاتہا ۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ جَاعِلِ الۡمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

اَلۡحَمۡدُ	لِلّٰهِ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضِ	جَاعِلِ	الۡمَلٰٓئِكَةِ	رُسُلًا
تمام تعریفیں	اللہ ہی کی ہیں جو	پیدا کرنے والا ہے	آسمانوں	اور	زمین کا	بنانے والا ہے	فرشتوں کو	پیغام رساں

سب خوبیاں اللہ کو جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا فرشتوں کو قاصد بنا کر بھیجنے والا

اُولِیۡۤ اَجۡنِحَةٍ مَّثۡنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ یَزِیۡدُ فِی الۡخَلۡقِ مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّ

اُولِیۡۤ اَجۡنِحَةٍ	مَّثۡنٰی	وَ	ثُلٰثَ	وَ	رُبٰعَ	یَزِیۡدُ	فِی	الۡخَلۡقِ	مَا	یَشَآءُ	اِنَّ
پروں والے	دو دو	اور	تین تین	اور	چار چار	بڑھاتا ہے	میں	پیدائش	جو	چاہے	بیشک

جن کے دو دو تین تین چار چار پر ہیں وہ مخلوق میں جو چاہتا ہے اضافہ کر دیتا ہے بے شک

اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱﴾ مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ فَلَا

فَلَا	مِنْ رَّحْمَۃٍ	لِلنَّاسِ	اللّٰہُ	یَفْتَحِ	مَا	قَدِیْرٌ	شَیْءٍ	کُلِّ	عَلٰی	اللّٰہَ
تو نہیں	اپنی رحمت سے	لوگوں کیلئے	اللہ	کھولے	جو	قادر ہے	چیز کے	ہر	اوپر	اللہ

اللہ ہر چاہت پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ جو رحمت کے دروازے لوگوں کیلئے کھولے اس کا

مُمْسِکَ لَھَا ۚ وَمَا یُمْسِکْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَہٗ مِنْ بَعْدِہٖ ۭ وَھُوَ

ھُوَ	وَ	بَعْدِہٖ	مِنْ	لَہٗ	مُرْسِلَ	فَلَا	یُمْسِکْ	مَا	وَ	لَھَا	مُمْسِکَ
وہ	اور	بعد	اس کے	اس کو	بھیجنے والا	تو نہیں کوئی	روک لے	جو	اور	اس کو	کوئی روکنے والا

کوئی روکنے والا نہیں اور جو کچھ وہ روک لے تو اس کی روک کے بعد اس کا کوئی بھیجنے والا نہیں اور

الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴿۲﴾ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ ۭ ھَلْ

ھَلْ	عَلَیْکُمْ	اللّٰہِ	نِعْمَتَ	اذْکُرُوْا	النَّاسُ	یٰٓاَیُّھَا	الْحَکِیْمُ	الْعَزِیْزُ
کیا کوئی	اپنے اوپر	اللہ کا	احسان	یاد کرو	لوگو	اے	حکمت والا ہے	عزت والا ہے

وہی عزت و حکمت والا ہے۔ اے لوگو! اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو کیا

مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰہِ یَرْزُقُکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ لَآ اِلٰہَ اِلَّا

اِلَّا	اِلٰہَ	لَآ	الْاَرْضِ	وَ	مِّنَ السَّمَآءِ	یَرْزُقُکُمْ	اللّٰہِ	غَیْرُ	مِنْ خَالِقٍ
مگر	کوئی معبود	نہیں	زمین سے	اور	آسمان سے	رزق دیتا ہے تم کو	اللہ کے	سوائے	پیدا کرنیوالا ہے

اللہ کے سوا بھی کوئی خالق ہے جو آسمان اور زمین سے تمہیں رزق دیتا ہو؟ اس کے سوا کوئی خدا نہیں

ھُوَ ۡ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِنْ یُّکَذِّبُوْکَ فَقَدْ کُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِکَ ۭ

مِنْ قَبْلِکَ	رُسُلٌ	کُذِّبَتْ	فَقَدْ	یُّکَذِّبُوْکَ	اِنْ	وَ	تُؤْفَکُوْنَ	فَاَنّٰی	ھُوَ
آپ سے پہلے	رسول	جھٹلائے گئے	تو بیشک	آپ کو جھٹلائیں	اگر	اور	پھیرے جاتے ہو	تو کہاں	وہی

مگر تم بہکائے جارہے ہو؟ اور اگر لوگ آپ ﷺ جھٹلاتے ہیں تو آپ سے پہلے بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا

وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ④ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

وَ	اِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ	اِنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ
اور	طرف	اللہ کی	لوٹائے جاتے ہیں	سب کام	اے	لوگو	بیشک	وعدہ	اللہ کا

اور اللہ ہی کی طرف معاملات لوٹائے جاتے ہیں۔ اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے تو ہرگز تمہیں دنیا کی

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وقفة وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ⑤ اِنَّ

حَقٌّ	فَلَا	تَغُرَّنَّكُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	وَلَا	يَغُرَّنَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	اِنَّ
سچا ہے	تو نہ	دھوکہ دے تمہیں	زندگی	دنیا کی	اور نہ	دھوکہ دے تم کو	اللہ کے متعلق	دھوکے باز	بیشک

زندگی دھوکے میں نہ ڈالدے اور اللہ کے بارے میں فریبی (شیطان) تمہیں ہرگز فریب میں نہ مبتلا کردے۔ بے شک شیطان

الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ط اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا

الشَّيْطٰنَ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	فَاتَّخِذُوْهُ	عَدُوًّا	اِنَّمَا	يَدْعُوْا	حِزْبَهٗ	لِيَكُوْنُوْا
شیطان	تمہارا	دشمن ہے	تو اسے سمجھو	دشمن	اسکے سوا نہیں کہ	کہ بلاتا ہے وہ	اپنے گروہ کو	تا کہ ہوں وہ

تمہارا دشمن ہے تو تم بھی اسے دشمن (ہی) سمجھو اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ اپنے گروہ کو اس لئے بلاتا ہے

مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ط ⑥ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ط

مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ	اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ
دوزخ والوں سے	وہ جو	کافر ہوئے	ان کے لیے	عذاب ہے	سخت

کہ وہ دوزخ والوں میں سے ہوجائیں۔ کافروں کیلئے سخت عذاب ہے اور جو ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ⑦ ع

وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّ	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ
اور	وہ جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	ان کیلئے	بخشش ہے	اور	اجر	بڑا

اور اچھے کام کئے ان کیلئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔

ع ۱۴/۷

أَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ۭ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ

مَنْ يَّشَآءُ	يُضِلُّ	اللّٰهَ	فَاِنَّ	حَسَنًا	فَرَاٰهُ	عَمَلِهٖ	لَهٗ سُوٓءُ	زُيِّنَ	اَفَمَنْ
جسے چاہے	گمراہ کرتا	اللہ	تو بیشک	اچھے	تو دیکھا اسکو	عمل اسکے	اسکو برے	خوشنما معلوم ہو	تو کیا وہ جس کو

تو کیا وہ جس کی نگاہ میں اس کا برا کام خوشنما بنا دیا گیا کہ اس نے اچھا سمجھا ہدایت والے کی طرح ہو جائیگا

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ڮ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ۭ اِنَّ

اِنَّ	حَسَرٰتٍ	عَلَيْهِمْ	نَفْسُكَ	تَذْهَبْ	فَلَا	يَّشَآءُ	مَنْ	يَهْدِيْ	وَ
بیشک	حسرتوں میں	ان پر	آپ کی جان	چلی جائے	تو نہ	چاہے	جسے	ہدایت دیتا ہے	اور

اس لئے اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے اور راہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہے تو تمہاری جان ان پر حسرت میں

اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۸ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ

فَتُثِيْرُ	الرِّيٰحَ	اَرْسَلَ	الَّذِيْٓ	اللّٰهُ	وَ	يَصْنَعُوْنَ	بِمَا	عَلِيْمٌ	اللّٰهَ
تو ابھارتی ہیں	ہواؤں کو	بھیجا	وہ ہے جس نے	اللہ	اور	کرتے ہیں	جو وہ	جانتا ہے	اللہ

نہ رہ جائے اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور اللہ وہ ہے جو ہواؤں کو چلاتا ہے پھر وہ بادل کو ابھارتی ہیں

سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ

مَوْتِهَا	بَعْدَ	الْاَرْضَ	بِهِ	فَاَحْيَيْنَا	مَّيِّتٍ	بَلَدٍ	اِلٰى	فَسُقْنٰهُ	سَحَابًا
اسکے مرنے کے	بعد	زمین کو	اس سے	تو ہم زندہ کردیتے ہیں	مردہ کے	شہر	طرف	پھر لے جاتے ہیں ہم اسکو	بادل

پھر ہم اسے مُردہ شہر کی طرف ہانک دیتے ہیں پھر اس سے زمین کو اسکے مُردہ ہو جانے کے بعد زندہ کر دیتے ہیں

كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ۭ اِلَيْهِ

اِلَيْهِ	جَمِيْعًا	الْعِزَّةُ	فَلِلّٰهِ	الْعِزَّةَ	يُرِيْدُ	كَانَ	مَنْ	النُّشُوْرُ	كَذٰلِكَ
اسکی طرف	ساری	عزت	تو اللہ ہی کیلئے	عزت	چاہتا	ہے	جو	حشر میں اٹھنا ہے	یوں ہی

اسی طرح (مردوں کا) دوبارہ اٹھنا ہوگا۔ جو کوئی عزت چاہتا ہے تو عزت سب اللہ کے پاس ہے

يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ط وَالَّذِيْنَ

يَصْعَدُ	الْكَلِمُ	الطَّيِّبُ	وَ	الْعَمَلُ	الصَّالِحُ	يَرْفَعُهٗ	وَالَّذِيْنَ
چڑھتے ہیں	کلمات	پاکیزہ	اور	عمل	نیک	اٹھاتا ہے اسکو	اور وہ جو

اسی کی طرف پاکیزہ کلام چڑھتا ہے اور نیک عمل کو وہ بلند کرتا ہے اور جو لوگ

يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ط وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ

يَمْكُرُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ	وَمَكْرُ	اُولٰٓئِكَ	هُوَ
داؤں کرتے ہیں	برے	ان کیلئے	عذاب ہے	سخت	اور مکر	ان کا	وہ

بُرے کاموں کی تدبیریں کرتے ہیں انہیں سخت عذاب ہو گا اور ان کی تدبیریں خود ہی

يَبُوْرُ ﴿۱۰﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ

يَبُوْرُ	وَ	اللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	جَعَلَكُمْ
برباد ہوگا	اور	اللہ نے	پیدا کیا تم کو	مٹی سے	پھر	نطفہ سے	پھر	بنایا تم کو

مٹ کر رہیں گی۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہارے جوڑے بنائے۔

اَزْوَاجًا ط وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ط وَمَا يُعَمَّرُ

اَزْوَاجًا	وَ	مَا	تَحْمِلُ	مِنْ اُنْثٰى	وَ	لَا	تَضَعُ	اِلَّا	بِعِلْمِهٖ	وَ	مَا	يُعَمَّرُ
جوڑے جوڑے	اور	نہیں	حاملہ ہوتی	کوئی مادہ	اور	نہیں	جنتی	مگر	اسکے علم میں ہے	اور	نہیں	عمر دیا جاتا

اور کوئی مادہ حاملہ نہیں ہوتی اور نہ کوئی بچہ جنتی ہے مگر اُس کے علم سے۔ اور کسی عمر پانے والے کو عمر نہیں دی جاتی

مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ط اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى

مِنْ مُّعَمَّرٍ	وَّ	لَا	يُنْقَصُ	مِنْ عُمُرِهٖٓ	اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى
کوئی عمر رسیدہ	اور	نہ	کمی کی جاتی ہے	اس کی عمر سے	مگر	کتاب میں ہے	بیشک	یہ	اوپر

اور نہ کسی کی عمر میں کمی کی جاتی ہے مگر وہ ایک کتاب میں (لکھا) ہوتا ہے۔ یقیناً یہ

اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ

سَآئِغٌ	فُرَاتٌ	عَذْبٌ	هٰذَا	الْبَحْرٰنِ	يَسْتَوِي	مَا	وَ	يَسِيْرٌ	اللّٰهِ
خوشگوار ہے	خوب میٹھا	میٹھا ہے	یہ	دو سمندر	برابر ایک سے ہوئے	نہیں	اور	آسان ہے	اللہ کے

اللہ تعالیٰ پر آسان ہے۔ اور دونوں دریا یکساں نہیں یہ (ایک) میٹھا ہے بہت میٹھا اس کا پینا نہایت خوشگوار ہے

شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۖ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا

طَرِيًّا	لَحْمًا	تَاْكُلُوْنَ	مِنْ كُلٍّ	وَ	اُجَاجٌ	مِلْحٌ	هٰذَا	وَ	شَرَابُهٗ
تازہ	گوشت	کھاتے ہو	ہر ایک میں سے بنا میں	اور	کڑوا	نمکین ہے	یہ	اور	اس کا پانی

اور یہ (دوسرا) نمکین سخت کڑوا ہے اور تم ہر ایک میں سے تازہ گوشت کھاتے ہو اور نکالتے ہو

وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ

مَوَاخِرَ	فِيْهِ	الْفُلْكَ	تَرَى	وَ	تَلْبَسُوْنَهَا	حِلْيَةً	تَسْتَخْرِجُوْنَ	وَّ
پھاڑتی ہے	اس میں	کشتی کو	دیکھتا ہے تو	اور	پہنتے ہو اس کو	زیور کہ	نکالتے ہو	اور

زیور جسے تم پہنتے ہو اور (سننے والے!) تو اس میں کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ پانی کو چیرتی چلی جاتی ہیں

لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

فِي النَّهَارِ	الَّيْلَ	يُوْلِجُ	تَشْكُرُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	وَ	مِنْ فَضْلِهٖ	لِتَبْتَغُوْا
دن میں	رات کو	داخل کرتا ہے	شکر کرو	تاکہ تم	اور	اس کا فضل	تاکہ تم ڈھونڈو

تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے

وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ

يَّجْرِيْ	كُلٌّ	الْقَمَرَ	وَ	الشَّمْسَ	سَخَّرَ	وَ	فِي الَّيْلِ	النَّهَارَ	يُوْلِجُ	وَ
چلتا ہے	ہر ایک	چاند کو	اور	سورج کو	تابع کیا	اور	رات میں	دن کو	داخل کرتا ہے	اور

اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ اور سوج اور چاند کو اس نے مسخر کر رکھا ہے۔ یہ سب ایک

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۭ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

لِاَجَلٍ	مُّسَمًّى	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ	الْمُلْكُ	وَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ
مدت	مقرر تک	یہ ہے تمہارا	اللہ	تمہارا رب	اسی کی	بادشاہی ہے	اور	وہ جن کو	تم پکارتے ہو

مقررہ مدت کے لیے چلے جا رہے ہیں۔ یہ ہے اللہ تعالیٰ تمہارا ربّ۔ بادشاہی اُسی کی ہے۔ اور اُس کے

مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿۱۳﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا

مِنْ دُوْنِهٖ	مَا	يَمْلِكُوْنَ	مِنْ قِطْمِيْرٍ	اِنْ	تَدْعُوْهُمْ	لَا	يَسْمَعُوْا
اس کے سوا	نہیں	مالک ہیں	کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے	اگر	تم پکارو ان کو	نہ	سنیں گے

سوا تم جن کو پکارتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں۔ تم انہیں پکارو تو تمہاری پکار نہ سنیں

دُعَاۗءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۭ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ

دُعَاۗءَكُمْ	وَ	لَوْ	سَمِعُوْا	مَا	اسْتَجَابُوْا	لَكُمْ	وَيَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُوْنَ
تمہاری پکار	اور	اگر	سن بھی لیں تو	نہ	جواب دیں	تم کو	اور دن	قیامت کے	انکار کریں گے

اور بالفرض سن بھی لیں تو تمہاری حاجت نہ روائی کر سکیں اور قیامت کے دن وہ تمہارے شرک سے منکر ہوں گے

بِشِرْكِكُمْ ۭ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ

بِشِرْكِكُمْ	وَ	لَا	يُنَبِّئُكَ	مِثْلُ	خَبِيْرٍ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اَنْتُمُ	الْفُقَرَاۗءُ
تمہارے شرک کا	اور	نہ	بتائے گا تجھ کو	مثل	خبر والے کے	اے	لوگو	تم سب	محتاج ہو

اور تمہیں کوئی نہ بتائے گا اس بتانے والے باخبر کی طرح۔ اے لوگو! تم اللہ کے سامنے نادار ہو

اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ

اِلَى اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	هُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	اِنْ	يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ	وَ	يَاْتِ
اللہ کے	اور اللہ	وہی ہے	بے نیاز	تعریف کیا گیا	اگر	چاہے	لے جائے تم کو	اور	لے آئے

اور اللہ ہی بے نیاز اور صاحب تعریف ہے۔ اگر وہ چاہے تو تمہیں لے جائے اور کوئی نئی

بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿١٦﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿١٧﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ

بِخَلْقٍ	جَدِيْدٍ	وَ	مَا	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	بِعَزِيْزٍ	وَ	لَا	تَزِرُ	وَازِرَةٌ
مخلوق	نئی	اور	نہیں	یہ	اوپر	اللہ کے	مشکل	اور	نہ	اٹھائے گی	کوئی بوجھ اٹھانے والی جان

مخلوق لے آئے۔ اور یہ اللہ پر کچھ بھی دشوار نہیں۔ اور کوئی بوجھ اٹھانے

وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ

وِزْرَ	اُخْرٰى	وَ	اِنْ	تَدْعُ	مُثْقَلَةٌ	اِلٰى	حِمْلِهَا	لَا	يُحْمَلْ	مِنْهُ	شَيْءٌ
بوجھ	دوسرے کا	اور	اگر	پکارے	کوئی بوجھل	طرف	اپنے بوجھ کی	نہ	اٹھایا جائے	اس سے	کچھ

والا کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا اور اگر کوئی بوجھ والا اپنا بوجھ اٹھانے کیلئے کسی کو بلائے تو اس کے بوجھ میں

وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

وَ	لَوْ	كَانَ	ذَا قُرْبٰى	اِنَّمَا	تُنْذِرُ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَيْبِ
اور	اگرچہ	ہو وہ	قرابت دار	اسکے سوا نہیں کہ	تمہارا ڈرانا ہے	ان کو جو	ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	بن دیکھے

سے کچھ نہ اٹھایا جائے گا اگرچہ قریبی رشتہ دار ہو (اے محبوب ﷺ) آپ ان ہی لوگوں کو ڈر سناتے رہیں

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

وَ	اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	مَنْ	تَزَكّٰى	فَاِنَّمَا	يَتَزَكّٰى	لِنَفْسِهٖ	وَ	اِلَى	اللّٰهِ
اور	قائم کرتے ہیں	نماز	اور	جو	پاک ہوا	تو وہ	پاک ہوا	اپنی جان کیلئے	اور	طرف	اللہ کی

جو بغیر دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور جو پاکیزہ ہوا وہ اپنے ہی لیے پاکیزہ ہوا اور اللہ ہی کی

الْمَصِيْرُ ﴿١٨﴾ وَمَا يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿١٩﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ

الْمَصِيْرُ	وَ	مَا	يَسْتَوِى	الْاَعْمٰى	وَ	الْبَصِيْرُ	وَ	لَا	الظُّلُمٰتُ
لوٹنا ہے	اور	نہیں	برابر	اندھا	اور	انکھیارا	اور	نہ	اندھیرے

طرف لوٹنا ہے۔ اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں۔ اور نہ اندھیرا

وَلَا النُّوْرُ ۝٢٠ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ۝٢١ وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ

وَ	لَا	النُّوْرُ	وَ	لَا	الظِّلُّ	وَ	لَا	الْحَرُوْرُ	وَ	مَا	يَسْتَوِي	الْاَحْيَآءُ
اور	نہ	روشنی	اور	نہ	سایہ	اور	نہ	گرمی	اور	نہیں	برابر	زندے

اور نہ روشنی۔ اور نہ سایہ اور نہ دھوپ۔ اور زندہ اور مُردہ بھی برابر نہیں ہوتے

وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ

وَ	لَا	الْاَمْوَاتُ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُسْمِعُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	مَآ	اَنْتَ	بِمُسْمِعٍ	مَّنْ
اور	نہ	مردے	بیشک	اللہ	سناتا ہے	جسے	چاہے	اور	نہیں	تم	سنانے والے	اسے جو

بے شک اللہ جسے چاہتا ہے سنوا دیتا ہے مگر تم انہیں نہیں سنا سکتے جو

فِي الْقُبُوْرِ ۝٢٢ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ۝٢٣ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا

فِي الْقُبُوْرِ	اِنْ	اَنْتَ	اِلَّا	نَذِيْرٌ	اِنَّآ	اَرْسَلْنٰكَ	بِالْحَقِّ	بَشِيْرًا
جو قبروں میں ہیں	نہیں	آپ	مگر	ڈرانے والے	بیشک ہم نے	بھیجا آپ کو	حق کے ساتھ	خوشخبری دیتا

قبروں میں ہیں۔ آپ تو صرف ڈر سنانے والے ہیں۔ بے شک ہم نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا

وَّنَذِيْرًا ؕ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ۝٢٤ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ

وَّ	نَذِيْرًا	وَاِنْ	مِّنْ	اُمَّةٍ	اِلَّا	خَلَا	فِيْهَا	نَذِيْرٌ	وَ	اِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ
اور	ڈر سناتا	اور نہیں	کوئی	گروہ	مگر	گذرا	اس میں	ڈرانے والا	اور	اگر	آپ کو جھٹلائیں

ہوا اور کوئی اُمت نہیں جس میں ایک ڈر سنانے والا نہ آیا ہو۔ اور اگر یہ تمہیں جھٹلائیں تو ان سے پہلے

فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

فَقَدْ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ
تو بیشک	جھٹلایا	انہوں نے جو	ان سے پہلے تھے	آئے انکے پاس	ان کے رسول	روشن دلائل

لوگوں نے بھی جھٹلایا ہے ان کے پاس ان کے رسول آئے روشن دلیلیں

وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ

كَانَ	فَكَيْفَ	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	اَخَذْتُ	ثُمَّ	الْمُنِيْرِ	وَبِالْكِتٰبِ	بِالزُّبُرِ	وَ
ہوا	تو کیسا	کافر تھے	ان کو جو	پکڑا میں نے	پھر	روشن لے کر	اور کتاب	صحیفوں	اور

اور صحیفے اور روشن کتاب لے کر۔ پھر میں نے کافروں کو پکڑا تو کیسا

نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ

بِهٖ	فَاَخْرَجْنَا	مَآءً	مِنَ السَّمَآءِ	اَنْزَلَ	اللّٰهَ	اَنَّ	تَرَ	اَلَمْ	نَكِيْرِ
اس سے ساتھ	تو نکالے ہم نے	پانی	آسمان سے	اتار	اللہ نے	بیشک	دیکھا تم نے	کیا نہ	میرا انکار

ہوا میرا عذاب۔ کیا تم نے دیکھا نہیں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس پانی کے ساتھ رنگا رنگ ثمر

ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ

حُمْرٌ	وَ	بِيْضٌ	جُدَدٌ	مِنَ الْجِبَالِ	وَ	اَلْوَانُهَا	مُّخْتَلِفًا	ثَمَرٰتٍ
سرخ	اور	سفید	راستے ہیں	پہاڑوں میں	اور	ان کے رنگ	مختلف ہیں	پھل

کے پھل پیدا کیے اور پہاڑوں سے نمایاں ہونے والی سفید راہیں اور کچھ سرخ رنگ پہاڑی چٹانیں مختلف رنگوں میں پھر اور بعض

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ

الدَّوَآبِّ	وَ	مِنَ النَّاسِ	وَ	سُوْدٌ	وَغَرَابِيْبُ	اَلْوَانُهَا	مُّخْتَلِفٌ
جانوروں	اور	لوگوں میں سے	اور	سیاہ	اور گہرے	ان کے رنگ	مختلف ہیں

ان میں سے گہرے سیاہ رنگ دعوتِ نظارہ دینے والے ہیں۔ اور اسی طرح انسانوں اور جانوروں

وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ

مِنْ عِبَادِهِ	اللّٰهَ	يَخْشَى	اِنَّمَا	كَذٰلِكَ	اَلْوَانُهٗ	مُخْتَلِفٌ	الْاَنْعَامِ	وَ
اس کے بندے	اللہ سے	ڈرتے ہیں	اسکے سوا نہیں	اسی طرح ہیں	ان کے رنگ	مختلف ہیں	چوپایوں سے	اور

اور مویشیوں میں بھی مختلف رنگ ہیں۔ یقیناً اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے صرف علم رکھنے والے ہی اُس سے ڈرتے ہیں۔

الْعُلَمٰٓؤُا ط اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ

الْعُلَمٰٓؤُا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	غَفُوْرٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَتْلُوْنَ	كِتٰبَ	اللّٰهِ
علم والے	بیشک	اللہ	عزت والا ہے	بخشنے والا	بیشک	وہ جو	پڑھتے ہیں	کتاب	اللہ کی

یقیناً اللہ تعالیٰ زبردست ہے درگزر فرمانے والا ہے۔ بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ

وَ	اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	يَّرْجُوْنَ
اور	قائم رکھتے ہیں	نماز	اور	خرچ کریں	اس سے	جو ہم نے انکو دیا	پوشیدہ	اور ظاہر	امید رکھتے ہیں

ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں وہ ایسی تجارت کی اُمید کرتے ہیں

تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لا لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ط

تِجَارَةً	لَّنْ	تَبُوْرَ	لِيُوَفِّيَهُمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَ	يَزِيْدَهُمْ	مِّنْ فَضْلِهٖ
ایسی تجارت کی جو	ہرگز نہ	برباد ہو	تا کہ پورا دے انکو	اجران کے	اور	زیادہ دے ان کو	اپنے فضل سے

جو ہرگز نقصان والی نہیں۔ تا کہ اللہ ان کا اجر انہیں پورا پورا عطا فرمائے اور اپنے فضل سے انہیں اور زیادہ دے بے شک

اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾ وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ

اِنَّهٗ	غَفُوْرٌ	شَكُوْرٌ	وَ	الَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	مِنَ الْكِتٰبِ	هُوَ
بیشک وہ	بخشنے والا	قدردان ہے	اور	وہ جو	وحی کی ہم نے	آپ کی طرف	کتاب	وہ

وہ بہت بخشنے والا بڑا قدردان ہے۔ اور وہ کتاب جو ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی وہی حق ہے تصدیق

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌ بَصِيْرٌ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ

الْحَقُّ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِعِبَادِهٖ	لَخَبِيْرٌ	بَصِيْرٌ	ثُمَّ
حق ہے	تصدیق کرتی ہے	اگلی جو	اس سے پہلے ہے	بیشک	اللہ	اپنے بندوں سے	خبردار ہے	دیکھنے والا ہے	پھر

کرنے والی ہے اُس کی جو اُس سے پہلے تھیں بے شک اللہ اپنے بندوں سے باخبر ہے دیکھنے والا ہے۔ پھر ہم نے

اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ

اَوْرَثْنَا	الْكِتٰبَ	الَّذِيْنَ	اصْطَفَيْنَا	مِنْ عِبَادِنَا	فَمِنْهُمْ	ظَالِمٌ
وارث بنایا ہم نے	کتاب کا	ان کو جن کو	چنا ہم نے	اپنے بندوں سے	تو بعض ان میں سے	ظالم ہیں

کتاب کا وارث اپنے بندوں میں سے اُن کو بنایا جو ہم نے برگزیدہ بنا دیے تھے وارثین کتاب میں سے بعض ایسے ہیں

لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ

لِّنَفْسِهٖ	وَ	مِنْهُمْ	مُّقْتَصِدٌ	وَ	مِنْهُمْ	سَابِقٌ	بِالْخَيْرٰتِ	بِاِذْنِ
اپنی جان کیلئے	اور	کچھ ان میں سے	میانہ رو ہیں	اور	کچھ ان میں سے	بڑھنے والے ہیں	نیکیوں کی طرف	حکم

کہ اُن سے اپنے نفس پر ظلم ہو جاتا ہے لیکن انہی میں معتدل حال لوگ بھی موجود ہیں اور انہی میں وہ بھی ہیں کہ اللہ کے اذن سے

اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۳۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا

اللّٰهِ	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَضْلُ	الْكَبِيْرُ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَدْخُلُوْنَهَا
خدا کے	یہ	وہ ہے	فضل	بڑا	باغ ہیں	ہمیشہ کے	داخل ہوں اس میں

نیکیوں میں ہمیشہ آگے ہی رہنے والے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا فضل ہے۔ ہمیشہ رہنے والے باغوں میں

يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا

يُحَلَّوْنَ	فِيْهَا	مِنْ اَسَاوِرَ	مِنْ ذَهَبٍ	وَ	لُؤْلُؤًا	وَ	لِبَاسُهُمْ	فِيْهَا
پہنائے جائیں گے	اس میں	کنگن	سونے کے	اور	موتی	اور	لباس ان کا	اس میں

وہ داخل ہوں گے وہاں انہیں سونے کے کنگن اور موتی (کے ہار) پہنائے جائیں گے اور وہاں ان کا

حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ

حَرِيْرٌ	وَ	قَالُوْا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْٓ	اَذْهَبَ	عَنَّا	الْحَزَنَ
ریشم ہوگا	اور	کہیں گے	سب تعریفیں	اللہ کو ہیں	وہ جو	لے گیا	ہم سے	غم

لباس ریشمی ہوگا۔ اور وہ کہیں گے تعریف اللہ کی جس نے ہم سے غم دور کر دیا بے شک

إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۞٣٤ لا الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ج

إِنَّ	رَبَّنَا	لَغَفُوْرٌ	شَكُوْرٌ	الَّذِيْٓ	اَحَلَّنَا	دَارَ	الْمُقَامَةِ	مِنْ فَضْلِهٖ
بیشک	ہمارا رب	بخشنے والا	قدردان ہے	وہ جس نے	اتارا ہم کو	گھر	قیام میں	اپنے فضل سے

ہمارا رب بخشنے والا قدردان ہے۔ جس نے اپنے فضل سے ہمیشہ رہنے کے گھر میں ہمیں اُتارا جہاں

لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۞٣٥

لَا	يَمَسُّنَا	فِيْهَا	نَصَبٌ	وَّ	لَا	يَمَسُّنَا	فِيْهَا	لُغُوْبٌ
نہیں	پہنچے گی ہمیں	اس میں	بھوک	اور	نہ	پہنچے ہمیں	اس میں	تکان

ہمیں نہ کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ ہمیں وہاں کوئی تھکن محسوس ہوگی۔

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ج لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ

وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَهُمْ	نَارُ	جَهَنَّمَ	لَا	يُقْضٰى	عَلَيْهِمْ
اور	وہ جو	کافر ہیں	ان کے لیے	آگ ہے	جہنم کی	نہ	فیصلہ ہوگا	ان کا کہ

اور جنہوں نے کفر کیا ان کیلئے دوزخ کی آگ ہے نہ ان پر قضا آئے کی

فَيَمُوْتُوْا وَ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ط كَذٰلِكَ نَجْزِيْ

فَيَمُوْتُوْا	وَ	لَا	يُخَفَّفُ	عَنْهُمْ	مِّنْ عَذَابِهَا	كَذٰلِكَ	نَجْزِيْ
مرجائیں	اور	نہ	ہلکا کیا جائے گا	ان سے	اس کا عذاب	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں ہم

کہ وہ مر جائیں اور نہ ان سے اس کا عذاب ہلکا کیا جائے گا اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں

كُلَّ كَفُوْرٍ ۞٣٦ ج وَ هُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ج رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا

كُلَّ	كَفُوْرٍ	وَ	هُمْ	يَصْطَرِخُوْنَ	فِيْهَا	رَبَّنَآ	اَخْرِجْنَا
ہر	ناشکرے کو	اور	وہ	چیختے ہوں گے	اس میں	اے ہمارے رب	نکال ہم کو

ہر کفر کرنے والے کو۔ اور وہ اس میں چیخ رہے ہوں گے اے ہمارے رب ہمیں نکال کہ ہم

نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ ط أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا

نعمل	صالحا	غیر	الذی	کنا	نعمل	اولم	نعمرکم	ما
ہم عمل کرینگے	نیک	سوا	اس کے جو	تھے ہم	عمل کرتے	کیا نہ	عمر دی تھی ہم نے تم کو	اتنی کہ

اچھا کام کریں وہ نہیں جو پہلے کیا کرتے تھے اور کیا ہم نے تمہیں وہ عمر نہ دی تھی

يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ ط فَذُوقُوا فَمَا

یتذکر	فیہ	من	تذکر	و	جاءکم	النذیر	فذوقوا	فما
نصیحت لیتا	اس میں	جو	نصیحت لینا چاہتا	اور	آیا تمہارے پاس	ڈرانے والا	تو چکھو	کہ نہیں ہے

جس میں سمجھ لیتا جسے سمجھنا ہوتا اور ڈر سنانے والا تمہارے پاس تشریف لایا تھا تو اب چکھو (عذاب) کہ

ع

لِلظّٰلِمِينَ مِنْ نَّصِيرٍ ﴿٣٧﴾ إِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ

للظلمین	من	نصیر	ان	اللہ	علم	غیب	السموت
ظالموں کا	کوئی	مددگار	بیشک	اللہ	جاننے والا ہے	غیب کا	آسمانوں

ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ بے شک اللہ جاننے والا ہے آسمان

وَالْأَرْضِ ط إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٣٨﴾ هُوَ الَّذِي

والارض	انہ	علیم	بذات الصدور	ھو	الذی
اور زمین کے	بیشک وہ	جاننے والا ہے	دلوں کی باتیں	وہ	وہ ہے جس نے

اور زمین کی ہر چھپی بات کا بے شک وہ دلوں کی بات جانتا ہے۔ وہی ہے جس نے

جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْأَرْضِ ط فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ط وَلَا

جعلکم	خلیف	فی الارض	فمن	کفر	فعلیہ	کفرہ	و	لا
بنایا تم کو	جانشین	زمین میں	تو جو کوئی	کفر کرے	تو اس پر ہے	اس کا کفر	اور	نہیں

تمہیں زمین میں خلیفہ بنایا ہے۔ پھر جو کوئی انکار کرے تو اُس کا کفر اُسی پر ہے۔

يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيْدُ

يَزِيْدُ	الْكٰفِرِيْنَ	كُفْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	مَقْتًا	وَ	لَا	يَزِيْدُ
بڑھاتا	کافروں کو	کفران کا	نزدیک	انکے رب کے	مگر	بیزاری	اور	نہیں	بڑھاتا

اور کافروں کا کفر اُن کے ربّ کے ہاں غضب کے سوا کسی چیز کا اضافہ نہیں کرتا۔ اور کافروں کا

الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ

الْكٰفِرِيْنَ	كُفْرُهُمْ	اِلَّا	خَسَارًا	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	شُرَكَآءَكُمُ
کافروں کو	کفران کا	مگر	نقصان	فرمادیں	کیا دیکھا تم نے	شریکوں اپنے کو

کفر اُن کے لیے نقصان کے سوا کسی چیز کا اضافہ نہیں کرتا۔ فرما دیجئے کیا تم نے اپنے ان شریکوں پر غور کیا ہے

الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ

الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اَرُوْنِيْ	مَاذَا	خَلَقُوْا	مِنَ الْاَرْضِ
وہ جن کو	پکارتے ہو	سوائے	اللہ کے	دکھاؤ مجھ کو	کیا	پیدا کیا انہوں نے	زمین سے

جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو؟ مجھے دکھاؤ کہ زمین میں انہوں نے کیا کچھ بنایا ہے

اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا

اَمْ	لَهُمْ	شِرْكٌ	فِي السَّمٰوٰتِ	اَمْ	اٰتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا
یا	ان کا	ساجھا ہے	آسمانوں میں	کیا	دی ہم نے ان کو	کتاب

یا کیا ان کی آسمانوں میں کوئی شراکت ہے یا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے

فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ

فَهُمْ	عَلٰى	بَيِّنَتٍ	مِّنْهُ	بَلْ	اِنْ	يَّعِدُ	الظّٰلِمُوْنَ	بَعْضُهُمْ
تو وہ	اوپر	دلیل کے ہیں	اس سے	بلکہ	نہیں	وعدہ دیتے	ظالم	بعض ان کے

اور وہ اس کی واضح دلیل پر ہیں؟ نہیں بلکہ یہ ظالم ایک دوسرے

بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

بَعْضًا	اِلَّا	غُرُوْرًا	اِنَّ	اللّٰهَ	یُمْسِکُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ
بعض کو	مگر	دھوکے کا	بیشک	اللہ	روکے ہوئے ہے	آسمانوں کو	اور زمین کو

کوئی وعدہ نہیں کرتے مگر دھوکے کا۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو روکتا ہے

اَنْ تَزُوْلَا ۚ۬ وَلَىِٕنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

اَنْ تَزُوْلَا	وَ	لَىِٕنْ	زَالَتَآ	اِنْ	اَمْسَکَهُمَا	مِنْ اَحَدٍ	مِّنْۢ بَعْدِهٖ
یہ کہ جنبش نہ کریں	اور	اگر	ہٹ جائیں	نہ	روک سکے ان کو	کوئی بھی	اس کے بعد

وہ اپنی جگہ سے (نہ) ہٹیں اور اگر وہ ہٹ جائیں تو اللہ کے سوا انہیں کوئی نہ روک سکے

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ

اِنَّهٗ	كَانَ	حَلِيْمًا	غَفُوْرًا	وَ	اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ
بیشک وہ	ہے	حلم والا	بخشنے والا	اور	قسمیں کھائیں انہوں نے	اللہ کی	مضبوط

بے شک وہ بڑے حلم والا بہت بخشنے والا ہے۔ اور انہوں نے اپنی قسموں میں اللہ کی پکی قسم کھائی تھی

اَيْمَانِهِمْ لَىِٕنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى

اَيْمَانِهِمْ	لَىِٕنْ	جَآءَهُمْ	نَذِيْرٌ	لَيَكُوْنُنَّ	اَهْدٰى	مِنْ اِحْدَى
قسمیں ان کی	اگر	آئے ان کے پاس	ڈرانے والا	تو ضرور ہوں	زیادہ ہدایت والے	ایک

کہ اگر ان کے پاس کوئی ڈر سنانے والا (رسول) آیا تو ضرور وہ کسی نہ کسی گروہ سے زیادہ ہدایت

الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا

الْاُمَمِ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	نَذِيْرٌ	مَّا	زَادَهُمْ	اِلَّا
گروہ سے	تو جب	آیا ان کے پاس	ڈرانے والا	نہ	زیادہ کیا ان کو	مگر

ہوں گے تو جب ان کے پاس ڈر سنانے والا (رسول) تشریف لے آیا تو اس نے نفرت کو ان

نُفُوۡرَا ۙ۝۴۲ اسۡتِكۡبَارًا فِي الۡاَرۡضِ وَمَكۡرَ السَّيِّئِ ؕ وَلَا يَحِيۡقُ

يَحِيۡقُ	لَا	وَ	السَّيِّئِ	مَكۡرَ	وَ	فِي الۡاَرۡضِ	اسۡتِكۡبَارًا	نُفُوۡرَا ۙ
گھیرتی	نہیں	اور	بری سے	تدبیر	اور	زمین میں	تکبر سے	نفرت

کیلئے اور بڑھا دیا۔ زمین میں تکبر کرنے اور بُری تدبیریں چلنے کی وجہ سے۔ اور بُری چال اپنے چلنے

الۡمَكۡرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهۡلِهٖ ؕ فَهَلۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا سُنَّتَ

سُنَّتَ	اِلَّا	يَنۡظُرُوۡنَ	فَهَلۡ	بِاَهۡلِهٖ	اِلَّا	السَّيِّئُ	الۡمَكۡرُ
دستور	مگر	انتظار کرتے	تو نہیں	اسکے کرنیوالے کو	مگر	بری	تدبیر

والوں کو ہی گھیر لیتی ہے۔ تو کیا وہ پہلی قوموں کے طریقہ کار کا انتظار کرتے ہیں؟

الۡاَوَّلِيۡنَ ۚ فَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبۡدِيۡلًا ۚ وَلَنۡ تَجِدَ

تَجِدَ	وَلَنۡ	تَبۡدِيۡلًا	لِسُنَّتِ اللّٰهِ	تَجِدَ	فَلَنۡ	الۡاَوَّلِيۡنَ
پاؤ گے تم	اور ہرگز نہ	کوئی تبدیلی	اللہ کے دستور میں	پاؤ گے تم	تو ہرگز نہ	پہلوں کا

پھر تم اللہ تعالیٰ کے طریقے میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے اور اللہ تعالیٰ کے طریقہ

لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحۡوِيۡلًا ۝۴۳ اَوَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا فِي الۡاَرۡضِ

فِي الۡاَرۡضِ	يَسِيۡرُوۡا	اَوَلَمۡ	تَحۡوِيۡلًا	لِسُنَّتِ اللّٰهِ
زمین میں۔	چلے پھرے	کیا نہ	ٹلنا	اللہ کے دستور کو

کار کو ٹلتا ہوا نہ پاؤ گے۔ اور کیا انہوں نے زمین میں سفر نہ کیا

فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ وَكَانُوۡۤا

كَانُوۡۤا	وَ	قَبۡلِهِمۡ	مِنۡ	الَّذِيۡنَ	عَاقِبَةُ	كَانَ	كَيۡفَ	فَيَنۡظُرُوۡا
تھے وہ	اور	پہلے تھے	ان سے	ان کا جو	انجام	ہوا	کیسا	کہ دیکھیں

کہ دیکھتے ان سے پہلے لوگوں کا کیسا انجام ہوا اور وہ ان سے زور

اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ

اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَ	مَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيُعْجِزَهٗ	مِنْ	شَيْءٍ
زیادہ سخت	ان سے	قوت میں	اور	نہیں	ہے	اللہ	کہ عاجز کرے اسکو	کوئی	چیز

میں سخت تھے اور اللہ ایسا نہیں جسے کوئی شے عاجز کرے

فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	لَا	فِي الْاَرْضِ	اِنَّهٗ	كَانَ	عَلِيْمًا	قَدِيْرًا
آسمانوں میں	اور	نہ	زمین میں	بیشک وہ	ہے	علم والا	قدرت والا

آسمانوں اور زمین میں بے شک وہ خوب جاننے والا قدرت والا ہے۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا

وَ	لَوْ	يُؤَاخِذُ	اللّٰهُ	النَّاسَ	بِمَا كَسَبُوْا	مَا	تَرَكَ	عَلٰى ظَهْرِهَا
اور	اگر	پکڑتا	اللہ	لوگوں کو	ان کے کیے پر	نہ	چھوڑے	اس کی پیٹھ پر

اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے عملوں پر پکڑے تو اس (زمین) کی پشت پر ایک جاندار

مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ

مِنْ	دَآبَّةٍ	وَّ	لٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى
کوئی	جاندار	اور	لیکن	مہلت دیتا ہے ان کو	طرف	مدت	مقرر کی

بھی نہ چھوڑے لیکن وہ انہیں ایک مقررہ مدت تک مہلت دے رہا ہے پھر جب ان کی

فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع

فَاِذَا	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	بَصِيْرًا
تو جب	آئے گی	ان کی مدت	تو بیشک	اللہ	ہے	اپنے بندوں کو	دیکھنے والا

مدت پوری ہو جائے گی تو بے شک اللہ اپنے بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

ایاتھا ۸۳ | ۳۶ سورۃ یٰسٓ مکیۃ ۴۱ | رکوعاتھا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

یٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۳﴾

یٰسٓ	وَالْقُرْاٰنِ	الْحَكِیْمِ	اِنَّكَ	لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ
یٰسٓ	قسم ہے قرآن کی	حکمت والے	بیشک آپ	پیغمبروں سے ہیں

یٰسٓ۔ حکمت والے قرآن کی قسم۔ بے شک آپ ضرور رسولوں میں سے ہیں۔

عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴﴾ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ﴿۵﴾

عَلٰی	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِیْمٍ	تَنْزِیْلَ	الْعَزِیْزِ	الرَّحِیْمِ
اوپر	راہ	سیدھی کے	اتاری گئی ہے	عزت	رحم والے کی طرف سے

سیدھے راستے پر ہیں۔ (یہ قرآن) نازل کیا ہوا ہے بڑے غلبے والے بے حد رحم فرمانے والے کا۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۶﴾ لَقَدْ حَقَّ

لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَّآ	اُنْذِرَ	اٰبَآؤُهُمْ	فَهُمْ	غٰفِلُوْنَ	لَقَدْ	حَقَّ
تاکہ آپ ڈرائیں	اس قوم کو کہ	نہیں	ڈرائے گئے	باپ دادا ان کے	تو وہ	بے خبر ہیں	بیشک	حق ہوئی

تاکہ آپ ایسی قوم کو خبردار کردو جن کے باپ دادا خبردار نہیں کیے گئے تھے۔ پھر وہ غافل ہیں۔ بے شک ان میں اکثر لوگوں پر

الْقَوْلُ عَلٰٓی اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۷﴾ اِنَّا جَعَلْنَا

الْقَوْلُ	عَلٰٓی	اَكْثَرِهِمْ	فَهُمْ	لَا	یُؤْمِنُوْنَ	اِنَّا	جَعَلْنَا
بات	اوپر	اکثر ان کے کے	تو وہ	نہیں	ایمان لاتے	بیشک	بنائے ہم نے

بات ثابت ہو چکی ہے پھر وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ہم نے ان کی گردنوں

فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿۸﴾

فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ	اَغْلٰلًا	فَهِیَ	اِلَى	الْاَذْقَانِ	فَهُمْ	مُّقْمَحُوْنَ
ان کی گردنوں میں	طوق	تو وہ	طرف	ٹھوڑیوں کے ہیں	تو وہ	منہ اٹھائے ہیں

میں طوق پہنا دیئے ہیں کہ وہ ٹھوڑیوں تک ہیں پھر وہ سر اٹھائے کھڑے ہیں۔

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

وَ	جَعَلْنَا	مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ	سَدًّا	وَّ	مِنْ	خَلْفِهِمْ	سَدًّا
اور	بنائی ہم نے	ان کے آگے	دیوار	اور	ان کے	پیچھے	دیوار

اور ہم نے ایک دیوار ان کے آگے بنا دی اور ایک دیوار ان کے پیچھے ہے

فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ﴿۹﴾ وَسَوَآءٌ عَلَیْهِمْ

فَاَغْشَیْنٰهُمْ	فَهُمْ	لَا	یُبْصِرُوْنَ	وَ	سَوَآءٌ	عَلَیْهِمْ
تو ہم نے ان کو ڈھانپا	تو وہ	نہیں	دیکھتے	اور	برابر ہے	ان کے اوپر

پھر ہم نے انہیں ڈھانک دیا ہے سو وہ دیکھتے نہیں۔ اور ان پر برابر ہے کہ آپ

ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ

ءَاَنْذَرْتَهُمْ	اَمْ	لَمْ	تُنْذِرْهُمْ	لَا	یُؤْمِنُوْنَ	اِنَّمَا	تُنْذِرُ
کیا آپ ان ڈرائیں	یا	نہ	ڈرائیں آپ ان کو	نہیں	ایمان لائیں گے	تم صرف	ڈراتے ہو

انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ آپ اسی کو ڈر سنائیں

مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ

مَنِ	اتَّبَعَ	الذِّكْرَ	وَ	خَشِیَ	الرَّحْمٰنَ	بِالْغَیْبِ	فَبَشِّرْهُ
اس کو جو	پیروی کرے	نصیحت کی	اور	ڈرے	رحمٰن سے	بغیر دیکھے	تو خوشخبری دو اس کو

جو نصیحت کی پیروی کرے اور بغیر دیکھے رحمٰن سے ڈرے تو اسے خوشخبری سنا دیجئے

بِمَغۡفِرَةٍ وَّ اَجۡرٍ كَرِيۡمٍ ﴿۱۱﴾ اِنَّا نَحۡنُ نُحۡیِ الۡمَوۡتٰى وَ

وَ	الۡمَوۡتٰى	نُحۡیِ	نَحۡنُ	اِنَّا	كَرِيۡمٍ	اَجۡرٍ	وَّ	بِمَغۡفِرَةٍ
اور	مردوں کو	زندہ کرتے ہیں	ہم	بیشک	اچھے کی	اجر	اور	بخشش کی

بخشش اور عزت والے ثواب کی۔ بے شک ہم ہی مردوں کو زندہ کریں گے

نَكۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَاٰثَارَهُمۡ ؕ وَكُلَّ شَیۡءٍ اَحۡصَيۡنٰهُ

اَحۡصَيۡنٰهُ	شَیۡءٍ	كُلَّ	وَ	اٰثَارَهُمۡ	وَ	قَدَّمُوۡا	مَا	نَكۡتُبُ
گنا ہم نے اسکو	چیز	ہر	اور	نشانات ان کے	اور	آگے بھیجا انہوں نے	جو	ہم لکھتے ہیں

اور ہم لکھ رہے ہیں جو (عمل) انہوں نے آگے بھیجے اور ان کے آثار کو بھی۔ اور ہم نے ہر چیز کا

وقف غفران

فِیۡۤ اِمَامٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۱۲﴾ ع وَاضۡرِبۡ لَهُمۡ مَّثَلًا اَصۡحٰبَ

اَصۡحٰبَ	مَّثَلًا	لَهُمۡ	وَاضۡرِبۡ	مُّبِيۡنٍ	فِیۡۤ اِمَامٍ
رہنے والوں	نشانیاں	ان کے لیے	اور بیان کرو	روشن	کتاب میں

احاطہ ایک کتاب میں کر لیا ہے۔ اور ان سے نشانیاں بیان کرو اس شہر والوں کی

وقف لازم ع ۱۲/۱۸

الۡقَرۡيَةِ ۘ اِذۡ جَآءَهَا الۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۳﴾ ج اِذۡ اَرۡسَلۡنَاۤ

اَرۡسَلۡنَاۤ	اِذۡ	الۡمُرۡسَلُوۡنَ	جَآءَهَا	اِذۡ	الۡقَرۡيَةِ
بھیجے ہم نے	جب	بھیجے ہوئے	آئے انکے پاس	جب	بستی کی

جب ان کے پاس رسول آئے۔ جب ہم نے ان کی طرف

اِلَيۡهِمُ اثۡنَيۡنِ فَكَذَّبُوۡهُمَا فَعَزَّزۡنَا بِثَالِثٍ

بِثَالِثٍ	فَعَزَّزۡنَا	فَكَذَّبُوۡهُمَا	اثۡنَيۡنِ	اِلَيۡهِمُ
تیسرے سے	تو ہم نے غلبہ دیا	تو جھٹلایا ان کو	دو پیغمبر	ان کی طرف

دو رسول بھیجے پھر انہوں نے ان کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں تیسرے رسول سے قوت بخشی

فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَیْکُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ

فَقَالُوْٓا	اِنَّآ	اِلَیْکُمْ	مُّرْسَلُوْنَ	قَالُوْا	مَآ	اَنْتُمْ
تو کہا انہوں نے	بیشک ہم	تمہاری طرف	بھیجے گئے ہیں	بولے	نہیں	تم

اب ان سب نے کہا کہ بے شک ہم تمہاری طرف بھیجے ہوئے رسول ہیں۔ لوگوں نے کہا تم تو ہماری طرح

اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَیْءٍ ۙ اِنْ

اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	وَ	مَآ	اَنْزَلَ	الرَّحْمٰنُ	مِنْ	شَیْءٍ	اِنْ
مگر	آدمی ہو	ہمارے جیسے	اور	نہیں	اتاری	رحمٰن نے	کوئی	چیز	نہیں

کے ہی انسان ہو اور رحمٰن نے کوئی بات نازل نہیں کی

اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا رَبُّنَا یَعْلَمُ اِنَّآ

اَنْتُمْ	اِلَّا	تَكْذِبُوْنَ	قَالُوْا	رَبُّنَا	یَعْلَمُ	اِنَّآ
تم	مگر	جھوٹ بولتے ہو	انہوں نے کہا	ہمارا رب	جانتا ہے	بیشک ہم

تم صرف جھوٹ بول رہے ہو۔ رسولوں نے فرمایا ہمارا رب جانتا ہے

اِلَیْکُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ

اِلَیْکُمْ	لَمُرْسَلُوْنَ	وَ	مَا	عَلَیْنَآ	اِلَّا	الْبَلٰغُ
تمہاری طرف	بھیجے گئے ہیں	اور	نہیں	ہم پر	مگر	پہنچانا

کہ ہم یقیناً تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ اور ہمارے ذمہ تو بس صاف صاف

الْمُبِیْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِکُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ

الْمُبِیْنُ	قَالُوْٓا	اِنَّا	تَطَیَّرْنَا	بِکُمْ	لَئِنْ	لَّمْ
صاف	بولے	بیشک ہم نے	بدشگونی لی	تم سے	اگر	نہ

پہنچا دینا ہے۔ (بستی والوں نے) کہا ہم اچھا شگون نہیں لیتے تم سے اگر تم باز نہ آئے

تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ لَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾

اَلِيْمٌ	عَذَابٌ	مِّنَّا	لَيَمَسَّنَّكُمْ	وَ	لَنَرْجُمَنَّكُمْ	تَنْتَهُوْا
دردناک	عذاب	ہم سے	ضرور پہنچے کا تم کو	اور	تو ہم سنگسار کریں گے کو	باز آئے تم

تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور ہماری طرف سے تمہیں ضرور دردناک عذاب پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَىِٕنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ

قَوْمٌ	اَنْتُمْ	بَلْ	ذُكِّرْتُمْ	اَىِٕنْ	مَّعَكُمْ	طَآىِٕرُكُمْ	قَالُوْا
ایک پریشان کن شک میں پڑے ہیں۔ جس نے درست عمل کیا وہ اس کے اپنے لئے ہے اور جس نے

فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٤٦﴾

فَعَلَيْهَا	وَ	مَا	رَبُّكَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيدِ
تو اسی پر ہے	اور	نہیں	تمہارا رب	ظلم کرنے والا	بندوں پر

برا کام کیا وہ اسی کے خلاف ہے اور تمہارا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا

اِلَيْهِ	يُرَدُّ	عِلْمُ	السَّاعَةِ	وَمَا	تَخْرُجُ	مِنْ ثَمَرٰتٍ	مِّنْ اَكْمَامِهَا	وَمَا
اسی کی طرف	لوٹایا جاتا ہے	علم	قیامت کا	اور جو	نکلتا ہے	کوئی پھل	اپنے غلافوں سے	اور نہ

قیامت کا علم اسی کی طرف لوٹایا جاتا ہے اور پھلوں میں سے کوئی پھل اپنے غلافوں سے باہر نہیں آتا اور کوئی مادہ حاملہ نہیں ہوتی اور

تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ

تَحْمِلُ	مِنْ اُنْثٰى	وَ	لَا	تَضَعُ	اِلَّا	بِعِلْمِهٖ	وَيَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ	اَيْنَ
حاملہ ہوتی ہے	کوئی مادہ	اور	نہ	جنتی ہے	مگر	اس کے علم سے	اور جس دن	پکارے گا ان کو	کہاں ہیں

نہ کوئی مادہ بچہ جنتی ہے مگر سب اس کے علم میں ہے اور جس دن اللہ انہیں ندا فرمائے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں وہ کہیں گے (اے

شُرَكَآءِيْ ۙ قَالُوْۤا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ﴿٤٧﴾ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

شُرَكَآءِيْ	قَالُوْۤا	اٰذَنّٰكَ	مَا	مِنَّا	مِنْ شَهِيْدٍ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا
میرے شریک	کہیں گے	ہم تجھ سے کہہ چکے	نہیں	ہم میں سے	کوئی گواہ	اور گم ہو گیا	ان سے	جو

رب!) ہم تیری بارگاہ میں عرض کر چکے کہ ہم میں سے کوئی گواہی دینے والا نہیں (کہ وہ تیرے شریک ہیں)۔ اور گم ہو جائیں گے

كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿٤٨﴾ لَا يَسْـَٔمُ

كَانُوْا	يَدْعُوْنَ	مِنْ قَبْلُ	وَظَنُّوْا	مَا	لَهُمْ	مِّنْ مَّحِيْصٍ	لَا	يَسْـَٔمُ
تھے	پکارتے	پہلے	اور سمجھ لیے	کہ نہیں	ان کیلئے	کوئی بھاگنے کی جگہ نہیں	نہیں	تھکتا

ان سے وہ سب جن کی وہ پہلے (دنیا میں) پوجا کرتے تھے اور سمجھ لیں گے کہ انہیں بھاگنے کا کوئی موقع نہیں۔ آدمی

الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ؗ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿٤٩﴾

الْاِنْسَانُ	مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ	وَ	اِنْ	مَّسَّهُ	الشَّرُّ	فَيَـُٔوْسٌ	قَنُوْطٌ
انسان	بھلائی مانگنے سے	اور	اگر	پہنچے اس کو	برائی	تو ہوتا ہے ناامید	مایوس

بھلائی مانگنے سے نہیں اکتاتا اور کوئی برائی پہنچے تو ناامید آس توڑ کر بیٹھ جاتا ہے۔

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ

لِیْ	ھٰذَا	لَیَقُوْلَنَّ	مَسَّتْهُ	ضَرَّآءَ	مِنْۢ بَعْدِ	مِّنَّا	رَحْمَةً	اَذَقْنٰهُ	وَلَئِنْ
میرے لئے	یہ	تو ضرور کہے گا	جو پہنچی اسکو	تکلیف کے	بعد	اپنی طرف سے	رحمت	ہم اس کو چکھائیں	اور اگر

اور اگر ہم اسے کچھ اپنی رحمت کا مزہ دیں اس تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی تھی تو کہے گا یہ تو میری ہے

وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ

عِنْدَهٗ	لِیْ	اِنَّ	رَبِّیْٓ	اِلٰی	رُّجِعْتُ	وَّلَئِنْ	قَآئِمَةً	السَّاعَةَ	اَظُنُّ	وَمَآ
اسکے پاس	میرے لیے	بیشک	اپنے رب کی	طرف	میں لوٹایا گیا	اور اگر	قائم ہونے والی	قیامت کو	خیال کرتا میں	اور نہیں

اور میرے گمان میں قیامت قائم نہ ہو گی اور اگر میں رب کی طرف لوٹایا بھی گیا تو ضرور میرے لئے

لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۡ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ

مِّنْ عَذَابٍ	لَنُذِیْقَنَّهُمْ	وَ	عَمِلُوْا	بِمَا	کَفَرُوْا	الَّذِیْنَ	فَلَنُنَبِّئَنَّ	لَلْحُسْنٰی
عذاب	ضرور چکھائینگے ہم انکو	اور	انہوں نے کیا	جو	کافر ہوئے	ان کو جو	تو ہم ضرور خبر دینگے	خوبی ہی ہے

اس کے پاس بھلائی ہی ہے تو ضرور ہم بتا دیں گے کافروں کو جو انہوں نے کیا اور ضرور انہیں سخت ترین عذاب (کا مزہ)

غَلِيْظٍ ۞ ۵۰ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ

وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ	اَعْرَضَ	الْاِنْسَانِ	عَلٰی	اَنْعَمْنَا	اِذَآ	وَ	غَلِیْظٍ
اور دور ہٹ جاتا ہے اپنی طرف	منہ پھیرتا ہے	انسان کے	اوپر	ہم انعام کرتے ہیں	جب	اور	سخت

چکھائیں گے۔ اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ کنارہ کر جاتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے

وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ۞ ۵۱ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ

مِنْ عِنْدِ	کَانَ	اِنْ	اَرَءَیْتُمْ	قُلْ	فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِیْضٍ	الشَّرُّ	مَسَّهُ	اِذَا	وَ
پاس سے	ہو	اگر	کیا دیکھا تم نے	فرماؤ	تو چوڑی دعا کرنیوالا ہے	تکلیف	اسے پہنچتی ہے	جب	اور

اور جب اسے برائی پہنچتی ہے تو وہ لمبی چوڑی دُعائیں مانگنے لگتا ہے۔ فرمادیجئے کیا تم نے غور کیا کہ اگر یہ (قرآن) اللہ کیطرف

اللّٰہِ ثُمَّ کَفَرْتُمْ بِہٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ ھُوَ فِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ ﴿۵۲﴾

اللّٰہِ	ثُمَّ	کَفَرْتُمْ	بِہٖ	مَنْ	اَضَلُّ	مِمَّنْ	ھُوَ	فِیْ شِقَاقٍ	بَعِیْدٍ
اللہ کے	پھر	تم منکر ہوگئے	اس کے	تو کون	زیادہ گمراہ ہے	اس سے کہ	وہ	ضد میں ہے	دور کی

سے ہوا پھر تم نے اسکا انکار کیا تو اس سے بڑا گمراہ کون ہو سکتا ہے جو انتہا درجے کی مخالفت میں پڑا ہوا ہے۔

سَنُرِیْھِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ اَنْفُسِھِمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَھُمْ اَنَّہُ

سَنُرِیْھِمْ	اٰیٰتِنَا	فِی الْاٰفَاقِ	وَ	فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ	حَتّٰی	یَتَبَیَّنَ	لَھُمْ	اَنَّہُ
جلدی دکھائیں گے ہم انکو	اپنی آیتیں	دنیا بھر میں	اور	ان کی جانوں میں	یہاں تک	ظاہر ہوجائے	ان کیلئے کہ	بیشک وہ

عنقریب ہم انہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں گے (عالم کے) اطراف میں اور ان کے نفسوں میں یہاں تک کہ ان پر ظاہر

الْحَقُّ ؕ اَوَلَمْ یَکْفِ بِرَبِّکَ اَنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَھِیْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَآ اِنَّھُمْ

الْحَقُّ	اَوَلَمْ	یَکْفِ	بِرَبِّکَ	اَنَّہٗ	عَلٰی	کُلِّ	شَیْءٍ	شَھِیْدٌ	اَلَآ	اِنَّھُمْ
حق ہے	کیا نہیں	کافی	آپ کا رب	بیشک وہ	اوپر	ہر	چیز کے	گواہ ہے	خبردار	بیشک وہ

ہوجائے کہ یقیناً وہی (قرآن) حق ہے (اے حبیب ﷺ!) کیا (انہیں) یہ کافی نہیں کہ آپ کا رب ہر چیز پر گواہ ہے۔ سن لو بے

فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّھِمْ ؕ اَلَآ اِنَّہٗ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ﴿۵۴﴾ ع

فِیْ مِرْیَةٍ	مِّنْ لِّقَآءِ	رَبِّھِمْ	اَلَآ	اِنَّہٗ	بِکُلِّ	شَیْءٍ	مُّحِیْطٌ
شک میں ہیں	ملاقات کے	اپنے رب کی	خبردار	بیشک وہ	ہر	چیز کو	گھیرنے والا ہے

شک ان کفار کو اپنے رب کے حضور پیش ہونے میں شک ہے خبردار! بے شک وہ (اپنے علم و قدرت سے) ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔

ع

ایاتہا ۵۳ — ۴۲ سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَکِّیَّةٌ ۶۲ — رکوعاتہا ۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ۝۱ عٓسٓقٓ ۝۲ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ

مِنْ قَبْلِكَ	الَّذِيْنَ	اِلَى	وَ	اِلَيْكَ	يُوْحِيْٓ	كَذٰلِكَ	عٓسٓقٓ	حٰمٓ
آپ سے پہلے تھے	ان کی جو	طرف	اور	آپ کی طرف	وحی کرتا ہے	ایسے ہی	عٓسٓقٓ	حٰمٓ

حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ اللہ غالب و دانا اسی طرح آپ کی طرف (دلائل ومضامین) بھیجتا ہے جس طرح آپ سے پہلے

اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ

هُوَ	وَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا	فِي السَّمٰوٰتِ	مَا	لَهٗ	الْحَكِيْمُ	الْعَزِيْزُ	اللّٰهُ
وہ	اور	زمین میں ہے	اور جو	آسمانوں میں ہے	جو	اسی کا ہے	حکمت والا	عزت والا	اللہ

(پیغمبروں) کی طرف وحی بھیجتا رہا ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین پر ہے اور وہ عالی مرتبہ

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝۴ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ

الْمَلٰۗىِٕكَةُ	وَ	مِنْ فَوْقِهِنَّ	يَتَفَطَّرْنَ	السَّمٰوٰتُ	تَكَادُ	الْعَظِيْمُ	الْعَلِيُّ
فرشتے	اور	اپنے اوپر سے	شق ہو جائیں	آسمان	قریب ہے کہ	حکمت والا	بلند ہے

اور صاحب عظمت ہے۔ قریب ہے کہ (ہیبت الٰہیہ سے) آسمان اپنے اوپر سے پھٹ جائیں اور فرشتے اپنے رب

يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	اِنَّ	اَلَآ	فِي الْاَرْضِ	لِمَنْ	وَيَسْتَغْفِرُوْنَ	رَبِّهِمْ	بِحَمْدِ	يُسَبِّحُوْنَ
اللہ	بیشک	خبردار	زمین میں ہے	ان کیلئے جو	اور بخشش مانگتے ہیں	اپنے رب کے	ساتھ حمد کے	تسبیح کرتے ہیں

کیساتھ اسکی پاکی بیان کرتے ہیں اور زمین والوں کیلئے بخشش مانگتے ہیں سن لو یقیناً اللہ ہی

هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۵ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	اَوْلِيَاۗءَ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اتَّخَذُوْا	الَّذِيْنَ	وَ	الرَّحِيْمُ	الْغَفُوْرُ	هُوَ
اللہ	والی	اللہ کے سوا	بنا رکھے ہیں	وہ جنہوں نے	اور	مہربان	بخشنے والا	وہی ہے

بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو دوست بنایا اللہ ان (کے اعمال)

حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ﴿٦﴾ وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا

حَفِيظٌ	عَلَيْهِمْ	وَ	مَآ	أَنتَ	عَلَيْهِم	بِوَكِيلٍ	وَ	كَذَٰلِكَ	أَوْحَيْنَآ
نگہبان ہے	ان پر	اور	نہیں	تم	ان کے	ذمہ دار	اور	ایسے ہی	وحی کی ہم نے

پر نگران ہے اور آپ ان کافروں کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی زبان میں

إِلَيْكَ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ

إِلَيْكَ	قُرْآنًا عَرَبِيًّا	لِّتُنذِرَ	أُمَّ الْقُرَىٰ	وَ	مَنْ	حَوْلَهَا	وَ	تُنذِرَ	يَوْمَ	الْجَمْعِ
آپ کی طرف	عربی قرآن	تاکہ تم ڈراؤ	مکہ والوں کو	اور	جو	اسکے گرد ہیں	اور	تم ڈراؤ	دن	قیامت کے

قرآن کی وحی کی تاکہ آپ مکہ والوں کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ارد گرد رہتے ہیں ڈر سنائیں اور آپ جمع ہونے کے اس دن کا

لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ﴿٧﴾ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ

لَا	رَيْبَ	فِيهِ	فَرِيقٌ	فِي الْجَنَّةِ	وَ	فَرِيقٌ	فِي السَّعِيرِ	وَلَوْ	شَآءَ	اللَّهُ
نہیں	شک	اس میں	ایک گروہ	جنت میں	اور	ایک گروہ	دوزخ میں	اور اگر	چاہے	اللہ

خوف دلائیں جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ (اس دن) ایک گروہ جنت میں ہوگا اور دوسرا گروہ دوزخ میں ہوگا۔ اور اللہ چاہتا تو

لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِن يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ ۚ

لَجَعَلَهُمْ	أُمَّةً	وَاحِدَةً	وَ	لَٰكِن	يُدْخِلُ	مَن	يَشَآءُ	فِي رَحْمَتِهِ
تو بنائے ان کو	امت	ایک	اور	لیکن	داخل کرتا ہے	جسے	چاہے	اپنی رحمت میں

ان سب کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن اللہ اپنی رحمت میں لیتا ہے جسے چاہے

وَالظَّالِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿٨﴾ أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ

وَ	الظَّالِمُونَ	مَا	لَهُم	مِّن وَلِيٍّ	وَ	لَا	نَصِيرٍ	أَمِ	اتَّخَذُوا	مِن دُونِهِ
اور	ظالم	نہیں	ان کیلئے	کوئی دوست	اور	نہ	مددگار	کیا	ٹھہراتے ہیں	اللہ کے سوا

اور ظالموں کا نہ کوئی دوست ہے نہ مددگار۔ کیا انہوں نے اس کے علاوہ رفیق بنا رکھے ہیں؟

اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

شَيْءٍ	كُلِّ	عَلٰى	هُوَ	وَ	الْمَوْتٰى	يُحْيِ	هُوَ	وَ	الْوَلِيُّ	هُوَ	فَاللّٰهُ	اَوْلِيَآءَ
شے کے	ہر	اوپر	وہ	اور	مردوں کو	زندہ کرتا ہے	وہی	اور	والی	وہی ہے	تو اللہ	والی

مگر اللہ ہی رفیق ہے اور وہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۝۹ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

اللّٰهُ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهِ	اِلَى	فَحُكْمُهٗ	مِنْ شَيْءٍ	فِيْهِ	اخْتَلَفْتُمْ	مَا	وَ	قَدِيْرٌ
اللہ	یہ ہے	اللہ کے ہے	طرف	تو اس کا فیصلہ	کچھ بھی	اس میں	اختلاف کرو تم	جو	اور	قادر ہے

قادر ہے۔ اور جو اختلاف بھی تم کسی بات میں کرتے ہو اس کا فیصلہ اللہ کے اختیار میں ہے یہ ہے اللہ میرا رب

رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝۱۰ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

وَالْاَرْضِ	السَّمٰوٰتِ	فَاطِرُ	اُنِيْبُ	اِلَيْهِ	وَ	تَوَكَّلْتُ	عَلَيْهِ	رَبِّيْ
اور زمین کا	آسمانوں کا	پیدا کرنے والا	میں رجوع کرتا ہوں	اسی کی طرف	اور	میں نے بھروسہ کیا	اسی پر	میرا رب

اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا اس نے تم میں سے تمہارے

جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ

يَذْرَؤُكُمْ	اَزْوَاجًا	مِنَ الْاَنْعَامِ	وَ	اَزْوَاجًا	مِنْ اَنْفُسِكُمْ	لَكُمْ	جَعَلَ
پھیلاتا ہے تم کو	جوڑے	چوپایوں سے	اور	جوڑے	تمہاری اپنی جانوں سے	تم کو	بنایا

جوڑے بنائے اور مویشیوں کے جوڑے اس (تدبیر) سے (زمین میں) تمہیں پھیلاتا ہے، اس کی مثل کوئی چیز نہیں اور وہ

فِيْهِ ۭ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝۱۱ لَهٗ مَقَالِيْدُ

مَقَالِيْدُ	لَهٗ	الْبَصِيْرُ	السَّمِيْعُ	هُوَ	وَ	شَيْءٌ	كَمِثْلِهٖ	لَيْسَ	فِيْهِ
کنجیاں	اسی کیلئے ہیں	دیکھنے والا	سننے والا	وہ ہے	اور	کوئی چیز	اس کی مثل	نہیں ہے	اس میں

(ہر بات) بہت سننے والا (ہر چیز کو) خوب دیکھنے والا ہے۔ وہی مالک ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ اِنَّهٗ بِكُلِّ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَقْدِرُ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ
آسمانوں کی	اور	زمین کی	وسیع کرتا ہے	رزق	جس کیلئے	چاہے	اور	تنگ فرماتا ہے	بیشک وہ	ہر

آسمانوں اور زمینوں کی کنجیوں کا جس کیلئے چاہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور (جس کیلئے چاہے) تنگ کر دیتا ہے بے شک وہ ہر چیز

شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ

شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	شَرَعَ	لَكُمْ	مِّنَ الدِّيْنِ	مَا	وَصّٰى	بِهٖ	نُوْحًا	وَّالَّذِيْٓ
چیز کو	جانتا ہے	مقرر کیا	تمہارے لیے	دین	جس کا	حکم دیا تھا	اس کا	نوح کو	اور وہ جو

کو خوب جاننے والا ہے۔ تمہارے لئے دین کا وہ راستہ مقرر فرمایا جس کا حکم اس نے نوح علیہ السلام کو دیا اور جو ہم نے آپ کی طرف

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ

اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	وَمَا	وَصَّيْنَا	بِهٖٓ	اِبْرٰهِيْمَ	وَ	مُوْسٰى	وَعِيْسٰٓى	اَنْ
وحی کی ہم نے	آپکی طرف	اور جو	حکم دیا ہم نے	اس کا	ابراہیم	اور	موسیٰ	اور عیسیٰ کو	یہ کہ

وحی کی اور جس کا حکم ہم نے ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کو دیا کہ دین پر قائم رہو اور

اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ

اَقِيْمُوا	الدِّيْنَ	وَ	لَا تَتَفَرَّقُوْا	فِيْهِ	كَبُرَ	عَلَى	الْمُشْرِكِيْنَ	مَا	تَدْعُوْهُمْ
ٹھیک رکھو	دین	اور	پھوٹ نہ ڈالو	اس میں	بڑی بات ہے	اوپر	مشرکوں کے	جو	بلاتے ہو ان کو

اس میں تفرقہ نہ ڈالو مشرکوں پر بہت ہی گراں ہے وہ جس کی طرف تم انہیں بلاتے ہو اور

اِلَيْهِ ۭ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾

اِلَيْهِ	اَللّٰهُ	يَجْتَبِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَهْدِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ	يُّنِيْبُ
طرف اسکی	اللہ	چن لیتا ہے	اپنی طرف	جسے	چاہے	اور	ہدایت دیتا ہے	اپنی طرف اسکو	جو	رجوع کرے

اللہ اپنے قرب کیلئے چن لیتا ہے جسے چاہے اور اپنی طرف راہ دیتا ہے اسے جو رجوع کرتا ہے۔

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ

كَلِمَةٌ	وَلَوْلَا	بَيْنَهُمْ	بَغْيًا	الْعِلْمُ	مَا جَآءَهُمُ	مِنْۢ بَعْدِ	اِلَّا	تَفَرَّقُوْٓا	مَا	وَ
بات	اور اگر نہ ہوتی	آپس کے	حسد سے	علم	اسکے کہ آیا انکے پاس	بعد	مگر	اختلاف کیا انہوں نے	نہ	اور

اور انہوں نے پس میں تفرقہ نہیں کیا مگر اس کے بعد کہ انہیں علم آچکا تھا آپس کے حسد سے اور اگر تمہارے

سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	اِنَّ	وَ	بَيْنَهُمْ	لَقُضِيَ	مُّسَمًّى	اَجَلٍ	اِلٰٓى	مِنْ رَّبِّكَ	سَبَقَتْ
وہ جو	بیشک	اور	ان میں	تو فیصلہ ہو جاتا	مقرر کے	مدت	طرف	تمہارے رب کی طرف سے	پہلے گذری ہوئی

رب کی ایک بات طے نہ چکی ہوتی ایک مقرر معیاد تک تو کب کا ان میں فیصلہ کر دیا ہوتا اور بے شک

اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ

فَلِذٰلِكَ	مُرِيْبٍ	مِّنْهُ	لَفِيْ شَكٍّ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	الْكِتٰبَ	اُوْرِثُوا
تو اسی لیے	دھوکا ڈالنے والے	اس سے	البتہ شک میں ہیں	ان کے بعد	کتاب کے	وارث ہوئے

وہ جو ان کے بعد کتاب کے وارث ہوئے وہ اس سے ایک دھوکا ڈالنے والے شک میں ہیں۔ پس آپ اسی بات

فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ

بِمَآ	اٰمَنْتُ	وَقُلْ	اَهْوَآءَهُمْ	تَتَّبِعْ	لَا	وَ	اُمِرْتَ	كَمَآ	اسْتَقِمْ	وَ	فَادْعُ
اس پر جو	میں ایمان لایا	اور کہو	انکے خواہشوں کی	پیروی کر	نہ	اور	آپ کو حکم ہوا	جیسے	ثابت قدم رہو	اور	بلاؤ

کے لیے بلائیں اور جو حکم آپ کو دیا گیا ہے اس پر قائم رہیں اور ان کی خواہشوں کے پیچھے نہ چلیں اور فرما دیجئے میں اس پر جو اللہ نے

اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ

رَبُّكُمْ	وَ	رَبُّنَا	اَللّٰهُ	بَيْنَكُمْ	لِاَعْدِلَ	وَاُمِرْتُ	مِنْ كِتٰبٍ	اللّٰهُ	اَنْزَلَ
تمہارا رب ہے	اور	ہمارا رب ہے	اللہ	تم میں	انصاف کروں	اور مجھے حکم ہے کہ	کتاب سے	اللہ نے	اتاری

کتاب میں اُتارا ہے ایمان لایا اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تمہارے درمیان عدل کروں اللہ ہمارا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی

لَنَآ اَعۡمَالُنَا وَلَكُمۡ اَعۡمَالُكُمۡ ۖ لَا حُجَّةَ بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكُمۡ ۖ اَللّٰهُ يَجۡمَعُ

لَنَآ	اَعۡمَالُنَا	وَ	لَكُمۡ	اَعۡمَالُكُمۡ	لَا	حُجَّةَ	بَيۡنَنَا	وَ	بَيۡنَكُمۡ	اَللّٰهُ	يَجۡمَعُ
ہمارے لیے	ہمارا عمل	اور	تمہارے لیے	تمہارا عمل	نہیں	حجت	ہمارے	اور	تمہارے درمیان	اللہ	جمع کرے گا

ہمارے عمل ہمارے لئے ہیں اور تمہارے عمل تمہارے لئے ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں اللہ ہمیں آپس میں اکٹھا

بَيۡنَنَا ۚ وَاِلَيۡهِ الۡمَصِيۡرُ ۝١٥ وَالَّذِيۡنَ يُحَآجُّوۡنَ فِى اللّٰهِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا

بَيۡنَنَا	وَ	اِلَيۡهِ	الۡمَصِيۡرُ	وَ	الَّذِيۡنَ	يُحَآجُّوۡنَ	فِى اللّٰهِ	مِنۡ بَعۡدِ	مَا
ہم سب کو	اور	اسی کی طرف	پھرنا ہے	اور	وہ جو	جھگڑتے ہیں	اللہ کے بارے میں	بعد	اسکے

کرے اور اسی کی طرف (سب کا) پلٹنا ہے۔ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں اس کے بعد کہ اسے مان لیا گیا

اسۡتُجِيۡبَ لَهٗ حُجَّتُهُمۡ دَاحِضَةٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ وَعَلَيۡهِمۡ غَضَبٌ

اسۡتُجِيۡبَ	لَهٗ	حُجَّتُهُمۡ	دَاحِضَةٌ	عِنۡدَ	رَبِّهِمۡ	وَ	عَلَيۡهِمۡ	غَضَبٌ
قبول کر چکے	اس کو	ان کی دلیل	کمزور ہے	نزدیک	انکے رب کے	اور	ان پر	غضب ہے

حجت بازی کرتے ہیں ان کی حجت ان کے رب کے ہاں ردّ ہونے والی ہے اور ان پر غضب ہو گا

وَّلَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ۝١٦ اَللّٰهُ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَـقِّ وَالۡمِيۡزَانَ ۖ

وَ	لَهُمۡ	عَذَابٌ	شَدِيۡدٌ	اَللّٰهُ	الَّذِىۡ	اَنۡزَلَ	الۡكِتٰبَ	بِالۡحَقِّ	وَالۡمِيۡزَانَ
اور	ان کیلئے	عذاب ہے	سخت	اللہ	وہ ہے جس نے	اتاری	کتاب	ساتھ حق کے	اور میزان

اور انہیں سخت عذاب ہو گا۔ اللہ ہی ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب نازل فرمائی اور انصاف کی ترازو

وَمَا يُدۡرِيۡكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيۡبٌ ۝١٧ يَسۡتَعۡجِلُ بِهَا الَّذِيۡنَ

وَمَا	يُدۡرِيۡكَ	لَعَلَّ	السَّاعَةَ	قَرِيۡبٌ	يَسۡتَعۡجِلُ	بِهَا	الَّذِيۡنَ
اور کیا	معلوم تجھ کو کہ	شاید	قیامت	قریب ہو	جلدی کرتے ہیں	اس کی	وہ جو

(اے مخاطب!) تو کیا جانے؟ ہو سکتا ہے کہ قیامت قریب ہی ہو۔ اسے وہ لوگ جلدی مانگتے ہیں جو اس کا

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا

لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِهَا	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مُشْفِقُوْنَ	مِنْهَا	وَ	يَعْلَمُوْنَ	اَنَّهَا
نہیں	ایمان لاتے	اس پر	اور	وہ جو	ایمان لائے	ڈرتے ہیں	اس سے	اور	جانتے ہیں	کہ وہ

یقین نہیں رکھتے اور جو اس کے آنے کا یقین رکھتے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں

الْحَقُّ ۭ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۱۸﴾

الْحَقُّ	اَلَآ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُمَارُوْنَ	فِي السَّاعَةِ	لَفِيْ ضَلٰلٍ	بَعِيْدٍ
حق ہے	خبردار	بیشک	وہ جو	جھگڑتے ہیں	قیامت کے بارے میں	البتہ گمراہی میں ہیں	دور کی

کہ اس کا آنا برحق ہے خبردار جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑتے ہیں وہ ضرور پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ مَنْ

اَللّٰهُ	لَطِيْفٌ	بِعِبَادِهٖ	يَرْزُقُ	مَنْ	يَّشَاۗءُ	وَ	هُوَ	الْقَوِيُّ	الْعَزِيْزُ	مَنْ
اللہ	لطف فرماتا ہے	اپنے بندوں پر	رزق دیتا ہے	جس کو	چاہے	اور	وہ	طاقتور ہے	عزت والا	جو

اللہ اپنے بندوں پر لطف فرماتا ہے جسے چاہے روزی دیتا ہے وہی قوت و عزت والا ہے۔ جو آخرت

كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ

كَانَ	يُرِيْدُ	حَرْثَ	الْاٰخِرَةِ	نَزِدْ	لَهٗ	فِيْ حَرْثِهٖ	وَ	مَنْ	كَانَ	يُرِيْدُ
ہے	چاہتا	کھیتی	آخرت کی	زیادہ کرینگے ہم	اس کیلئے	اسکی کھیتی میں	اور	جو	ہے	چاہتا

کی کھیتی چاہے ہم اس کیلئے اس کی کھیتی بڑھا دیتے ہیں اور جو دنیا کی کھیتی چاہے

حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾ اَمْ لَهُمْ

حَرْثَ	الدُّنْيَا	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا	وَ	مَا	لَهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	مِنْ نَّصِيْبٍ	اَمْ	لَهُمْ
کھیتی	دنیا کی	ہم دینگے اسکو	اس سے	اور	نہیں	اس کیلئے	آخرت میں	کوئی حصہ	کیا ہیں	انکے

ہم اسے اس میں سے کچھ دیں گے لیکن آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں۔ کیا ان کے کوئی

شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةُ

شُرَكٰٓؤُا	شَرَعُوْا	لَهُمْ	مِّنَ الدِّيْنِ	مَا	لَمْ	يَاْذَنْ	بِهٖ	اللّٰهُ	وَ	لَوْ	لَا	كَلِمَةُ
شریک	کردیا انہوں نے	ان کیلئے	کوئی دین	جو	نہیں	حکم دیا	اس کا	اللہ نے	اور	اگر	نہ ہوتا	امر

ایسے شریک ہیں جنہوں نے ان کیلئے دین کا کوئی ایسا رستہ مقرر کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی نہیں اور فیصلے

الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ تَرَى

الْفَصْلِ	لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	وَ	اِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	تَرَى
فیصلے کا	البتہ فیصلہ ہوجاتا	انکے درمیان	اور	بیشک	ظالموں کیلئے	عذاب ہے	دردناک	دیکھے گا تو

کی بات نہ طے ہوچکی ہوتی تو ان کے درمیان معاملہ طے کردیا جاتا اور بے شک ظالموں کو دردناک عذاب ہوگا۔ آپ ظالموں

الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

الظّٰلِمِيْنَ	مُشْفِقِيْنَ	مِمَّا	كَسَبُوْا	وَهُوَ	وَاقِعٌ	بِهِمْ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
ظالموں کو	سہمے ہوئے	اس وجہ سے جو	کیا انہوں نے	اور وہ	واقع ہونیوالا ہے	ان پر	اور وہ جو	ایمان لائے

کو دیکھیں گے کہ اپنی کمائی کے انجام سے سہمے ہوئے ہیں مگر وہ ان پر آکر رہے گا اور

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ

وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فِيْ رَوْضٰتِ	الْجَنّٰتِ	لَهُمْ	مَّا	يَشَآءُوْنَ	عِنْدَ
اور	عمل کیے	اچھے	پھلواریوں میں ہیں	جنت کی	ان کیلئے ہے	جو	وہ چاہیں	نزدیک

جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کرتے ہیں وہ باغوں کے سرسبز خطوں میں ہوں گیا ان کیلئے ان کے رب کے

رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۲۲﴾ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ

رَبِّهِمْ	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَضْلُ	الْكَبِيْرُ	ذٰلِكَ	الَّذِيْ	يُبَشِّرُ	اللّٰهُ	عِبَادَهُ
انکے رب کے	یہ	وہ ہے	فضل	بڑا	یہ	وہ ہے جس کی	خوشخبری دیتا ہے	اللہ	اپنے بندوں کو

ہاں جو وہ چاہیں گے ہوگا یہی بڑا فضل ہے۔ یہ ہے وہ جس کی خوشخبری اللہ اپنے بندوں کو دیتا ہے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا

الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	قُلْ	لَّاۤ	اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَیْهِ	اَجْرًا
جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	فرماؤ	نہیں	مانگتا میں تم سے	اس پر	اجرت

جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے آپ فرمادیجئے اس (تبلیغ رسالت) پر میں تم سے کوئی اجر طلب نہیں کرتا اپنے قرابت

اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی ؕ وَمَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ

اِلَّا	الْمَوَدَّةَ	فِی	الْقُرْبٰی	وَ	مَنْ	یَّقْتَرِفْ	حَسَنَةً	نَّزِدْ لَهٗ	فِیْهَا	حُسْنًا	اِنَّ
مگر	محبت	میں	قرابت کی	اور	جو	کمائے	نیکی	زیادہ کرینگے ہم اس کیلئے	اس میں	خوبی	بیشک

داروں کی محبت کے سوا اور جو نیکی کرے ہم اس کیلئے اس کی نیکی کو خوب بڑھائیں گے بے شک اللہ

اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾ اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ یَّشَاِ

اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	شَكُوْرٌ	اَمْ	یَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰی	عَلَی	اللّٰهِ	كَذِبًا	فَاِنْ	یَّشَاِ
اللہ	بخشنے والا	قدردان ہے	کیا	کہتے ہیں	بنالیا ہے	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	تو اگر	چاہتا

بہت بخشنے والا نہایت قدردان ہے۔ کیا وہ (یہ) کہتے ہیں کہ انہوں نے جھوٹ بول کر اللہ پر بہتان باندھا پھر اگر اللہ چاہے تو

اللّٰهُ یَخْتِمْ عَلٰی قَلْبِكَ ؕ وَیَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَیُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ

اللّٰهُ	یَخْتِمْ	عَلٰی	قَلْبِكَ	وَیَمْحُ	اللّٰهُ	الْبَاطِلَ	وَ	یُحِقُّ	الْحَقَّ	بِكَلِمٰتِهٖ
اللہ	مہر کرتا	اوپر	تمہارے دل کے	اور مٹاتا ہے	اللہ	باطل کو	اور	ثابت فرماتا ہے	حق کو	اپنے حکم سے

مہر فرمادے آپ کے (پاکیزہ) دل پر (صبر و استقامت کی) اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور اپنے کلمات سے حق کو ثابت رکھتا ہے بے

اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۴﴾ وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ

اِنَّهٗ	عَلِیْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	وَ	هُوَ	الَّذِیْ	یَقْبَلُ	التَّوْبَةَ	عَنْ عِبَادِهٖ
بیشک وہ	جانتا ہے	دلوں کی باتیں	اور	وہ	وہ ہے	جو قبول کرتا ہے	توبہ	اپنے بندوں سے

شک وہ سینوں کی باتیں خوب جاننے والا ہے۔ اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا اور گناہوں سے

وَيَعْفُوا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ

وَ	يَعْفُوْا	عَنِ السَّيِّاٰتِ	وَ	يَعْلَمُ	مَا	تَفْعَلُوْنَ	وَ	يَسْتَجِيْبُ	الَّذِيْنَ
اور	درگزر فرماتا ہے	گناہوں سے	اور	جانتا ہے	جو	تم کرتے ہو	اور	قبول کرتا ہے	وہ جو

درگزر فرماتا ہے اور جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ اور دعا قبول فرماتا ہے ان کی جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ

اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	وَ	يَزِيْدُهُمْ	مِّنْ فَضْلِهٖ	وَالْكٰفِرُوْنَ	لَهُمْ
ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	اور	زیادہ دے گا ان کو	اپنے فضل سے	اور کافر	ان کیلئے

ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور انہیں اپنے فضل سے اور انعام دیتا ہے اور کافروں کیلئے

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ

عَذَابٌ	شَدِيْدٌ	وَ	لَوْ	بَسَطَ	اللّٰهُ	الرِّزْقَ	لِعِبَادِهٖ	لَبَغَوْا	فِي الْاَرْضِ
عذاب ہے	سخت	اور	اگر	فراخ کرے	اللہ	رزق	واسطے بندوں اپنے کے	تو سرکشی کرتے	زمین میں

سخت عذاب ہے۔ اور اگر اللہ اپنے بندوں کا رزق کھول دیتا تو وہ زمین پر بغاوت کر دیتے لیکن وہ ایک

وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

وَ	لٰكِنْ	يُّنَزِّلُ	بِقَدَرٍ	مَا	يَشَآءُ	اِنَّهٗ	بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرٌ	بَصِيْرٌ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ
اور	لیکن	اتارتا ہے	اندازے سے	جو	چاہے	بیشک وہ	اپنے بندوں سے	خبردار ہے	دیکھنے والا	اور	وہ	وہ ہے جو

اندازے سے جتنا چاہتا ہے عنایت کرتا ہے بے شک وہ اپنے بندوں سے باخبر ہے اور دیکھ رہا ہے۔ اور وہی ہے جو لوگوں کے

يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِيُّ

يُنَزِّلُ	الْغَيْثَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	قَنَطُوْا	وَ	يَنْشُرُ	رَحْمَتَهٗ	وَ	هُوَ	الْوَلِيُّ
اتارتا ہے	بارش	بعد اسکے کہ	جو	مایوس ہوئے	اور	پھیلاتا ہے	اپنی رحمت	اور	وہ	کارساز ہے

ناامید ہو جانے کے بعد بارش برساتا ہے اور اپنی رحمت پھیلاتا ہے اور وہی کار ساز

الْحَمِيْدُ ﴿۲۸﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا

فِيْهِمَا	بَثَّ	وَمَا	وَالْاَرْضِ	السَّمٰوٰتِ	خَلْقُ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	وَ	الْحَمِيْدُ
ان میں	پھیلائے	اور جو	اور زمین کی	آسمانوں کی	تخلیق	اسکی نشانیوں میں سے ہے	اور	تعریف کیا گیا

اور صاحب تعریف ہے۔ اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور ان جانداروں کا (پیدا

مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ع وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ

مِّنْ مُّصِيْبَةٍ	اَصَابَكُمْ	مَآ	وَ	قَدِيْرٌ	يَشَآءُ	اِذَا	جَمْعِهِمْ	عَلٰى	وَهُوَ	مِنْ دَآبَّةٍ
کوئی مصیبت	پہنچے تم کو	جو	اور	قادر ہے	چاہے	جب	انکے جمع کرنیکے	اوپر	اور وہ	جانور

کرنا) جو اس نے زمین و آسمان میں پھیلا دیئے اور وہ جب بھی چاہے ان کے جمع کرنے پر قادر ہے۔ اور جو مصیبت کہیں پہنچی تو

فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾ ؕ وَمَآ اَنْتُمْ

اَنْتُمْ	مَآ	وَ	عَنْ كَثِيْرٍ	يَعْفُوْا	وَ	اَيْدِيْكُمْ	كَسَبَتْ	فَبِمَا
تم	نہیں	اور	بہت کچھ	معاف کرتا ہے	اور	تمہارے ہاتھوں کی	کمائی ہے	تو اسکا سبب

وہ تمہارے ہی ہاتھوں کی کمائی کے سبب (پہنچی) اور (تمہاری) بہت سی خطاؤں کو وہ معاف فرما دیتا ہے۔ اور تم زمین میں اللہ کو

بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۚ صلے وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

مِنْ وَّلِيٍّ	اللّٰهِ	مِّنْ دُوْنِ	لَكُمْ	مَا	وَ	فِى الْاَرْضِ	بِمُعْجِزِيْنَ
کوئی دوست	اللہ کے	سوائے	تمہارے لیے	نہیں	اور	زمین میں	عاجز کرنیوالے

عاجز نہیں کر سکتے اور نہ اللہ کے مقابل تمہارا کوئی دوست ہے

وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِى الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۳۲﴾ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ

يُسْكِنِ	يَّشَا	اِنْ	كَالْاَعْلَامِ	الْبَحْرِ	فِى	الْجَوَارِ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	وَ	نَصِيْرٍ	لَا	وَّ
ٹھہرا دے	چاہے	اگر	پہاڑوں جیسی	سمندر	میں	کشتیاں	اسکی نشانیوں میں سے	اور	مددگار	نہ	اور

اور نہ مددگار۔ اور یہ دریا (سمندر) میں چلنے والے پہاڑوں جیسے جہاز اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔ اگر وہ چاہے تو ہوا

الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

الرِّيْحَ	فَيَظْلَلْنَ	رَوَاكِدَ	عَلٰى	ظَهْرِهٖ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ	صَبَّارٍ
ہوا کو	تو ہو جائیں	ٹھہری ہوئی	اوپر	اسکی پیٹھ کے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	واسطے ایک	صبر والے

ساکن کر دے اور وہ اس کی سطح پر کھڑے رہ جائیں بے شک اس میں ہر صبر کرنے والے شکر کرنے والے کیلئے

شَكُوْرٍ ۙ﴿۳۳﴾ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۴﴾ وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

شَكُوْرٍ	اَوْ	يُوْبِقْهُنَّ	بِمَا	كَسَبُوْا	وَ	يَعْفُ	عَنْ كَثِيْرٍ	وَ	يَعْلَمَ	الَّذِيْنَ
شکر گزار کے	یا	ہلاک کرے ان کو	بدلے	انکی کمائی کے	اور	معاف کرتا ہے	بہت کچھ	اور	جان جائیں	وہ جو

نشانیاں ہیں۔ یا وہ ان (جہازوں) کو لوگوں کے اعمال کے سبب تباہ کر دے مگر وہ بہت سی باتوں سے درگزر فرماتا ہے۔ اور ہماری

يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا	مَا	لَهُمْ	مِّنْ مَّحِيْصٍ	فَمَآ	اُوْتِيْتُمْ	مِّنْ شَيْءٍ
جھگڑتے ہیں	ہماری آیتوں میں	نہیں	ان کیلئے	کوئی پناہ کی جگہ	تو جو	دیے گئے ہو تم	کچھ بھی

آیتوں میں جھگڑنے والے جان لیں کہ ان کیلئے بھاگنے کی کوئی جگہ نہیں۔ تو جو کچھ تمھیں دیا گیا ہے وہ دنیا کی

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ

فَمَتَاعُ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَ	مَا	عِنْدَ	اللّٰهِ	خَيْرٌ	وَ	اَبْقٰى	لِلَّذِيْنَ
تو سامان ہے	زندگی کا	دنیا کی	اور	جو	پاس	اللہ کے ہے	بہتر ہے	اور	باقی رہنے والا	ان کیلئے جو

زندگی کا (عارضی) فائدہ ہے اور جو اللہ کے پاس ہے بہت بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے ان لوگوں کیلئے

اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ

اٰمَنُوْا	وَ	عَلٰى	رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	يَجْتَنِبُوْنَ	كَبٰٓئِرَ	الْاِثْمِ
ایمان لائے	اور	اوپر	اپنے رب کے	بھروسہ کرتے ہیں	اور	وہ جو	بچتے ہیں	بڑے	گناہوں سے

جو ایمان لائے اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اور وہ جو بڑے بڑے گناہوں اور

وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا

وَالْفَوَاحِشَ	وَ	اِذَا	مَا	غَضِبُوْا	هُمْ	يَغْفِرُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	اسْتَجَابُوْا
اور بے حیائیوں سے	اور	جب	بھی	غصہ آئے	وہ	معاف کرتے ہیں	اور وہ جنہوں نے	قبول کیا

بے حیائیوں سے بچتے ہیں اور جب غصہ آئے تو معاف کر دیتے ہیں۔ اور وہ جنہوں نے اپنے رب کا حکم مانا

لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۖ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۖ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

لِرَبِّهِمْ	وَ	اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاَمْرُهُمْ	شُوْرٰى	بَيْنَهُمْ	وَ	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
اپنے رب کو	اور	قائم کیا	نماز کو	اور کام ان کا	مشورہ کرنا ہے	آپس میں	اور	اس سے جو	دیا ہم نے ان کو

اور نماز قائم رکھی اور ان کا کام ان کے آپس کے مشورے سے ہوتا ہے اور ہمارے دیئے سے کچھ ہماری راہ میں

يُنْفِقُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿٣٩﴾

يُنْفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	اِذَآ	اَصَابَهُمُ	الْبَغْيُ	هُمْ	يَنْتَصِرُوْنَ
خرچ کرتے ہیں	اور وہ کہ	جب	پہنچے ان کو	بغاوت	وہ	بدلہ لیتے ہیں

خرچ کرتے ہیں۔ اور جو جب ان پر زیادتی ہو بدلہ لیتے ہیں۔

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۗ

وَ	جَزٰٓؤُا	سَيِّئَةٍ	سَيِّئَةٌ	مِّثْلُهَا	فَمَنْ	عَفَا	وَ	اَصْلَحَ	فَاَجْرُهٗ	عَلَى	اللّٰهِ
اور	بدلہ	برائی کا	برائی ہے	اسکے برابر	تو جو	معاف کرے	اور	درست کرے	تو اجر اس کا	اوپر	اللہ کے ہے

اور برائی کا بدلہ اسی طرح کی برائی ہے اور جس نے معاف کر دیا اور صلح کر لی کی اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا

اِنَّهٗ	لَا	يُحِبُّ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	لَمَنِ	انْتَصَرَ	بَعْدَ	ظُلْمِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	مَا
بیشک وہ	نہیں	پسند کرتا	ظالموں کو	اور	جو	بدلہ لے	بعد	اپنی مظلومی پر	تو یہ لوگ ہیں کہ	نہیں

بے شک وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ اور بے شک جو اپنے مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لے لے تو ان لوگوں

عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿٤١﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ

عَلَيْهِمْ	مِّنْ سَبِيْلٍ	اِنَّمَا	السَّبِيْلُ	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَظْلِمُوْنَ	النَّاسَ
ان پر	کوئی مواخذہ	اسکے سوا نہیں کہ	مواخذہ کی راہ	اوپر	ان کے ہے	جو ظلم کرتے ہیں	لوگوں پر

پر (گرفت کی) کوئی راہ نہیں۔ (مواخذہ کی) راہ ان ہی لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے

وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٤٢﴾ وَلَمَنْ

وَ	يَبْغُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ	الْحَقِّ	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَ	لَمَنْ
اور	سرکشی کرتے ہیں	زمین میں	بغیر	حق کے	یہی لوگ ہیں	ان کیلئے ہے	عذاب	دردناک	اور	جو

اور زمین میں ناحق سرکشی کرتے ہیں ان کیلئے نہایت دردناک عذاب ہے۔ اور بے شک جس

صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿٤٣﴾ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

صَبَرَ	وَ	غَفَرَ	اِنَّ	ذٰلِكَ	لَمِنْ	عَزْمِ الْاُمُوْرِ	وَ	مَنْ يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ
صبر کرے	اور	بخش دے	تو بیشک	یہ	ضرور	ہمت کے کاموں سے ہے	اور	جسے گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں اسکا

نے صبر کیا اور بخش دیا تو یہ ضرور ہمت کے کام ہیں۔ اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کا کوئی رفیق نہیں

مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ

مِنْ وَّلِيٍّ	مِّنْ بَعْدِهٖ	وَتَرَى	الظّٰلِمِيْنَ	لَمَّا	رَاَوُا	الْعَذَابَ	يَقُوْلُوْنَ	هَلْ
کوئی رفیق	اس کے بعد	اور دیکھو گے تم	ظالموں کو	جب	دیکھیں گے	عذاب	کہیں گے	کیا

اللہ کے مقابل اور آپ ظالموں کو دیکھو گے کہ جب عذاب دیکھیں گے کہیں گے کیا

اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿٤٤﴾ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ

اِلٰى	مَرَدٍّ	مِّنْ سَبِيْلٍ	وَ	تَرٰىهُمْ	يُعْرَضُوْنَ	عَلَيْهَا	خٰشِعِيْنَ	مِنَ الذُّلِّ
طرف	لوٹنے کی ہے	کوئی راہ	اور	دیکھو گے تم انکو	پیش کیے جائینگے	اس پر	ڈرتے ہونگے	ذلت سے

واپس جانے کا کوئی راستہ ہے۔ اور تم انہیں دیکھیں گے کہ ذلت سے دبے ہوئے

يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ

اِنَّ	اٰمَنُوْٓا	الَّذِيْنَ	وَقَالَ	مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ	يَنْظُرُوْنَ
بیشک	جو ایمان لائے	وہ	اور کہیں گے	چھپی نگاہوں سے	دیکھتے ہوں گے

کن انکھیوں سے دیکھتے اس (عذاب) کے سامنے لائے جائیں گے اور ایمان والے کہیں گے

الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ

اَلَآ	الْقِيٰمَةِ	يَوْمَ	اَهْلِيْهِمْ	وَ	اَنْفُسَهُمْ	خَسِرُوْٓا	الَّذِيْنَ	الْخٰسِرِيْنَ
خبردار	قیامت کے	دن	اپنے گھر والوں کو	اور	اپنی جانوں کو	کہ خسارہ دیا	وہ ہے	نقصان والے

نقصان پانے والے وہی ہیں جنہوں نے روزِ قیامت کو اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں

اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ۝۴۵ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَاۗءَ

اَوْلِيَاۗءَ	مِّنْ	لَهُمْ	كَانَ	مَا	وَ	مُّقِيْمٍ	فِيْ عَذَابٍ	الظّٰلِمِيْنَ	اِنَّ
دوست	کوئی	ان کیلئے	ہے	نہیں	اور	ہمیشہ	عذاب میں	ظالم ہیں	بیشک

کو نقصان دیا سنو! ظالم دائمی عذاب میں رہیں گے۔ اور اللہ کے سوا ان کا کوئی والی نہیں

يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ۝۴۶ ۭ

مِنْ سَبِيْلٍ	فَمَا لَهٗ	اللّٰهُ	يُّضْلِلِ	مَنْ	وَ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	يَنْصُرُوْنَهُمْ
کوئی راستہ	تو نہیں اس کیلئے	اللہ	گمراہ کرے	جس کو	اور	اللہ کے سوا	جو ان کی مدد کریں

جو ان کی مدد کریں مگر جسے اللہ گمراہ کر دے اسے کوئی راہ نہیں ملتی

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ

مَرَدَّ لَهٗ	لَا	يَوْمٌ	يَّاْتِيَ	اَنْ	مِّنْ قَبْلِ	لِرَبِّكُمْ	اِسْتَجِيْبُوْا
لوٹنا اس کا	کہ نہ ہو	ایسا دن	آجائے	یہ کہ	اس سے پہلے	اپنے رب کا	حکم مانو

اپنے رب کا حکم مانو اس دن کے آنے سے پہلے جسے اللہ کی طرف سے ٹلنا

مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ یَّوْمَىٕذٍ وَّ مَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِیْرٍ ﴿۴۷﴾

مِنَ اللّٰهِ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ مَّلْجَاٍ	یَّوْمَىٕذٍ	وَّ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ نَّكِیْرٍ
اللہ سے	نہیں	تمہارے لیے	کوئی پناہ کی جگہ	اس دن	اور	نہیں	تمہارے لیے	کوئی انکار

اس دن تمہیں کوئی جائے پناہ نہ ملے گی اور نہ تمہارے لئے کوئی انکار (کا موقع) ہو گا۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ؕ اِنْ عَلَیْكَ

فَاِنْ	اَعْرَضُوْا	فَمَاۤ	اَرْسَلْنٰكَ	عَلَیْهِمْ	حَفِیْظًا	اِنْ	عَلَیْكَ
تو اگر	منہ پھیریں	تو نہیں	بھیجا ہم نے آپ کو	ان پر	نگہبان	نہیں	آپ پر

تو اگر وہ روگردانی کریں تو ہم نے آپ کو ان کا ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا آپ پر تو صرف پہنچا دینا ہے اور بے شک جب انسان کو ہم

اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَ اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَ اِنْ

اِلَّا	الْبَلٰغُ	وَ	اِنَّاۤ	اِذَاۤ	اَذَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنَّا	رَحْمَةً	فَرِحَ	بِهَا	وَ اِنْ
مگر	پہنچانا	اور	بیشک ہم	جب	چکھاتے ہیں	انسان کو	اپنی طرف سے	رحمت	خوش ہو جاتا ہے	اس سے	اور اگر

(ذائقہ) چکھاتے ہیں اپنی طرف سے رحمت کا تو وہ اس سے خوش ہو جاتا ہے اور اگر ایسے لوگوں کو کوئی مصیبت پہنچے ان کے

تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾ لِلّٰهِ

تُصِبْهُمْ	سَیِّئَةٌۢ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَیْدِیْهِمْ	فَاِنَّ	الْاِنْسَانَ	كَفُوْرٌ	لِلّٰهِ
پہنچے ان کو	برائی	بسبب اسکے جو	آگے بھیجا	انکے ہاتھوں نے	تو بیشک	انسان	ناشکرا ہے	اللہ ہی کی

گناہوں کے سبب جو پہلے وہ کر چکے ہیں تو ساری مہربانیاں بھول جاتا ہے یقیناً انسان بڑا ناشکرا ہے۔ اللہ

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ

مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ الْاَرْضِ	یَخْلُقُ	مَا	یَشَآءُ	یَهَبُ	لِمَنْ	یَّشَآءُ
بادشاہی ہے	آسمانوں میں	اور زمین میں	پیدا کرتا ہے	جو	چاہے	عطا کرتا ہے	جسے	چاہے

ہی کیلئے ہے آسمانوں اور زمین کی سلطنت پیدا کرتا ہے جو چاہے جسے چاہے

اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿٤٩﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ

اِنَاثًا	وَ	يَهَبُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	الذُّكُوْرَ	اَوْ	يُزَوِّجُهُمْ	ذُكْرَانًا	وَ	اِنَاثًا
لڑکیاں	اور	عطا کرتا ہے	جسے	چاہے	لڑکے	یا	دونوں ملادے ان کیلئے	بیٹے	اور	بیٹیاں

بیٹیاں عطا فرمائے اور جسے چاہے بیٹے دے۔ یا دونوں ملے جلے دے بیٹے اور بیٹیاں

وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٥٠﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ

وَيَجْعَلُ	مَنْ	يَّشَآءُ	عَقِيْمًا	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	قَدِيْرٌ	وَ	مَا	كَانَ	لِبَشَرٍ	اَنْ
اور کردے	جسے	چاہے	بانجھ	بیشک وہ	جاننے والا	قدرت والا ہے	اور	نہیں	ہے	کسی آدمی کیلئے	یہ کہ

اور جسے چاہے بانجھ کر دے بے شک وہ علم و قدرت والا ہے۔ اور کسی بشر کیلئے ممکن نہیں

يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

يُّكَلِّمَهٗ	اللّٰهُ	اِلَّا	وَحْيًا	اَوْ	مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ	اَوْ	يُرْسِلَ	رَسُوْلًا
کلام کرے اس سے	اللہ	مگر	وحی سے	یا	پردے کے پیچھے سے	یا	بھیجتا ہے	فرشتہ

کہ اللہ اس سے کلام کرے مگر وحی سے یا پردے کے پیچھے سے یا کوئی پیغام بھیجے اور وہ اس کی

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿٥١﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ

فَيُوْحِيَ	بِاِذْنِهٖ	مَا	يَشَآءُ	اِنَّهٗ	عَلِيٌّ	حَكِيْمٌ	وَ	كَذٰلِكَ	اَوْحَيْنَآ
تو وحی کرتا ہے	اپنے حکم سے	جو	چاہتا ہے	بیشک وہ	بلند ہے	حکمت والا	اور	اسی طرح	وحی کی ہم نے

اجازت سے ہو اور جو وہ چاہے وحی کر دے وہ عالی مرتبہ اور دانا ہے۔ سو اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روح

اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

اِلَيْكَ	رُوْحًا	مِّنْ اَمْرِنَا	مَا	كُنْتَ	تَدْرِيْ	مَا	الْكِتٰبُ	وَ	لَا	الْاِيْمَانُ
آپکی طرف	روح	اپنے حکم سے	نہیں	تھے آپ	جانتے	کہ کیا ہے	کتاب	اور	نہ	شرعی احکام کی تفصیل

(قلوب وارواح) کی وحی فرمائی (جو قرآن ہے) اور آپ (وحی سے قبل اپنی ذاتی درایت وفکر سے) نہ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ ایمان (کے

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ

وَ	لٰكِنْ	جَعَلْنٰهُ	نُوْرًا	نَّهْدِيْ	بِهٖ	مَنْ نَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِنَا	وَ	اِنَّكَ
اور	لیکن	بنایا ہم نے اسکو	نور	ہدایت دیتے ہیں	اسکے ساتھ	جسے چاہتے ہیں	اپنے بندوں میں سے	اور	بیشک آپ

شرعی احکام کی تفصیلات کو ہی جانتے تھے جو بعد میں نازل اور مقرر ہوئیں) مگر ہم نے اسے نور بنا دیا۔ ہم اس (نور) کے ذریعے اپنے بندوں میں سے

لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي

لَتَهْدِيْٓ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	صِرَاطِ	اللّٰهِ	الَّذِيْ	لَهٗ	مَا	فِي
راہنمائی کرتے ہیں	طرف	راہ	سیدھی کی	رستہ	اللہ کا	وہ جو کہ	اس کیلئے ہے	جو	میں

جسے چاہتے ہیں ہدایت سے نوازتے ہیں اور بیشک آپ ہی صراط مستقیم کی طرف ہدایت عطا فرماتے ہیں۔ یہ صراط مستقیم اللہ کی راہ (ہے)

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾

السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	اَلَآ	اِلَى	اللّٰهِ	تَصِيْرُ	الْاُمُوْرُ
آسمانوں	اور	جو	زمین میں ہے	خبردار	طرف	اللہ کے	پلٹتے ہیں	سب کام

جو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے سن لو! اللہ ہی کی طرف سب کام لوٹتے ہیں۔

اٰیاتھا ۸۹ — ۴۳ سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ ۶۳ — رکوعاتھا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

حٰمٓ	وَ	الْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	اِنَّا	جَعَلْنٰهُ	قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا	لَّعَلَّكُمْ
حٰمٓ	قسم ہے	کتاب	روشن کی	بیشک ہم نے	بنایا اس کو	عربی قرآن	تاکہ تم

حٰمٓ۔ روشن کتاب کی قسم ہے۔ ہم نے اسے عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ

تَعۡقِلُوۡنَ ۝۳ وَ اِنَّهٗ فِىۡۤ اُمِّ الۡكِتٰبِ لَدَيۡنَا لَعَلِىٌّ حَكِيۡمٌ ۝۴ اَفَنَضۡرِبُ

اَفَنَضۡرِبُ	حَكِيۡمٌ	لَعَلِىٌّ	لَدَيۡنَا	فِىۡۤ اُمِّ الۡكِتٰبِ	اِنَّهٗ	وَ	تَعۡقِلُوۡنَ
کیا دور کر دینگے	حکمت والی	بلند مرتبہ ہے	ہمارے پاس	اصل کتاب میں	بیشک وہ	اور	تم سمجھو

تم لوگ سمجھو سکو۔ اور یہ کتاب ہمارے پاس اصل کتاب میں ہے جو بلند مرتبہ اور حکمت بھری ہے۔ تو کیا ہم (اپنی) نصیحت کا

عَنۡكُمُ الذِّكۡرَ صَفۡحًا اَنۡ كُنۡتُمۡ قَوۡمًا مُّسۡرِفِيۡنَ ۝۵ وَكَمۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ نَّبِىٍّ

مِنۡ نَّبِىٍّ	اَرۡسَلۡنَا	كَمۡ	وَ	مُّسۡرِفِيۡنَ	قَوۡمًا	كُنۡتُمۡ	اَنۡ	صَفۡحًا	الذِّكۡرَ	عَنۡكُمُ
غیب بتانے والے نبی	بھیجے ہم نے	کتنے	اور	حد سے بڑھنے والی	قوم	ہو تم	یہ کہ	اعراض کرتے ہوئے	نصیحت	ہم تم سے

پہلو تم سے پھیر لیں؟ اس وجہ سے کہ تم حد سے گزرنے والے ہو۔ اور ہم نے کتنے ہی غیب بتانے والے نبی

فِى الۡاَوَّلِيۡنَ ۝۶ وَمَا يَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ نَّبِىٍّ اِلَّا كَانُوۡا بِهٖ

بِهٖ	كَانُوۡا	اِلَّا	نَّبِىٍّ	مِّنۡ	يَاۡتِيۡهِمۡ	مَا	وَ	فِى الۡاَوَّلِيۡنَ
اس سے	تھے	مگر	غیب بتانیوالا نبی	کوئی	آیا ان کے پاس	نہیں	اور	پہلے لوگوں میں

(تم سے) پہلے لوگوں میں بھیجے۔ اور ان کے پاس جو غیب بتانے والا (نبی) آیا اس کا

يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ۝۷ فَاَهۡلَكۡنَاۤ اَشَدَّ مِنۡهُمۡ بَطۡشًا وَّمَضٰى مَثَلُ

مَثَلُ	مَضٰى	وَّ	بَطۡشًا	مِنۡهُمۡ	اَشَدَّ	فَاَهۡلَكۡنَاۤ	يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ
مثال	گزر چکی	اور	پکڑ میں	ان میں سے	زیادہ سخت کو	تو ہم نے ہلاک کیا	ٹھٹھا کرتے

مذاق ہی اڑایا کرتے تھے۔ تو ہم نے وہ ہلاک کر دیئے جو ان سے بھی پکڑ میں سخت تھے اور اگلوں کا حال (کئی جگہ پہلے)

الۡاَوَّلِيۡنَ ۝۸ وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ

لَيَقُوۡلُنَّ	الۡاَرۡضَ	وَ	السَّمٰوٰتِ	خَلَقَ	مَّنۡ	سَاَلۡتَهُمۡ	وَلَئِنۡ	الۡاَوَّلِيۡنَ
تو ضرور کہیں گے	زمین	اور	آسمان	پیدا کیے	کس نے	آپ ان سے پوچھو	اور اگر	پہلے لوگوں کی

گزر چکا ہے۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے بنایا تو وہ ضرور کہیں گے

خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ۝٩ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَجَعَلَ

خَلَقَهُنَّ	الْعَزِيزُ	الْعَلِيمُ	الَّذِي	جَعَلَ	لَكُمُ	الْأَرْضَ	مَهْدًا	وَ	جَعَلَ
پیدا کیا ان کو	عزت والے	جاننے والے نے	وہ جس نے	بنایا	تمہارے لیے	زمین کو	بچھونا	اور	بنائے

انہیں اس غالب اور علم والے نے بنایا ہے۔ وہ جس نے زمین کو تمہارے لئے بچھونا بنایا اور اس میں

لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝١٠ وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

لَكُمْ	فِيهَا	سُبُلًا	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُونَ	وَالَّذِي	نَزَّلَ	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً
تمہارے لیے	اس میں	راستے	تاکہ تم	راہ پاؤ	اور وہ جس نے	اتارا	آسمان سے	پانی

تمہارے لئے رستے بنائے تاکہ کہیں راہ لے۔ اور وہ جس نے آسمان سے پانی اُتارا ایک معین مقدار میں

بِقَدَرٍ ۚ فَأَنْشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ۝١١ وَالَّذِي خَلَقَ

بِقَدَرٍ	فَأَنْشَرْنَا	بِهِ	بَلْدَةً	مَيْتًا	كَذَٰلِكَ	تُخْرَجُونَ	وَالَّذِي	خَلَقَ
اندازے سے	تو زندہ کیا ہم نے	اس سے	شہر	مردہ	اسی طرح	نکالے جاؤ گے تم	اور وہ جس نے	پیدا کیے

پھر ہم نے اس سے مردہ شہر کو زندہ کر دیا اسی طرح تم (زندہ کر کے) نکالے جاؤ گے۔ اور جس نے ہر قسم کی

الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ۝١٢

الْأَزْوَاجَ	كُلَّهَا	وَ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِنَ الْفُلْكِ	وَالْأَنْعَامِ	مَا	تَرْكَبُونَ
جوڑے	سارے	اور	بنائیں	تمہارے لیے	کشتیاں	اور چوپائے	جن پر	تم سوار ہوتے ہو

مخلوق پیدا کی اور تمہارے لئے کشتیوں اور چوپائے بنا دیئے جن پر تم سوار ہوتے ہو۔

لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ

لِتَسْتَوُوا	عَلَىٰ	ظُهُورِهِ	ثُمَّ	تَذْكُرُوا	نِعْمَةَ	رَبِّكُمْ	إِذَا	اسْتَوَيْتُمْ	عَلَيْهِ
کہ بیٹھو تم	اوپر	انکی پیٹھوں کے	پھر	یاد کرو	نعمت	اپنے رب کی	جب	تم برابر ہو جاؤ	اس پر

تاکہ جب تم ان کی پیٹھوں پر سوار ہو جاؤ ٹھیک سے بیٹھ لو تو اپنے رب کے احسان کو یاد کرو

وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾ وَ اِنَّآ

وَتَقُوْلُوْا	سُبْحٰنَ	الَّذِیْ	سَخَّرَ	لَنَا	هٰذَا	وَ	مَا	كُنَّا	لَهٗ	مُقْرِنِیْنَ	وَاِنَّآ
اور کہو	پاک ہے	وہ جس نے	تابع کیا	ہمارے لیے	اس کو	اور	نہیں	تھے ہم	اسکے	قابو میں لانے والے	اور بیشک

اور یوں کہو پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری کو ہمارے تابع کر دیا حالانکہ ہم اسے قابو میں نہیں لا سکتے تھے۔ اور بیشک

اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ

اِلٰی	رَبِّنَا	لَمُنْقَلِبُوْنَ	وَ	جَعَلُوْا	لَهٗ	مِنْ عِبَادِهٖ	جُزْءًا	اِنَّ	الْاِنْسَانَ
ہم طرف	اپنے رب کی	لوٹنے والے ہیں	اور	بنائے انہوں نے	اس کیلئے	اسکے بندوں سے	ٹکڑا	بیشک	انسان

ہمیں اپنے رب ہی کی طرف پلٹنا ہے۔ مگر لوگوں نے اس کے بعض بندوں کو اس کا ایک حصہ بنا دیا ہے بے شک

لَكَفُوْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۵﴾ ؕ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا یَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّ اَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِیْنَ ﴿۱۶﴾

لَكَفُوْرٌ	مُّبِیْنٌ	اَمِ	اتَّخَذَ	مِمَّا	یَخْلُقُ	بَنٰتٍ	وَّ	اَصْفٰىكُمْ	بِالْبَنِیْنَ
ناشکرا ہے	کھلا ہوا	کیا	لے لیں	اس سے جو	پیدا کرتا ہے	بیٹیاں	اور	نوازا تم کو	بیٹوں سے

انسان کھلا ناشکرا ہے۔ کیا اس نے ان میں سے جو وہ پیدا کرتا ہے بیٹیاں لے لی ہیں اور تمہیں بیٹوں کیلئے چن لیا ہے؟

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ

وَ	اِذَا	بُشِّرَ	اَحَدُهُمْ	بِمَا	ضَرَبَ	لِلرَّحْمٰنِ	مَثَلًا	ظَلَّ	وَجْهُهٗ
اور	جب	خبر دیا جاتا ہے	ایک ان کا	اس کی جو	بیان کرتا ہے	رحمن کے لیے	مثال	تو ہو جاتا ہے	اس کا منہ

اور جب خوشخبری سنائی جائے ان میں سے کسی کو اس چیز کی جس کے ساتھ اس نے رحمن کیلئے مثل بیان کی (یعنی بیٹی کی) تو (دن

مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِیْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَمَنْ یُّنَشَّؤُا فِی الْحِلْیَةِ وَهُوَ فِی الْخِصَامِ

مُسْوَدًّا	وَّ	هُوَ	كَظِیْمٌ	اَوَ	مَنْ	یُّنَشَّؤُا	فِی الْحِلْیَةِ	وَهُوَ	فِی الْخِصَامِ
کالا	اور	وہ ہوتا ہے	غم کا بھرا ہوا	کیا	جو	پرورش پائے	زیوروں میں	اور وہ	بحث میں

بھر) اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غصہ کھاتا رہتا ہے۔ اور کیا وہ جو زیور میں پرورش پائے اور بحث میں واضح بات بھی نہ کر

ع ۱۵

غَیْرُ مُبِیْنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِکَۃَ الَّذِیْنَ ھُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ

غَیْرُ مُبِیْنٍ	وَ	جَعَلُوْا	الْمَلٰٓئِکَۃَ	الَّذِیْنَ	ھُمْ	عِبٰدُ	الرَّحْمٰنِ	اِنَاثًا
صاف بات نہ کرے	اور	بنایا انہوں نے	فرشتوں کو	جو کہ	وہ	بندے ہیں	رحمن کے	عورتیں

(اللہ نے اپنے لئے اسے چنا؟)۔ اور انہوں نے فرشتوں کو جو رحمن کے بندے ہیں عورتیں ٹھہرایا کیا ان کے

اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ

اَشَهِدُوْا	خَلْقَهُمْ	سَتُكْتَبُ	شَهَادَتُهُمْ	وَيُسْـَٔلُوْنَ	وَ	قَالُوْا	لَوْ شَآءَ
کیا حاضر تھے وہ	انکی پیدائش پر	جلدی لکھی جائے گی	ان کی گواہی	اور وہ پوچھے جائیں گے	اور	بولے	اگر چاہتا

بناتے وقت یہ حاضر تھے اب لکھ لی جائے گی انکی گواہی اور ان سے جواب طلب ہو گا۔ اور بولے اگر رحمن

الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا

الرَّحْمٰنُ	مَا	عَبَدْنٰهُمْ	مَا	لَهُمْ	بِذٰلِكَ	مِنْ عِلْمٍ	اِنْ	هُمْ	اِلَّا
اللہ	تو نہ	عبادت کرتے ہم انکی	نہیں	ان کو	اس کا	کوئی علم	نہیں	وہ	مگر

چاہتا ہم انہیں نہ پوجتے انہیں اس کی حقیقت کچھ معلوم نہیں یونہی قیاس

يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾

يَخْرُصُوْنَ	اَمْ	اٰتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا	مِّنْ قَبْلِهٖ	فَهُمْ	بِهٖ	مُسْتَمْسِكُوْنَ
اٹکل کرتے ہیں	کیا	دی ہم نے ان کو	کتاب	اس سے پہلے	کہ وہ	اس سے	سند لیتے ہیں

آرائیاں کرتے ہیں۔ کیا ہم نے انہیں اس سے پہلے کوئی کتاب دی تھی جسے وہ مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہیں؟

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾

بَلْ	قَالُوْٓا	اِنَّا	وَجَدْنَآ	اٰبَآءَنَا	عَلٰٓى	اُمَّةٍ	وَ	اِنَّا	عَلٰٓى	اٰثٰرِهِمْ	مُّهْتَدُوْنَ
بلکہ	بولے	بیشک ہم نے	پایا ہم نے	اپنے باپ دادا کو	اوپر	ایک دین کے	اور	ہم	اوپر	قدموں انکے	راہ پانے والے ہیں

بلکہ وہ تو کہتے ہیں ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا اور ہم ان کے نقش قدم پر راہ ہدایت پاتے ہیں۔

وَكَذٰلِكَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِىْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ

قَالَ	اِلَّا	مِّنْ نَّذِيْرٍ	فِىْ قَرْيَةٍ	مِنْ قَبْلِكَ	اَرْسَلْنَا	مَاۤ	كَذٰلِكَ	وَ
کہا	مگر	کوئی ڈرانے والا	کسی بستی میں	آپ سے پہلے	بھیجا ہم نے	نہیں	اسی طرح	اور

اور اسی طرح ہم نے آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی ڈر سنانے والا (نبی) نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوشحال لوگوں نے

مُتْرَفُوْهَاۤ ۙ اِنَّا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾

مُّقْتَدُوْنَ	اٰثٰرِهِمْ	عَلٰۤى	اِنَّا	وَ	اُمَّةٍ	عَلٰۤى	اٰبَآءَنَا	وَجَدْنَاۤ	اِنَّا	مُتْرَفُوْهَاۤ
پیروی کرنیوالے ہیں	انکے قدموں کے	اوپر	بیشک ہم	اور	ایک دین کے	اوپر	اپنے باپوں کو	پایا	ہم نے	اسکے دولتمندوں نے

یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک دین پر پایا اور بے شک ہم انہی کے نشاناتِ قدم کی پیروی کر رہے ہیں۔

قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا

اِنَّا	قَالُوْۤا	اٰبَآءَكُمْ	عَلَيْهِ	وَجَدْتُّمْ	مِمَّا	بِاَهْدٰى	جِئْتُكُمْ	اَوَلَوْ	قٰلَ
بیشک ہم	بولے	اپنے باپ دادا کو	اس پر	پایا تم نے	اس سے جو	زیادہ اچھا	لاؤں میں تمہارے پاس	کیا اگر	فرمایا

نبی نے فرمایا کیا اگرچہ تمہارے پاس میرا لایا ہوا دین اس سے بہتر ہو جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا؟ وہ بولے جس چیز کے

بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

عَاقِبَةُ	كَانَ	كَيْفَ	فَانْظُرْ	مِنْهُمْ	فَانْتَقَمْنَا	كٰفِرُوْنَ	بِهٖ	اُرْسِلْتُمْ	بِمَاۤ
انجام	ہوا	کیسا ہوا	تو دیکھ	ان سے	تو بدلہ لیا ہم نے	منکر ہیں	ساتھ اسکے	بھیجے گئے ہو تم	وہ جو کہ

ساتھ آپ بھیجے گئے ہیں ہم یقیناً اس کے منکر ہیں۔ ہم نے ان سے بدلا لے لیا تو آپ دیکھئے کہ جھٹلانے

الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ ع وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖۤ اِنَّنِىْ بَرَآءٌ مِّمَّا

مِّمَّا	بَرَآءٌ	اِنَّنِىْ	وَقَوْمِهٖۤ	لِاَبِيْهِ	اِبْرٰهِيْمُ	قَالَ	اِذْ	وَ	الْمُكَذِّبِيْنَ
اس سے	بیزار ہوں	بیشک میں	اور اپنی قوم کو	اپنے باپ کو	ابراہیم نے	فرمایا	جب	اور	جھٹلانے والوں کا

والوں کا انجام کیسا ہوا۔ اور جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے فرمایا میں بیزار ہوں

تَعْبُدُوْنَ ﴿٢٦﴾ اِلَّا الَّذِیْ فَطَرَنِیْ فَاِنَّهٗ سَیَهْدِیْنِ ﴿٢٧﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ

تَعْبُدُوْنَ	اِلَّا	الَّذِیْ	فَطَرَنِیْ	فَاِنَّهٗ	سَیَهْدِیْنِ	وَجَعَلَهَا	كَلِمَةً
تم پوجتے ہو	مگر	وہ جس نے	پیدا کیا مجھ کو	تو بیشک وہی	مجھے راہ دکھائیگا	اور بنایا اس کو	کلمہ

تمہارے معبودوں سے۔ ہاں جس اللہ نے مجھے پیدا کیا ہے کہ وہی مجھے راہ دکھائے گا۔ اور اس نے بات کو

بَاقِیَةً فِیْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰۤؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ

بَاقِیَةً	فِیْ عَقِبِهٖ	لَعَلَّهُمْ	یَرْجِعُوْنَ	بَلْ	مَتَّعْتُ	هٰۤؤُلَآءِ	وَاٰبَآءَهُمْ
باقی رہنے والا	اسکی نسل میں	تاکہ وہ	لوٹیں	بلکہ	میں نے انکو فائدہ دیا	ان کو	اور ان کے آباء کو

اپنی پشت میں باقی رہنے والا کلمہ بنایا تاکہ وہ رجوع کریں۔ بلکہ میں نے (اس دنیا میں) انہیں اور ان کے باپ دادا کو فائدہ

حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ ﴿٢٩﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا

حَتّٰی	جَآءَهُمْ	الْحَقُّ	وَ	رَسُوْلٌ	مُّبِیْنٌ	وَلَمَّا	جَآءَهُمْ	الْحَقُّ	قَالُوْا
یہاں تک کہ	آیا انکے پاس	حق	اور	رسول	بیان کرنے والا	اور جب	آیا ان کے پاس	حق	بولے

پہنچایا یہاں تک کہ ان کے پاس حق آ گیا اور واضح بیان والے رسول (تشریف لے آئے)۔ اور جب ان کے پاس حق پہنچا تو

هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى

هٰذَا	سِحْرٌ	وَّ	اِنَّا	بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	وَ	قَالُوْا	لَوْ	لَا	نُزِّلَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنُ	عَلٰی
یہ	جادو ہے	اور	ہم	اسکے	منکر ہیں	اور	بولے	کیوں	نہیں	اتارا گیا	یہ	قرآن	اوپر

کہنے لگے یہ جادو ہے اور بے شک ہم اس کے منکر ہیں۔ اور بولے کیوں نہ اُتارا گیا یہ قرآن

رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْیَتَیْنِ عَظِیْمٍ ﴿٣١﴾ اَهُمْ یَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ

رَجُلٍ	مِّنَ الْقَرْیَتَیْنِ	عَظِیْمٍ	اَهُمْ	یَقْسِمُوْنَ	رَحْمَتَ	رَبِّكَ
ایک آدمی کے	دونوں بستیوں میں سے	بڑے پر	کیا وہ	تقسیم کرتے ہیں	رحمت	تمہارے رب کی

ان دو شہروں کے کسی بڑے آدمی پر۔ کیا تمہارے رب کی رحمت وہ بانٹتے ہیں ہم نے ان میں

نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا

رَفَعْنَا	وَ	الدُّنْيَا	فِي الْحَيٰوةِ	مَّعِيشَتَهُمْ	بَيْنَهُمْ	قَسَمْنَا	نَحْنُ
بلند کیا	اور	دنیا کی	زندگی میں	ان کے معاش کے سامان	انکے درمیان	تقسیم کرتے ہیں	ہم

انکی زیست کا سامان دنیا کی زندگی میں بانٹا اور ان میں ایک دوسرے

بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا

سُخْرِيًّا	بَعْضًا	بَعْضُهُمْ	لِّيَتَّخِذَ	دَرَجٰتٍ	بَعْضٍ	فَوْقَ	بَعْضَهُمْ
محکوم	بعض کو	بعض ان کا	تاکہ بنائے	درجوں میں	بعض کے	اوپر	انکے بعض کو

پر درجوں میں بلندی دی کہ ان میں ایک دوسرے کے کام بنائے اور تمہارے رب کی

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ﴿٣٢﴾ وَلَوْلَا أَنْ يَّكُونَ النَّاسُ

السَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ اِنْ

السَّاعَةُ	لَا	رَيْبَ	فِيْهَا	قُلْتُمْ	مَّا	نَدْرِيْ	مَا	السَّاعَةُ	اِنْ
قیامت	نہیں	شک	اس میں	تم نے کہا	نہیں	جانتے ہم	کیا ہے	قیامت	نہیں

اور قیامت میں شک نہیں تم کہتے ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے ہمیں تو یونہی

نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ

نَّظُنُّ	اِلَّا	ظَنًّا	وَّ	مَا	نَحْنُ	بِمُسْتَيْقِنِيْنَ	وَ	بَدَا	لَهُمْ	سَيِّاٰتُ
خیال کرتے ہم	مگر	ایک گمان	اور	نہیں	ہم	یقین کرنے والے	اور	ظاہر ہو جائیگی	ان کیلئے	برائی

کچھ گمان سا ہوتا ہے اور ہمیں یقین نہیں۔ اور ان پر ان کے عملوں کے برے

مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَقِيْلَ

مَا	عَمِلُوْا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَ	قِيْلَ
اس کی جو	کمایا انہوں نے	اور گھیر لیگا	ان کو	جو	تھے	اس سے	ٹھٹھا کرتے	اور	فرمایا جائے گا

نتیجے ظاہر ہو جائیں گے اور جس چیز کا وہ مذاق اڑاتے تھے وہ آن پڑے گی۔ اور فرمایا جائے گا آج

الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ

الْيَوْمَ	نَنْسٰىكُمْ	كَمَا	نَسِيْتُمْ	لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ	هٰذَا	وَمَاْوٰىكُمُ
آج	ہم بھلا دینگے تم کو	جیسے	تم بھول گئے	ملاقات کو	اپنے دن کی	یہ ہے	اور تمہارا ٹھکانا

ہم نے تمہیں بھلا دیا ہے جسطرح تم نے اپنے آج کے دن کی ملاقات کو بھلا رکھا تھا

النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ

النَّارُ	وَمَا	لَكُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ	ذٰلِكُمْ	بِاَنَّكُمُ	اتَّخَذْتُمْ	اٰيٰتِ
آگ ہے	اور نہیں	تمہارا	کوئی بھی مددکرنیوالا	یہ اس لیے کہ	کہ تم نے	بنایا	آیتوں کو

اور تمہاری جگہ آگ ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں۔ یہ اس لئے کہ تم نے اللہ کی آیتوں کو مذاق بنایا

اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ

اللّٰهِ	هُزُوًا	وَّ	غَرَّتْكُمُ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	فَالْيَوْمَ	لَا	يُخْرَجُوْنَ
اللہ کی	مذاق	اور	دھوکہ دیا تم کو	دنیا کی زندگی نے	تو آج	نہ	نکالے جائینگے

اور دنیا کی زندگی نے تمہیں دھوکے میں ڈال دیا تو آج نہ وہ آگ سے نکالے جائیں گے

مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ

مِنْهَا	وَ	لَا	هُمْ	يُسْتَعْتَبُوْنَ	فَلِلّٰهِ	الْحَمْدُ	رَبِّ	السَّمٰوٰتِ	وَ
اس سے	اور	نہ	ان سے	منانا چاہے	تو اللہ کی	تعریف ہے	رب ہے	آسمانوں کا	اور

اور نہ ان سے ان کی توبہ قبول کی جائے گی۔ تو اللہ ہی کیلئے تمام تعریفیں ہیں جو رب ہے

رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ

رَبِّ	الْاَرْضِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	وَ	لَهُ	الْكِبْرِيَآءُ
رب ہے	زمین کا	رب ہے	جہانوں کا	اور	اسی کی	بڑائی ہے

آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا رب ہے سارے جہانوں کا۔ اور اسی کیلئے بڑائی ہے

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾ ع

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ
آسمانوں میں	اور	زمین میں	اور	وہی ہے	عزت والا	حکمت والا ہے

آسمانوں اور زمین میں اور وہی عزت و حکمت والا۔

آیاتہا ۳۵ | ۴۶ سُوْرَۃُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ ۶۶ | رکوعاتہا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ مَا خَلَقْنَا

حٰمٓ	تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ	مَا	خَلَقْنَا
حٰمٓ	اتاری گئی ہے	کتاب	اللہ کی طرف سے	عزت والے	حکمت والے	نہیں	پیدا کیا ہم نے

حٰمٓ۔ یہ کتاب نازل ہوئی ہے اللہ عزت و حکمت والے کی طرف سے۔ ہم نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَآ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	اَجَلٍ	مُّسَمًّى
آسمانوں کو	اور	زمین کو	اور	جو کچھ	انکے درمیان ہے	مگر	حق کے ساتھ	اور	مدت	مقرر تک

آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے صرف حق پر اور ایک مقررہ مدت کیلئے بنایا ہے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ

وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	عَمَّآ	اُنْذِرُوْا	مُعْرِضُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	مَّا	تَدْعُوْنَ
اور	وہ جو	کافر ہوئے	اس سے جو	ڈرائے گئے	منہ پھیرنے والے ہیں	فرمایئے	کیا دیکھا تم نے	جو	پکارتے ہو

کافر اس چیز سے جس سے انہیں ڈرایا جاتا ہے منہ موڑے ہوئے ہیں۔ فرما دیجئے کیا تم نے ان پر جنہیں تم اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اَرُوْنِيْ	مَاذَا	خَلَقُوْا	مِنَ الْاَرْضِ	اَمْ	لَهُمْ	شِرْكٌ	فِي السَّمٰوٰتِ
سوائے	اللہ کے	دکھاؤ مجھ کو	کیا	پیدا کیا انہوں نے	زمین سے	یا	ان کا	حصہ ہے	آسمانوں میں

پکارتے ہو غور کیا ہے مجھے دکھاؤ تو کہ انہوں نے زمین میں کون سی چیز بنائی ہے یا کیا آسمانوں میں

ائْتُوْنِیْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَاۤ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ

اِنْ	مِّنْ عِلْمٍ	اَثٰرَةٍ	اَوْ	مِّنْ قَبْلِ هٰذَاۤ	بِكِتٰبٍ	ائْتُوْنِیْ
اگر	بعض علم کی	کوئی اثر	یا	اس سے پہلے کی	کوئی کتاب	لاؤ میرے پاس

ان کی کوئی شراکت ہے؟ میرے پاس اس سے پہلے کی کوئی کتاب یا علم کا کوئی حصہ لاؤ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۴﴾ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ

مَنْ	اللّٰهِ	مِنْ دُوْنِ	یَّدْعُوْا	مِمَّنْ	اَضَلُّ	مَنْ	وَ	صٰدِقِیْنَ	كُنْتُمْ
اسکو جو	اللہ کے	سوائے	پکارے	اس سے جو	زیادہ گمراہ ہے	کون	اور	سچے	ہو تم

تم سچے ہو۔ اور اس سے زیادہ گمراہ کون ہو گا جو اللہ کو چھوڑ کر ان کو پکارے جو

لَّا یَسْتَجِیْبُ لَهٗۤ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآىٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۵﴾ وَاِذَا

اِذَا	وَ	غٰفِلُوْنَ	عَنْ دُعَآىٕهِمْ	وَهُمْ	اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ	لَهٗ	یَسْتَجِیْبُ	لَا
جب	اور	بے خبر ہیں	انکے پکارنے سے	اور وہ	قیامت کے دن تک	اس کی	سنے	نہ

قیامت تک ان کی فریاد رسی نہ کر سکیں اور وہ ان کے پکارنے سے بھی بے خبر ہیں۔ اور جب (قیامت کے دن)

حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِیْنَ ﴿۶﴾ وَاِذَا

وَاِذَا	كٰفِرِیْنَ	بِعِبَادَتِهِمْ	وَّكَانُوْا	اَعْدَآءً	لَهُمْ	كَانُوْا	النَّاسُ	حُشِرَ
اور جب	انکار کرنیوالے	انکے پکارنے سے	اور ہو جائینگے	دشمن	ان کے	تو ہو جائینگے	لوگ	اکٹھے کیے جائینگے

لوگ جمع کیے جائیں گے تو وہ (جھوٹے معبود) ان کے دشمن ہوں گے اور ان کی عبادت کے منکر ہو جائیں گے۔ اور جب

تُتْلٰى عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ هٰذَا

هٰذَا	جَآءَهُمْ	لَمَّا	لِلْحَقِّ	كَفَرُوْا	الَّذِیْنَ	قَالَ	بَیِّنٰتٍ	اٰیٰتُنَا	عَلَیْهِمْ	تُتْلٰى
یہ	آیا انکے پاس	جبکہ	حق کو	کافر ہیں	وہ جو	کہتے ہیں	روشن	ہماری آیتیں	ان پر	پڑھی جاتی ہیں

ان پر پڑھی جائیں ہماری روشن آیتیں تو کافر اپنے پاس آئے ہوئے حق کو کہتے ہیں یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ

سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	اَمْ	يَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰىهُ	قُلْ	اِنِ	افْتَرَيْتُهٗ	فَلَا	تَمْلِكُوْنَ
جادو	کھلا ہوا	کیا	کہتے ہیں	خود بنا لیا ہے اسکو	فرمادیں	اگر	اپنے بنالیے اسکو	تو نہیں	تم اختیار نہیں رکھتے

کھلا جادو ہے۔ کیا یہ کہتے ہیں انہوں نے اسے جی سے بنا لیا تم فرماؤ اگر میں نے اسے جی سے بنا لیا ہوگا تو تم

لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًا

لِيْ	مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	هُوَ	اَعْلَمُ	بِمَا	تُفِيْضُوْنَ	فِيْهِ	كَفٰى	بِهٖ	شَهِيْدًا
مجھے لیے	اللہ سے	کچھ	وہ	خوب جانتا ہے	جو	تم باتیں بناتے ہو	اس میں	کافی ہے	وہ	گواہ

اللہ کے سامنے میرا کچھ اختیار نہیں رکھتے وہ خوب جانتا ہے جن باتوں میں تم مشغول ہو اور وہ کافی ہے

بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۸ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا

بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	وَ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	قُلْ	مَا	كُنْتُ	بِدْعًا
مجھ درمیان	اور تمہارے درمیان	اور	وہ ہے	بخشنے والا	مہربان	فرمادیں	نہیں	ہوں میں	کوئی انوکھا

میرے اور تمہارے درمیان گواہ اور وہی بخشنے والا مہربان ہے۔ فرمادیجئے میں کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں

مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى

مِّنَ الرُّسُلِ	وَ	مَآ	اَدْرِيْ	مَا	يُفْعَلُ	بِيْ	وَلَا	بِكُمْ	اِنْ	اَتَّبِعُ	اِلَّا	مَا يُوْحٰٓى
رسول	اور	نہیں	جانتا میں	کیا	کیا جائے گا	میرے ساتھ	اور نہ	تمہارے ساتھ	نہیں	پیروی کرتا میں	مگر	اسکی جو وحی کی جاتی ہے

اور مجھے معلوم نہیں کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور نہ تمہارے ساتھ میں تو صرف اس کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف

اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۹ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

اِلَيَّ	وَ	مَآ	اَنَا	اِلَّا	نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كَانَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
میری طرف	اور	نہیں	میں	مگر	صاف ڈرسنانے والا	فرمادیں	کیا دیکھا تم نے	اگر	وہ ہو	اللہ کی طرف سے

وحی کیا جاتا ہے اور میں تو صرف ایک صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ فرمادیجئے کیا تم نے غور کیا کہ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف

وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ

وَ	كَفَرْتُمْ	بِهٖ	وَ	شَهِدَ	شَاهِدٌ	مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	عَلٰى	مِثْلِهٖ	فَاٰمَنَ
اور	کفر کیا تم نے	اسکے ساتھ	اور	گواہی دی	ایک گواہ نے	بنی اسرائیل میں سے	اوپر	اسکی مثل کے	تو ایمان لایا وہ

سے ہوا اور تم نے اس کا انکار کر دیا اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ اسی طرح کی گواہی بھی دے چکا ہے

وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ

وَاسْتَكْبَرْتُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
اور تکبر کیا تم نے	بیشک	اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	قوم	ظالموں کو	اور بولے	وہ جو

پھر ایمان بھی لایا ہے مگر تم نے تکبر کیا؟ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ اور کافروں نے مسلمانوں کے

كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ

كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَوْ	كَانَ	خَيْرًا	مَّا	سَبَقُوْنَآ	اِلَيْهِ	وَ	اِذْ لَمْ
کافر تھے	ان سے	جو مومن تھے	اگر	ہوتا	اچھا تو	نہ	آگے بڑھتے ہم سے	اسکی طرف	اور	جب نہ

بارے میں کہا کہ اگر یہ قرآن اچھا ہوتا تو یہ لوگ اس کی طرف ہم سے سبقت نہ کرتے اور جب انہیں اس سے

يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ

يَهْتَدُوْا	بِهٖ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	هٰذَآ	اِفْكٌ	قَدِيْمٌ	وَ	مِنْ قَبْلِهٖ	كِتٰبُ
ہدایت پائی	اس کی	تو عنقریب کہیں گے	یہ ہے	بہتان	پرانا	اور	اس سے پہلے	کتاب

ہدایت نصیب نہ ہوئی تو اب کہیں گے کہ یہ پرانی بہتان طرازی ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام

مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا

مُوْسٰٓى	اِمَامًا	وَّرَحْمَةً	وَ	هٰذَا	كِتٰبٌ	مُّصَدِّقٌ	لِّسَانًا عَرَبِيًّا
موسیٰ کی	پیشوا	اور رحمت	اور	یہ	کتاب ہے	تصدیق کرنیوالی	عربی زبان

کی (ایسی ہی آسمانی) کتاب پیشوا اور رحمت بن کر آ چکی ہے اور یہ کتاب تو اس کی تصدیق کرنے والی ہے عربی زبان

لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا

لِّيُنْذِرَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	وَ	بُشْرٰى	لِلْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	قَالُوْا
تاکہ ڈرائے	ان کو جو	ظالم ہیں	اور	خوشخبری ہے	نیکوں کے لیے	بیشک	وہ جنہوں نے	کہا

تاکہ وہ ڈرائے ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا اور نیکی کرنے والوں کو خوشخبری دینے کیلئے۔ بے شک وہ جنہوں نے کہا

رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿١٣﴾ اُولٰٓئِكَ

رَبُّنَا	اللّٰهُ	ثُمَّ	اسْتَقَامُوْا	فَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	اُولٰٓئِكَ
ہمارا رب	اللہ ہے	پھر	اس پر جمے رہے	تو نہیں	خوف	ان پر	اور	نہ وہ	غم کھائیں گے	یہ ہیں

ہمارا رب اللہ ہے پھر ثابت قدم رہے نہ ان پر کوئی خوف ہے نہ وہ غمگین ہوں گے۔ وہ جنت والے ہیں

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءً ۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	جَزَآءً	بِمَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ
جنت والے	ہمیشہ رہنے والے	اس میں	بدلہ	اس کا جو	تھے	وہ کماتے

ہمیشہ اس میں رہیں گے ان کے اعمال کی جزا ہے جو وہ کیا کرتے تھے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۗ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ

وَ	وَصَّيْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَيْهِ	اِحْسٰنًا	حَمَلَتْهُ	اُمُّهٗ	كُرْهًا	وَّ	وَضَعَتْهُ
اور	ہم نے حکم دیا	انسان کو	اپنے ماں باپ سے	نیکی کرنے کا	اٹھایا اس کو	اس کی ماں نے	تکلیف سے	اور	جنا اس کو

اور ہم نے انسان کو والدین سے نیک سلوک کرنے کی تاکید کی ہے اس کی ماں اسے تکلیف سے (پیٹ میں) اٹھائے رہتی ہے اور

كُرْهًا ۗ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۗ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ

كُرْهًا	وَحَمْلُهٗ	وَفِصٰلُهٗ	ثَلٰثُوْنَ	شَهْرًا	حَتّٰٓى	اِذَا	بَلَغَ	اَشُدَّهٗ
تکلیف سے	اور اس کا اٹھانا	اور دودھ چھڑانا	تیس	مہینوں میں ہے	یہاں تک کہ	جب	پہنچا	اپنی جوانی کو

تکلیف سے اسے جنتی ہے اور اس کا اٹھائے رکھنا اور دودھ چھڑانا تیس ماہ میں ہوتا ہے یہاں تک کہ جب وہ اپنی جوانی کو پہنچ جاتا

وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ

الَّتِيْٓ	نِعْمَتَكَ	اَشْكُرَ	اَنْ	اَوْزِعْنِيْٓ	رَبِّ	قَالَ	سَنَةً	اَرْبَعِيْنَ	بَلَغَ	وَ
جو	تیری نعمت کا	میں شکر کروں	یہ کہ	مجھے توفیق دے	اے میرے رب	عرض کی	سال کو	چالیس	پہنچا	اور

ہے اور چالیس سال کا ہو جاتا ہے تو عرض کی میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا جو

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ

تَرْضٰىهُ	صَالِحًا	اَعْمَلَ	اَنْ	وَ	عَلٰى وَالِدَيَّ	وَ	عَلَيَّ	اَنْعَمْتَ
جسے تو پسند کرے	نیک	میں عمل کروں	یہ کہ	اور	میرے ماں باپ پر	اور	مجھ پر	تونے احسان کیا

تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا ہے شکر ادا کروں اور یہ کہ میں اچھے عمل کروں جن سے تو خوش ہو

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ	اِنِّيْ	وَ	اِلَيْكَ	تُبْتُ	اِنِّيْ	فِيْ ذُرِّيَّتِيْ	لِيْ	اَصْلِحْ	وَ
فرمانبرداروں میں ہوں	بیشک میں	اور	تیری طرف	توبہ کی	بیشک میں نے	میری اولاد میں	میرے لیے	درستی کردے	اور

اور میرے لئے میری اولاد میں نیکی رکھ دے میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ

نَتَجَاوَزُ	وَ	عَمِلُوْا	مَا	اَحْسَنَ	عَنْهُمْ	نَتَقَبَّلُ	الَّذِيْنَ	اُولٰٓئِكَ
درگزر کرینگے	اور	کیے	جو	اچھے کام	ان سے	ہم قبول کرینگے	وہ ہیں کہ	یہ لوگ

یہی وہ جنتی لوگ ہیں جن کے بہترین عمل ہم قبول کریں گے

عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا

كَانُوْا	الَّذِيْ	الصِّدْقِ	وَعْدَ	فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ	عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ
تھے	وہ جو	سچا	وعدہ ہے	جنت والوں میں	ان کی برائیاں سے

اور جن کی برائیوں سے درگزر فرمائیں یہ سچا وعدہ ہے

يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ

يُوْعَدُوْنَ	وَ	الَّذِيْ	قَالَ	لِوَالِدَيْهِ	اُفٍّ	لَّكُمَآ	اَتَعِدٰنِنِيْٓ	اَنْ	اُخْرَجَ
وعدے دیے جاتے	اور	وہ جس نے	کہا	اپنے ماں باپ سے	اُف	تمہارے لیے	کیا تم مجھے وعدے دیتے ہو	یہ کہ	میں اٹھایا جاؤں گا

جوان سے کیا جاتا ہے۔ اور وہ جس نے اپنے ماں باپ سے کہا اُف تم سے (دل بیزار ہو گیا) کیا تم مجھے وعدہ دیتے ہو کہ میں

وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۗ

وَ	قَدْ	خَلَتِ	الْقُرُوْنُ	مِنْ قَبْلِيْ	وَهُمَا	يَسْتَغِيْثٰنِ	اللّٰهَ	وَيْلَكَ	اٰمِنْ
اور	بیشک	گزر چکے	کئی زمانے	مجھ سے پہلے	اور وہ دونوں	فریاد کرتے	اللہ سے	تجھ پر افسوس	ایمان لا

(زندہ کر کے قبر سے) نکالا جاؤں گا؟ حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سے زمانے گزر گئے اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے ہیں تیرے

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚۖ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾

اِنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقٌّ	فَيَقُوْلُ	مَا	هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ
بیشک	وعدہ	اللہ کا	سچا ہے	تو وہ کہتا ہے	نہیں	یہ	مگر	کہانیاں	پہلوں کی

لئے تباہی ہو ایمان لے آ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے تو وہ کہتا ہے نہیں ہے یہ تو پہلے لوگوں کے من گھڑت افسانے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	حَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	فِيْٓ اُمَمٍ	قَدْ	خَلَتْ	مِنْ قَبْلِهِمْ
یہ لوگ	وہ ہیں کہ	ثابت ہو چکی	ان پر	بات	ان گروہوں میں	بیشک	جو گزر گئے	ان سے پہلے

یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کی بات پوری ہو کر رہی ان گروہوں میں جو ان سے پہلے گزر چکے جن

مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا

مِّنَ الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	خٰسِرِيْنَ	وَ	لِكُلٍّ	دَرَجٰتٌ	مِّمَّا
جنوں میں سے	اور انسانوں میں سے	بیشک	وہ تھے	زیاں کار	اور	ہر ایک کیلئے	درجے ہیں	اس سے جو

اور انسانوں میں سے بے شک وہ (سخت) نقصان اٹھانے والوں میں سے تھے۔ اور ہر ایک کیلئے اپنے اپنے

عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ

يُعْرَضُ	يَوْمَ	وَ	لَا يُظْلَمُوْنَ	هُمْ	وَ	اَعْمَالَهُمْ	لِيُوَفِّيَهُمْ	وَ	عَمِلُوْا
پیش کئے جائینگے	جس دن	اور	نہ ظلم کئے جائینگے	وہ	اور	ان کے عمل	تاکہ پورا کردے انکو	اور	جو عمل کیے

اعمال کے درجے ہیں اور تاکہ اللہ ان کے اعمال کا پورا پورا اجر دے اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔ اور جس دن کافر آگ پر پیش کئے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا

الدُّنْيَا	فِيْ حَيَاتِكُمُ	طَيِّبٰتِكُمْ	اَذْهَبْتُمْ	النَّارِ	عَلَى	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ
دنیا میں	اپنی زندگی میں	پاک چیزیں اپنی	لے چکے تم	آگ کے	اوپر	کافر ہیں	وہ جو کہ

جائیں گے ان سے فرمایا جائے گا تم اپنے حصہ کی پاک چیزیں اپنی دنیا ہی کی

وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ

كُنْتُمْ	بِمَا	الْهُوْنِ	عَذَابَ	تُجْزَوْنَ	فَالْيَوْمَ	بِهَا	وَاسْتَمْتَعْتُمْ
تھے تم	بہ سبب اسکے جو	ذلت کا	عذاب	بدلہ پاؤ گے	تو آج	ان سے	اور فائدہ اٹھایا تم نے

زندگی میں حاصل کر چکے ہو تو آج تمہیں ذلت کا عذاب بدلے میں دیا جائے گا

تَسْتَكْبِرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ ع وَاذْكُرْ

وَاذْكُرْ	تَفْسُقُوْنَ	كُنْتُمْ	بِمَا	وَ	الْحَقِّ	بِغَيْرِ	فِى الْاَرْضِ	تَسْتَكْبِرُوْنَ
اور تذکرہ کر	گناہ کرتے	تھے تم	بہ سبب اسکے جو	اور	حق کے	بغیر	زمین میں	تکبر کرتے

اس وجہ سے کہ تم زمین میں ناحق تکبر کرتے تھے اور اس وجہ سے کہ حکم عدولی کرتے تھے۔ اے حبیب

اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ

مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ	النُّذُرُ	خَلَتِ	قَدْ	وَ	بِالْاَحْقَافِ	قَوْمَهٗ	اَنْذَرَ	اِذْ	عَادٍ	اَخَا
اس سے پہلے بھی	ڈرانیوالے	گزر چکے	بیشک	اور	احقاف کے علاقہ میں	اپنی قوم کو	ڈرایا اس نے	جب	عاد کا	بھائی

کبریا ﷺ اور عاد کے بھائی (ھود علیہ السلام) کا ذکر کیجئے جب اس نے وادی احقاف میں اپنی قوم کو ڈرایا

وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ

وَ	مِنْ خَلْفِهٖ	اَلَّا	تَعْبُدُوْٓا	اِلَّا	اللّٰهَ	اِنِّیْٓ	اَخَافُ	عَلَیْكُمْ	عَذَابَ
اور	اس کے بعد بھی	یہ کہ نہ	پوجو	مگر صرف	اللہ کو	بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب

اوراس سے پہلے بھی ڈرانے والے گزر چکے ہیں اوراس کے پیچھے بھی کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو میں تم پر ایک بڑے دن

یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ

یَوْمٍ	عَظِیْمٍ	قَالُوْٓا	اَجِئْتَنَا	لِتَاْفِكَنَا	عَنْ اٰلِهَتِنَا	فَاْتِنَا	بِمَا	تَعِدُنَآ	اِنْ
دن	بڑے سے	بولے	کیا تم آئے ہمارے پاس	کہ ہمیں پھیر دو	ہمارے معبودوں سے	تو لاؤ ہمارے پاس	جو	وعدہ دیتے ہو تم ہم کو	اگر

کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ وہ کہنے لگے کیا آپ اس لئے ہمارے پاس آئے ہیں کہ ہمیں ہمارے خداؤں سے برگشتہ کرے؟ تو جس چیز سے

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ٘ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ

كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِیْنَ	قَالَ	اِنَّمَا	الْعِلْمُ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	اُبَلِّغُكُمْ	مَآ
ہو تم	سچے لوگوں سے	فرمایا	بات صرف یہ ہے کہ	علم	اللہ کے پاس ہے	اور	میں پہنچاتا ہوں تم کو	جو کچھ

آپ ہمیں ڈراتے ہیں وہ لے آؤ اگر آپ سچوں میں سے ہیں۔ پیغمبر نے فرمایا علم اللہ ہی کے پاس ہے اور میں تمہیں وہی (پیغام)

اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّیْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا

اُرْسِلْتُ	بِهٖ	وَلٰكِنِّیْ	اَرٰىكُمْ	قَوْمًا	تَجْهَلُوْنَ	فَلَمَّا	رَاَوْهُ	عَارِضًا
بھیجا گیا ہوں میں	ساتھ اسکے	اور لیکن میں	دیکھتا ہوں تم کو	قوم	جاہلوں کی	تو جب	دیکھا انہوں نے ایک	بادل

پہنچاتا ہوں جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں لیکن میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم جاہل لوگ ہو۔ پھر جب انہوں نے اس (عذاب)

مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِیَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا

مُّسْتَقْبِلَ	اَوْدِیَتِهِمْ	قَالُوْا	هٰذَا	عَارِضٌ	مُّمْطِرُنَا	بَلْ	هُوَ	مَا
آتا ہوا	اسکے میدانوں میں	تو بولے	یہ	بادل ہے	بارش برسائے گا ہم پر	بلکہ	وہ ہے	جو

کو بادل کی طرح اپنے میدانوں کی طرف آتے دیکھا تو بولے یہ بادل ہے جو ہم پر برسے گا (نہیں) بلکہ یہ تو وہ (عذاب) ہے

اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ لا تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ

بِاَمْرِ	شَيْءٍ	كُلَّ	تُدَمِّرُ	اَلِيْمٌ	عَذَابٌ	فِيْهَا	رِيْحٌ	بِهٖ	اسْتَعْجَلْتُمْ
حکم سے	چیز کو	ہر	توڑتی تھی	دردناک	عذاب ہے	اس میں	آندھی ہے	اس کی	جلدی کی تم نے

جسے تم نے جلدی طلب کیا ایک (سخت) آندھی جس میں دردناک عذاب ہے۔ جو اپنے پروردگار کے حکم سے ہر شے کو تباہ و برباد

رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ

الْقَوْمَ	نَجْزِي	كَذٰلِكَ	مَسٰكِنُهُمْ	اِلَّا	يُرٰٓى	لَا	فَاَصْبَحُوْا	رَبِّهَا
قوم	بدلہ دیتے ہیں ہم	اسی طرح	ان کے گھر	مگر	نظر آتے تھے	نہیں	تو ہو گئے	اپنے رب کے

کر دے گی پس وہ ایسے (برباد) ہو گئے کہ ان کے (مسمار) گھروں کے سوا کچھ نظر ہی نہیں آتا تھا ہم مجرموں کو

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ

لَهُمْ	جَعَلْنَا	وَ	فِيْهِ	مَّكَّنّٰكُمْ	اِنْ	فِيْمَآ	مَكَّنّٰهُمْ	وَلَقَدْ	الْمُجْرِمِيْنَ
ان کے	بنائے ہم نے	اور	اس میں	طاقت دی، کو	نہیں	اتنی کہ	ہم نے انکو طاقت دی	اور بیشک	مجرم کو

ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔ اور بے شک ہم نے ان کو ان کاموں میں طاقت دے رکھی تھی جس میں ہم نے تم

سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۫ۖ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ

اَبْصَارُهُمْ	وَلَآ	سَمْعُهُمْ	عَنْهُمْ	اَغْنٰى	فَمَآ	اَفْـِٕدَةً	وَّ	اَبْصَارًا	وَّ	سَمْعًا
ان کی آنکھیں	اور نہ	ان کے کان	ان کے	کام آئے	تو نہ	دل	اور	آنکھیں	اور	کان

کو طاقت نہیں دی اور ان کیلئے کان اور آنکھ اور دل بنائے تو ان کے کان اور آنکھیں

وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ

حَاقَ	وَ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	يَجْحَدُوْنَ	كَانُوْا	اِذْ	مِّنْ شَيْءٍ	اَفْـِٕدَتُهُمْ	لَآ	وَ
گھیر لیا	اور	اللہ کی آیتوں کا	انکار کرتے	تھے	جبکہ	کچھ بھی	ان کے دل	نہ	اور

اور دل کچھ کام نہ آئے جب کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور انہیں گھیر لیا

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى

بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَ	لَقَدْ	اَهْلَكْنَا	مَا	حَوْلَكُمْ	مِّنَ الْقُرٰى
ان کو	اس چیز نے کہ	تھے	اس کا	مذاق اڑاتے	اور	بیشک	ہلاک کیں ہم نے	جو	تمہارے ارد گرد ہیں	بستیاں

اس عذاب نے جس کا مذاق اڑاتے تھے۔ اور ہم ان بستیوں کو بھی ہلاک کر چکے ہیں جو تمہارے ارد گرد ہیں

وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ

وَ	صَرَّفْنَا	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَلَوْ	لَا نَصَرَهُمُ	الَّذِيْنَ
اور	طرح طرح سے بیان کیں	آیتیں	تا کہ وہ	باز آئیں	تو کیوں نہ	مدد کی ان کی	انہوں نے جن کو

اور ہم نے طرح طرح سے آیتوں کو بیان کیا کہ شاید وہ رجوع کریں۔ پھر کیوں انہوں نے ان کی مدد نہ کی جنہیں

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ

اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	قُرْبَانًا	اٰلِهَةً	بَلْ	ضَلُّوْا	عَنْهُمْ	وَ	ذٰلِكَ
بنایا	سوائے	اللہ کے	قرب کا سبب	خدا بنا کر	بلکہ	گم ہوگئے	ان سے	اور	یہ ہے

انہوں نے قرب حاصل کرنے کیلئے اللہ کے سوا خدا بنا رکھا تھا؟ بلکہ وہ ان سے گم ہو گئے اور یہ

اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ

اِفْكُهُمْ	وَ	مَا	كَانُوْا	يَفْتَرُوْنَ	وَ	اِذْ	صَرَفْنَآ	اِلَيْكَ	نَفَرًا	مِّنَ الْجِنِّ
ان کا جھوٹ	اور	جو	تھے وہ	افتراء کرتے	اور	جب	ہم نے پھیرا	آپ کی طرف	ایک جماعت	جنوں کی

ان کا جھوٹ تھا اور ایک بات جو وہ گھڑا کرتے تھے۔ اور (یاد فرمایئے اے حبیب ﷺ!) جب ہم آپ کی طرف جنات کی ایک

يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ

يَسْتَمِعُوْنَ	الْقُرْاٰنَ	فَلَمَّا	حَضَرُوْهُ	قَالُوْٓا	اَنْصِتُوْا	فَلَمَّا	قُضِيَ
وہ سنتے رہے	قرآن	تو جب	حاضر ہوئے انکے حضور	تو بولے	خاموش رہو	پھر جب	پورا ہوگیا

جماعت کو پھیر لائے بغور قرآن سنتے ہوئے تو جب حاضر ہوئے انہوں نے (آپس میں) کہا خاموش رہو پھر جب (قرآن کی)

وَلَّوْا اِلٰی قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِیْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا یٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ

وَلَّوْا	اِلٰی قَوْمِهِمْ	مُّنْذِرِیْنَ	قَالُوْا	یٰقَوْمَنَآ	اِنَّا	سَمِعْنَا	كِتٰبًا	اُنْزِلَ
تو پلٹے	اپنی قوم کی طرف	ڈرسناتے	بولے	اے ہماری قوم	بیشک ہم نے	سنی	ایک کتاب	اتاری گئی

قرأت ہو چکی تو وہ اپنی قوم کی طرف ڈر سناتے ہوئے واپس لوٹے۔ انہوں نے کہا اے ہماری قوم بے شک ہم نے ایک کتاب

مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰی مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ یَهْدِیْٓ اِلَی الْحَقِّ وَاِلٰی

مِنْۢ بَعْدِ	مُوْسٰی	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَیْنَ یَدَیْهِ	یَهْدِیْٓ	اِلَی	الْحَقِّ	وَ	اِلٰی
بعد	موسیٰ کے	تصدیق کرتی ہے	اسکی جو	پہلے اس سے ہے	راہ دکھاتی ہے	طرف	حق کی	اور	طرف

سنی جو موسیٰ علیہ السلام کے بعد اُتاری گئی پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہوئی حق کی طرف ہدایت کرتی ہے

طَرِیْقٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۳۰﴾ یٰقَوْمَنَآ اَجِیْبُوْا دَاعِیَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ یَغْفِرْ لَكُمْ

طَرِیْقٍ	مُّسْتَقِیْمٍ	یٰقَوْمَنَآ	اَجِیْبُوْا	دَاعِیَ	اللّٰهِ	وَ	اٰمِنُوْا	بِهٖ	یَغْفِرْ لَكُمْ
راہ	سیدھی کی	اے ہماری قوم	قبول کرو	منادی	اللہ کی	اور	ایمان لاؤ	اسکے ساتھ	بخش دے گا

اور سیدھی راہ کی طرف۔ اے ہماری قوم اللہ کی طرف بلانے والے (رسول رحمت ﷺ) کی بات مانو

مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَیُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا یُجِبْ دَاعِیَ

مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ	وَ	یُجِرْكُمْ	مِّنْ عَذَابٍ	اَلِیْمٍ	وَ	مَنْ	لَّا	یُجِبْ	دَاعِیَ
تم کو تمہارے گناہ	اور	بچائے گا تم کو	عذاب	دردناک سے	اور	جو	نہ	قبول کرے گا	منادی

اور ان پر ایمان لاؤ کہ وہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے اور تمہیں دردناک عذاب سے بچالے۔ اور جو اللہ کی طرف بلانے والے رسول

اللّٰهِ فَلَیْسَ بِمُعْجِزٍ فِی الْاَرْضِ وَلَیْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءُ ؕ

اللّٰهِ	فَلَیْسَ	بِمُعْجِزٍ	فِی الْاَرْضِ	وَ	لَیْسَ	لَهٗ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اَوْلِیَآءُ
اللہ کی	تو نہیں ہے وہ	عاجز کرنیوالا	زمین میں	اور	نہیں ہے	اس کیلئے	اس کے سوا کوئی	مددگار

محتشم ﷺ کی بات نہ مانے وہ زمین میں (بھاگ کر اللہ) کو عاجز نہیں کر سکے گا اور اللہ کے سامنے

أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٣٢﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

اُولٰٓئِکَ	فِیْ ضَلٰلٍ	مُّبِیْنٍ	اَوَلَمْ	یَرَوْا	اَنَّ	اللّٰہَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
یہ لوگ ہیں	گمراہی میں ہیں	کھلی	کیا نہ	دیکھا انہوں نے	کہ بیشک	اللہ	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں کو

اس کا کوئی مددگار نہیں وہ کھلی گمراہی میں ہے۔ اور کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ اللہ جس نے آسمانوں

وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ ۚ بَلَىٰ إِنَّهُ

وَ	الْاَرْضَ	وَلَمْ	یَعْیَ	بِخَلْقِھِنَّ	بِقٰدِرٍ	عَلٰٓی	اَنْ	یُّحْیِیَ	الْمَوْتٰی	بَلٰٓی	اِنَّہٗ
اور	زمین کو	اور نہ	تھکا	انکی پیدائش سے	قادر ہے	اوپر	اسکے کہ	زندہ کرے	مردوں کو	کیوں نہیں	بیشک وہ

اور زمین کو بنایا ہے اور انہیں بنانے سے تھکا نہیں اس پر قادر ہے کہ مردوں کو زندہ کر دے؟ بے شک وہ

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٣٣﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ

عَلٰی	کُلِّ	شَیْءٍ	قَدِیْرٌ	وَ	یَوْمَ	یُعْرَضُ	الَّذِیْنَ	کَفَرُوْا	عَلَی	النَّارِ
اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے	اور	جس دن	پیش کیے جائینگے	وہ جو	کافر ہیں	اوپر	آگ کے

ہر چیز پر قادر ہے۔ اور جس دن کافروں کو آگ کے سامنے لایا جائے گا

أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا

اَلَیْسَ	ھٰذَا	بِالْحَقِّ	قَالُوْا	بَلٰی	وَ	رَبِّنَا	قَالَ	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا
کیا نہیں	یہ	حق	کہیں گے	کیوں نہیں	قسم ہے	ہمارے رب کی	فرمائے گا	تو چکھو	عذاب	بدلہ اس کا کہ

کیا یہ برحق نہیں؟ وہ کہیں گے ہاں ہمارے رب کی قسم کہا جائے گا اب عذاب کا مزہ چکھو

كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٤﴾ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ

کُنْتُمْ	تَکْفُرُوْنَ	فَاصْبِرْ	کَمَا	صَبَرَ	اُولُوا الْعَزْمِ	مِنَ الرُّسُلِ
تم تھے	کفر کرتے	تو آپ صبر کریں	جیسا	صبر کیا	ہمت والے	رسولوں نے

تم نہیں مانتے تھے۔ تو (اے حبیب ﷺ!) آپ صبر فرمائیں جیسا صبر کیا ہمت والے رسولوں نے اور آپ ان (منکروں)

وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ۭ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا

اِلَّا	يَلْبَثُوْٓا	لَمْ	يُوْعَدُوْنَ	مَا	يَرَوْنَ	يَوْمَ	كَاَنَّهُمْ	لَّهُمْ	تَسْتَعْجِلْ	لَا	وَ
مگر	ٹھہرے وہ	نہ	وعدہ دیئے گئے	جو	دیکھیں گے	جس دن	گویا کہ وہ	ان کیلئے	جلدی کریں	نہ	اور

کیلئے جلدی نہ فرمائیں جس دن وہ دیکھیں گے (عذابِ آخرت کو) جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (محسوس کریں گے کہ) گویا وہ

سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ۭ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع

الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ	اِلَّا	يُهْلَكُ	فَهَلْ	بَلٰغٌ	مِّنْ نَّهَارٍ	سَاعَةً
بے حکم لوگ	مگر	ہلاک ہوں گے	تو نہ	یہ پہنچانا ہے	دن کی	ایک گھڑی

(اس سے پہلے) دن کی صرف ایک گھڑی ٹھہرتے تھے (یہ قرآن) پیغام عظیم ہے تو وہی لوگ ہلاک ہوں گے جو نافرمان ہیں۔

آیاتها ۳۸ ۴۷ سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ ۹۵ رکوعاتها ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۱﴾

اَعْمَالَهُمْ	اَضَلَّ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	صَدُّوْا	وَ	كَفَرُوْا	اَلَّذِيْنَ
ان کے عمل	برباد گئے	خدا کی راہ سے	روکا	اور	کافر ہوئے	وہ لوگ جو

جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اللہ نے ان کے عمل برباد کر دیے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰي مُحَمَّدٍ وَّهُوَ

هُوَ	وَ	مُحَمَّدٍ	عَلٰي	نُزِّلَ	بِمَا	اٰمَنُوْا	وَ	الصّٰلِحٰتِ	عَمِلُوا	وَ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	وَ
وہ	اور	محمد ﷺ کے	اوپر	اتارا گیا	اس پر جو	ایمان لائے	اور	اچھے	عمل کیے	اور	ایمان لائے	وہ لوگ جو	اور

اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور اس پر ایمان لائے جو محمد ﷺ پر نازل فرمایا گیا ہے اور وہی

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝۲ ذٰلِكَ

الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّهِمْ	كَفَّرَ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ	وَ	اَصْلَحَ	بَالَهُمْ	ذٰلِكَ
حق ہے	اپنے رب کی طرف سے	دور کردیں	ان سے	ان کی برائیاں	اور	سنواردیں	ان کی حالت	یہ

ان کے رب کے پاس سے حق ہے اللہ نے ان کی برائیاں دور فرمادیں اور ان کی حالتیں سنواردیں۔ یہ

بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ

بِاَنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوا	اتَّبَعُوا	الْبَاطِلَ	وَ	اَنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اتَّبَعُوا	الْحَقَّ
اس لئے کہ	وہ جو	کافر ہیں	پیروی کرتے ہیں	باطل کی	اور	بیشک	وہ جو	ایمان لائے	پیروی کرتے ہیں	حق کی

اس لئے کہ کافر جھوٹ پر چلے اور ایمان والے اپنے رب کی طرف سے (آئے ہوئے) حق پر چلے

مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝۳ فَاِذَا لَقِيْتُمُ

مِنْ رَّبِّهِمْ	كَذٰلِكَ	يَضْرِبُ	اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	اَمْثَالَهُمْ	فَاِذَا	لَقِيْتُمُ
اپنے رب کی طرف سے	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	لوگوں کیلئے	ان کی مثالیں	تو جب	تمہارا سامنا ہو

اس طرح اللہ لوگوں کیلئے ان کے حالات بیان کرتا ہے۔ پھر جب کافروں سے تمہارا مقابلہ ہو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَضَرْبَ الرِّقَابِ	حَتّٰٓى	اِذَآ	اَثْخَنْتُمُوْهُمْ	فَشُدُّوا
کافروں سے	تو گردنیں مارنا ہے	یہاں تک کہ	جب	انہیں خوب قتل کرلو	مضبوط

تو گردنیں اڑا دو یہاں تک کہ جب تم ان کی خوب خونریزی کر چکو تو (قیدیوں کو) مضبوطی سے باندھ لو

الْوَثَاقَ ڎ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاۗءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ڕ ذٰلِكَ ڐ

الْوَثَاقَ	فَاِمَّا	مَنًّا	بَعْدُ	وَ	اِمَّا	فِدَاۗءً	حَتّٰى	تَضَعَ	الْحَرْبُ	اَوْزَارَهَا	ذٰلِكَ
باندھو	پھر یا تو	احسان کرو	اسکے بعد	اور	یا	فدیہ لو	یہاں تک کہ	رکھدے	لڑائی	اپنا بوجھ	یہ ہے

پھر بعد میں چاہے احسان کرو چاہے فدیہ لے لو یہاں تک کہ لڑائی (کرنے والے) اپنے ہتھیار ڈال دے

وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَاْ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ

بِبَعْضٍ	بَعْضَكُمْ	لِّيَبْلُوَاْ	لٰكِنْ	وَ	مِنْهُمْ	لَانْتَصَرَ	اللّٰهُ	يَشَآءُ	لَوْ	وَ
بعض سے	تمہارے بعض کو	تاکہ آزمائے	لیکن	اور	ان سے	تو بدلہ لیتا	اللہ	چاہتا	اگر	اور

پس یہی حکم ہے اور اگر اللہ چاہتا تو خود ان سے بدلہ لے سکتا تھا لیکن یہ اس لئے ہے تا کہ وہ تمہیں ایک دوسرے کے ذریعے سے

وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۴﴾ سَيَهْدِيْهِمْ

سَيَهْدِيْهِمْ	اَعْمَالَهُمْ	يُّضِلَّ	فَلَنْ	فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	قُتِلُوْا	وَالَّذِيْنَ
عنقریب راہ دکھائے گا انکو	ان کے اعمال	ضائع کرے گا	ہرگز نہیں	اللہ کی راہ میں	مارے گئے	اور وہ لوگ جو

آزمائے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں ان کے عملوں کو وہ ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔ عنقریب ان کی رہنمائی فرمائے

وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ﴿۵﴾ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	يٰۤاَيُّهَا	لَهُمْ	عَرَّفَهَا	الْجَنَّةَ	يُدْخِلُهُمُ	وَ	بَالَهُمْ	يُصْلِحُ	وَ
وہ جو	اے	ان کو	پہچان کرادی ہے اسکی	جنت میں	داخل کرے گا ان کو	اور	انکی حالت	درست کرے گا	اور

گا اور ان کا حال درست فرمادے گا۔ اور انہیں جنت میں داخل کرے گا جس کی انہیں پہچان کرادی ہے۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ﴿۷﴾ وَالَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	وَ	اَقْدَامَكُمْ	يُثَبِّتْ	وَ	يَنْصُرْكُمْ	اللّٰهَ	تَنْصُرُوا	اِنْ	اٰمَنُوْۤا
وہ جو	اور	تمہارے قدم	ثابت رکھے گا	اور	تو وہ مدد کرے گا تمہاری	اللہ کی	مدد کرو گے تم	اگر	ایمان لائے ہو

اگر تم دین خدا کی مدد کرو گے اللہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم جما دے گا۔ اور جنہوں نے

كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۸﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَاۤ اَنْزَلَ

اَنْزَلَ	مَاۤ	كَرِهُوْا	بِاَنَّهُمْ	ذٰلِكَ	اَعْمَالَهُمْ	اَضَلَّ	وَ	لَّهُمْ	فَتَعْسًا	كَفَرُوْا
اتارا	جو	ناپسند کیا انہوں نے	اس لئے کہ	یہ	ان کے عمل	برباد کردیئے	اور	ان کیلئے	تو ہلاکت ہے	کافر ہوئے

کفر کیا تو ان پر تباہی پڑے گی اور اللہ ان کے اعمال برباد کردے گا۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے اسے جو اللہ نے نازل کیا ہے

اللّٰہُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَہُمْ ﴿٩﴾ اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا کَیْفَ

کَیْفَ	فَیَنْظُرُوْا	فِی الْاَرْضِ	یَسِیْرُوْا	اَفَلَمْ	اَعْمَالَہُمْ	فَاَحْبَطَ	اللّٰہُ
کیسا	کہ دیکھتے	زمین میں	پھرے وہ	کیا نہیں	ان کے عمل	تو اکارت گئے	اللہ نے

ناپسند کیا سو اس نے بھی ان کے عمل اکارت کر دیئے۔ کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے کہ ان سے

کَانَ عَاقِبَۃُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِہِمْ ؕ دَمَّرَ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ ۫ وَلِلْکٰفِرِیْنَ

لِلْکٰفِرِیْنَ	وَ	عَلَیْہِمْ	اللّٰہُ	دَمَّرَ	مِنْ قَبْلِہِمْ	الَّذِیْنَ	عَاقِبَۃُ	کَانَ
کافروں کیلئے ہیں	اور	ان پر	اللہ نے	تباہی ڈالی	جو ان سے پہلے تھے	ان کا	انجام	ہوا

پہلے لوگوں کا انجام کیسا ہوا! اللہ نے ان پر ہلاکت و بربادی ڈال دی اور کافروں کے ساتھ

اَمْثَالُہَا ﴿١٠﴾ ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ مَوْلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْکٰفِرِیْنَ

الْکٰفِرِیْنَ	اَنَّ	وَ	اٰمَنُوْا	الَّذِیْنَ	مَوْلٰی	اللّٰہَ	بِاَنَّ	ذٰلِکَ	اَمْثَالُہَا
کافروں کا	بیشک	اور	جو ایمان لائے	ان کا	مولی ہے	اللہ	اس لئے کہ	یہ	مثالیں

ایسا ہی ہوگا۔ یہ اس لئے کہ اللہ ایمان والوں کا مددگار ہے اور اس لئے کہ کافروں کا

لَا مَوْلٰی لَہُمْ ﴿١١﴾ؑ اِنَّ اللّٰہَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

الصّٰلِحٰتِ	عَمِلُوْا	وَ	اٰمَنُوْا	الَّذِیْنَ	یُدْخِلُ	اللّٰہَ	اِنَّ	لَہُمْ	مَوْلٰی	لَا
اچھے	کام کئے	اور	جو ایمان لائے	ان کو	داخل کرے گا	اللہ	بیشک	ان کا	کوئی مولی	نہیں ہے

کوئی مددگار نہیں۔ بے شک اللہ جنتوں میں داخل فرمائے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِہَا الْاَنْہٰرُ ؕ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا یَتَمَتَّعُوْنَ

یَتَمَتَّعُوْنَ	کَفَرُوْا	الَّذِیْنَ	وَ	الْاَنْہٰرُ	مِنْ تَحْتِہَا	تَجْرِیْ	جَنّٰتٍ
برتتے ہیں	کافر ہیں وہ	وہ جو	اور	نہریں	ان کے نیچے	رواں ہیں	باغوں میں کہ

نیک عمل کئے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور جو کافر ہوئے وہ (دنیا میں) فائدہ اٹھا رہے ہیں

وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

مِّنْ قَرْيَةٍ	كَاَيِّنْ	وَ	لَهُمْ	مَثْوًى	وَالنَّارُ	الْاَنْعَامُ	تَاْكُلُ	كَمَا	يَاْكُلُوْنَ	وَ
بستیاں ہیں	کتنی ہی	اور	ان کا	ٹھکانہ ہے	اور آگ	جانور	کھاتے ہیں	جیسے	کھاتے ہیں	اور

اور کھاتے ہیں جس طرح چوپائے کھاتے ہیں اور آگ ان کا ٹھکانا ہے۔ اور کتنے ہی شہر کہ اس شہر سے

هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا

فَلَا	اَهْلَكْنٰهُمْ	اَخْرَجَتْكَ	الَّتِيْٓ	مِّنْ قَرْيَتِكَ	قُوَّةً	اَشَدُّ	هِيَ
تو نہیں ہے	ہم نے ان کو ہلاک کردیا	آپ کو نکال دیا ہے	وہ کہ جس نے	تمہاری بستی سے	قوت میں	زیادہ سخت تھیں	کہ وہ

قوت میں زیادہ تھے جس نے تمہیں تمہارے شہر سے ہجرت کے ذریعے باہر کیا ہم نے انہیں ہلاک فرمایا تو ان کا

نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ

سُوْٓءُ	لَهٗ	زُيِّنَ	كَمَنْ	مِّنْ رَّبِّهٖ	بَيِّنَةٍ	عَلٰى	كَانَ	اَفَمَنْ	لَهُمْ	نَاصِرَ
برے	اس کیلئے	خوشنما بنائے گئے	وہ اس جیسا ہے	اپنے رب کی طرف سے	دلیل کے	اوپر	ہے	تو کیا جو	ان کا	کوئی مددگار

کوئی مددگار نہیں تھا۔ تو کیا جو اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہو اس جیسا ہوگا جس کے برے عمل اسے بھلے

عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ

الْمُتَّقُوْنَ	وُعِدَ	الَّتِيْ	الْجَنَّةِ	مَثَلُ	اَهْوَآءَهُمْ	وَاتَّبَعُوْٓا	عَمَلِهٖ
پرہیزگار	وعدہ دیئے گئے	وہ جس کا	جنت کی	مثال	اپنی خواہشوں کی	اور پیروی کی انہوں نے	عمل اس کے

دکھائے گئے اور وہ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلے۔ اس جنت کی مثال جس کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے

فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ

طَعْمُهٗ	يَتَغَيَّرْ	لَمْ	مِّنْ لَّبَنٍ	وَاَنْهٰرٌ	اٰسِنٍ	غَيْرِ	مِّنْ مَّآءٍ	اَنْهٰرٌ	فِيْهَآ
اس کا مزہ	متغیر ہوگا	کہ نہیں	دودھ کی	اور کچھ نہریں	خراب ہونیوالا	نہیں ہے	پانی کی	نہریں ہیں	اس میں

اس میں نہریں ہوں گی ایسے پانی کی جس کا مزہ بدلا نہیں ہوگا نہریں ہوں گی ایسے دودھ کی جس کا ذائقہ

وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ

وَ	اَنْهٰرٌ	مِّنْ خَمْرٍ	لَّذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِيْنَ	وَ	اَنْهٰرٌ	مِّنْ عَسَلٍ	مُّصَفًّى	وَ	لَهُمْ
اور	نہریں ہیں	شراب کی	لذت ہے	پینے والوں کیلئے	اور	نہریں	ایسی شہد کی	خالص کی	اور	ان کیلئے

اور نہریں ہیں ایسی شراب کی جو پینے والوں کیلئے خوش مزا ہو گی اور نہریں ہوں گی صاف ستھرے شہد کی

فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِى النَّارِ

فِيْهَا	مِنْ كُلِّ	الثَّمَرٰتِ	وَ	مَغْفِرَةٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	كَمَنْ	هُوَ	خَالِدٌ	فِى النَّارِ
اس میں	ہر طرح کے	پھل ہیں	اور	بخشش	انکے رب کی طرف سے	کیا اس جیسا ہے	وہ	ہمیشہ رہنے والا ہے	آگ میں

اور وہاں ان کیلئے ہر قسم کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی بخشش ہو گی کیا یہ لوگ اس کی طرح ہوں گے جو ہمیشہ آگ میں رہے گا

وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ

وَ	سُقُوْا	مَآءً	حَمِيْمًا	فَقَطَّعَ	اَمْعَآءَهُمْ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُ
اور	پلائے جائینگے	پانی	کھولتا	تو وہ کاٹ دے گا	انتڑیاں ان کی	اور	بعض ان میں سے	وہ ہیں جو	کان رکھتے ہیں

اور جنہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔ اور ان میں بعض آپ کی طرف

اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

اِلَيْكَ	حَتّٰى	اِذَا	خَرَجُوْا	مِنْ عِنْدِكَ	قَالُوْا	لِلَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ
آپکی طرف	یہاں تک کہ	جب	نکلتے ہیں	آپ کے پاس سے تو	کہتے ہیں	ان سے جو	دیئے گئے	علم

کان لگائے رکھتے ہیں حتیٰ کہ جب تمہارے پاس سے نکلتے ہیں تو اہل علم سے کہتے ہیں انہوں نے

مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۫ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا

مَاذَا	قَالَ	اٰنِفًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	طَبَعَ	اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	وَاتَّبَعُوْٓا
کیا	فرمایا ہے	ابھی	یہ لوگ	وہ ہیں کہ	مہر کر دی	اللہ نے	اوپر	انکے دلوں کے	اور پیروی کی انہوں نے

ابھی ابھی کیا فرمایا تھا؟ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مُہر لگا دی ہے اور وہ اپنی

اَهۡوَآءَهُمۡ ﴿١٦﴾ وَالَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا زَادَهُمۡ هُدًى وَّاٰتٰهُمۡ تَقۡوٰىهُمۡ ﴿١٧﴾

تَقۡوٰىهُمۡ	اٰتٰهُمۡ	وَ	هُدًى	زَادَهُمۡ	اهۡتَدَوۡا	الَّذِيۡنَ	وَ	اَهۡوَآءَهُمۡ
انکی پرہیزگاری	دی ان کو	اور	ہدایت	زیادہ کی ان کو	ہدایت پائی	وہ لوگ جنہوں نے	اور	اپنی خواہشوں کی

خواہشوں پر چلتے ہیں۔ اور وہ لوگ جنہوں نے ہدایت قبول کی اللہ نے ان کی ہدایت کو زیادہ کردیا اور انہیں ان کا تقویٰ عطا فرمایا۔

فَهَلۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ بَغۡتَةً ۚ فَقَدۡ جَآءَ

جَآءَ	فَقَدۡ	بَغۡتَةً	تَاۡتِيَهُمۡ	اَنۡ	السَّاعَةَ	اِلَّا	يَنۡظُرُوۡنَ	فَهَلۡ
آچکیں	تو بیشک	اچانک	آئے انکے پاس	یہ کہ	قیامت کا	مگر	انتظار کرتے ہیں	تو کیا

تو اب یہ لوگ قیامت ہی کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ اچانک ان پر آجائے تو بے شک اس کی نشانیاں آچکی ہیں

اَشۡرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمۡ اِذَا جَآءَتۡهُمۡ ذِكۡرٰىهُمۡ ﴿١٨﴾ فَاعۡلَمۡ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا

اِلَّا	اِلٰهَ	لَاۤ	اَنَّهٗ	فَاعۡلَمۡ	ذِكۡرٰىهُمۡ	جَآءَتۡهُمۡ	اِذَا	لَهُمۡ	فَاَنّٰى	اَشۡرَاطُهَا
مگر	کوئی معبود	نہیں	کہ بیشک	تو جان لے	سمجھنا ان کا	آئے گا انکے پاس	جب	ان کیلئے	تو کہاں ہوگا	اس کی علامتیں

پھر جب وہ ان کے پاس آجائے گی تو اس وقت انہیں سوچنے کا موقع کہاں ملے گا۔ تو جان لو کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہیں

اللّٰهُ وَاسۡتَغۡفِرۡ لِذَنۡۢبِكَ وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ

يَعۡلَمُ	اللّٰهُ	وَ	الۡمُؤۡمِنٰتِ	وَ	لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ	وَ	لِذَنۡۢبِكَ	وَاسۡتَغۡفِرۡ	اللّٰهُ
جانتا ہے	اللہ	اور	مومن عورتوں کیلئے	اور	مومن مردوں کیلئے	اور	اپنے خاصوں کے گناہ	اور بخشش مانگو	اللہ

اور اے محبوب ﷺ اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے لیے استغفار کریں اور اللہ جانتا ہے دن کو

مُتَقَلَّبَكُمۡ وَمَثۡوٰىكُمۡ ﴿١٩﴾ ع وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَوۡلَا نُزِّلَتۡ سُوۡرَةٌ ۚ

ع ٨

سُوۡرَةٌ	نُزِّلَتۡ	لَا	لَوۡ	اٰمَنُوۡا	الَّذِيۡنَ	يَقُوۡلُ	وَ	مَثۡوٰىكُمۡ	وَ	مُتَقَلَّبَكُمۡ
کوئی سورت	اتاری جاتی	نہیں	کیوں	مومن ہیں	وہ جو	کہتے ہیں	اور	آپ کا آرام کرنا	اور	آپ کا پھرنا

تمہارا چلنا اور رات کو تمہارا آرام لینا۔ اور مسلمان کہتے ہیں کوئی سورت کیوں نہ اتاری گئی پھر جب کوئی پختہ سورت

فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

فِیْ قُلُوْبِهِمْ	الَّذِيْنَ	رَاَيْتَ	الْقِتَالُ	فِيْهَا	ذُكِرَ	وَ	مُّحْكَمَةٌ	سُوْرَةٌ	اُنْزِلَتْ	فَاِذَآ
دلوں میں	انکو جن کے	تو تم دیکھو گے	جہاد کا	اس میں	ذکر ہوا	اور	پختہ	کوئی سورت	اتاری جاتی ہے	تو جب

اتاری گئی اور اس میں جہاد کا حکم فرمایا گیا تو تم دیکھو گے انہیں جن کے دلوں میں

مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ

مِنَ الْمَوْتِ	الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ	نَظَرَ	اِلَيْكَ	يَنْظُرُوْنَ	مَرَضٌ
موت کی	جیسے اس پر غشی طاری ہو	دیکھنا	آپ کی طرف	دیکھتے ہیں	بیماری ہے

بیماری ہے کہ تمہاری طرف اس طرح دیکھتے ہیں جس پر موت چھائی ہو تو ان کے

فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ﴿۲۰﴾ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۫ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۫ فَلَوْ

فَلَوْ	الْاَمْرُ	عَزَمَ	فَاِذَا	مَعْرُوْفٌ	قَوْلٌ	وَ	طَاعَةٌ	لَهُمْ	فَاَوْلٰى
تو اگر	کام کا	فیصلہ ہو جائے	تو جب	اچھی	بات	اور	فرمانبرداری چاہئے	ان پر	تو افسوس ہے

حق میں بہتر یہ تھا۔ کہ اطاعت کرنا اور مناسب بات کہنا پھر جب معاملہ طے ہو جائے تو اگر وہ

صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ﴿۲۱﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ

اَنْ	تَوَلَّيْتُمْ	اِنْ	عَسَيْتُمْ	فَهَلْ	لَهُمْ	خَيْرًا	لَكَانَ	اللّٰهَ	صَدَقُوا
یہ کہ	پھر جاؤ تم	اگر	بعید ہے	تو کیا	ان کیلئے	بہتر	تو ہو	اللہ کو	وہ سچ کر دکھائیں

اللہ سے سچے رہتے تو ان کیلئے بہتر ہو گا۔ اور اگر تم نے منہ موڑ لیا تو ممکن ہے کہ تم

تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	اَرْحَامَكُمْ	تُقَطِّعُوْٓا	وَ	فِي الْاَرْضِ	تُفْسِدُوْا
وہ ہیں جن پر	یہ	اپنے رشتے	کاٹ دو	اور	زمین میں	فساد کرو

زمین میں فساد کرو اور اپنے رشتوں کو توڑ ڈالو گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ

اَلْقُرْاٰنَ	يَتَدَبَّرُوْنَ	اَفَلَا	اَبْصَارَهُمْ	اَعْمٰٓى	وَ	فَاَصَمَّهُمْ	اللّٰهُ	لَعَنَهُمُ
قرآن پر	غور کرتے	تو کیا نہیں	ان کی آنکھوں کو	اندھا کیا	اور	تو بہرا کیا ان کو	اللہ نے	لعنت کی

اللہ نے لعنت کی تو انہیں بہرا بنا دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا۔ تو کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے؟

اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ

مِّنْۢ بَعْدِ	اَدْبَارِهِمْ	عَلٰٓى	ارْتَدُّوْا	الَّذِيْنَ	اِنَّ	اَقْفَالُهَا	قُلُوْبٍ	عَلٰى	اَمْ
بعد اسکے کہ	اپنی ایڑیوں کے	اوپر	پھر گئے	وہ جو	بیشک	تالے پڑے ہیں	دلوں کے	اوپر	یا

یا ان کے دلوں پر قفل لگے ہوئے ہیں۔ بے شک وہ لوگ اپنی پشتوں کے بل پھر گئے اس کے بعد ہدایت

مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ؕ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾

لَهُمْ	وَاَمْلٰى	لَهُمْ	سَوَّلَ	الشَّيْطٰنُ	الْهُدَى	لَهُمُ	تَبَيَّنَ	مَا
ان کو	اور امید دلائی	ان کو	فریب دیا	شیطان نے	ہدایت	ان کیلئے	ظاہر ہوگئی	جو

ان پر کھل چکی تھی شیطان نے انہیں فریب دیا اور انہیں دنیا میں مدتوں رہنے کی امید دلائی۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ

سَنُطِيْعُكُمْ	اللّٰهُ	نَزَّلَ	مَا	كَرِهُوْا	لِلَّذِيْنَ	قَالُوْا	بِاَنَّهُمْ	ذٰلِكَ
ہم کہا مانیں گے تمہارا	اللہ نے	اتارا	اسکو جو	ناپسند کیا	انکو جنہوں نے	کہا	اس لئے کہ انہوں نے	یہ

یہ اس لئے کہ انہوں نے کہا ان لوگوں سے جنہیں اللہ کا اتارا ہوا ناپسند ہے ایک کام میں ہم

فِىْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

الْمَلٰٓئِكَةُ	تَوَفَّتْهُمُ	اِذَا	فَكَيْفَ	اِسْرَارَهُمْ	يَعْلَمُ	اللّٰهُ	وَ	فِىْ بَعْضِ الْاَمْرِ
فرشتے	انکی روح قبض کریں گے	جب	تو کیسے ہوگا	سرگوشیاں ان کی	جانتا ہے	اللہ	اور	بعض کاموں میں

تمہاری اطاعت کریں گے اور اللہ ان کا چھپا حال جانتا ہے۔ مگر اس وقت کیا بنے گا جب فرشتے ان کے

يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ

يَضْرِبُوْنَ	وُجُوْهَهُمْ	وَ	اَدْبَارَهُمْ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	اتَّبَعُوْا	مَآ	اَسْخَطَ
ماریں گے	ان کے مونہوں پر	اور	ان کی پیٹھوں پر	یہ	اس لئے کہ	پیروی کی انہوں نے	اسکی جو	ناپسند کیا

چہروں اور ان کی پیٹھوں پر مارتے ہوئے انہیں موت دیں گے۔ یہ اس لئے کہ وہ اس بات پر چلے جس نے اللہ کو ناراض کیا

اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ

اللّٰهَ	وَ	كَرِهُوْا	رِضْوَانَهٗ	فَاَحْبَطَ	اَعْمَالَهُمْ	اَمْ	حَسِبَ	الَّذِيْنَ
اللہ نے	اور	انہوں نے ناپسند کیا	اسکی رضامندی کو	تو ضائع کردیئے	ان کے عمل	کیا	خیال کیا	ان لوگوں نے کہ

اور انہوں نے اس کی رضا کو ناپسند کیا سو اس نے ان کے عمل اکارت کردیئے۔ کیا گمان کرلیا ہے ان لوگوں نے جن کے دلوں

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ نَشَآءُ

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	اَنْ	لَّنْ	يُّخْرِجَ	اللّٰهُ	اَضْغَانَهُمْ	وَلَوْ	نَشَآءُ
انکے دلوں میں	بیماری ہے	یہ کہ	ہرگز نہ	نکالے گا	اللہ	ان کا کینہ	اور اگر	ہم چاہیں

میں (نفاق کی) بیماری ہے کہ اللہ ان کے دلوں کے کینے ہرگز ظاہر نہ فرمائے گا؟ اور اگر ہم چاہتے

لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ

لَاَرَيْنٰكَهُمْ	فَلَعَرَفْتَهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ	وَ	لَتَعْرِفَنَّهُمْ	فِيْ لَحْنِ	الْقَوْلِ
تو دکھائیں آپ کو انہیں	کہ پہچان لیں آپ انکو	انکی پیشانی سے	اور	ضرور ان کو پہچانو گے	اسلوب میں	بات کے

تو ضرور ہم آپ کو یہ لوگ دکھا دیتے بے شک ان کی صورت سے تو آپ انہیں پہچان ہی چکے ہیں اور ان کے طرزِ کلام سے (بھی) آپ

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٠﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ

وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ	اَعْمَالَكُمْ	وَ	لَنَبْلُوَنَّكُمْ	حَتّٰى	نَعْلَمَ	الْمُجٰهِدِيْنَ	مِنْكُمْ
اور	اللہ	جانتا ہے	تمہارے عمل	اور	ضرور آزمائیں گے ہم تم کو	یہانتک کہ	ہم جانیں	جہاد کرنے والوں کو	تم میں سے

انکو ضرور پہچان لیں گے اور اللہ تمہارے (سب) کام (خوب) جانتا ہے۔ اور ضرور ہم تمہیں جانچیں گے یہاں تک کہ دیکھ لیں

وَالصّٰبِرِیْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا

صَدُّوْا	وَ	كَفَرُوْا	الَّذِیْنَ	اِنَّ	اَخْبَارَكُمْ	نَبْلُوَا۟	وَ	الصّٰبِرِیْنَ	وَ
روکا	اور	منکر ہوئے	وہ جو	بیشک	خبریں تمہاری	ہم آزمائینگے	اور	صبر کرنیوالوں کو	اور

تمہارے جہاد کرنے والوں اور صابروں کو اور تمہاری خبریں آزمالیں۔ بے شک وہ جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اور

عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُمُ الْهُدٰی ۙ لَنْ

لَنْ	الْهُدٰی	لَهُمُ	تَبَیَّنَ	مَا	مِنْۢ بَعْدِ	الرَّسُوْلَ	شَآقُّوا	وَ	عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ
ہرگز نہیں	ہدایت	ان کیلئے	ظاہر ہوگئی	اسکے کہ	بعد	رسول کی	نافرمانی کی	اور	خدا کی راہ سے

رسول کی مخالفت کی اس کے بعد کہ ہدایت ان پر ظاہر ہو چکی تھی وہ ہرگز اللہ کو کچھ نقصان نہ پہنچائیں گے

یَّضُرُّوا اللّٰهَ شَیْـًٔا ؕ وَسَیُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا

اٰمَنُوْۤا	الَّذِیْنَ	یٰۤاَیُّهَا	اَعْمَالَهُمْ	وَسَیُحْبِطُ	شَیْـًٔا	اللّٰهَ	یَّضُرُّوا
ایمان لائے ہو	وہ جو	اے	ان کے عمل	اور اکارت کردے گا	کچھ بھی	اللہ کا	بگاڑ سکیں گے

اور بہت جلد اللہ ان کے اعمال اکارت کر دے گا۔ اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو

اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

الَّذِیْنَ	اِنَّ	اَعْمَالَكُمْ	لَا تُبْطِلُوْۤا	وَ	الرَّسُوْلَ	وَاَطِیْعُوا	اللّٰهَ	اَطِیْعُوا
وہ جو	بیشک	اپنے عمل	باطل نہ کرو	اور	رسول کا	اور حکم مانو	اللہ کا	حکم مانو

اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو اور اپنے عمل ضائع نہ کرو۔ جن لوگوں نے

كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	یَّغْفِرَ	فَلَنْ	كُفَّارٌ	وَهُمْ	مَاتُوْا	ثُمَّ	عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ	صَدُّوْا	وَ	كَفَرُوْا
اللہ	بخشے گا	تو ہرگز نہ	کافر تھے	اور وہ	مر گئے	پھر	خدا کی راہ سے	روکا	اور	کافر ہوئے

کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا پھر کافر ہی مر گئے اللہ انہیں

لَهُمْ ﴿۳۴﴾ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ

لَهُمْ	فَلَا	تَهِنُوْا	وَ	تَدْعُوْٓا	اِلَى السَّلْمِ	وَ	اَنْتُمُ	الْاَعْلَوْنَ	وَ	اللّٰهُ	مَعَكُمْ
ان کو	تو نہ	سست ہو جاؤ	اور	آپ نہ بلاؤ	صلح کی طرف	اور	تم ہی	غالب ہو	اور	اللہ	تمہارے ساتھ ہے

نہ بخشے گا۔ تو (اے مسلمانو!) تم ہمت نہ ہارو اور ان سے صلح کی درخواست نہ کرو اور تم ہی غالب رہو گے اور اللہ تمہارے ساتھ

وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ

وَ	لَنْ	يَّتِرَكُمْ	اَعْمَالَكُمْ	اِنَّمَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّ	لَهْوٌ	وَ	اِنْ
اور	ہرگز نہ	کم کریگا تمہارے لئے	تمہارے اعمال	اسکے سوا نہیں کہ	زندگی	دنیا کی	کھیل ہے	اور	تماشہ ہے	اور	اگر

ہے اور تمہارے اعمال ہرگز ضائع نہ کرے گا۔ دنیا کی زندگی تو محض ایک کھیل اور تماشا ہے اور اگر

تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾ اِنْ

تُؤْمِنُوْا	وَ	تَتَّقُوْا	يُؤْتِكُمْ	اُجُوْرَكُمْ	وَ	لَا يَسْـَٔلْكُمْ	اَمْوَالَكُمْ	اِنْ
تم ایمان لاؤ	اور	پرہیزگار بنو تو	دے گا تم کو	اجر تمہارے	اور	نہیں مانگتا تم سے	تمہارے مال	اگر

تم ایمان لاؤ اور پرہیزگار بن جاؤ تو وہ تمہارے ثواب تمہیں عطا فرمائے گا اور تمہارے مال تم سے طلب نہیں کرے گا۔ اگر تمہیں

يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ

يَسْـَٔلْكُمُوْهَا	فَيُحْفِكُمْ	تَبْخَلُوْا	وَيُخْرِجْ	اَضْغَانَكُمْ	هٰٓاَنْتُمْ	هٰٓؤُلَاۗءِ
وہ تم سے مانگے	اور اصرار کرے تم سے	تو تم بخیل بن جاؤ	اور نکالے	تمہارے کینے	خبردار تم	وہ لوگ ہو کہ

تم سے طلب کرے اور زیادہ طلب کرے تو تم بخل کرو گے اور وہ بخل تمہارے دلوں کے میل ظاہر کر دے گا۔ ہاں ہاں یہ جو تم ہو

تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ

تُدْعَوْنَ	لِتُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَمِنْكُمْ	مَّنْ	يَّبْخَلُ	وَ	مَنْ
بلائے جاتے ہو	تا کہ خرچ کرو	اللہ تعالیٰ کی راہ میں	تو تم میں بعض	وہ ہیں جو	بخل کرتے ہیں	اور	جو کوئی

بلائے جاتے ہو کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرو تو تم میں کوئی بخیلی کرتا ہے اور جو بخل کرے

يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ

اِنْ	وَ	الْفُقَرَآءُ	اَنْتُمُ	وَ	الْغَنِيُّ	اللّٰهُ	وَ	عَنْ نَّفْسِهٖ	يَبْخَلُ	فَاِنَّمَا	يَّبْخَلْ
اگر	اور	محتاج ہو	تم	اور	بے نیاز ہے	اللہ	اور	اپنی جان سے	بخل کرے گا	تو وہ	بخل کرے گا

وہ اپنی جان پر بخل کرتا ہے اور اللہ بے نیاز ہے اور تم سب محتاج اور اگر

تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾ ع

اَمْثَالَكُمْ	يَكُوْنُوْٓا	لَا	ثُمَّ	غَيْرَكُمْ	قَوْمًا	يَسْتَبْدِلْ	تَتَوَلَّوْا
تمہاری مثل	ہوں گے وہ	نہیں	پھر	سوا تمہارے	کوئی قوم	تو بدل دے گا	تم پھر جاؤ

تم منہ پھیرلو تو وہ تمہارے سوا اور لوگ بدل لے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے۔

ع ۸

ایاتھا ۲۹ ۴۸ سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۱ رکوعاتھا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿۱﴾ ۙ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ

مِنْ ذَنْۢبِكَ	تَقَدَّمَ	مَا	اللّٰهُ	لَكَ	لِّيَغْفِرَ	مُّبِيْنًا	فَتْحًا	لَكَ	فَتَحْنَا	اِنَّا
گناہ	تمہارے اگلوں کے	جو	اللہ	آپ کے سبب سے	تاکہ بخشے	روشن	فتح	آپ کو	فتح دی	بیشک ہم نے

بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرما دی۔ تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے

وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲﴾ ۙ

مُّسْتَقِيْمًا	صِرَاطًا	يَهْدِيَكَ	وَ	عَلَيْكَ	نِعْمَتَهٗ	وَيُتِمَّ	تَاَخَّرَ	مَا	وَ
سیدھی	راہ	راہ دکھائے تم کو	اور	آپ پر	اپنی نعمت	اور پوری کرے	پچھلوں کے	جو	اور

اور تمہارے پچھلوں کے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کر دے اور تمہیں سیدھی راہ دکھا دے۔

وَّ یَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِیْزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ السَّكِیْنَةَ

وَ	یَنْصُرَكَ	اللّٰهُ	نَصْرًا	عَزِیْزًا	هُوَ	الَّذِیْۤ	اَنْزَلَ	السَّكِیْنَةَ
اور	مدد کرے آپ کو	اللہ	مدد	زبردست	وہ	اللہ وہ ہے جس نے	اتاری	اطمینان

اور اللہ تمہیں زبردست مدد دے۔ اسی نے مؤمنوں کے دلوں میں تسکین ڈالی

فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ لِیَزْدَادُوْۤا اِیْمَانًا مَّعَ اِیْمَانِهِمْ ؕ وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ

فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ	لِیَزْدَادُوْۤا	اِیْمَانًا	مَّعَ	اِیْمَانِهِمْ	وَ	لِلّٰهِ	جُنُوْدُ
مؤمنوں کے دلوں میں	تاکہ زیادہ ہوں	ایمان میں	ساتھ	اپنے ایمان کے	اور	اللہ ہی کی ملک میں ہے	تمام لشکر

تاکہ ان کے ایمان میں اور ایمان بڑھے اور آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۴﴾ لِّیُدْخِلَ الْمُؤْمِنِیْنَ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	عَلِیْمًا	حَكِیْمًا	لِیُدْخِلَ	الْمُؤْمِنِیْنَ
آسمانوں	اور	زمین کے	اور	ہے	اللہ	علم والا	حکمت والا	تاکہ داخل کرے	مومن مردوں کو

اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں اور اللہ علم والا حکمت والا ہے۔ تاکہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی

وَ الْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَ یُكَفِّرَ

وَ	الْمُؤْمِنٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِیْنَ	فِیْهَا	وَ	یُكَفِّرَ
اور	مومن عورتوں کو	باغوں میں کہ	رواں ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں	اس میں	اور	دور کرے

عورتوں کو جنتوں میں داخل فرمائے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور

عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِیْمًا ﴿۵﴾ وَّ یُعَذِّبَ

عَنْهُمْ	سَیِّاٰتِهِمْ	وَ	كَانَ	ذٰلِكَ	عِنْدَ	اللّٰهِ	فَوْزًا	عَظِیْمًا	وَ	یُعَذِّبَ
ان سے	ان کی برائیاں	اور	ہے	یہ	نزدیک	اللہ کے	کامیابی	بڑی	اور	عذاب دے

ان کی برائیاں ان سے دور فرما دے اور اللہ کے نزدیک یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ اور (تاکہ) عذاب دے

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ

بِاللّٰهِ	الظَّآنِّيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتِ	الْمُنٰفِقِيْنَ
اللہ کے متعلق	جوگمان رکھتے ہیں	اور مشرک عورتوں کو	اور مشرک مردوں کو	اور منافق عورتوں کو	منافق مردوں کو

منافق مردوں اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کے بارے میں

ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ

لَعَنَهُمْ	وَ	عَلَيْهِمْ	اللّٰهُ	وَغَضِبَ	السَّوْءِ	دَآئِرَةُ	عَلَيْهِمْ	السَّوْءِ	ظَنَّ
لعنت کی ان پر	اور	ان پر	اللہ نے	غضب فرمایا	بری	گردش	انہی پر ہے	برے	ظن

بدگمانی رکھتے ہیں ان پر بدترین گردش ہے اور اللہ نے ان پر غضب فرمایا اور ان پر لعنت فرمائی

وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۶﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

السَّمٰوٰتِ	جُنُوْدُ	وَلِلّٰهِ	مَصِيْرًا	وَسَآءَتْ	جَهَنَّمَ	لَهُمْ	اَعَدَّ	وَ
آسمانوں کے	لشکر	اور اللہ کیلئے ہیں	پھرنے جگہ کی	اور بری ہے	دوزخ	ان کیلئے	تیار کی	اور

اور ان کیلئے دوزخ تیار کیا اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے۔ اور آسمانوں اور زمین کے لشکر

وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۷﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

شَاهِدًا	اَرْسَلْنٰكَ	اِنَّآ	حَكِيْمًا	عَزِيْزًا	اللّٰهُ	كَانَ	وَ	وَالْاَرْضِ
حاضر وناصر	آپ کو بھیجا	بیشک ہم نے	حکمت والا	عزت والا	اللہ	ہے	اور	اور زمین کے

اللہ ہی کے ہیں اور اللہ غالب و دانا ہے۔ (اے رسول معظم ﷺ!) ہم نے آپ کو گواہی دینے والا خوشخبری دینے والا

وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۸﴾ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ

تُوَقِّرُوْهُ	وَ	وَتُعَزِّرُوْهُ	وَرَسُوْلِهٖ	بِاللّٰهِ	لِّتُؤْمِنُوْا	نَذِيْرًا	وَّ	وَّمُبَشِّرًا
توقیر بجالاؤ	اور	اور تعظیم کرو انکی	اور اسکے رسول پر	اللہ پر	تاکہ تم ایمان لاؤ	ڈرانے والا	اور	اور خوشخبری دینے والا

اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ تاکہ تم لوگ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی حمایت کرو

وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ

وَ	تُسَبِّحُوْهُ	بُكْرَةً	وَّاَصِيْلًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُبَايِعُوْنَكَ	اِنَّمَا	يُبَايِعُوْنَ
اور	تسبیح بیان کرو اس کی	صبح	اور شام	بیشک	وہ جو	بیعت کرتے ہیں آپ سے	اس کے سوا نہیں	وہ بیعت کرتے ہیں

اور اس کی تعظیم کرو اور صبح و شام اللہ کی تسبیح کرو۔ جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں

اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ

اللّٰهَ	يَدُ	اللّٰهِ	فَوْقَ	اَيْدِيْهِمْ	فَمَنْ	نَّكَثَ	فَاِنَّمَا	يَنْكُثُ	عَلٰى	نَفْسِهٖ
اللہ سے	ہاتھ ہے	اللہ کا	اوپر	ان کے ہاتھوں کے	تو جس نے	توڑا	تو اس کے سوا نہیں	وہ توڑتا ہے	اوپر	اپنی جان کے

اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے پھر جس نے اسے توڑ ڈالا تو وہ توڑنے کا وبال اپنے اوپر ہی ڈالے گا

وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۰﴾ ع سَيَقُوْلُ

ع

وَ	مَنْ	اَوْفٰى	بِمَا	عٰهَدَ	عَلَيْهُ	اللّٰهَ	فَسَيُؤْتِيْهِ	اَجْرًا	عَظِيْمًا	سَيَقُوْلُ
اور	جس نے	پورا کیا	جو	عہد کیا تھا	اس پر	اللہ سے	تو دے گا اس کو	اجر	بڑا	اب کہیں گے

اور جس نے اس عہد کو جو اس نے اللہ سے کیا پورا کیا اسے وہ بڑا اجر دے گا۔ جو دیہاتی پیچھے رہ گئے

لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا

لَكَ	الْمُخَلَّفُوْنَ	مِنَ الْاَعْرَابِ	شَغَلَتْنَآ	اَمْوَالُنَا	وَ	اَهْلُوْنَا
آپ سے	پیچھے رہنے والے	دیہاتی لوگ	ہمیں مشغول رکھا	ہمارے مالوں نے	اور	ہمارے گھر والوں نے

عنقریب وہ آپ سے کہیں گے ہمارے مال اور ہمارے اہل و عیال نے ہمیں مشغول کر لیا تھا تو آپ ہمارے لئے بخشش طلب

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ فَمَنْ

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا	يَقُوْلُوْنَ	بِاَلْسِنَتِهِمْ	مَّا	لَيْسَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	قُلْ	فَمَنْ
تو آپ بخشش مانگیں ہمارے لئے	کہتے ہیں	اپنی زبانوں سے	جو	نہیں ہے	ان کے دلوں میں	فرما دیں	تو کس کو

کریں وہ اپنی زبانوں سے ایسی باتیں کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں آپ فرما دیجئے تو کون ہے جو اللہ کے مقابلے میں

يَمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ

يَمْلِكُ	لَكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اِنْ	اَرَادَ	بِكُمْ	ضَرًّا	اَوْ	اَرَادَ بِكُمْ	نَفْعًا	بَلْ
اختیار ہے	تمہارے لئے	اللہ سے	کچھ بھی	اگر	ارادہ کرے	تمہارے متعلق	برے کا	یا	ارادہ کرے تمہارے متعلق	نفع کا	بلکہ

تمہارے لئے کسی چیز کا اختیار رکھتا ہو اگر وہ تمہیں نقصان پہنچانا چاہے یا تمہارے کسی نفع کا ارادہ فرمائے

كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ

كَانَ	اللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا	بَلْ	ظَنَنْتُمْ	اَنْ	لَّنْ	يَّنْقَلِبَ	الرَّسُوْلُ
ہے	اللہ	اس سے جو	تم عمل کرتے ہو	خبردار	بلکہ	خیال کیا تم نے	یہ کہ	ہرگز نہ	واپس آئے گا	رسول

بلکہ اللہ تمہارے کاموں سے اچھی طرح خبردار ہے۔ بلکہ تمہارا گمان تو یہ تھا کہ (اب) رسول اور ایمان والے

وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰۤى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ

وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	اِلٰۤى اَهْلِيْهِمْ	اَبَدًا	وَّ	زُيِّنَ	ذٰلِكَ	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَ	ظَنَنْتُمْ	ظَنَّ
اور	مسلمان	اپنے گھر والوں کی طرف	کبھی بھی	اور	اچھا سمجھے	اسی کو	اپنے دلوں میں	اور	خیال کیا تم نے	خیال

اپنے گھر والوں کی طرف کبھی لوٹ کر نہ آئیں گے اور یہی بات تمہارے دلوں میں مزین کر دی گئی تھی اور تم نے

السَّوْءِ ۚۖ وَكُنْتُمْ قَوْمًا ۢ بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّاۤ

السَّوْءِ	وَ	كُنْتُمْ	قَوْمًا	بُوْرًا	وَ	مَنْ	لَّمْ	يُؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	فَاِنَّاۤ
برا	اور	تھے تم	لوگ	ہلاک ہونیوالے	اور	جو	نہ	ایمان لائے	اللہ	اور	اسکے رسول پر	تو ہم نے

بہت برا گمان کیا اور تم ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔ اور جو ایمان نہ لائے اللہ اور اس کے رسول پر تو ہم نے

اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	سَعِيْرًا	وَ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
تیار کی	کافروں کیلئے	بھڑکتی آگ	اور	اللہ ہی کی	سلطنت ہے	آسمانوں میں	اور زمین میں

کافروں کیلئے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ اور اللہ ہی کیلئے ہے آسمانوں اور زمین کی سلطنت جسے چاہے

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ⑭

يَغْفِرُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يُعَذِّبُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
بخشے	جسے	چاہے	اور	عذاب دے	جسے	چاہے	اور	ہے	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا

بخشے اور جسے چاہے عذاب دے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا

سَيَقُوْلُ	الْمُخَلَّفُوْنَ	اِذَا	انْطَلَقْتُمْ	اِلٰى	مَغَانِمَ	لِتَاْخُذُوْهَا	ذَرُوْنَا
جلدی کہیں گے	پیچھے رہنے والے	جب	تم چلو گے	طرف	غنیموں کی	تاکہ لاؤ ان کو	چھوڑو ہمیں

جب تم مال غنیمت لینے چلو گے تو پیچھے رہنے والے کہیں گے ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے دو وہ چاہتے ہیں

نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ

نَتَّبِعْكُمْ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يُّبَدِّلُوْا	كَلٰمَ	اللّٰهِ	قُلْ	لَنْ	تَتَّبِعُوْنَا	كَذٰلِكُمْ	قَالَ
ہم تمہارے پیچھے آئیں	وہ چاہتے ہیں	یہ کہ	بدل دیں	کلام	اللہ کا	فرمادیں	ہرگز نہ	پیچھے آؤ گے ہمارے	اسی طرح	فرمایا ہے

کہ اللہ کی بات کو بدل دیں فرما دیجئے تم ہمارے ساتھ ہرگز نہ چلو گے کہ یوں

اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ۭ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ

اللّٰهُ	مِنْ قَبْلُ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	بَلْ	تَحْسُدُوْنَنَا	بَلْ	كَانُوْا	لَا	يَفْقَهُوْنَ
اللہ نے	پہلے سے	تو اب کہیں گے	بلکہ	تم ہم سے حسد کرتے ہو	بلکہ	تھے وہ	نہ	سمجھتے

اللہ پہلے ہی فرما رہا ہے پھر وہ کہیں گے بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو، بلکہ وہ بات کو

اِلَّا قَلِيْلًا ⑮ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ

اِلَّا	قَلِيْلًا	قُلْ	لِّلْمُخَلَّفِيْنَ	مِنَ الْاَعْرَابِ	سَتُدْعَوْنَ	اِلٰى قَوْمٍ
مگر	تھوڑا	فرمادیں	پیچھے رہنے والوں سے	دیہاتیوں میں سے	اب بلائے جاؤ گے تم	قوم کی طرف

کم ہی سمجھتے ہیں۔ پیچھے رہنے والے دیہاتیوں سے فرما دیجئے تمہیں ایک سخت زور آور قوم کی طرف بلایا جائے گا

أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ فَإِنْ تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ

أُولِي بَأْسٍ	شَدِيدٍ	تُقَاتِلُونَهُمْ	أَوْ	يُسْلِمُونَ	فَإِنْ	تُطِيعُوا	يُؤْتِكُمُ	اللّٰهُ
لڑائی والی	سخت	تم ان سے لڑوگے	یا	وہ اسلام لائیں	تو اگر	تم فرمانبرداری کرو	تو دے گا تم کو	اللہ

جن سے تم لڑو گے یا وہ مطیع ہو جائیں گے پھر اگر تم حکم مانوگے تو اللہ تمہیں عمدہ اجر دے گا

أَجْرًا حَسَنًا ۖ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

أَجْرًا	حَسَنًا	وَ	إِنْ	تَتَوَلَّوْا	كَمَا	تَوَلَّيْتُمْ	مِنْ قَبْلُ	يُعَذِّبْكُمْ	عَذَابًا
اجر	اچھا	اور	اگر	تم پھر جاؤ	جیسے	تم پھر گئے تھے	اس سے پہلے	سزا دے گا تم کو	عذاب کا

اور اگر تم منہ موڑ لو گے جیسے تم نے پہلے منہ موڑ لیا تھا تو وہ تمہیں دردناک عذاب

أَلِيمًا ﴿۱۶﴾ لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى

أَلِيمًا	لَيْسَ	عَلَى	الْأَعْمٰى	حَرَجٌ	وَ	لَا	عَلَى	الْأَعْرَجِ	حَرَجٌ	وَ	لَا	عَلَى
دردناک	نہیں	اوپر	اندھے کے	سختی	اور	نہ	اوپر	لنگڑے کے	تنگی	اور	نہ	اوپر

دے گا۔ اندھے پر کوئی گناہ نہیں اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ اور نہ بیمار پر کوئی مواخذہ اور جو اللہ

الْمَرِيضِ حَرَجٌ ۗ وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِي

الْمَرِيضِ	حَرَجٌ	وَ	مَنْ	يُطِعِ	اللّٰهَ	وَ	رَسُولَهُ	يُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِي
بیمار کے	تنگی	اور	جو	فرمانبرداری کرے	اللہ کی	اور	اسکے رسول کی	تو داخل کرے گا اسکو	باغوں میں کہ	رواں ہیں

اور اس کے رسول کی اطاعت کرے (اللہ) اسے جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۖ وَمَنْ يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿۱۷﴾ ع لَقَدْ رَضِيَ

مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهٰرُ	وَ	مَنْ	يَتَوَلَّ	يُعَذِّبْهُ	عَذَابًا	أَلِيمًا	لَقَدْ	رَضِيَ
ان کے نیچے	نہریں	اور	جو	منہ پھیرے تو	عذاب کرے گا اسکو	عذاب	دردناک	بیشک	راضی ہوا

نیچے نہریں جاری ہیں اور جس نے روگردانی کی اسے دردناک عذاب دے گا۔ بے شک اللہ راضی ہوا

اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا

اللّٰهُ	عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ	يُبَايِعُوْنَكَ	تَحْتَ	الشَّجَرَةِ	فَعَلِمَ	مَا
اللہ	ایمان والوں سے	جبکہ	وہ بیعت کررہے تھے آپ کی	نیچے	درخت کے	تو جانا	جو

ایمان والوں سے جب وہ درخت کے نیچے آپ سے بیعت کررہے تھے تو اللہ کو (پہلے سے) معلوم تھا جو کچھ ان کے دلوں میں تھا تو

فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۙ﴿۱۹﴾ وَّمَغَانِمَ

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	فَاَنْزَلَ	السَّكِيْنَةَ	عَلَيْهِمْ	وَ	اَثَابَهُمْ	فَتْحًا	قَرِيْبًا	وَ	مَغَانِمَ
انکے دلوں میں ہے	تو اتارا	اطمینان	ان پر	اور	دی ان کو	فتح	قریب کی	اور	غنیمتیں

اللہ نے ان پر (دل کا) سکون نازل فرما دیا اور انہیں بہت قریب آنے والی فتح کا انعام دیا۔ اور بہت سے

كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

كَثِيْرَةً	يَّاْخُذُوْنَهَا	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَعَدَكُمُ	اللّٰهُ	مَغَانِمَ
بہت زیادہ	قبضہ کیا انہوں نے اس پر	اور	ہے	اللہ تعالیٰ	عزت والا	حکمت والا	وعدہ کیا تم سے	اللہ نے	غنیموں کا

اموال غنیمت جسے وہ حاصل کر رہے ہیں اور اللہ عزت و حکمت والا ہے۔ اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا ہے

كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ

كَثِيْرَةً	تَاْخُذُوْنَهَا	فَعَجَّلَ	لَكُمْ	هٰذِهٖ	وَ	كَفَّ	اَيْدِيَ	النَّاسِ	عَنْكُمْ
بہت سی	کہ تم لوگے ان کو	تو جلدی کی	تمہارے لئے	یہ	اور	روکے	ہاتھ	لوگوں کے	تم سے

بہت سی غنیموں کا جن کو تم لوگے تو تمہیں یہ جلد عطا فرما دیں اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے

وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿۲۰﴾ وَّاُخْرٰى

وَ	لِتَكُوْنَ	اٰيَةً	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	يَهْدِيَكُمْ	صِرَاطًا	مُّسْتَقِيْمًا	وَ	اُخْرٰى
اور	تاکہ ہو	نشانی	ایمانداروں کیلئے	اور	دکھائے تم کو	رستہ	سیدھا	اور	ایک اور

اور اس لئے کہ ایمان والوں کیلئے نشانی ہو اور تمہیں سیدھی راہ دکھائے۔ اور دوسری چیز وہ ہے

لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

شَيْءٍ	كُلِّ	عَلٰى	اللّٰهُ	كَانَ	وَ	بِهَا	اللّٰهُ	اَحَاطَ	قَدْ	عَلَيْهَا	تَقْدِرُوْا	لَمْ
چیز کے	ہر	اوپر	اللہ	ہے	اور	اس کو	اللہ نے	گھیر لیا	بیشک	اس پر	قادر ہوئے تم	کہ نہیں

جس پر ابھی تم قادر نہیں ہوئے اس پر اللہ حاوی ہے اور بے شک اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا

وَلِيًّا	يَجِدُوْنَ	لَا	ثُمَّ	الْاَدْبَارَ	لَوَلَّوُا	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	قٰتَلَكُمُ	لَوْ	وَ	قَدِيْرًا
کوئی حمایتی	پاتے	نہ	پھر	پیٹھ	تو پھیرتے	کافر ہیں	وہ لوگ جو	وہ لڑتے تم سے	اگر	اور	قادر

قادر ہے۔ اور اگر کافر تم سے لڑتے تو پیٹھ پھیر جاتے پھر وہ کوئی رفیق نہ پاتے

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ

لِسُنَّةِ	تَجِدَ	لَنْ	وَ	مِنْ قَبْلُ	خَلَتْ	قَدْ	الَّتِيْ	اللّٰهِ	سُنَّةَ	لَا نَصِيْرًا	وَّ
دستور میں	پاؤ گے تم	ہرگز نہ	اور	اس سے پہلے	گزر چکا	بیشک	جو	اللہ کا	دستور ہے	نہ مددگار	اور

اور نہ کوئی مددگار۔ اللہ کا دستور ہے جو چلا آ رہا ہے پہلے سے اور آپ اللہ کے دستور میں کوئی

اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ

عَنْهُمْ	اَيْدِيَكُمْ	وَ	عَنْكُمْ	اَيْدِيَهُمْ	كَفَّ	الَّذِيْ	هُوَ	وَ	تَبْدِيْلًا	اللّٰهِ
ان سے	تمہارے ہاتھ	اور	تم سے	ان کے ہاتھ	روکے	وہ ہے جس نے	وہ	اور	تبدیلی	اللہ کے

تبدیلی نہیں پائیں گے۔ اور وہی ہے جس نے روک دیا ان کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے ہاتھوں کو ان سے

بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	اللّٰهُ	وَكَانَ	عَلَيْهِمْ	اَظْفَرَكُمْ	اَنْ	مِنْ بَعْدِ	مَكَّةَ	بِبَطْنِ
عمل کرتے ہو تم	اسے جو	اللہ	اور ہے	ان پر	غالب کیا تم کو	یہ کہ	اسکے بعد	مکہ میں	وادی

مکہ کے درمیان میں اس کے بعد کہ تمہیں ان پر کامیاب فرما دیا اور اللہ تمہارے سب کاموں کو

بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

بَصِيْرًا	هُمْ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَصَدُّوْكُمْ	عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
دیکھنے والا	وہ	وہ ہیں جو	کافر ہوئے	اور روکا تم کو	مسجد حرام سے

خوب دیکھتا ہے۔ یہ وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجد حرام سے روکا اور قربانی کے جانور اپنی جگہ

وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَاۗءٌ

وَ	الْهَدْيَ	مَعْكُوْفًا	اَنْ	يَّبْلُغَ	مَحِلَّهٗ	وَ	لَوْلَا	رِجَالٌ	مُّؤْمِنُوْنَ	وَ	نِسَاۗءٌ
اور	قربانی	رکی ہوئی	یہ کہ	پہنچے	اپنے ٹھکانے پر	اور	اگر نہ ہوتے	مرد	مومن	اور	عورتیں

پہنچنے سے رکے پڑے رہے اور اگر یہ نہ ہوتا کچھ مسلمان مرد اور کچھ مسلمان عورتیں جن کی تمہیں خبر نہیں

مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَــُٔــوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ

مُّؤْمِنٰتٌ	لَّمْ	تَعْلَمُوْهُمْ	اَنْ	تَطَــُٔوْهُمْ	فَتُصِيْبَكُمْ	مِّنْهُمْ	مَّعَرَّةٌ	بِغَيْرِ
ایمان والی	کہ نہ	جانا تم نے ان کو	یہ کہ	روند ڈالو ان کو	تو پہنچے تم کو	ان سے	تکلیف	بغیر

کہیں تم انہیں روند ڈالو تو تمہیں ان کی طرف سے انجانی میں کوئی تکلیف پہنچے تو ہم تمہیں ان کی قتال کی

عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا

عِلْمٍ	لِيُدْخِلَ	اللّٰهُ	فِيْ رَحْمَتِهٖ	مَنْ	يَّشَاۗءُ	لَوْ	تَزَيَّلُوْا	لَعَذَّبْنَا
جانے بوجھے	تاکہ داخل کرے	اللہ	اپنی رحمت میں	جسے	چاہے	اگر	وہ نکل جاتے	تو ہم سزا دیتے

اجازت دیتے ان کا یہ بچاؤ اس لئے کہ اللہ اپنی رحمت میں داخل کرے جسے چاہے اگر وہ جدا ہو جاتے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	اِذْ	جَعَلَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ان کو جو	کافر ہیں	ان میں سے	عذاب	دردناک کی	جب	بنایا	انہوں نے جو	کافر ہیں

تو ہم ضرور ان میں کے کافروں کو دردناک عذاب دیتے۔ جب کہ کافروں نے اپنے دلوں میں آڑ رکھی

فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِیَّةَ حَمِیَّةَ الْجَاهِلِیَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلٰی

فِیْ قُلُوْبِهِمُ	الْحَمِیَّةَ	حَمِیَّةَ	الْجَاهِلِیَّةِ	فَاَنْزَلَ	اللّٰهُ	سَكِیْنَتَهٗ	عَلٰی
اپنے دلوں میں	ضد	ضد	جاہلیت کی	تو اتارا	اللہ نے	اپنا اطمینان	اوپر

وہی زمانہ جاہلیت کی آڑ تو اللہ نے اپنا اطمینان اپنے رسول اور ایمان والوں

رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰی وَكَانُوْۤا اَحَقَّ

رَسُوْلِهٖ	وَ	عَلَی	الْمُؤْمِنِیْنَ	وَ	اَلْزَمَهُمْ	كَلِمَةَ	التَّقْوٰی	وَ	كَانُوْۤا	اَحَقَّ
اپنے رسول کے	اور	اوپر	مومنوں کے	اور	لازم کیا ان پر	کلمہ	پرہیزگاری کا	اور	تھے وہ	زیادہ حقدار

پر اتارا اور پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا اور وہ اس کے زیادہ سزا وار

بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ﴿۲۶﴾ ع لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ

بِهَا	وَاَهْلَهَا	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ	شَیْءٍ	عَلِیْمًا	لَقَدْ	صَدَقَ	اللّٰهُ
اس کے	اور لائق اسکے	اور	ہے	اللہ	ہر	چیز کو	جاننے والا	بیشک	سچا کر دیا	اللہ نے

اور اس کے اہل تھے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔ بیشک اللہ نے رسول ﷺ کا خواب سچا کر دکھایا ہے

رَسُوْلَهُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

رَسُوْلَهُ	الرُّءْیَا	بِالْحَقِّ	لَتَدْخُلُنَّ	الْمَسْجِدَ	الْحَرَامَ	اِنْ	شَآءَ	اللّٰهُ
اپنے رسول کا	خواب	سچا	کہ داخل ہو گے تم	مسجد	حرام میں	اگر	چاہا	اللہ نے

تم ضرور انشاء اللہ مسجد حرام میں اَمن و امان سے بغیر ڈرے

اٰمِنِیْنَ ۙ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ

اٰمِنِیْنَ	مُحَلِّقِیْنَ	رُءُوْسَكُمْ	وَمُقَصِّرِیْنَ	لَا	تَخَافُوْنَ	فَعَلِمَ
امن وامان سے	منڈاتے	اپنے سر	اور ترشواتے بال	نہ	ڈرو گے تم	تو جانا

اپنے سروں کو منڈوا کر یا بال کترا کر داخل ہو گے ہاں! وہ جانتا ہے

مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِيْٓ

مَا لَمْ	تَعْلَمُوْا	فَجَعَلَ	مِنْ دُوْنِ	ذٰلِكَ	فَتْحًا	قَرِيْبًا	هُوَ	الَّذِيْٓ
جو نہ	جانا تم نے	تو بنائی	پہلے	اس سے	فتح	نزدیک	وہ	وہ جس نے

جو تم نہیں جانتے سو اس نے اس کے علاوہ ایک قریبی فتح رکھ دی ہے۔ اسی نے اپنا رسول

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ

اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى	وَدِيْنِ	الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ	عَلَى	الدِّيْنِ كُلِّهٖ
بھیجا	اپنا رسول	ہدایت	اور دین	حق دے کر	تاکہ غالب کرے اسکو	اوپر	سارے دینوں کے

ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا ہے تاکہ اسے سب دینوں پر غالب کر دے

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ

وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	مُحَمَّدٌ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	وَ	الَّذِيْنَ
اور کافی ہے	اللہ	گواہ	محمد	رسول ہیں	اللہ کے	اور	وہ جو

اور اللہ کی گواہی کافی ہے۔ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور جو ان کے ساتھی ہیں

مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا

مَعَهٗ	اَشِدَّآءُ	عَلَى	الْكُفَّارِ	رُحَمَآءُ	بَيْنَهُمْ	تَرٰىهُمْ	رُكَّعًا	سُجَّدًا
انکے ساتھ ہیں	سخت ہیں	اوپر	کافروں کے	رحمدل ہیں	آپس میں	دیکھے گا تو انکو	رکوع کرتے	سجدہ کرتے

کافروں پر بڑے سخت ہیں آپس میں بڑے نرم دل ہیں (اے مخاطب!) تو انہیں دیکھتا ہے رکوع کرتے

يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ

يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	رِضْوَانًا	سِيْمَاهُمْ	فِيْ وُجُوْهِهِمْ
ڈھونڈتے ہیں	فضل	اللہ کا	اور	رضامندی	نشان ان کا ہے	ان کے چہروں میں

سجدہ کرتے ہوئے وہ اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی چاہتے ہیں ان کی نشانی ان کے چہروں میں ہے

مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚۛ وَ مَثَلُهُمْ

مَثَلُهُمْ	وَ	فِي التَّوْرٰىةِ	مَثَلُهُمْ	ذٰلِكَ	مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ
ان کی مثال	اور	تورات میں ہے	ان کی مثال ہے	یہ	سجدوں کے اثر سے

سجدوں کے اثر سے یہ ان کا حال تورات میں ہے اور ان کا حال انجیل میں ایک کھیتی کی طرح ہے

فِي الْاِنْجِيْلِ ۚۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى

فَاسْتَوٰى	فَاسْتَغْلَظَ	فَاٰزَرَهٗ	شَطْـَٔهٗ	اَخْرَجَ	كَزَرْعٍ	فِي الْاِنْجِيْلِ
تو کھڑی ہوگئی	پھر سخت ہوئی	پھر مضبوط ہوئی	اپنی کونپل	نکالی	جیسے ایک کھیتی	انجیل میں ہے

جس نے اپنی باریک سی کونپل نکالی تو اسے طاقت دی پھر وہ موٹی ہوگئی پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی

عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	وَعَدَ	الْكُفَّارَ	بِهِمُ	لِيَغِيْظَ	الزُّرَّاعَ	يُعْجِبُ	سُوْقِهٖ	عَلٰى
اللہ نے	وعدہ کیا	کافروں کو	انکے ساتھ	کہ غصہ دلائے	کسانوں کو	پسند آتی ہے	اپنے ساق کے	اوپر

ہوگئی کاشتکاروں کو بہت اچھی لگتی ہے تاکہ ان کی وجہ سے کافروں کے دل جلائے اللہ نے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع

عَظِيْمًا	اَجْرًا	وَّ	مَّغْفِرَةً	مِنْهُمْ	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ
بڑا	اجر ہے	اور	بخشش ہے	ان میں سے	اچھے	اور عمل کئے	ایمان لائے	ان سے جو

ان میں ایمان والوں اور نیک کام کرنے والوں سے مغفرت اور بڑے اجر کا وعدہ فرمایا ہے۔

اٰیاتها ۱۸ — ۴۹ سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۶ — رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

معانقة ۱۵ — ع ۱۲

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اتَّقُوا

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تُقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيِ	اللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	وَاتَّقُوا
اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	نہ	بڑھو	آگے	اللہ	اور	اسکے رسول کے	اور ڈرو

اے ایمان والو! اللہ اور اسکے رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو

اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا

اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تَرْفَعُوْۤا
اللہ سے	بیشک	اللہ	سننے والا	جاننے والا ہے	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	نہ	بلند کرو

بیشک اللہ خوب سنتا خوب جانتا ہے۔ اے ایمان والو اپنی آواز کو غیب بتانے والے نبی ﷺ کے آواز سے

اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَ لَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ

اَصْوَاتَكُمْ	فَوْقَ	صَوْتِ	النَّبِيِّ	وَ	لَا	تَجْهَرُوْا	لَهٗ	بِالْقَوْلِ	كَجَهْرِ
اپنی آوازیں	اوپر	آواز	غیب بتانے والے نبی کے	اور	نہ	چلاؤ	آپکے سامنے	بات میں	جیسے چلاتے ہو

بلند نہ کرو اور ان کے ساتھ اس طرح بلند آواز سے بات (بھی) نہ کیا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے بلند آواز کے ساتھ

بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۲﴾ اِنَّ

بَعْضِكُمْ	لِبَعْضٍ	اَنْ	تَحْبَطَ	اَعْمَالُكُمْ	وَ	اَنْتُمْ	لَا تَشْعُرُوْنَ	اِنَّ
تمہارے بعض	سامنے بعض کے	یہ کہ	اکارت نہ ہوجائیں	تمہارے عمل	اور	تم کو	خبر نہ ہو	بیشک

بات کرتے ہو ایسا نہ ہو کہ کہیں تمہارے سارے اعمال ہی غارت ہو جائیں اور تمہیں شعور تک بھی نہ ہو۔ جو

الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	يَغُضُّوْنَ	اَصْوَاتَهُمْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ	اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
وہ لوگ جو	نیچی رکھتے ہیں	اپنی آوازیں	نزدیک	رسول	اللہ کے	یہی وہ ہیں	جن کو

لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس اپنی آوازیں نیچی رکھتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن

امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۳﴾ اِنَّ

اِنَّ	عَظِيْمٌ	اَجْرٌ	وَ	مَّغْفِرَةٌ	لَهُمْ	لِلتَّقْوٰى	قُلُوْبَهُمْ	اللّٰهُ	امْتَحَنَ
بیشک	بڑا	اجر	اور	بخشش ہے	ان کیلئے	پرہیزگاری کیلئے	ان کے دلوں کو	اللہ نے	جانچ لیا

کے دل اللہ نے تقویٰ کیلئے جانچ لئے ہیں ان کیلئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ جو

الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴﴾

يَعْقِلُوْنَ	لَا	اَكْثَرُهُمْ	الْحُجُرٰتِ	مِنْ وَّرَآءِ	يُنَادُوْنَكَ	الَّذِيْنَ
عقل رکھتے	نہیں	اکثر ان کے	حجروں کے	باہر سے	پکارتے ہیں آپ کو	وہ لوگ جو

لوگ آپ ﷺ کو حجروں کے باہر سے آوازیں دیتے ہیں ان میں اکثر عقل نہیں رکھتے۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

اللّٰهُ	وَ	لَّهُمْ	خَيْرًا	لَكَانَ	اِلَيْهِمْ	تَخْرُجَ	حَتّٰى	صَبَرُوْا	اَنَّهُمْ	لَوْ	وَ
اللہ	اور	ان کیلئے	بہتر	تو ہوتا	انکی طرف	آپ نکلتے	یہاں تک کہ	صبر کرتے	وہ	اگر	اور

اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ (خود) ان کی طرف باہر تشریف لے آتے تو ضرور ان کیلئے بہت اچھا ہوتا اور اللہ بہت بخشنے

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ

بِنَبَاٍ	فَاسِقٌ	جَآءَكُمْ	اِنْ	اٰمَنُوْۤا	الَّذِيْنَ	يٰۤاَيُّهَا	رَّحِيْمٌ	غَفُوْرٌ
کوئی خبر	فاسق آدمی	لائے تمہارے پاس	اگر	ایمان لائے ہو	وہ جو	اے	مہربان ہے	بخشنے والا

والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اے ایمان والو! اگر فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو (اس کی)

فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ

فَعَلْتُمْ	مَا	عَلٰى	فَتُصْبِحُوْا	بِجَهَالَةٍ	قَوْمًا	تُصِيْبُوْا	اَنْ	فَتَبَيَّنُوْۤا
کیا تم نے	اسکے جو	اوپر	تو ہو جاؤ	بے علمی میں	کسی قوم کو	ایذا نہ دے بیٹھو	یہ کہ	تو تحقیق کر لیا کرو

تحقیق کر لو (کہیں ایسا نہ ہو) کہ تم کسی قوم کو لاعلمی میں (ناحق) تکلیف پہنچا بیٹھو پھر اپنے کئے پر

نٰدِمِیْنَ ﴿۶﴾ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ فِیْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ یُطِیْعُكُمْ فِیْ كَثِیْرٍ

نٰدِمِیْنَ	وَاعْلَمُوْۤا	اَنَّ	فِیْكُمْ	رَسُوْلَ	اللّٰهِ	لَوْ	یُطِیْعُكُمْ	فِیْ كَثِیْرٍ
ندامت کرنیوالے	اور جان لو	بیشک	تم میں	رسول ہیں	اللہ کے	اگر	تمہاری خوشی چاہیں	بہت میں

اور جان لو کہ تم میں اللہ کے رسول موجود ہیں بہت معاملوں میں اگر یہ تمہاری

مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَیْكُمُ الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَهٗ

مِّنَ الْاَمْرِ	لَعَنِتُّمْ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	حَبَّبَ	اِلَیْكُمُ	الْاِیْمَانَ	وَزَیَّنَهٗ
معاملوں میں	تو تم مشقت میں پڑو	اور لیکن	اللہ تعالیٰ نے	پسند کرایا	تمہیں	ایمان	اور سجایا اس کو

خوشی (کے لیے بات مان) لیں تو تم ضرور مشقت میں پڑجاؤ گے لیکن اللہ نے تمہیں ایمان کی

فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَیْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ ؕ اُولٰٓىٕكَ هُمُ

فِیْ قُلُوْبِكُمْ	وَ	كَرَّهَ	اِلَیْكُمُ	الْكُفْرَ	وَ	الْفُسُوْقَ	وَ	الْعِصْیَانَ	اُولٰٓىٕكَ	هُمُ
تمہارے دلوں میں	اور	ناپسند کرایا	تمہیں	کفر	اور	حکم عدولی	اور	نافرمانی	یہی لوگ ہیں جو	وہ

محبت عطا فرمائی ہے اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ کر دیا اور کفر اور حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگوار

الرّٰشِدُوْنَ ﴿۷﴾ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۸﴾

الرّٰشِدُوْنَ	فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	نِعْمَةً	وَ	اللّٰهُ	عَلِیْمٌ	حَكِیْمٌ
راہ پر ہیں	فضل ہے	اللہ کی طرف سے	اور	احسان	اور	اللہ	جاننے والا	حکمت والا ہے

کر دی ایسے ہی لوگ راہ پر ہیں۔ اللہ کا فضل اور احسان اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

وَاِنْ طَآىٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ

وَ	اِنْ	طَآىٕفَتٰنِ	مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ	اقْتَتَلُوْا	فَاَصْلِحُوْا	بَیْنَهُمَا	فَاِنْۢ
اور	اگر	دو گروہ	مسلمانوں کے	لڑ پڑیں آپس میں	تو صلح کراؤ	ان میں	پھر اگر

اور اگر مؤمنوں کے دو گروہ آپس میں لڑ جائیں تو ان کے درمیان صلح کرا دو پھر اگر

بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰى

بَغَتْ	اِحْدٰىهُمَا	عَلَى	الْاُخْرٰى	فَقَاتِلُوا	الَّتِیْ	تَبْغِیْ	حَتّٰى
زیادتی کرے	ایک ان میں سے	اوپر	دوسری کے	تو لڑو	جو کہ	زیادتی کرتا ہے	یہاں تک

ان میں سے ایک دوسرے کے خلاف سرکشی کرے تو اس سے جو سرکشی کرتا ہے لڑو یہاں تک کہ

تَفِیْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا بِالْعَدْلِ

تَفِیْٓءَ	اِلٰٓى	اَمْرِ	اللّٰهِ	فَاِنْ	فَآءَتْ	فَاَصْلِحُوْا	بَیْنَهُمَا	بِالْعَدْلِ
پلٹ آئے	طرف	حکم	اللہ کے	پھر اگر	پلٹ آئے	تو صلح کراؤ	ان میں	انصاف سے

وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے پھر اگر وہ لوٹ آئے تو دونوں کے درمیان برابری کی بنا پر صلح کرا دو

وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ﴿۹﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ

وَ	اَقْسِطُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	یُحِبُّ	الْمُقْسِطِیْنَ	اِنَّمَا	الْمُؤْمِنُوْنَ	اِخْوَةٌ
اور	انصاف کرو	بیشک	اللہ	پسند کرتا ہے	انصاف کرنیوالوں	بیشک	مسلمان	بھائی بھائی ہیں

اور انصاف کرو اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ مؤمن تو بس بھائی بھائی ہیں

فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع یٰٓاَیُّهَا

فَاَصْلِحُوْا	بَیْنَ	اَخَوَیْكُمْ	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	یٰٓاَیُّهَا
تو صلح کراؤ	درمیان	اپنے بھائیوں کے	اور	ڈرو	اللہ سے	تاکہ تم	رحم کیے جاؤ	اے

پس اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرا دو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ یَّكُوْنُوْا خَیْرًا

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	لَا	یَسْخَرْ	قَوْمٌ	مِّنْ قَوْمٍ	عَسٰى	اَنْ	یَّكُوْنُوْا	خَیْرًا
اے ایمان والو	نہ	ہنسی کرے	کوئی قوم	کسی قوم سے	قریب ہے	یہ کہ	ہوں	بہتر

ایمان والو! مردوں کا کوئی گروہ دوسرے گروہ کا مذاق نہ اڑائے بعید نہیں کہ وہ ان (مذاق اڑانے والوں

مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ

مِّنْهُمْ	وَ	لَا	نِسَآءٌ	مِّنْ نِّسَآءٍ	عَسٰٓى	اَنْ	يَّكُنَّ	خَيْرًا	مِّنْهُنَّ
ان سے	اور	نہ	کوئی عورت	کسی عورت سے	قریب ہے	یہ کہ	ہوں	بہتر	ان سے

سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں کا (مذاق اڑایا کریں) عجب نہیں کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور آپس میں

وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ

وَ	لَا تَلْمِزُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	وَ	لَا تَنَابَزُوْا	بِالْاَلْقَابِ	بِئْسَ	الِاسْمُ	الْفُسُوْقُ
اور	طعنہ مت دو	آپس میں	اور	نہ رکھو	برے نام	برا	نام	فسق ہے

طعنہ زنی نہ کیا کرو اور نہ ایک دوسرے کو برے القاب سے بلاؤ کیا ہی برا نام ہے

بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۱﴾ يٰٓاَيُّهَا

بَعْدَ	الْاِيْمَانِ	وَمَنْ	لَّمْ يَتُبْ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا
بعد	ایمان کے	اور جو	توبہ نہ کرے	تو یہی	وہ	ظالم ہیں	اے

ایمان کے بعد فاسق کہلانا اور جو لوگ توبہ نہ کریں تو وہی ظلم کرنے والے ہیں۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	اجْتَنِبُوْا	كَثِيْرًا	مِّنَ الظَّنِّ	اِنَّ	بَعْضَ	الظَّنِّ	اِثْمٌ
وہ جو	ایمان لائے ہو	بچو	بہت	گمانوں سے	بیشک	بعض	گمان	گناہ ہیں

ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو بے شک بعض گمان گناہ ہیں اور (عیبوں کی) جستجو نہ کرو اور ایک دوسرے

وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ

لَا	تَجَسَّسُوْا	وَ	لَا	يَغْتَبْ	بَّعْضُكُمْ بَعْضًا	اَيُحِبُّ	اَحَدُكُمْ	اَنْ
نہ	جاسوسی کرو	اور	نہ	غیبت کرو	ایک دوسرے کی	کیا پسند کرتا ہے	کوئی تم میں سے	یہ کہ

غیبت (بھی) نہ کرو کیا تم میں کوئی پسند کرے گا کہ وہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے؟ تو تم اس

يَّأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

تَوَّابٌ	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	وَاتَّقُوا	فَكَرِهْتُمُوْهُ	مَيْتًا	أَخِيْهِ	لَحْمَ	يَّأْكُلَ
توبہ قبول کرنیوالا	اللہ	بیشک	اللہ سے	اور ڈرو	تو ناپسند کروگے تم اسکو	مردہ کا	اپنے بھائی	گوشت	کھائے

سے (انتہائی) کراہت (محسوس) کرتے ہو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ توبہ کو بہت قبول کرنے والا بے حد

رَّحِيْمٌ ﴿١٢﴾ يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ

جَعَلْنٰكُمْ	وَ	أُنْثٰى	وَّ	مِّنْ ذَكَرٍ	خَلَقْنٰكُمْ	اِنَّا	النَّاسُ	يٰٓأَيُّهَا	رَّحِيْمٌ
بنایا ہم نے تم کو	اور	ایک عورت سے	اور	ایک مرد سے	پیدا کیا تم کو	بیشک ہم نے	لوگو	اے	مہربان ہے

رحم فرمانے والا ہے۔ اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہیں شاخیں اور قبیلے کیا

شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ۭ اِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ

اِنَّ	أَتْقٰىكُمْ	اللّٰهِ	عِنْدَ	أَكْرَمَكُمْ	اِنَّ	لِتَعَارَفُوْا	قَبَآئِلَ	وَّ	شُعُوْبًا
بیشک	زیادہ پرہیزگار ہے	اللہ کے	نزدیک	معزز تم میں سے	بیشک	تاکہ پہچان رکھو	قبیلے	اور	شاخیں

تاکہ آپس میں پہچان رکھو بے شک اللہ کے یہاں تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے بے شک

اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿١٣﴾ قَالَتِ الْأَعْرَابُ اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ

لٰكِنْ	وَ	تُؤْمِنُوْا	لَّمْ	قُلْ	اٰمَنَّا	الْأَعْرَابُ	قَالَتِ	خَبِيْرٌ	عَلِيْمٌ	اللّٰهَ
لیکن	اور	تم ایمان لائے	نہیں	آپ کہیں	ہم ایمان لائے	بدوں نے	کہا	خبردار ہے	جاننے والا	اللہ

اللہ جاننے والا خبردار ہے۔ دیہاتی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے فرما دیجئے تم ایمان تو نہ لائے

قُوْلُوْٓا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ

اللّٰهَ	تُطِيْعُوا	اِنْ	وَ	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	الْاِيْمَانُ	يَدْخُلِ	وَلَمَّا	أَسْلَمْنَا	قُوْلُوْٓا
اللہ	اطاعت کروگے	اگر	اور	تمہارے دلوں میں	ایمان	داخل ہوا	اور ابھی نہیں	ہم مطیع ہوئے	کہو

ہاں یوں کہو کہ ہم مطیع ہوئے اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں کہاں داخل ہوا اور اگر تم اللہ

وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

وَرَسُوْلَهٗ	لَا يَلِتْكُمْ	مِنْ اَعْمَالِكُمْ	شَيْـًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ
اس کے رسول کی	نہیں کمی کرے گا	تمہارے اعمال میں	کچھ بھی	بیشک	اللہ	بخشنے والا

اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو گے تو اللہ تمہارے کسی عمل کا تمہیں نقصان نہ دے گا بیشک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ

رَّحِيْمٌ	اِنَّمَا	الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	ثُمَّ	لَمْ
مہربان ہے	بیشک	مومن تو	وہ ہیں جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور	اس کے رسول پر	پھر	نہیں

مہربان ہے۔ مومن تو صرف وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول

يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ

يَرْتَابُوْا	وَ	جٰهَدُوْا	بِاَمْوَالِهِمْ	وَ	اَنْفُسِهِمْ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ
کیا شک	اور	جہاد کیا	اپنے مالوں سے	اور	اپنی جانوں سے	اللہ کی راہ میں	یہی لوگ ہیں

پر ایمان لائے پھر شک نہیں کیا اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے

هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا

هُمُ	الصّٰدِقُوْنَ	قُلْ	اَتُعَلِّمُوْنَ	اللّٰهَ	بِدِيْنِكُمْ	وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا
وہ	سچے	فرمائیں	کیا بتاتے ہو تم	اللہ کو	اپنا دین	اور	اللہ	جانتا ہے	جو کچھ

جہاد کیا، وہی سچے ہیں۔ فرما دیجئے کیا تم اللہ کو اپنے دین کی خبر دیتے ہو؟ مگر اللہ جانتا ہے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَمُنُّوْنَ

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	يَمُنُّوْنَ
آسمانوں میں	اور	جو کچھ	زمین میں ہے	اور	اللہ	ہر	چیز کا	جاننے والا ہے	احسان رکھتے ہیں

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین پر ہے اور اللہ ہر بات کو جاننے والا ہے۔ (اے حبیب ﷺ!) آپ پر

عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ

عَلَيْكَ	اَنْ	اَسْلَمُوْا	قُلْ	لَا	تَمُنُّوْا	عَلَيَّ	اِسْلَامَكُمْ	بَلِ	اللّٰهُ	يَمُنُّ
آپ پر	یہ کہ	مسلمان ہوئے	آپ فرمادیں	نہ	احسان رکھو	مجھ پر	اپنے اسلام کا	بلکہ	اللہ	احسان رکھتا ہے

احسان جتاتے ہیں کہ وہ مسلمان ہو گئے آپ فرما دیجئے اپنے اسلام کا احسان مجھ پر نہ رکھو بلکہ اللہ تم پر

عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

عَلَيْكُمْ	اَنْ	هَدٰىكُمْ	لِلْاِيْمَانِ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ
تم پر	یہ کہ	ہدایت دی تم کو	ایمان کی	اگر	ہو تم	سچے	بیشک	اللہ	جانتا ہے

احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کیطرف ہدایت فرمائی اگر (واقعی) تم سچے ہو۔ بے شک اللہ جانتا ہے

غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع

غَيْبَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	اللّٰهُ	بَصِيْرٌ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
غیب	آسمانوں کا	اورزمین کا	اور	اللہ	دیکھتا ہے	جو تم	عمل کرتے ہو

آسمانوں اور زمین کے سب غیب اور اللہ خوب دیکھتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔

ع ۲ ۸ ۱۴

ایاتھا ۴۵ — ۵۰ سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ ۳۴ — رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿۱﴾ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ

قٓ	وَ	الْقُرْاٰنِ	الْمَجِيْدِ	بَلْ	عَجِبُوْٓا	اَنْ	جَآءَهُمْ	مُّنْذِرٌ	مِّنْهُمْ
قٓ	قسم ہے	قرآن	بزرگ کی	بلکہ	تعجب کیا انہوں نے	یہ کہ	آیا انکے پاس	ڈرانے والا	انہی میں

قٓ عزت والے قرآن کی قسم۔ بلکہ انہیں اس کا تعجب ہوا کہ ان کے پاس انہی میں سے ایک ڈر سنانے

المنزل ۷

فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝۲ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذٰلِكَ

ذٰلِكَ	تُرَابًا	كُنَّا	وَ	مِتْنَا	ءَاِذَا	عَجِيْبٌ	شَيْءٌ	هٰذَا	الْكٰفِرُوْنَ	فَقَالَ
یہ	مٹی	ہو جائیں گے	اور	ہم مر جائیں گے	کیا جب	عجیب ہے	چیز	یہ	کافروں نے	تو کہا

والا تشریف لایا تو کافر بولے یہ تو عجیب بات ہے۔ کیا جب ہم مر کے مٹی ہو جائیں گے [illegible] یہ

رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۝۳ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا

عِنْدَنَا	وَ	مِنْهُمْ	الْاَرْضُ	تَنْقُصُ	مَا	عَلِمْنَا	قَدْ	بَعِيْدٌ	رَجْعٌ
ہمارے پاس	اور	ان میں سے	زمین	کم کرتی ہے	جو	ہم نے جانا	بیشک	دور کی بات	لوٹنا ہے

پلٹنا بعید ہے۔ ہم جانتے ہیں جو کچھ زمین ان میں سے کم کرتی ہے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے

كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝۴ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ

فِيْٓ اَمْرٍ	فَهُمْ	جَآءَهُمْ	لَمَّا	بِالْحَقِّ	كَذَّبُوْا	بَلْ	حَفِيْظٌ	كِتٰبٌ
کام میں	تو وہ	آیا ان کے پاس	جب	حق کو	انہوں نے جھٹلایا	بلکہ	نگہبان	کتاب ہے

جس میں سب کچھ محفوظ ہے۔ بلکہ انہوں نے حق کو جھٹلایا جب وہ ان کے پاس آگیا تو اب وہ الجھن اور اضطراب کی بات میں

مَّرِيْجٍ ۝۵ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا

مَا	وَ	زَيَّنّٰهَا	بَنَيْنٰهَا	كَيْفَ	فَوْقَهُمْ	السَّمَآءِ	اِلَى	يَنْظُرُوْٓا	اَفَلَمْ	مَّرِيْجٍ
نہیں	اور	اور زینت دی اسکو	ہم نے بنایا اسکو	کس طرح	اپنے اوپر	آسمان کی	طرف	دیکھا انہوں نے	تو کیا نہیں	متردد ہیں

پڑے ہوئے ہیں۔ تو کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان نہ دیکھا ہم نے اسے کیسا بنایا اور کس طرح اسے آراستہ کیا اور

لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝٦ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا

اَنْۢبَتْنَا	وَ	رَوَاسِيَ	فِيْهَا	وَاَلْقَيْنَا	مَدَدْنٰهَا	الْاَرْضَ	وَ	مِنْ فُرُوْجٍ	لَهَا
اگائے ہم نے	اور	لنگر	اس میں	اور ڈالے	پھیلایا ہم نے	زمین کو	اور	کوئی رخنہ	اس میں

اس میں کوئی شگاف بھی نہیں۔ اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں لنگر ڈالے اور

فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ﴿۷﴾ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۸﴾

فِيْهَا	مِنْ كُلِّ	زَوْجٍ	بَهِيْجٍ	تَبْصِرَةً	وَّ	ذِكْرٰى	لِكُلِّ	عَبْدٍ	مُّنِيْبٍ
اس میں	ہر طرح کے	جوڑے	بارونق	دیکھنے کیلئے	اور	نصیحت ہے	واسطے ہر ایک	بندے	رجوع کرنے والے کیلئے

اس میں ہر با رونق جوڑا اُگایا۔ بصیرت اور نصیحت ہے ہر رجوع والے بندے کیلئے۔

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ﴿۹﴾

وَنَزَّلْنَا	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	مُّبٰرَكًا	فَاَنْۢبَتْنَا	بِهٖ	جَنّٰتٍ	وَّ	حَبَّ	الْحَصِيْدِ
اور اتارا ہم نے	بلندی سے	پانی	برکت والا	تو اگائے ہم نے	اس سے	باغ	اور	اناج	کاٹا جاتا ہے

اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی اُتارا ہے پھر اس سے باغ اور کٹی فصلوں کے دانے اُگائے ہیں۔

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ﴿۱۰﴾ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً

وَالنَّخْلَ	بٰسِقٰتٍ	لَّهَا	طَلْعٌ	نَّضِيْدٌ	رِّزْقًا	لِّلْعِبَادِ	وَ	اَحْيَيْنَا	بِهٖ	بَلْدَةً
اور کھجوریں	بلند	ان کے	خوشے ہیں	تہ بہ تہ	رزق	بندوں کیلئے	اور	زندہ کیا ہم نے	اس سے	شہر

اور لمبی لمبی کھجوریں جن کے خوشے تہ بہ تہ ہوتے ہیں۔ (اپنے) بندوں کی روزی کیلئے اور اس (پانی) سے ہم نے مردہ شہر کو زندہ

مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ

مَّيْتًا	كَذٰلِكَ	الْخُرُوْجُ	كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ	نُوْحٍ	وَّ	اَصْحٰبُ الرَّسِّ
مردہ کو	اسی طرح	نکلنا ہے	جھٹلایا	اس سے پہلے	قوم	نوح نے	اور	کنویں والوں نے

کیا اسی طرح (مرنے کے بعد تمہارا قبروں سے) نکلنا ہے۔ جھٹلایا ان سے پہلے نوح علیہ السلام کے (منکر) لوگوں نے اور (اندھے)

وَثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ

وَ	ثَمُوْدُ	وَ	عَادٌ	وَّ	فِرْعَوْنُ	وَ	اِخْوَانُ لُوْطٍ	وَّ	اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ
اور	ثمود نے	اور	عاد نے	اور	فرعون نے	اور	لوط کے ہم قوموں نے	اور	بن کے رہنے والوں نے

کنوئیں والوں اور ثمود نے۔ اور عاد اور فرعون اور لوط کے ہم قوموں نے۔ اور ایکہ والوں اور (شاہ یمن اسعد ابوکریب) تبع

وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۚ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ﴿١٤﴾ أَفَعَيِينَا

وَ	قَوْمُ	تُبَّعٍ	كُلٌّ	كَذَّبَ	الرُّسُلَ	فَحَقَّ	وَعِيدِ	أَفَعَيِينَا
اور	قوم	تبع نے	سب نے	جھٹلایا	رسولوں کو	تو ثابت ہو گیا	میرے عذاب کا وعدہ	کیا ہم تھک گئے

(الحمیری) کی قوم نے ان میں ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرے عذاب کا وعدہ ثابت ہو گیا۔ کیا ہم پہلی بار

بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۚ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿١٥﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

بِالْخَلْقِ	الْأَوَّلِ	بَلْ	هُمْ	فِي لَبْسٍ	مِنْ خَلْقٍ	جَدِيدٍ	وَ	لَقَدْ	خَلَقْنَا
پیدائش	پہلی سے	بلکہ	وہ	شک میں ہیں	پیدائش	نئی سے	اور	بیشک	پیدا کیا ہم نے

بنانے سے تھک گئے ہیں؟ نہیں مگر وہ نئے بنانے سے شک میں ہیں۔ اور ہم نے انسان کو بنایا ہے

الْإِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ ۖ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ

الْإِنْسَانَ	وَنَعْلَمُ	مَا	تُوَسْوِسُ	بِهِ	نَفْسُهُ	وَ	نَحْنُ	أَقْرَبُ	إِلَيْهِ
انسان کو	اور ہم جانتے ہیں	جو	وسوسہ ڈالتا ہے	اس کو	اس کا نفس	اور	ہم	زیادہ قریب ہیں	اس کی طرف

اور جانتے ہیں جو وسوسے اس کا دل اٹھاتا ہے اور ہم اس کی شہ رگ سے زیادہ

مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ﴿١٦﴾ إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ

مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ	إِذْ	يَتَلَقَّى	الْمُتَلَقِّيَانِ	عَنِ الْيَمِينِ	وَ	عَنِ الشِّمَالِ
شاہ رگ سے بھی	جب	لیتے ہیں	دو لینے والے	دائیں سے	اور	بائیں سے

اس کے قریب ہیں۔ جب (اس کے ہر قول و فعل کو) لے لیتے ہیں دو (فرشتے) لینے والے (ایک) داہنی طرف اور (دوسرا)

قَعِيدٌ ﴿١٧﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ ﴿١٨﴾ وَجَاءَتْ

قَعِيدٌ	مَا	يَلْفِظُ	مِنْ قَوْلٍ	إِلَّا	لَدَيْهِ	رَقِيبٌ	عَتِيدٌ	وَجَاءَتْ
بیٹھے ہوئے	نہیں	بولتا	کوئی لفظ	مگر	اس کے پاس	نگہبان ہیں	تیار	اور آئی

بائیں طرف بیٹھا ہوتا ہے۔ وہ زبان سے کوئی بات نہیں کہتا مگر اس کے پاس (اس کا) نگہبان لکھنے کیلئے تیار ہوتا ہے۔ اور آئی

سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾ وَنُفِخَ

سَكْرَةُ	الْمَوْتِ	بِالْحَقِّ	ذٰلِكَ	مَا	كُنْتَ	مِنْهُ	تَحِيْدُ	وَ	نُفِخَ
بے ہوشی	موت کی	ساتھ حق کے	یہ	وہ ہے جو	تو تھا	اس سے	بھاگتا	اور	پھونکا گیا

موت کی سختی حق کے ساتھ یہ ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔ اور صور

فِي الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ

فِي الصُّوْرِ	ذٰلِكَ	يَوْمُ	الْوَعِيْدِ	وَ	جَآءَتْ	كُلُّ	نَفْسٍ	مَّعَهَا	سَآئِقٌ
صور میں	یہ	دن ہے	عذاب کے وعدے کا	اور	آئے گا	ہر	آدمی	اسکے ساتھ	ہانکنے والا

پھونکا گیا یہ ہے وعدۂ عذاب کا دن۔ اور ہر شخص اپنے ساتھ ایک ہانکنے والا اور ایک

وَّشَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ

وَ	شَهِيْدٌ	لَقَدْ	كُنْتَ	فِيْ غَفْلَةٍ	مِّنْ هٰذَا	فَكَشَفْنَا	عَنْكَ	غِطَآءَكَ
اور	گواہ	بیشک	تھا تو	غفلت میں	اس سے	تو ہم نے اٹھایا	تجھ سے	پردہ تیرا

گواہ لئے آ گیا۔ تو تو اس سے غافل تھا اب ہم نے تجھ سے تیرا پردہ ہٹا دیا ہے تو آج

فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿۲۳﴾ اَلْقِيَا

فَبَصَرُكَ	الْيَوْمَ	حَدِيْدٌ	وَ	قَالَ	قَرِيْنُهٗ	هٰذَا	مَا	لَدَيَّ	عَتِيْدٌ	اَلْقِيَا
تو نظر تیری	آج کے دن	تیز ہے	اور	کہے گا	اس کا ساتھی	یہ ہے	جو	میرے پاس	تیار ہے	ڈال دو

تیری نظر خوب تیز ہے۔ اور اس کا (عمر بھر کا) ساتھی (فرشتہ) کہے گا یہ ہے (اس کا اعمال نامہ) جو میرے پاس تیار ہے۔ (دونوں

فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿۲۵﴾ الَّذِيْ

فِيْ جَهَنَّمَ	كُلَّ	كَفَّارٍ	عَنِيْدٍ	مَّنَّاعٍ	لِّلْخَيْرِ	مُعْتَدٍ	مُّرِيْبٍ	الَّذِيْ
جہنم میں	ہر ایک	کافر	ضدی کو	منع کرنیوالا	بھلائی سے	حد سے بڑھنے والا	شک کرنیوالا ہے	وہ جس

فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) ڈال دو جہنم میں ہر بڑے ناشکرے سرکش کو۔ جو بھلائی سے بہت روکنے والا حد سے بڑھنے والا شک کرنے والا۔ جس

جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ

جَعَلَ	مَعَ	اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ	فَاَلْقِيٰهُ	فِي الْعَذَابِ	الشَّدِيْدِ	قَالَ	قَرِيْنُهٗ
بنایا	ساتھ	اللہ کے	معبود	دوسرا	توڈالو اس کو	عذاب میں	سخت	کہے گا	اس کا ساتھی

اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ٹھہرایا تو تم دونوں اسے سخت عذاب میں ڈالو۔ اس کا ساتھی کہتا ہے

رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا

رَبَّنَا	مَآ	اَطْغَيْتُهٗ	وَ	لٰكِنْ	كَانَ	فِيْ ضَلٰلٍ	بَعِيْدٍ	قَالَ	لَا	تَخْتَصِمُوْا
اے ہمارے رب	نہیں	سرکش بنایا میں نے اسکو	اور	لیکن	تھا	گمراہی میں	دور کی	فرمائے گا	نہ	جھگڑو

ہمارے رب! میں نے اسے سرکش نہیں بنایا بلکہ وہ خود ہی بہت دور کی گمراہی میں تھا۔ اللہ فرماتا ہے کہ میرے حضور جھگڑا مت کرو

لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿۲۸﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا

لَدَيَّ	وَ	قَدْ	قَدَّمْتُ	اِلَيْكُمْ	بِالْوَعِيْدِ	مَا	يُبَدَّلُ	الْقَوْلُ	لَدَيَّ	وَمَآ	اَنَا
میرے پاس	اور	بیشک	آگے بھیجے میں نے	تمہاری طرف	عذاب کے وعدے	نہیں	بدلتی	بات	میرے پاس	اور نہیں	میں

حالانکہ میں تمہاری طرف پہلے ہی عذاب کی وعید بھیج چکا ہوں۔ میرے حضور (میری) بات بدلی نہیں جاتی اور نہ میں

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾ ع يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ

بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيْدِ	يَوْمَ	نَقُوْلُ	لِجَهَنَّمَ	هَلِ	امْتَلَاْتِ	وَ	تَقُوْلُ	هَلْ	مِنْ
ظلم کرنیوالا	بندوں پر	جس دن	ہم فرمائینگے	دوزخ کو	کیا	تو بھرگئی	اور	عرض کرے گی	کیا	کچھ

بندوں پر ظلم کرنے والا ہوں۔ (یاد کیجئے) جس دن ہم جہنم سے فرمائیں گے کیا تو بھر گئی؟ اور وہ عرض کرے گی کیا کچھ

مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ

مَّزِيْدٍ	وَ	اُزْلِفَتِ	الْجَنَّةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ	غَيْرَ	بَعِيْدٍ	هٰذَا	مَا	تُوْعَدُوْنَ
اور بھی ہے	اور	قریب کی جائے گی	جنت	پرہیزگاروں کیلئے	نہیں ہوگی	دور	یہ ہے	جو	وعدہ دیئے جاتے ہو تم

اور مزید ہے؟ اور پاس لائی جائے گی جنت پرہیزگاروں کے کہ ان سے دور نہ ہوگی۔ یہ ہے وہ جس کا تم وعدہ دیئے جاتے

لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ

بِقَلْبٍ	وَجَآءَ	بِالْغَيْبِ	الرَّحْمٰنَ	مَنْ خَشِيَ	حَفِيْظٍ	اَوَّابٍ	لِكُلِّ
دل	اورلایا	بن دیکھے	رحمٰن سے	جوڈرا	نگہداشت والے	رجوع کرنیوالے	واسطے ہرایک

ہو ہر رجوع لانے والے نگہداشت والے کیلئے۔ وہ جو رحمٰن سے بن دیکھے ڈرتا تھا اور جو توجہ دینے والا دل

مُّنِيْبِ ﴿۳۳﴾ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

يَشَآءُوْنَ	مَّا	لَهُمْ	الْخُلُوْدِ	يَوْمُ	ذٰلِكَ	بِسَلٰمٍ	ادْخُلُوْهَا	مُّنِيْبٍ
چاہیں	جو	ان کیلئے ہے	ہمیشہ کا	دن	یہ ہے	سلامتی سے	داخل ہوجاؤ اس میں	رجوع کرنیوالا

لے کر آیا ہے۔ جنتیوں سے فرمایا جائے گا اس میں سلامتی سے داخل ہو جاؤ یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔ ان کیلئے وہاں ہر وہ چیز

فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ

اَشَدُّ	هُمْ	مِّنْ قَرْنٍ	قَبْلَهُمْ	اَهْلَكْنَا	كَمْ	وَ	مَزِيْدٌ	لَدَيْنَا	وَ	فِيْهَا
زیادہ سخت تھے	وہ	کتنی سنگتیں	ان سے پہلے	ہلاک کیں ہم نے	کتنے ہی	اور	زیادہ بھی ہے	ہمارے پاس	اور	اس میں

ہوگی جسے وہ چاہیں گے اور ہمارے پاس (اس سے بھی) زیادہ ہے۔ اور ہم نے ان (کفارِ مکہ) سے پہلے بہت سی قومیں ہلاک کر

مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

فِيْ ذٰلِكَ	اِنَّ	مِنْ مَّحِيْصٍ	هَلْ	فِي الْبِلَادِ	فَنَقَّبُوْا	بَطْشًا	مِنْهُمْ
اس میں	بیشک	پائی کوئی پناہ کی جگہ	کیا	شہروں میں	پھر پھرے وہ	پکڑ میں	ان سے

دیں جو گرفت کی قوت میں ان سے زیادہ طاقتور تھیں تو انہوں نے (دنیا کے) شہروں کو چھان مارا ہے کہیں بھاگنے کی جگہ ہے؟ بے شک

لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ

لَقَدْ	وَ	شَهِيْدٌ	هُوَ	وَ	السَّمْعَ	اَلْقَى	اَوْ	قَلْبٌ	لَهٗ	كَانَ	لِمَنْ	لَذِكْرٰى
بیشک	اور	حاضر	وہ ہو	اور	کان	ڈالے	یا	دل	اس کیلئے	کہ ہو	اس کیلئے	نصیحت ہے

اس میں نصیحت ہے اس کیلئے جو دل رکھتا ہو یا کان لگائے اور متوجہ ہو۔ اور بے شک ہم نے

خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا

خَلَقۡنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضَ	وَ	مَا	بَيۡنَهُمَا	فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ	وَّ	مَا	مَسَّنَا
پیدا کیا ہم نے	آسمانوں کو	اور زمین کو	اور	جو	انکے درمیان ہے	چھ دنوں میں	اور	نہ	پہنچی ہم کو

آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں بنایا اور تھکان ہمارے

مِنۡ لُّغُوۡبٍ ﴿۳۸﴾ فَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ قَبۡلَ

مِنۡ لُّغُوۡبٍ	فَاصۡبِرۡ	عَلٰى	مَا	يَقُوۡلُوۡنَ	وَ	سَبِّحۡ	بِحَمۡدِ	رَبِّكَ	قَبۡلَ
کوئی تھکاوٹ	تو صبر کر	اوپر	اسکے جو	کہتے ہیں	اور	تسبیح بیان کر	ساتھ حمد کے	اپنے رب کی	پہلے

پاس نہیں پھٹکی۔ پس جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں اس پر صبر کریں اور اپنے رب کی تعریف کیا کریں

طُلُوۡعِ الشَّمۡسِ وَقَبۡلَ الۡغُرُوۡبِ ۚ﴿۳۹﴾ وَمِنَ الَّيۡلِ فَسَبِّحۡهُ وَ

طُلُوۡعِ	الشَّمۡسِ	وَ	قَبۡلَ	الۡغُرُوۡبِ	وَمِنَ الَّيۡلِ	فَسَبِّحۡهُ	وَ
طلوع ہونے سے	سورج کے	اور	پہلے	غروب ہونے کے	اور رات کے کچھ حصہ میں	اس کی تسبیح کرو	اور

سورج نکلنے سے پہلے اور غروب ہونے سے پہلے۔ اور رات کے کچھ حصے میں اور سجدوں کے بعد بھی اس کی

اَدۡبَارَ السُّجُوۡدِ ﴿۴۰﴾ وَاسۡتَمِعۡ يَوۡمَ يُنَادِ الۡمُنَادِ مِنۡ مَّكَانٍ قَرِيۡبٍ ۙ﴿۴۱﴾ يَّوۡمَ

اَدۡبَارَ السُّجُوۡدِ	وَ	اسۡتَمِعۡ	يَوۡمَ	يُنَادِ	الۡمُنَادِ	مِنۡ مَّكَانٍ	قَرِيۡبٍ	يَّوۡمَ
نمازوں کے بعد	اور	سنو	جس دن	آواز دے گا	آواز دینے والا	جگہ سے	قریب کی	جس دن

تسبیح کریں۔ اور (اے سننے والے!) کان لگا کر سن جس دن پکارنے والا قریب کی جگہ سے پکارے گا۔ جس دن یقیناً وہ

يَّسۡمَعُوۡنَ الصَّيۡحَةَ بِالۡحَقِّ ؕ ذٰلِكَ يَوۡمُ الۡخُرُوۡجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحۡنُ نُحۡىٖ

يَسۡمَعُوۡنَ	الصَّيۡحَةَ	بِالۡحَقِّ	ذٰلِكَ	يَوۡمُ	الۡخُرُوۡجِ	اِنَّا	نَحۡنُ	نُحۡىٖ
سنیں گے	چنگھاڑ	حق کے ساتھ	یہ ہے	دن	نکلنے کا	بیشک	ہم	زندہ کرتے ہیں

چیخ کی آواز سنیں گے یہ دن ہے (قبروں سے) باہر آنے کا ہے۔ بیشک ہم ہی زندہ رکھتے ہیں

وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا

وَنُمِيْتُ	وَ	اِلَيْنَا	الْمَصِيْرُ	يَوْمَ	تَشَقَّقُ	الْاَرْضُ	عَنْهُمْ	سِرَاعًا
اور مارتے ہیں	اور	ہماری طرف ہے	پھرنا	جس دن	پھٹ جائے گی	زمین	ان سے	جلدی سے

اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری ہی طرف پلٹ کر آنا ہے۔ جس دن زمین ان سے پھٹے گی تو جلدی کرتے ہوئے نکلیں گے

ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ

ذٰلِكَ	حَشْرٌ	عَلَيْنَا	يَسِيْرٌ	نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	وَ	مَآ	اَنْتَ
یہ ہے	حشر	اوپر ہمارے	آسان	ہم	خوب جانتے ہیں	جو	کہتے ہیں	اور	نہیں	تم

یہ حشر (کا دن) ہے ہم کو آسان ہے۔ ہم خوب جانتے ہیں جو وہ کہتے ہیں اور آپ

عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ قف فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ ع

عَلَيْهِمْ	بِجَبَّارٍ	فَذَكِّرْ	بِالْقُرْاٰنِ	مَنْ	يَّخَافُ	وَعِيْدِ
ان پر	جبر کرنیوالے	تو نصیحت کر	ساتھ قرآن کے	جو کوئی	ڈرے	میرے دھمکی سے

ان پر جبر کرنے والے نہیں ہیں پس قرآن سے نصیحت فرمایئے اسے جو میری تنبیہ سے ڈرتا ہے۔

اٰیاتھا ۶۰ — ۵۱ سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ ۶۷ — رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿۱﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿۲﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿۳﴾

وَ	الذّٰرِيٰتِ	ذَرْوًا	فَالْحٰمِلٰتِ	وِقْرًا	فَالْجٰرِيٰتِ	يُسْرًا
قسم ہے	بکھیرتی ہیں	بکھیرنا	پھر اٹھاتی ہیں	بوجھ	پھر چلتی ہیں	نرمی سے

اڑا کر بکھیر دینے والی ہواؤں کی قسم۔ اور (پانی کا) بوجھ اٹھانے والی بدلیوں کی قسم۔ اور آہستہ آہستہ چلنے والی کشتیوں کی قسم۔

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿۴﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿۵﴾ وَّاِنَّ الدِّیْنَ

الدِّیْنَ	اِنَّ	وَّ	لَصَادِقٌ	تُوْعَدُوْنَ	اِنَّمَا	اَمْرًا	فَالْمُقَسِّمٰتِ
انصاف	بیشک	اور	سچا ہے	تم وعدہ دیئے گئے ہو	اسکے سوانہیں کہ	حکم سے	پھر تقسیم کرنیوالیاں

پھر کام تقسیم کرنے والے فرشتوں کی قسم۔ بیشک جس امر کا تم سے وعدہ کیا جارہا ہے وہ ضرور سچا ہے۔ اور بے شک جزاء ضرور

لَوَاقِعٌ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿۷﴾ اِنَّكُمْ لَفِیْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ﴿۸﴾

مُّخْتَلِفٍ	لَفِیْ قَوْلٍ	اِنَّكُمْ	ذَاتِ الْحُبُكِ	وَالسَّمَآءِ	لَوَاقِعٌ
مختلف ہو	البتہ بات میں	بیشک تم	راستوں والے	قسم ہے آسمان کی	ہونا ہے

واقع ہوگی۔ آرائش والے آسمان کی قسم۔ تم مختلف بات میں ہو۔

یُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ﴿۹﴾ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِیْنَ هُمْ

هُمْ	الَّذِیْنَ	الْخَرّٰصُوْنَ	قُتِلَ	اُفِكَ	مَنْ	عَنْهُ	یُّؤْفَكُ
وہ	وہ کہ	تراشنے والے دل سے	مارے جائیں	پھیرا گیا	جو	اس سے	پھیرا جاتا ہے

اس سے وہی پھرتا ہے جو پھیر دیا گیا۔ ہلاک ہوں قیاس سے حکم لگانے والے۔ جو غفلت میں

فِیْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿۱۱﴾ یَسْـَٔلُوْنَ اَیَّانَ یَوْمُ الدِّیْنِ ﴿۱۲﴾ یَوْمَ هُمْ عَلَی

عَلَی	هُمْ	یَوْمَ	یَوْمُ الدِّیْنِ	اَیَّانَ	یَسْـَٔلُوْنَ	سَاهُوْنَ	فِیْ غَمْرَةٍ
اوپر	وہ	جس دن	انصاف کا دن	کب ہوگا	پوچھتے ہیں	بھولے ہوئے ہیں	مستی میں

بھولے ہوئے ہیں۔ پوچھتے ہیں روز جزا کب ہو گا۔ اس دن ہو گا جس دن وہ

النَّارِ یُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ

بِهٖ	كُنْتُمْ	الَّذِیْ	هٰذَا	فِتْنَتَكُمْ	ذُوْقُوْا	یُفْتَنُوْنَ	النَّارِ
اس کی	کہ تھے تم	وہ ہے	یہ	اپنا تپنا	چکھو	تپائے جائیں گے	آگ کے

آگ پر تپائے جائیں گے۔ اور فرمایا جائے گا اپنی سزا کا مزہ چکھو یہی وہ عذاب ہے جسے تم

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ لا

وَّعُيُوْنٍ	فِيْ جَنّٰتٍ	الْمُتَّقِيْنَ	اِنَّ	تَسْتَعْجِلُوْنَ
اور چشموں میں ہوں گے	باغوں میں	پرہیزگار	بیشک	جلدی کرتے

جلدی مانگتے تھے۔ پرہیز گار لوگ باغوں اور چشموں کے درمیان ہونگے۔

اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ

ذٰلِكَ	قَبْلَ	كَانُوْا	اِنَّهُمْ	رَبُّهُمْ	اٰتٰهُمْ	مَآ	اٰخِذِيْنَ
اس سے	پہلے	تھے	بیشک وہ	ان کا رب	دے گا ان کو	جو	لیں گے

لے رہے ہوں گے جو ان کا رب انہیں دے گا بے شک وہ اس سے پہلے

مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾ ؕ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

مَا يَهْجَعُوْنَ	مِّنَ الَّيْلِ	قَلِيْلًا	كَانُوْا	مُحْسِنِيْنَ
جو سوتے	رات سے	تھوڑا	تھے وہ	نیکوکار

نیک لوگ تھے۔ وہ رات کو کم سوتے تھے۔

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ

فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ	وَ	يَسْتَغْفِرُوْنَ	بِالْاَسْحَارِ هُمْ	وَ
ان کے مالوں میں	اور	بخشش مانگتے	پچھلی رات وہ	اور

اور رات کے پچھلے پہروں میں مغفرت طلب کرتے تھے۔ اور ان کے اموال میں

حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾ وَفِي الْاَرْضِ

فِي الْاَرْضِ	وَ	الْمَحْرُوْمِ	وَ	لِّلسَّآئِلِ	حَقٌّ
زمین میں	اور	بے نصیب کا	اور	سائل کیلئے	حق ہے

حق تھا سائل اور محروم کا۔ اور زمین میں نشانیاں ہیں

اٰیٰتٌ لِّلْمُوْقِنِیْنَ ﴿۲۰﴾ وَ فِیْۤ اَنْفُسِكُمْؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾

تُبْصِرُوْنَ	اَفَلَا	فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ	وَ	لِّلْمُوْقِنِیْنَ	اٰیٰتٌ
دیکھتے تم	کیا نہیں	تمہاری جانوں میں	اور	یقین والوں کیلئے	نشانیاں ہیں

یقین والوں کے لیے۔ اور خود تمہاری ذات میں تو کیا تم دیکھتے نہیں؟

وَ فِی السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَ مَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَ

وَ	فَوَرَبِّ السَّمَآءِ	تُوْعَدُوْنَ	مَا	وَ	رِزْقُكُمْ	فِی السَّمَآءِ	وَ
اور	تو قسم ہے آسمانوں کے رب کی	تم وعدہ دیئے جاتے ہو	جو	اور	تمہارا رزق ہے	آسمان میں	اور

اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ تو قسم آسمان اور زمین کے رب کی

الْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَاۤ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾ؑ هَلْ اَتٰىكَ

اَتٰىكَ	هَلْ	تَنْطِقُوْنَ	اَنَّكُمْ	مَاۤ	مِّثْلَ	لَحَقٌّ	اِنَّهٗ	الْاَرْضِ
آئی تمہارے پاس	کیا	بولتے ہو	کہ تم	اس کی	مثل	حق ہے	بیشک وہ	زمین کے

بے شک یہ (قرآن) ضرور حق ہے جیسا کہ تمہارا بولنا۔ (اے محبوب ﷺ!) کیا آپ کے

حَدِیْثُ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ الْمُكْرَمِیْنَ ﴿۲۴﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ

عَلَیْهِ	دَخَلُوْا	اِذْ	الْمُكْرَمِیْنَ	اِبْرٰهِیْمَ	ضَیْفِ	حَدِیْثُ
اس پر	داخل ہوئے	جب	عزت والوں کی	ابراہیم کے	مہمانوں کی	بات

پاس ابراہیم علیہ السلام کے معزز مہمانوں کی خبر آئی؟ جب وہ اس کے پاس

فَقَالُوْا سَلٰمًاؕ قَالَ سَلٰمٌۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ؑ فَرَاغَ اِلٰۤی

اِلٰۤی	فَرَاغَ	مُّنْكَرُوْنَ	قَوْمٌ	سَلٰمٌ	قَالَ	سَلٰمًا	فَقَالُوْا
طرف	تو گیا	ناشناسا	قوم تھی	سلام	کہا	سلام	پس بولے

آکر بولے سلام کہا سلام ناشناسا لوگ ہیں۔ پھر اپنے گھر گئے تو

ع ۲۲/۱۸ — وقف لازم

اَهۡلِهٖ فَجَآءَ بِعِجۡلٍ سَمِيۡنٍ ﴿٢٦﴾ فَقَرَّبَهٗۤ اِلَيۡهِمۡ قَالَ

قَالَ	اِلَيۡهِمۡ	فَقَرَّبَهٗۤ	سَمِيۡنٍ	بِعِجۡلٍ	فَجَآءَ	اَهۡلِهٖ
کہا	ان کی طرف	پھر قریب کیا اس کو	فربا	بچھڑا	تو لایا	اپنے گھر کے

ایک فربہ بچھڑا لے آئے۔ اور اسے ان کو پیش کیا اور کہا کیا

اَلَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿٢٧﴾ فَاَوۡجَسَ مِنۡهُمۡ خِيۡفَةً ؕ قَالُوۡا لَا تَخَفۡ ؕ

تَخَفۡ	لَا	قَالُوۡا	خِيۡفَةً	مِنۡهُمۡ	فَاَوۡجَسَ	تَاۡكُلُوۡنَ	اَلَا
ڈریے	نہ	بولے	ڈر کو	ان سے	تو چھپایا	کھاتے تم	کیا نہیں

تم کھاؤ گے نہیں؟ پھر انہوں نے ان سے ڈر محسوس کیا انہوں نے کہا ڈرو مت

وَبَشَّرُوۡهُ بِغُلٰمٍ عَلِيۡمٍ ﴿٢٨﴾ فَاَقۡبَلَتِ امۡرَاَتُهٗ فِىۡ صَرَّةٍ

فِىۡ صَرَّةٍ	امۡرَاَتُهٗ	فَاَقۡبَلَتِ	عَلِيۡمٍ	بِغُلٰمٍ	بَشَّرُوۡهُ	وَ
حیرت میں	اس کی بیوی	تو آئی	علم والے	لڑکے کی	بشارت دی اس کو	اور

اور انہیں ایک علم والے لڑکے کی بشارت دی۔ تو ان کی بیوی فریاد کرتی ہوئی آئیں

فَصَكَّتۡ وَجۡهَهَا وَقَالَتۡ عَجُوۡزٌ عَقِيۡمٌ ﴿٢٩﴾ قَالُوۡا

قَالُوۡا	عَقِيۡمٌ	عَجُوۡزٌ	قَالَتۡ	وَ	وَجۡهَهَا	فَصَكَّتۡ
کہنے لگے	بانجھ	بڑھیا	بولی	اور	اپنے چہرے پر	تو اس نے ہاتھ مارا

پھر (تعجب سے) اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا اور کہا مجھ بوڑھی بانجھ (کے لڑکا ہو گا؟) وہ بولے

كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡعَلِيۡمُ ﴿٣٠﴾

الۡعَلِيۡمُ	الۡحَكِيۡمُ	هُوَ	اِنَّهٗ	رَبُّكِ	قَالَ	كَذٰلِكِ
جاننے والا	حکمت والا	وہی ہے	بیشک وہ	تمہارے رب نے	کہا ہے	اسی طرح

ایسا ہی آپ کے رب نے فرمایا ہے بے شک وہی بڑی حکمت والا بہت علم والا ہے۔

الجزء ۲۷

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى

اِلٰى	اُرْسِلْنَآ	اِنَّآ	قَالُوْٓا	الْمُرْسَلُوْنَ	اَيُّهَا	خَطْبُكُمْ	فَمَا	قَالَ
طرف	بھیجے گئے ہیں	ہم	بولے	فرشتو	اے	کام ہے تمہیں	پھر کیا	کہا

ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تو اے فرشتو! تم کس کام سے آئے ہو۔ بولے ہم ایک مجرم قوم کی طرف

قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾

مِّنْ طِيْنٍ	حِجَارَةً	عَلَيْهِمْ	لِنُرْسِلَ	مُّجْرِمِيْنَ	قَوْمٍ
گارے سے بنے ہوئے	پتھر	ان پر	تاکہ چھوڑ دیں ہم	مجرم کی	قوم

بھیجے گئے ہیں۔ تاکہ ان پر مٹی کے بنے ہوئے پتھر برسائیں۔

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا

فِيْهَا	كَانَ	مَنْ	فَاَخْرَجْنَا	لِلْمُسْرِفِيْنَ	رَبِّكَ	عِنْدَ	مُّسَوَّمَةً
اس میں	تھے	جو	تو نکالے ہم نے	حد سے بڑھنے والوں کیلئے	تمہارے رب کے	نزدیک	نشاندار ہیں

جن پر حد سے نکلنے والوں کیلئے تمہارے رب کے ہاں نشان لگا دیئے گئے ہیں۔ تو ہم نے ان سب کو نکال لیا جو اس (بستی)

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾

مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ	بَيْتٍ	غَيْرَ	فِيْهَا	وَجَدْنَا	فَمَا	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
مسلمانوں سے	ایک گھر کے	سوائے	اس میں	پایا ہم نے	تو نہ	مومنوں سے

میں ایمان والے تھے۔ تو ہم نے اس میں مسلمانوں کے ایک گھر کے سوا (اور کوئی گھر) نہ پایا۔

وَ تَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ

الْعَذَابَ	يَخَافُوْنَ	لِّلَّذِيْنَ	اٰيَةً	فِيْهَآ	تَرَكْنَا	وَ
عذاب	ڈرتے ہیں	ان کیلئے جو	نشانی	اس میں	چھوڑی ہم نے	اور

اور ہم نے اس میں نشانی باقی رکھی ان کیلئے جو دردناک عذاب

الْاَلِیْمَ ﴿۳۷﴾ وَفِیْ مُوْسٰۤی اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰی فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ

الْاَلِیْمَ	وَ	فِیْ مُوْسٰی	اِذْ	اَرْسَلْنٰهُ	اِلٰی	فِرْعَوْنَ	بِسُلْطٰنٍ
دردناک سے	اور	موسیٰ میں	جبکہ	بھیجا ہم نے اس کو	طرف	فرعون کی	ساتھ سند

سے ڈرتے ہیں۔ اور موسیٰ علیہ السلام میں جب ہم نے انہیں روشن دلیل کے ساتھ فرعون کے

مُّبِیْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰی بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ

مُّبِیْنٍ	فَتَوَلّٰی	بِرُكْنِهٖ	وَ	قَالَ	سٰحِرٌ	اَوْ	مَجْنُوْنٌ	فَاَخَذْنٰهُ
روشن کے	تو پھر گیا	اپنے لشکر سمیت	اور	بولا	جادوگر ہے	یا	دیوانہ	تو ہم نے

پاس بھیجا۔ مگر اس نے اپنے اقتدار کی وجہ سے منہ موڑ لیا اور کہنے لگا وہ جادوگر ہے یا دیوانہ ہے۔ پھر ہم نے

وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِی الْیَمِّ وَهُوَ مُلِیْمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِیْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا

وَجُنُوْدَهٗ	فَنَبَذْنٰهُمْ	فِی الْیَمِّ	وَ	هُوَ	مُلِیْمٌ	وَ	فِیْ عَادٍ	اِذْ	اَرْسَلْنَا
اسکے لشکر کو	تو ہم نے پھینک دیا انکو	دریا میں	اور	وہ تھا	ملامت کیا گیا	اور	عاد میں	جبکہ	بھیجی ہم نے

اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑ لیا اور اسے سمندر کی لہروں میں ڈال دیا اور ملامت زدہ تھا۔ اور عاد (کی قوم) میں (بھی عبرت کی

عَلَیْهِمُ الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ

عَلَیْهِمُ	الرِّیْحَ	الْعَقِیْمَ	مَا	تَذَرُ	مِنْ شَیْءٍ	اَتَتْ	عَلَیْهِ
ان پر	آندھی	خشک	نہیں	چھوڑتی تھی	کسی شے کو	کہ آتی	اس پر

نشانیاں ہیں) جب کہ ہم نے ان پر رحمت سے خالی ہوا بھیجی۔ وہ جس چیز پر سے گزری اسے اسے

اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیْمِ ﴿۴۲﴾ وَفِیْ ثَمُوْدَ اِذْ قِیْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰی

اِلَّا	جَعَلَتْهُ	كَالرَّمِیْمِ	وَ	فِیْ ثَمُوْدَ	اِذْ	قِیْلَ	لَهُمْ	تَمَتَّعُوْا	حَتّٰی
مگر	کر چھوڑتی اس کو	گلی ہوئی چیز کی طرح	اور	ثمود میں	جبکہ	کہا گیا	ان سے	فائدہ اٹھاؤ	ایک

بوسیدہ چیز کی طرح کر دیا۔ اور ثمود (کی قوم) میں (بھی نشانی ہے) جب ان سے فرمایا گیا ایک

حِيْنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ

وَهُمْ	الصّٰعِقَةُ	فَاَخَذَتْهُمُ	رَبِّهِمْ	عَنْ اَمْرِ	فَعَتَوْا	حِيْنٍ
اور وہ	کڑک نے	تو پکڑا ان کو	اپنے رب کے	حکم سے	تو سرکشی کی انہوں نے	وقت تک

خاص وقت تک فائدہ اٹھالو۔ تو انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی پھر ان کو پکڑ لیا اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب

يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾

مُنْتَصِرِيْنَ	كَانُوْا	مَا	وَّ	مِنْ قِيَامٍ	اسْتَطَاعُوْا	فَمَا	يَنْظُرُوْنَ
بدلہ لینے والے	ہوئے وہ	نہ	اور	کھڑا رہنے کی	طاقت رکھی انہوں نے	تو نہ	دیکھ رہے تھے

نے اور وہ آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ پھر نہ وہ اس عذاب کے سامنے ٹھہر سکتے تھے اور نہ بدلہ لے سکتے تھے۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَالسَّمَاۗءَ بَنَيْنٰهَا

بَنَيْنٰهَا	السَّمَاۗءَ	وَ	فٰسِقِيْنَ	قَوْمًا	كَانُوْا	اِنَّهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	نُوْحٍ	قَوْمَ	وَ
بنایا ہم نے اسکو	آسمان	اور	فاسق	لوگ	تھے	بیشک وہ	ان سے پہلے	نوح	قوم	اور

اور اس سے پہلے قوم نوح علیہ السلام (کے ساتھ یہی ہوا) وہ ایک بدکار قوم تھی۔ اور ہم نے آسمان کو (اپنی) قدرت سے بنایا

بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾

الْمٰهِدُوْنَ	فَنِعْمَ	فَرَشْنٰهَا	وَالْاَرْضَ	لَمُوْسِعُوْنَ	اِنَّا	وَّ	بِاَيْىدٍ
بچھانے والے	تو کیا ہی اچھے ہیں	ہم نے فرش کیا اس کو	اور زمین کو	وسعت دینے والے ہیں	بیشک ہم	اور	ہاتھوں سے

اور بے شک ہم ضرور وسیع قدرت والے ہیں۔ اور زمین کو ہم نے (فرش بنا کر) بچھایا تو ہم کیا ہی اچھے بچھانے والے ہیں۔

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَفِرُّوْٓا اِلَى

اِلَى	فَفِرُّوْٓا	تَذَكَّرُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	زَوْجَيْنِ	خَلَقْنَا	شَيْءٍ	كُلِّ	مِنْ	وَ
طرف	تو دوڑو	نصیحت پکڑو	تاکہ تم	جوڑے	پیدا کیے ہم نے	چیز کے	ایک	ہر	اور

اور ہم نے ہر چیز کے دو جوڑے بنائے کہ تم دھیان کرو۔ تو اللہ کی طرف دوڑو

اللّٰهِ ۭ اِنِّىۡ لَـكُمۡ مِّنۡهُ نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ۚ﴿۵۰﴾ وَلَا تَجۡعَلُوۡا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ

اٰخَرَ	اِلٰهًا	اللّٰهِ	مَعَ	لَا تَجۡعَلُوۡا	وَ	مُّبِيۡنٌ	نَذِيۡرٌ	مِّنۡهُ	لَـكُمۡ	اِنِّىۡ	اللّٰهِ
دوسرا	معبود	اللہ کے	ساتھ	نہ بناؤ	اور	صریح	ڈرانیوالا ہوں	اسکی طرف سے	تمہارے لئے	بیشک میں	اللہ کی

بے شک میں اس کی طرف سے تمہارے لئے صریح ڈر سنانے والا ہوں۔ اور اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا خدا

اِنِّىۡ لَـكُمۡ مِّنۡهُ نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ۚ﴿۵۱﴾ كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ

مِنۡ قَبۡلِهِمۡ	الَّذِيۡنَ	اَتَى	مَاۤ	كَذٰلِكَ	مُّبِيۡنٌ	نَذِيۡرٌ	مِّنۡهُ	لَـكُمۡ	اِنِّىۡ
جو ان سے پہلے تھے	ان کے پاس	آیا	نہ	اسی طرح	صریح	ڈرانیوالا ہوں	اسکی طرف سے	تمہارے لئے	بیشک میں

نہ بناؤ میں اس کی طرف سے تمہیں صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ اسی طرح جو رسول بھی ان سے پہلے لوگوں کے پاس آیا

مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا قَالُوۡا سَاحِرٌ اَوۡ مَجۡنُوۡنٌ ۚ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوۡا بِهٖ ۚ بَلۡ هُمۡ

بَلۡ هُمۡ	بِهٖ	اَتَوَاصَوۡا	مَجۡنُوۡنٌ	اَوۡ	سَاحِرٌ	قَالُوۡا	اِلَّا	مِّنۡ رَّسُوۡلٍ
بلکہ وہ	اس کی	کیا وصیت کی آپس میں	دیوانہ	یا	جادوگر ہے	کہا انہوں نے	مگر	کوئی رسول

انہوں نے یہی کہا وہ جادوگر ہے یا دیوانہ۔ کیا انہوں نے ایک دوسرے کو اس بات کی وصیت کر دی تھی بلکہ

قَوۡمٌ طَاغُوۡنَ ۚ﴿۵۳﴾ فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ فَمَاۤ اَنۡتَ بِمَلُوۡمٍ ﴿۵۴﴾ وَّذَكِّرۡ فَاِنَّ

فَاِنَّ	ذَكِّرۡ	وَّ	بِمَلُوۡمٍ	اَنۡتَ	فَمَاۤ	عَنۡهُمۡ	فَتَوَلَّ	طَاغُوۡنَ	قَوۡمٌ
پس بیشک	نصیحت کرو	اور	کچھ الزام	آپ پر	تو نہیں	ان سے	تو منہ پھیرو	سرکش	لوگ ہیں

وہ سرکشی کرنے والے لوگ ہیں۔ تو (اے محبوب ﷺ) آپ ان سے توجہ ہٹا لیں تو آپ پر کوئی ملامت نہیں۔ اور آپ نصیحت

الذِّكۡرٰى تَنۡفَعُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۵۵﴾ وَمَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ

وَالۡاِنۡسَ	الۡجِنَّ	خَلَقۡتُ	مَا	وَ	الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	تَنۡفَعُ	الذِّكۡرٰى
اور انسانوں کو	جنوں کو	پیدا کیا میں نے	نہیں	اور	مسلمانوں کو	فائدہ دیتی ہے	نصیحت

کرتے رہیں بیشک نصیحت مومنوں کو فائدہ دیتی ہے۔ اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے

اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ

اَنْ	اُرِيْدُ	وَّمَآ	رِّزْقٍ	مِّنْ	مِنْهُمْ	اُرِيْدُ	مَآ	لِيَعْبُدُوْنِ	اِلَّا
یہ کہ	چاہتا میں	اور نہیں	رزق	کچھ	ان سے	چاہتا میں	نہیں	تاکہ وہ میری عبادت کریں	مگر

پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں۔ میں ان سے کوئی رزق نہیں چاہتا اور نہ چاہتا ہوں کہ وہ

يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾ فَاِنَّ

فَاِنَّ	الْمَتِيْنُ	الْقُوَّةِ	ذُو	الرَّزَّاقُ	هُوَ	اللّٰهَ	اِنَّ	يُّطْعِمُوْنِ
تو بیشک	قدرت والا	قوت	صاحب	روزی دینے والا	وہی ہے	اللہ	بیشک	کھانا کھلائیں مجھ کو

مجھے کھلائیں۔ بے شک اللہ خود ہی بڑا رزق دینے والا قوت والا اختیار والا ہے۔ تو یقیناً (ان)

لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾

يَسْتَعْجِلُوْنِ	فَلَا	اَصْحٰبِهِمْ	ذَنُوْبِ	مِّثْلَ	ذَنُوْبًا	لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
جلدی کریں مجھ سے	تو نہ	انکے ساتھیوں کے	باری	مثل	ایک باری ہے	ظالموں کیلئے

ظالموں کیلئے (بھی عذاب کا) حصہ ہے ان کے ساتھیوں کے حصے کی طرح تو (یہ) مجھ سے جلدی طلب نہ کریں۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع

يُوْعَدُوْنَ	الَّذِيْ	مِنْ يَّوْمِهِمُ	كَفَرُوْا	لِّلَّذِيْنَ	فَوَيْلٌ
وعدہ دیے جاتے ہیں	کہ اس کا	ان کے اس دن سے	کافر ہوئے	ان کی جو	تو خرابی ہے

تو کافروں کیلئے تباہی ہے ان کے اس دن سے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

آیاتھا ۴۹ ﴿۵۲ سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ ۷۶﴾ رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالطُّوْرِ ﴿۱﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ﴿۲﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴿۳﴾ وَّالْبَيْتِ

وَالْبَيْتِ	مَّنْشُوْرٍ	فِيْ رَقٍّ	مَّسْطُوْرٍ	كِتٰبٍ	وَ	الطُّوْرِ	وَ
اور بیت	کھلے	دفتر میں	لکھی ہوئی کی	کتاب	اور	طور کی	قسم ہے

(کوہ) طور کی قسم۔ اور لکھی ہوئی کتاب کی قسم۔ جو کھلے اوراق میں ہے۔ اور آباد

الْمَعْمُوْرِ ﴿۴﴾ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ

عَذَابَ	اِنَّ	الْمَسْجُوْرِ	الْبَحْرِ	وَ	الْمَرْفُوْعِ	السَّقْفِ	وَ	الْمَعْمُوْرِ
عذاب	بیشک	سلگائے ہوئے	سمندر کی	اور	بلند کی	چھت	اور	معمور کی

گھر کی قسم۔ اور اونچی چھت کی قسم۔ اور جوش مارتے ہوئے سمندر کی قسم۔ بیشک آپ کے رب کا عذاب

رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ﴿۷﴾ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ﴿۸﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ﴿۹﴾ وَّتَسِيْرُ

تَسِيْرُ	وَ	مَوْرًا	السَّمَآءُ	تَمُوْرُ	يَّوْمَ	دَافِعٍ	مِنْ	لَهٗ	مَّا	لَوَاقِعٌ	رَبِّكَ
چلیں گے	اور	ہلنا	آسمان	ہلے گا	جس دن	ٹالنے والا	کوئی	اس کو	نہیں	ضرور ہونا ہے	آپ کے رب کا

ضرور واقع ہونے والا ہے۔ اسے کوئی ٹالنے والا نہیں ہے۔ جس دن آسمان تھرتھرائے گا۔ اور پہاڑ

الْجِبَالُ سَيْرًا ﴿۱۰﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ

فِيْ خَوْضٍ	هُمْ	الَّذِيْنَ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	يَّوْمَئِذٍ	فَوَيْلٌ	سَيْرًا	الْجِبَالُ
مشغلہ میں	وہ	وہ لوگ جو کہ	جھٹلانیوالوں کیلئے	اس دن	تو خرابی ہے	چلنا	پہاڑ

چلنے لگیں گے۔ تو اس دن جھٹلانے والوں کیلئے بڑی تباہی ہے۔ جو لوگ بیہودہ مشغلہ میں

يَّلْعَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

بِهَا	كُنْتُمْ	الَّتِيْ	النَّارُ	هٰذِهِ	دَعًّا	جَهَنَّمَ	نَارِ	اِلٰى	يُدَعُّوْنَ	يَوْمَ	يَلْعَبُوْنَ
اس کو	کرتے تم	وہ ہے	آگ	یہ	دھکیلے کیلئے	جہنم کے	آگ کی	طرف	دھکا دیے جائینگے	جس دن	کھیلتے ہیں

کھیل رہے ہیں۔ جس دن جہنم کی طرف دھکا دے کر دھکیلے جائیں گے۔ یہ ہے وہ آگ جس

وقف لازم

تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٤﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿١٥﴾ اِصْلَوْهَا

تُكَذِّبُوْنَ	اَفَسِحْرٌ	هٰذَآ	اَمْ	اَنْتُمْ	لَا	تُبْصِرُوْنَ	اِصْلَوْهَا
جھٹلاتے	کیا پھر جادو ہے	یہ	یا	تم	نہیں	دیکھتے	داخل ہو اس میں

تم جھٹلاتے تھے۔ تو کیا یہ جادو ہے یا تمہیں نظر نہیں آتا؟ اس میں داخل ہو جاؤ

فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۗ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

فَاصْبِرُوْٓا	اَوْ	لَا تَصْبِرُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْكُمْ	اِنَّمَا	تُجْزَوْنَ	مَا	كُنْتُمْ
تو صبر کرو	یا	نہ صبر کرو	برابر ہے	تم پر	سوا اسکے نہیں	بدلہ دیئے جاؤ گے	جو	تھے تم

اور پھر صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لئے برابر ہے تمہیں تمہارے عملوں کا بدلہ ہی

تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿١٧﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ

تَعْمَلُوْنَ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ	وَّ	نَعِيْمٍ	فٰكِهِيْنَ	بِمَآ	اٰتٰهُمْ	رَبُّهُمْ
عمل کرتے	بیشک	پرہیزگار	باغوں میں	اور	نعمتوں میں ہوں گے	خوش ہوں گے	اس سے جو	دیا ان کو	انکے رب نے

دیا جا رہا ہے۔ بے شک متقی لوگ جنتوں اور نعمتوں میں ہوں گے۔ خوش ہو رہے ہونگے اپنے رب کی عطاؤں سے

وَوَقٰهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿١٨﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ

وَوَقٰهُمْ	رَبُّهُمْ	عَذَابَ	الْجَحِيْمِ	كُلُوْا	وَ	اشْرَبُوْا	هَنِيْٓـًٔا	بِمَا	كُنْتُمْ
اور بچایا ان کو	انکے رب نے	عذاب	جہنم سے	کھاؤ	اور	پیو	خوشگوار	بدلہ اس کا	کہ تھے تم

اور ان کا رب انہیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔ کھاؤ اور پیو مزے سے اپنے ان اعمال کی وجہ سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿٢٠﴾

تَعْمَلُوْنَ	مُتَّكِـِٕيْنَ	عَلٰى	سُرُرٍ	مَّصْفُوْفَةٍ	وَزَوَّجْنٰهُمْ	بِحُوْرٍ	عِيْنٍ
عمل کرتے	تکیہ لگائے ہوں گے	اوپر	تختوں کے	جو قطار میں ہوں گے	اور بیاہ دیں گے ہم انکو	حور سے	موٹی آنکھ والی

جو تم کرتے تھے۔ صف بہ صف بچھے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ان کی زوجیت میں دے دیں گے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ

مَآ	وَ	ذُرِّيَّتَهُمْ	اَلْحَقْنَا بِهِمْ	بِاِيْمَانٍ	ذُرِّيَّتُهُمْ	اتَّبَعَتْهُمْ	وَ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	وَ
نہ	اور	انکی اولاد کو	ملا دیں گے ہم انکے ساتھ	ایمان کے ساتھ	ان کی اولاد	پیچھے لگی انکے	اور	ایمان لائے	وہ جو	اور

اور جو لوگ ایمان لائے اور جن کی اولاد نے ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کی، ان کی اولاد کو ہم ان سے

اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾

رَهِيْنٌ	كَسَبَ	بِمَا	امْرِئٍ	كُلُّ	شَيْءٍ	مِّنْ	مِّنْ عَمَلِهِمْ	اَلَتْنٰهُمْ
گرفتار ہے	کمایا اس نے	اسکے ساتھ جو	آدمی	ہر	چیز	کوئی	انکے عملوں میں سے	کم کریں گے ہم

ملا دیں گے اور ہم ان کے عملوں سے کچھ بھی کم نہ کریں گے ہر شخص اپنے ہی عمل (کی سزا و جزا) میں گرفتار ہوگا۔

وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا

لَّا	كَاْسًا	فِيْهَا	يَتَنَازَعُوْنَ	يَشْتَهُوْنَ	مِّمَّا	وَّلَحْمٍ	بِفَاكِهَةٍ	اَمْدَدْنٰهُمْ	وَ
نہ	جام	اس میں	آپس میں لینگے ایک دوسرے	چاہیں گے	جو	اور گوشت سے	میوے	مدد کی ہم نے انکی	اور

اور ہم انہیں پھل اور گوشت جو وہ پسند کریں گے، دیتے رہیں گے۔ وہاں یہ لوگ لپک کر (شراب طہور کے) جام لے رہے

لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ

لُؤْلُؤٌ	كَاَنَّهُمْ	لَّهُمْ	غِلْمَانٌ	عَلَيْهِمْ	وَيَطُوْفُ	وَلَا تَاْثِيْمٌ	فِيْهَا	لَغْوٌ
موتی ہیں	گویا وہ	ان کے	خدمت گار	ان پر	اور پھریں گے	اور نہ گناہ	اس میں	بیہودگی ہوگی

ہوں گے اس میں نہ کوئی بیہودگی ہوگی اور نہ گناہ کا کام۔ اور ان کے خاص غلام (خدمت کیلئے) ان کے گرد پھرتے ہوں گے گویا وہ

مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

كُنَّا	اِنَّا	قَالُوْٓا	يَّتَسَآءَلُوْنَ	بَعْضٍ	عَلٰى	بَعْضُهُمْ	اَقْبَلَ	وَ	مَّكْنُوْنٌ
تھے	بیشک ہم	کہیں گے	سوال کرتے ہوئے	بعض کے	اوپر	ان کے بعض نے	منہ کیا	اور	چھپے ہوئے

چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہیں۔ اور ان میں ایک نے دوسرے کی طرف منہ کیا پوچھتے ہوئے۔ بولے بے شک ہم اس سے

قَبۡلُ فِیۡۤ اَهۡلِنَا مُشۡفِقِیۡنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیۡنَا وَ وَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوۡمِ ﴿۲۷﴾

قَبۡلُ	فِیۡۤ اَهۡلِنَا	مُشۡفِقِیۡنَ	فَمَنَّ	اللّٰهُ	عَلَیۡنَا	وَ	وَقٰىنَا	عَذَابَ	السَّمُوۡمِ
اس سے پہلے	اپنے گھروالوں میں	سہمے ہوئے	تو احسان کیا	اللہ نے	ہم پر	اور	بچایا ہم کو	عذاب	گرم ہوا (لُو) سے

پہلے اپنے گھروں میں سہمے ہوئے تھے۔ پھر اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں جھلسا دینے والی ہوا کے عذاب سے بچا لیا۔

اِنَّا كُنَّا مِنۡ قَبۡلُ نَدۡعُوۡهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡبَرُّ الرَّحِیۡمُ ﴿۲۸﴾ فَذَكِّرۡ فَمَاۤ اَنۡتَ

اِنَّا	كُنَّا	مِنۡ قَبۡلُ	نَدۡعُوۡهُ	اِنَّهٗ	هُوَ	الۡبَرُّ	الرَّحِیۡمُ	فَذَكِّرۡ	فَمَاۤ	اَنۡتَ
بیشک	ہم تھے	ان سے پہلے	عبادت کرتے اسکی	بیشک وہ	وہی ہے	احسان کرنیوالا	مہربان	تو نصیحت کرو	تو نہیں	آپ

بے شک پہلے بھی ہم اسے ہی پکارا کرتے تھے کہ وہی احسان کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے حبیب ﷺ تو آپ نصیحت

بِنِعۡمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّ لَا مَجۡنُوۡنٍ ﴿۲۹﴾ ؕ اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ

بِنِعۡمَتِ	رَبِّكَ	بِكَاهِنٍ	وَّ	لَا مَجۡنُوۡنٍ	اَمۡ	یَقُوۡلُوۡنَ	شَاعِرٌ	نَّتَرَبَّصُ	بِهٖ
نعمت سے	اپنے رب کے	کاہن	اور	نہ مجنون	یا	کہتے ہیں	شاعر ہے	ہم انتظار کرتے ہیں	اسکے متعلق

فرماتے رہیں کہ آپ اپنے رب کے فضل سے نہ کاہن ہیں اور نہ دیوانے۔ کیا (منکرین) کہتے ہیں یہ شاعر ہیں ہمیں ان پر

رَیۡبَ الۡمَنُوۡنِ ﴿۳۰﴾ قُلۡ تَرَبَّصُوۡا فَاِنِّیۡ مَعَكُمۡ مِّنَ الۡمُتَرَبِّصِیۡنَ ﴿۳۱﴾ ؕ اَمۡ

رَیۡبَ	الۡمَنُوۡنِ	قُلۡ	تَرَبَّصُوۡا	فَاِنِّیۡ	مَعَكُمۡ	مِّنَ الۡمُتَرَبِّصِیۡنَ	اَمۡ
گردش کی	زمانے کے	فرماؤ	انتظار کرو	تو بیشک میں بھی	تمہارے ساتھ	انتظار کرنیوالوں میں سے ہوں	یا

زمانے کے حادثوں کا انتظار کر رہے ہیں۔ فرما دیجئے انتظار کئے جاؤ میں بھی تمہارے ساتھ انتظار میں ہوں۔ کیا ان کی

تَاۡمُرُهُمۡ اَحۡلَامُهُمۡ بِهٰذَاۤ اَمۡ هُمۡ قَوۡمٌ طَاغُوۡنَ ﴿۳۲﴾ ۚ اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ

تَاۡمُرُهُمۡ	اَحۡلَامُهُمۡ	بِهٰذَاۤ	اَمۡ	هُمۡ	قَوۡمٌ	طَاغُوۡنَ	اَمۡ	یَقُوۡلُوۡنَ	تَقَوَّلَهٗ
حکم دیتی ہیں انکو	ان کی عقلیں	اس کا	یا	وہ	لوگ ہیں	سرکش	یا	کہتے ہیں	بنا لیا ہے خود اپنے اسکو

عقلیں انہیں یہی بتاتی ہیں یا وہ سرکش لوگ ہیں۔ یا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے اپنی طرف سے بنا لیا ہے؟

ع ۲۸ / ۲

بَلْ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَلْیَاْتُوْا بِحَدِیْثٍ مِّثْلِهٖۤ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِیْنَ ﴿۳۴﴾ اَمْ

اَمْ	صٰدِقِیْنَ	كَانُوْا	اِنْ	مِّثْلِهٖ	بِحَدِیْثٍ	فَلْیَاْتُوْا	یُؤْمِنُوْنَ	لَّا	بَلْ
یا	سچے	ہیں وہ	اگر	اس جیسی	ایک بات	تو چاہیے کہ لائیں	ایمان لاتے	نہیں	بلکہ

نہیں بلکہ وہ مانتے نہیں۔ اچھا! وہ بھی اس کی مثل کوئی بات لے آئیں اگر وہ سچے ہیں؟ کیا وہ

خُلِقُوْا مِنْ غَیْرِ شَیْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ

السَّمٰوٰتِ	خَلَقُوْا	اَمْ	الْخٰلِقُوْنَ	هُمُ	اَمْ	شَیْءٍ	مِنْ غَیْرِ	خُلِقُوْا
آسمانوں کو	پیدا کیا انہوں نے	یا	پیدا کرنیوالے	وہ ہیں	یا	چیز کے	بغیر کسی	پیدا کیے گئے ہیں

کسی شے کے بغیر پیدا کیے گئے؟ یا وہ (خود) خالق ہیں۔ کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا یُوْقِنُوْنَ ﴿۳۶﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآىِٕنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ

هُمُ	اَمْ	رَبِّكَ	خَزَآىِٕنُ	عِنْدَهُمْ	اَمْ	یُوْقِنُوْنَ	لَّا	بَلْ	الْاَرْضَ	وَ
وہ ہیں	یا	تمہارے رب کے	خزانے ہیں	پاس ان کے	یا	یقین کرتے	نہیں	بلکہ	زمین کو	اور

کو پیدا کیا؟ بلکہ وہ یقین نہیں رکھتے۔ یا ان کے پاس تمہارے رب کے خزانے ہیں

الْمُصَیْطِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ یَّسْتَمِعُوْنَ فِیْهِ ۚ فَلْیَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ

مُسْتَمِعُهُمْ	فَلْیَاْتِ	فِیْهِ	یَّسْتَمِعُوْنَ	سُلَّمٌ	لَهُمْ	اَمْ	الْمُصَیْطِرُوْنَ
ان کا سننے والا	تو لے آئے	اس میں	سن لیتے ہیں	سیڑھی ہے	ان کے پاس	یا	ذمہ دار

یا وہ داروغہ ہیں۔ یا ان کے پاس کوئی زینہ ہے جس میں چڑھ کر سن لیتے ہیں تو ان کا سننے والا

بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳۸﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ

فَهُمْ	اَجْرًا	تَسْـَٔلُهُمْ	اَمْ	الْبَنُوْنَ	لَكُمُ	وَ	الْبَنٰتُ	لَهُ	اَمْ	مُّبِیْنٍ	بِسُلْطٰنٍ
تو وہ	اجرت	مانگتے ہو ان سے	یا	بیٹے	تمہارے لیے	اور	بیٹیاں ہیں	اس کیلئے	یا	روشن	کوئی سند

کوئی روشن دلیل لائے۔ یا اس کی بیٹیاں ہیں اور تمہارے بیٹے؟ کیا آپ ان سے اُجرت طلب کرتے ہیں

مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ؕ ﴿۴۰﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ؕ ﴿۴۱﴾ اَمْ

مِّنْ مَّغْرَمٍ	مُّثْقَلُوْنَ	اَمْ	عِنْدَهُمُ	الْغَيْبُ	فَهُمْ	يَكْتُبُوْنَ	اَمْ
تاوان سے	بوجھل ہیں	یا	پاس ان کے	غیب ہے	سو وہ	لکھتے ہیں	یا

اور وہ تاوان کے بوجھ تلے دبے جا رہے ہیں۔ کیا ان کے پاس غیب ہے؟ کہ وہ لکھ رہے ہیں۔ یا وہ

يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ؕ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ؕ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ

يُرِيْدُوْنَ	كَيْدًا	فَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	هُمُ	الْمَكِيْدُوْنَ	اَمْ	لَهُمْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ
چاہتے ہیں	مکر کرنا	تو وہ جو	کافر ہوئے	وہی	مکر میں آئیں گے	یا	ان کیلئے	معبود ہے	سوا

فریب دینا چاہتے ہیں؟ تو کفر کرنے والے خود ہی اپنے دام فریب میں مبتلا ہیں۔ یا اللہ کے سوا ان کا

اللّٰهِ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ

اللّٰهِ	سُبْحٰنَ	اللّٰهِ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	وَ	اِنْ	يَّرَوْا	كِسْفًا	مِّنَ السَّمَآءِ
اللہ کے	پاک ہے	اللہ	اس سے جو	شرک کرتے ہیں	اور	اگر	دیکھیں	ٹکڑا	آسمان سے

کوئی اور خدا ہے اللہ پاک ہے ان کے شرک سے۔ اور اگر آسمان سے کوئی ٹکڑا گرتا

سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿۴۴﴾ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

سَاقِطًا	يَّقُوْلُوْا	سَحَابٌ	مَّرْكُوْمٌ	فَذَرْهُمْ	حَتّٰى	يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ
گرتا ہوا	کہیں	بادل ہے	تہ بہ تہ	سو چھوڑ دو ان کو	یہاں تک کہ	ملیں	اپنے دن کو

دیکھیں تو کہیں گے تہ بہ تہ بادل ہے۔ پس آپ انہیں (ان کے حال پر) چھوڑ دیجئے یہاں تک کہ وہ اپنا

الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ

الَّذِيْ	فِيْهِ	يُصْعَقُوْنَ	يَوْمَ	لَا	يُغْنِيْ	عَنْهُمْ	كَيْدُهُمْ	شَيْـًٔا	وَّ	لَا هُمْ
وہ دن	جس میں	بیہوش ہوجائینگے	جس دن	نہ	کام آئے گا	ان کا	مکر ان کا	کچھ بھی	اور	نہ وہ

وہ دن دیکھیں جس میں ان کے ہوش اُڑ جائیں گے۔ جس دن ان کا فریب ان کے کچھ کام نہ آئے گا اور نہ

يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

اَكْثَرَهُمْ	لٰكِنَّ	وَ	ذٰلِكَ	دُوْنَ	عَذَابًا	ظَلَمُوْا	لِلَّذِيْنَ	اِنَّ	وَ	يُنْصَرُوْنَ
اکثر ان کے	لیکن	اور	اس کے بھی	سوا	عذاب ہے	ظالم ہیں	ان کیلئے جو	بیشک	اور	مدد دیئے جائینگے

انہیں مدد ملے گی۔ اور بے شک ظالموں کیلئے اس (عذابِ آخرت) سے پہلے ایک (اور) عذاب ہے لیکن ان کے اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

بِحَمْدِ	سَبِّحْ	وَ	بِاَعْيُنِنَا	فَاِنَّكَ	رَبِّكَ	لِحُكْمِ	وَاصْبِرْ	يَعْلَمُوْنَ	لَا
ساتھ حمد کے	تسبیح بیان کرو	اور	ہماری نگاہ میں ہو	پس بیشک آپ	اپنے رب کے	واسطے حکم	اور صبر کرو	جانتے	نہیں

نہیں جانتے۔ اور (اے محبوب ﷺ!) آپ اپنے رب کے فیصلہ پر ٹھہرے رہیں بے شک آپ ہماری حفاظت میں ہیں اور اپنے

رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿۴۹﴾ ع

النُّجُوْمِ	اِدْبَارَ	وَ	فَسَبِّحْهُ	مِنَ الَّيْلِ	وَ	تَقُوْمُ	حِيْنَ	رَبِّكَ
تاروں کے	پیٹھ دیتے وقت	اور	اسکی تسبیح بیان کرو	رات کے کچھ حصہ میں	اور	کھڑے ہو	جب تم	اپنے رب کی

رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کیجئے جب آپ کھڑے ہوں۔ اور کچھ رات میں اس کی تسبیح کیجئے اور جب تارے چھپتے ہیں۔

ایاتھا ۶۲ — ۵۳ سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ ۲۳ — رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿۱﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ﴿۲﴾ وَمَا يَنْطِقُ

يَنْطِقُ	مَا	وَ	غَوٰى	مَا	وَ	صَاحِبُكُمْ	ضَلَّ	مَا	هَوٰى	اِذَا	وَالنَّجْمِ
بولتے	نہیں	اور	بے راہ چلے	نہ	اور	تمہارے صاحب	بہکے	نہ	اترے	جب	قسم ہے تارے کی

اس پیارے چمکتے تارے محمد ﷺ کی قسم جب یہ معراج سے نیچے اترے۔ تمہارے صاحب نہ (کبھی) راہ بھولے اور نہ (کبھی) راہ سے بھٹکے

عَنِ الْهَوٰى ۝۳ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰى ۝۴ عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰى ۝۵

عَنِ الْهَوٰى	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	وَحْیٌ	یُّوْحٰى	عَلَّمَهٗ	شَدِیْدُ	الْقُوٰى
اپنی خواہش سے	نہیں	وہ	مگر	وحی ہے جو	وحی کی گئی	سکھایا اس کو	سخت	قوت والے نے

اور وہ اپنی خواہش سے کلام نہیں کرتے۔ ان کا بولنا سراسر وحی خدا ہوتا ہے جو انہیں کی جاتی ہے۔ انہیں سکھایا (اللہ) سخت قوتوں والے نے۔

ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۝۶ وَ هُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ ۝۷ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝۸

ذُوْ مِرَّةٍ	فَاسْتَوٰى	وَ	هُوَ	بِالْاُفُقِ	الْاَعْلٰى	ثُمَّ	دَنَا	فَتَدَلّٰى
صاحب طاقت نے	پھر قصد فرمایا	اور	وہ	کنارے	بلند پر تھا	پھر	قریب ہوا	پھر لٹکا

بہت زبردست نے پھر اس (اللہ) نے استوٰی فرمایا۔ اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارہ (یعنی عالم خلق کی انتہا) پر تھے۔ پھر وہ (رب العزت اپنے

فَكَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝۹ فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ؕ ۝۱۰ مَا

فَكَانَ	قَابَ	قَوْسَیْنِ	اَوْ	اَدْنٰى	فَاَوْحٰى	اِلٰى	عَبْدِهٖ	مَاۤ	اَوْحٰى	مَا
پھر ہوگیا	بہ قدر	دو کمان کے	بلکہ	اس سے بھی قریب	تو وحی فرمائی	طرف	اپنے بندے کی	جو	وحی فرمائی	نہیں

حبیب ﷺ سے) قریب ہوا پھر اور زیادہ قریب ہوگیا۔ پھر (محب اور حبیب میں) دو کمان کی مقدار فاصلہ رہ گیا بلکہ اس سے بھی کم ہوگیا۔ تب اس نے

كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝۱۱ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا یَرٰى ۝۱۲ وَ لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً

كَذَبَ	الْفُؤَادُ	مَا	رَاٰى	اَفَتُمٰرُوْنَهٗ	عَلٰى	مَا	یَرٰى	وَلَقَدْ	رَاٰهُ	نَزْلَةً
جھٹلایا	دل نے	جو	اس نے دیکھا	کیا تم اس سے جھگڑتے ہو	اس پر	جو	دیکھا	اور بیشک	دیکھا اس نے اسکو	ایک مرتبہ

اپنے بندے کو وحی فرمائی جو (بھی) وحی فرمائی۔ قلب مبارک نے اس کے خلاف نہ کہا جو (چشم اقدس نے) دیکھا۔ تو کیا تم ان سے اس پر جھگڑتے ہو جو

اُخْرٰى ۝۱۳ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝۱۴ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ؕ ۝۱۵ اِذْ

اُخْرٰى	عِنْدَ	سِدْرَةِ	الْمُنْتَهٰى	عِنْدَهَا	جَنَّةُ	الْمَاْوٰى	اِذْ
اور (دو مرتبہ)	نزدیک	سدرۃ	المنتہیٰ کے	پاس اس کے ہے	جنت	الماویٰ	جب

انہوں نے دیکھا۔ اور انہوں نے تو وہ جلوہ دوبارہ دیکھا۔ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس۔ اس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔ جب

يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿۱۶﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَاٰى

رَاٰى	لَقَدْ	طَغٰى	مَا	وَ	الْبَصَرُ	زَاغَ	مَا	يَغْشٰى	مَا	السِّدْرَةَ	يَغْشَى
دیکھیں اس نے	بیشک	حد سے بڑھی	نہ	اور	آنکھ	پھری	نہ	چھا رہا تھا	جو	سدرہ پر	چھا رہا تھا

اس بیری پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا۔ نہ ایک طرف مائل ہوئی نظر اور نہ حد (ادب) سے بڑھی۔ بے شک انہوں نے

مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿۱۹﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ

الثَّالِثَةَ	مَنٰوةَ	وَ	الْعُزّٰى	وَ	اللّٰتَ	اَفَرَءَيْتُمُ	الْكُبْرٰى	رَبِّهِ	مِنْ اٰيٰتِ
تیسری	منات کو	اور	عزیٰ کو	اور	لات	کیا تم نے دیکھا	بڑی بڑی	اپنے رب کی	بعض نشانیاں

اپنے رب کی بڑی نشانیاں ضرور دیکھیں۔ تو کیا تم نے دیکھا لات اور عزیٰ۔ اور اس تیسری

الْاُخْرٰى ﴿۲۰﴾ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾

ضِيْزٰى	قِسْمَةٌ	اِذًا	تِلْكَ	الْاُنْثٰى	لَهُ	وَ	الذَّكَرُ	اَلَكُمُ	الْاُخْرٰى
ٹیڑھی	تقسیم ہے	اس وقت	یہ	بیٹیاں	اس کیلئے	اور	بیٹے ہیں	کیا تمہارے لئے	پچھلی کو

منات کو۔ کیا تمہارے لئے لڑکے ہیں اور اس کیلئے لڑکیاں؟ پھر تو یہ تقسیم بڑی نامناسب ہے۔

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا

بِهَا	اللّٰهُ	اَنْزَلَ	مَآ	اٰبَآؤُكُمْ	وَ	اَنْتُمْ	سَمَّيْتُمُوْهَآ	اَسْمَآءٌ	اِلَّآ	هِيَ	اِنْ
اس کی	اللہ نے	اتاری	نہیں	باپ دادا تمہارے نے	اور	تم نے	تم نے رکھے ہیں انکے	نام ہیں جو	مگر	وہ	نہیں

یہ تو صرف نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں اللہ نے ان کے بارے میں

مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ

لَقَدْ	وَ	الْاَنْفُسُ	تَهْوَى	مَا	وَ	الظَّنَّ	اِلَّا	يَتَّبِعُوْنَ	اِنْ	مِنْ سُلْطٰنٍ
بیشک	اور	نفس	چاہیں	اسکی جو	اور	گمان کی	مگر	پیروی کرتے وہ	نہیں	کوئی سند

کوئی دلیل نہیں اتاری وہ پیروی کرتے ہیں گمان اور اپنی نفسانی خواہشوں کی حالانکہ یقیناً ان کے پاس

جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿۲۳﴾ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾ فَلِلّٰهِ

جَآءَهُمْ	مِّنْ رَّبِّهِمُ	الْهُدٰى	اَمْ	لِلْاِنْسَانِ	مَا	تَمَنّٰى	فَلِلّٰهِ
آئی انکے پاس	انکے رب کی طرف سے	ہدایت	کیا	انسان کیلئے ہے	جو	چاہے	تو اللہ ہی کیلئے ہے

ان کے رب کی طرف سے ہدایت آچکی ہے۔ کیا انسان کو وہ سب کچھ مل جاتا ہے جس کی وہ تمنا کرتا ہے؟ تو آخرت

الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِى السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِىْ شَفَاعَتُهُمْ

الْاٰخِرَةُ	وَ	الْاُوْلٰى	وَ	كَمْ مِّنْ	مَّلَكٍ	فِى السَّمٰوٰتِ	لَا	تُغْنِىْ	شَفَاعَتُهُمْ
آخرت	اور	دنیا	اور	کتنے ہی	فرشتے ہیں	آسمانوں میں	نہیں	کام آتی	ان کی سفارش

اور دنیا سب کا مالک اللہ ہی ہے۔ اور کتنے ہی فرشتے ہیں آسمانوں میں کہ ان کی سفارش کچھ کام نہیں

ع ۲۵/۵

شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿۲۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

شَيْـًٔا	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ	يَّاْذَنَ	اللّٰهُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَرْضٰى	اِنَّ	الَّذِيْنَ
کچھ بھی	مگر	بعد اسکے	کہ	اجازت دے	اللہ	جس کو	چاہے	اور	پسند کرے	بیشک	وہ جو

آئی مگر جب کہ اللہ اجازت دے دے جس کیلئے چاہے اور پسند فرمائے۔ جو لوگ آخرت کو نہیں

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾ وَمَا لَهُمْ بِهٖ

لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	لَيُسَمُّوْنَ	الْمَلٰٓئِكَةَ	تَسْمِيَةَ	الْاُنْثٰى	وَ	مَا	لَهُمْ	بِهٖ
نہیں	ایمان لائے	آخرت پر	وہ نام رکھتے ہیں	فرشتوں کے	نام	عورتوں کے	اور	نہیں	ان کو	اس کا

مانتے وہ فرشتوں کو عورتوں کے نام سے موسوم کردیتے ہیں۔ مگر انہیں اس کا

مِنْ عِلْمٍ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِىْ مِنَ الْحَقِّ

مِنْ عِلْمٍ	اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَ	اِنَّ	الظَّنَّ	لَا	يُغْنِىْ	مِنَ الْحَقِّ
کوئی علم	نہیں	پیروی کرتے	مگر	گمان کی	اور	بیشک	گمان	نہیں	کام آتا	حق سے

کوئی علم نہیں، وہ محض وہم و گمان کے پیچھے چلتے ہیں اور وہم و گمان حق کے مقابلے میں

شَیْـًٔا ﴿۲۸﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی ۵ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ یُرِدْ اِلَّا الْحَیٰوةَ

اَلْحَیٰوةَ	اِلَّا	یُرِدْ	لَمْ	وَ	عَنْ ذِكْرِنَا	تَوَلّٰی	عَنْ مَّنْ	فَاَعْرِضْ	شَیْـًٔا
زندگی	مگر	چاہا	نہ	اور	یاد ہماری سے	منہ پھیرا	اس سے جس نے	سو منہ پھیرو	کچھ بھی

کچھ کام نہیں آتا۔ تو آپ اپنی توجہ اس سے ہٹالیں جس نے ہماری یاد سے روگردانی کی اور سوائے دنیا کی زندگی کے اور کوئی

الدُّنْیَا ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ

ضَلَّ	بِمَنْ	اَعْلَمُ	هُوَ	رَبَّكَ	اِنَّ	مِّنَ الْعِلْمِ	مَبْلَغُهُمْ	ذٰلِكَ	الدُّنْیَا
گمراہ ہوا	اس کو جو	خوب جانتا ہے	وہ	تمہارا رب	بیشک	علم سے	ان کی پہنچ	یہ ہے	دنیا کی

مقصد نہیں رکھتا۔ یہ حد ہے ان کے علم کی رسائی کی بے شک آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے جو اس کی

عَنْ سَبِیْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰی ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا

مَا	وَ	فِی السَّمٰوٰتِ	مَا	لِلّٰهِ	وَ	اهْتَدٰی	بِمَنِ	اَعْلَمُ	هُوَ	وَ	عَنْ سَبِیْلِهٖ
جو کچھ	اور	آسمانوں میں	جو کچھ	اللہ ہی کا ہے	اور	راہ پائی	اسکو کہ جس نے	خوب جانتا ہے	وہ	اور	اس کی راہ سے

راہ سے بھٹکا اور وہ خوب جانتا ہے اس کو جس نے ہدایت قبول کی۔ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے جو اور

فِی الْاَرْضِ لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَیَجْزِیَ

یَجْزِیَ	وَ	عَمِلُوْا	بِمَا	اَسَآءُوْا	الَّذِیْنَ	لِیَجْزِیَ	فِی الْاَرْضِ
بدلہ دے	اور	انہوں نے کیا	اس کا جو	برے ہیں	ان کو جو	تا کہ بدلہ دے	زمین میں ہے

کچھ زمین میں تا کہ برائی کرنے والوں کو ان کے کئے کا بدلہ دے اور نیکی کرنے والوں

الَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰی ﴿۳۱﴾ اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ

الْاِثْمِ	كَبٰٓئِرَ	یَجْتَنِبُوْنَ	اَلَّذِیْنَ	بِالْحُسْنٰی	اَحْسَنُوْا	الَّذِیْنَ
گناہوں سے	بڑے بڑے	بچتے ہیں	وہ جو	اچھا بدلہ	جو نیک ہیں	ان کو

کو نہایت اچھا صلہ عطا فرمائے۔ وہ جو بڑے گناہوں اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں

وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ

وَالْفَوَاحِشَ	اِلَّا	اللَّمَمَ	اِنَّ	رَبَّكَ	وَاسِعُ	الْمَغْفِرَةِ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِكُمْ	اِذْ
اور بے حیائی سے	مگر	صغیرہ گناہ	بیشک	تمہارا رب	وسیع	بخشش والا ہے	وہ	خوب جانتا ہے	تم کو	جبکہ

مگر اتنا کہ گناہ کے پاس گئے اور رک گئے بے شک تمہارے رب کی مغفرت وسیع ہے وہ تمہیں خوب جانتا ہے

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا

اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	وَ	اِذْ	اَنْتُمْ	اَجِنَّةٌ	فِیْ بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ	فَلَا
پیدا کیا تم کو	زمین سے	اور	جبکہ	تم	بچے تھے	پیٹوں میں	اپنی ماؤں کے	تو نہ

تمہیں مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں حمل کی صورت تھے تو پھر اپنے نفس کی پاکیزگی کے

تُزَكُّوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ ع اَفَرَءَيْتَ الَّذِیْ تَوَلّٰى ﴿۳۳﴾ لا

تُزَكُّوْۤا	اَنْفُسَكُمْ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِمَنِ	اتَّقٰى	اَفَرَءَيْتَ	الَّذِیْ	تَوَلّٰى
پاک بتاؤ تم	اپنے آپ کو	وہ	خوب جانتا ہے	اس کو جو	پرہیزگار ہے	کیا تم نے دیکھا ہے	وہ جو	پھر گیا

وعدے نہ کرو وہ خوب جانتا ہے جو پرہیز گار ہیں۔ کیا تم نے اسے دیکھا جس نے (حق سے) منہ موڑ لیا۔

وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿۳۴﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿۳۵﴾ اَمْ لَمْ

وَ	اَعْطٰى	قَلِيْلًا	وَّ	اَكْدٰى	اَعِنْدَهٗ	عِلْمُ	الْغَيْبِ	فَهُوَ	يَرٰى	اَمْ	لَمْ
اور	دیا	تھوڑا سا	اور	روک لیا	کیا پاس اسکے ہے	علم	غیب	تو وہ	دیکھتا ہے	کیا	نہ

اور اس نے تھوڑا سا (راہ حق میں) دیا اور پھر رک گیا؟ کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ دیکھ رہا ہے۔ کیا اسے اس چیز کی خبر

يُنَبَّاْ بِمَا فِیْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿۳۶﴾ لا وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤى ﴿۳۷﴾ لا اَلَّا تَزِرُ

يُنَبَّاْ	بِمَا	فِیْ صُحُفِ	مُوْسٰى	وَ	اِبْرٰهِيْمَ	الَّذِیْ	وَفّٰۤى	اَلَّا	تَزِرُ
خبر دیا گیا	اسکی جو	صحیفوں میں ہے	موسیٰ کے	اور	ابراہیم کے	جس نے	پورا کیا	یہ کہ نہ	اٹھائے گی

نہیں ملی جو موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں ہے۔ اور ابراہیم علیہ السلام کے (صحیفوں میں تھیں) جنہوں نے (اللہ کے ہر امر کو) اہتمام سے پورا کیا۔

ع ۲

وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ﴿۳۸﴾ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ سَعْيَهٗ

وَازِرَةٌ	وِّزْرَ	اُخْرٰی	وَ	اَنْ	لَّيْسَ	لِلْاِنْسَانِ	اِلَّا	مَا	سَعٰی	وَ	اَنَّ	سَعْيَهٗ
کوئی اٹھانیوالی	بوجھ	دوسرے کا	اور	یہ کہ	نہیں ہے	انسان کیلئے	مگر	جو	کوشش کی	اور	بیشک	اسکی کوشش

کہ کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسری کا بوجھ نہیں اٹھائی۔ اور یہ کہ انسان کیلئے کچھ نہیں مگر جو کوشش اس نے کی۔ اور یہ کہ اس کی

سَوْفَ يُرٰی ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجْزٰهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰی ﴿۴۱﴾ وَاَنَّ اِلٰی رَبِّكَ

سَوْفَ	يُرٰی	ثُمَّ	يُجْزٰهُ	الْجَزَآءَ	الْاَوْفٰی	وَ	اَنَّ	اِلٰی	رَبِّكَ
جلدی	دیکھی جائے گی	پھر	بدلہ دیا جائے گا اسکو	بدلہ	پورا پورا	اور	بیشک	طرف	تمہارے رب کے

کوشش پر غور کیا جائے گا۔ پھر اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ اور یہ کہ (بالآخر) آپکے رب ہی

الْمُنْتَهٰی ﴿۴۲﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰی ﴿۴۳﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾

الْمُنْتَهٰی	وَ	اَنَّهٗ	هُوَ	اَضْحَكَ	وَ	اَبْكٰی	وَ	اَنَّهٗ	هُوَ	اَمَاتَ	وَ	اَحْيَا
انتہا	اور	بیشک وہ	وہی ہے	جس نے ہنسایا	اور	رلایا	اور	وہی ہے	جس نے	مارا	اور	جلایا

کیطرف پہنچنا ہے۔ اور یہ کہ وہی ہے جس نے ہنسایا اور رولایا۔ اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے۔

وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی ﴿۴۵﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰی ﴿۴۶﴾

وَ	اَنَّهٗ	خَلَقَ	الزَّوْجَيْنِ	الذَّكَرَ	وَالْاُنْثٰی	مِنْ نُّطْفَةٍ	اِذَا	تُمْنٰی
اور	اسی نے	پیدا کئے	جوڑے	نر	اور مادہ	نطفہ سے	جب	ٹپکایا جاتا ہے

اور یہ کہ وہی نر اور مادہ کی دو قسمیں بناتا ہے۔ نطفہ (ایک تولیدی قطرہ) سے جبکہ وہ (رحم مادر میں) ٹپکایا جاتا ہے۔

وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰی ﴿۴۷﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰی وَاَقْنٰی ﴿۴۸﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ

وَ	اَنَّ	عَلَيْهِ	النَّشْاَةَ	الْاُخْرٰی	وَ	اَنَّهٗ	هُوَ	اَغْنٰی	وَ	اَقْنٰی	وَ	اَنَّهٗ	هُوَ
اور	بیشک	اسی پر ہے	پیدائش	دوسری	اور	بیشک	اسی نے	غنی کیا	اور	قناعت دی	اور	بیشک وہ	وہی

اور یہ کہ اسی پر ہے دوسری زندگی عطا فرمانا۔ اور یہ کہ اسی نے غنی کیا اور دولت و ثروت عطا فرمائی۔ اور یہ کہ وہی

رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿٤٩﴾ وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادًا الْاُوْلٰى ﴿٥٠﴾ وَثَمُوْدَاۡ فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿٥١﴾

رَبُّ	الشِّعْرٰى	وَ	اَنَّهٗ	اَهْلَكَ	عَادًا	الْاُوْلٰى	وَ	ثَمُوْدَا	فَمَاۤ	اَبْقٰى
رب	شعریٰ کا	اور	اسی نے	ہلاک کیا	عاد کو	پہلی کو	اور	ثمود کو	پھر نہ	باقی چھوڑا

(ستارہ) شعریٰ کا رب ہے۔ اور یہ کہ اسی نے پہلے عاد کو ہلاک فرمایا۔ اور ثمود کو پھر ان میں سے کچھ باقی نہ چھوڑا۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿٥٢﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ

وَ	قَوْمَ	نُوْحٍ	مِّنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	هُمْ	اَظْلَمَ	وَ	اَطْغٰى	وَالْمُؤْتَفِكَةَ
اور	قوم	نوح کو	اس سے پہلے	بیشک وہ	تھے	وہ	بڑے ظالم	اور	بڑے سرکش	اور الٹائی گئی بستی کو

اور اس سے پہلے قوم نوح کو بے شک وہی بڑے ظالم اور بڑے سرکش تھے۔ اور (منکرینِ لوط کی) الٹنے والی بستیوں کو (اوپر اٹھاکر)

اَهْوٰى ﴿٥٣﴾ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿٥٤﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿٥٥﴾ هٰذَا

اَهْوٰى	فَغَشّٰىهَا	مَا	غَشّٰى	فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّكَ	تَتَمَارٰى	هٰذَا
گرایا	پھر چھا گیا اس پر	جو	چھایا	تو کون سی	نعمت کا	اپنے رب کی	تو شک کرے گا	یہ

نیچے پھینک دیا۔ تو ان کو ڈھانپ لیا (پتھروں کی اس بارش نے) جس نے ڈھانپ لیا۔ تو اے سننے والے اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں میں شک کرے گا۔

نَذِیْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿٥٦﴾ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿٥٧﴾ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

نَذِیْرٌ	مِّنَ النُّذُرِ	الْاُوْلٰى	اَزِفَتِ	الْاٰزِفَةُ	لَیْسَ	لَهَا	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ
ڈرانے والا ہے	ڈرانے والوں میں سے	پہلوں کے	قریب آئی	قریب آنے والی	نہیں	اس کو	سوائے	اللہ کے

یہ ایک ڈر سنانے والے ہیں اگلے ڈرانے والوں کی طرح۔ آنے والی (قیامت کی گھڑی) قریب آپہنچی۔ اللہ کے سوا کوئی اسے

كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُوْنَ

كَاشِفَةٌ	اَفَمِنْ	هٰذَا	الْحَدِیْثِ	تَعْجَبُوْنَ	وَتَضْحَكُوْنَ
کوئی کھولنے والا	تو کیا	اس	بات سے	تعجب کرتے ہو	اور ہنستے ہو

ظاہر کرنے والا نہیں۔ تو کیا تم اس کلام میں تعجب کرتے ہو؟ اور تم ہنستے ہو

وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿٦١﴾ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿٦٢﴾

وَ	لَا تَبْكُوْنَ	وَ	اَنْتُمْ	سٰمِدُوْنَ	فَاسْجُدُوْا	لِلّٰهِ	وَ	اعْبُدُوْا
اور	روتے نہیں	اور	تم	کھیلتے ہو	تو سجدہ کرو	اللہ کو	اور	عبادت کرو

اور روتے نہیں۔ اور تم کھیل میں پڑے ہو۔ تو اللہ کیلئے سجدہ کرو اور اسی کی بندگی کرو۔

ایاتھا ۵۵ ۵۴ سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ ۳۷ رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿١﴾ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا

اِقْتَرَبَتِ	السَّاعَةُ	وَ	انْشَقَّ	الْقَمَرُ	وَ	اِنْ	يَّرَوْا	اٰيَةً	يُّعْرِضُوْا	وَ	يَقُوْلُوْا
قریب آئی	قیامت	اور	پھٹ گیا	چاند	اور	اگر	دیکھیں	کوئی نشانی	تو منہ پھیریں	اور	کہیں

قیامت پاس آئی اور رسالت مآب ﷺ کے اشارے سے چاند شق ہوگیا۔ اور اگر دیکھیں کوئی معجزہ تو منہ پھیرتے ہیں اور کہتے ہیں

سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ﴿٢﴾ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣﴾

سِحْرٌ	مُّسْتَمِرٌّ	وَ	كَذَّبُوْا	وَاتَّبَعُوْا	اَهْوَآءَ	هُمْ	وَ	كُلُّ	اَمْرٍ	مُّسْتَقِرٌّ
جادو ہے	چلا آتا ہے	اور	انہوں نے جھٹلایا	اور پیروی کی انہوں نے	خواہشات	اپنی کی	اور	ہر	کام	قرار پاچکا ہے

یہ تو ہمیشہ سے چلا آنے والا جادو ہے۔ اور انہوں نے جھٹلا دیا ہے اور اپنی خواہشوں کے پیچھے لگے ہیں، مگر ہر کام انجام کو پہنچنے والا ہے۔

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ﴿٤﴾ حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا

وَ	لَقَدْ	جَآءَهُمْ	مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ	مَا	فِيْهِ	مُزْدَجَرٌ	حِكْمَةٌ	بَالِغَةٌ	فَمَا
اور	بیشک	آئیں انکے پاس	خبریں	جو کچھ کہ	ان میں	تنبیہ تھی	حکمت تھی	انتہا درجہ کی	پھر نہیں

اور ان کے پاس ایسی خبریں بھی آچکی ہیں جن میں عبرت ہے۔ اعلیٰ درجہ کو پہنچنے والی حکمت (بھی) تو ڈرانے والی (تعلیمیں)

وقف لازم

تُغْنِ النُّذُرُ ﴿۵﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُّكُرٍ ﴿۶﴾

نُّكُرٍ	شَيْءٍ	إِلَىٰ	الدَّاعِ	يَدْعُ	يَوْمَ	عَنْهُمْ	فَتَوَلَّ	النُّذُرُ	تُغْنِ
ناپہچان کی	چیز	طرف	پکارنے والا	پکارے گا	جس دن	ان سے	تو منہ پھیرلو	ڈرانیوالے	فائدہ دیتے

فائدہ نہیں دیتیں۔ تو آپ ان سے منہ پھیرلیں (ایک) بلانے والا (فرشتہ صور پھونک کر انہیں) جس روز سخت ناگوار چیز (میدانِ حشر) کی طرف بلائے گا۔

خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ

جَرَادٌ	كَأَنَّهُمْ	مِنَ الْأَجْدَاثِ	يَخْرُجُونَ	أَبْصَارُهُمْ	خُشَّعًا
ٹڈی ہیں	گویا کہ وہ	قبروں سے	نکلیں گے	آنکھیں ان کی	جھکی ہوں گی

نیچے آنکھیں کیے ہوئے قبروں سے نکلیں گے گویا وہ ٹڈی ہیں

مُّنتَشِرٌ ﴿۷﴾ مُّهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ ۖ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ

يَوْمٌ	هَٰذَا	الْكَافِرُونَ	يَقُولُ	الدَّاعِ	إِلَى	مُّهْطِعِينَ	مُّنتَشِرٌ
دن	یہ	کافر	کہیں گے	پکارنیوالے کی	طرف	دوڑتے ہوں گے	پھیلی ہوئی

پھیلی ہوئی۔ بلانے والے کی طرف لپکتے ہوئے کافر کہیں گے یہ دن

عَسِرٌ ﴿۸﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ

مَجْنُونٌ	قَالُوا	وَ	عَبْدَنَا	فَكَذَّبُوا	نُوحٍ	قَوْمُ	قَبْلَهُمْ	كَذَّبَتْ	عَسِرٌ
دیوانہ ہے	کہا	اور	بندے ہمارے کو	تو جھٹلایا انہوں نے	نوح نے	قوم	ان سے پہلے	جھٹلایا	سخت ہے

سخت ہے۔ ان سے پہلے نوح علیہ السلام کی قوم نے جھٹلایا ہاں انہوں نے ہمارے بندے کو جھٹلایا اور کہا دیوانہ ہے

وَازْدُجِرَ ﴿۹﴾ فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانتَصِرْ ﴿۱۰﴾ فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ

أَبْوَابَ	فَفَتَحْنَا	فَانتَصِرْ	مَغْلُوبٌ	أَنِّي	رَبَّهُ	فَدَعَا	وَازْدُجِرَ
دروازے	تو ہم نے کھول دیئے	سو تو بدلہ لے	مغلوب ہوں	بیشک میں	اپنے رب کو	تو پکارا اس نے	اور جھڑک دیا

اور دھمکیاں دی گئیں۔ تب انہوں نے اپنے رب سے دُعا کی کہ میں عاجز آ گیا ہوں پس تو انتقام لے۔ تو ہم نے موسلا دھار

السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى

عَلٰٓى	الْمَآءُ	فَالْتَقَى	عُيُوْنًا	الْاَرْضَ	فَجَّرْنَا	وَّ	مُّنْهَمِرٍ	بِمَآءٍ	السَّمَآءِ
اوپر	پانی	تو مل گیا	چشمے	زمین کے	پھاڑے ہم نے	اور	زور سے گرنیوالے	پانی سے	آسمان کے

بارش سے آسمان کے دروازے کھول دیئے۔ اور ہم نے زمین سے چشمے جاری کر دیئے تو (زمین و آسمان کا) پانی (عذاب کے)

اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِىْ

تَجْرِىْ	دُسُرٍ	وَّ	ذَاتِ اَلْوَاحٍ	عَلٰى	وَحَمَلْنٰهُ	قُدِرَ	قَدْ	اَمْرٍ
بہتی تھی	میخوں والی کے (کشتی)	اور	تختوں والی	اوپر	اور اٹھایا ہم نے اسکو	مقدر تھی	کہ جو	مقدار کے

اس اَمر پر جمع ہو گیا جو (ان کی ہلاکت کیلئے) مقدر ہو چکا تھا۔ اور ہم نے نوح علیہ السلام کو سوار کیا تختوں اور کیلوں والی کشتی پر۔ کہ ہماری

بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ

مِنْ	فَهَلْ	اٰيَةً	تَّرَكْنٰهَآ	لَقَدْ	وَ	كَانَ كُفِرَ	لِّمَنْ	جَزَآءً	بِاَعْيُنِنَا
ہے کوئی	تو کیا	نشانی	چھوڑا ہم نے اسکو	بیشک	اور	کہ جس کا انکار کیا گیا	اس کا	بدلہ تھا	ہماری نگاہ کے روبرو

نگاہ کے روبرو بہتی تھی اس کے صلہ میں جس کے ساتھ کفر کیا گیا تھا۔ اور ہم نے اس (کشتی) کو ایک نشانی کے طور پر رہنے دیا، اب

مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

لِلذِّكْرِ	الْقُرْاٰنَ	يَسَّرْنَا	لَقَدْ	وَ	نُذُرِ	وَ	عَذَابِىْ	كَانَ	فَكَيْفَ	مُّدَّكِرٍ
یاد کرنے کیلئے	قرآن	آسان فرمایا ہم نے	بیشک	اور	میرا ڈرانا	اور	میرا عذاب	ہوا	تو کیسا ہوا	دھیان کرنے والا

ہے کوئی نصیحت لینے والا؟ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا تھا۔ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب

فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾ اِنَّآ

اِنَّآ	نُذُرِ	وَ	عَذَابِىْ	كَانَ	فَكَيْفَ	عَادٌ	كَذَّبَتْ	مُّدَّكِرٍ	مِنْ	فَهَلْ
بیشک ہم نے	میرا ڈرانا	اور	میرا عذاب	ہوا	تو کیسا	عاد نے	جھٹلایا	یاد کرنے والا	ہے کوئی	تو کیا

ہے کوئی نصیحت لینے والا۔ قوم عاد نے جھٹلایا تو کیسا ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔ بے شک

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾ تَنْزِعُ

اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِيحًا	صَرْصَرًا	فِي يَوْمِ	نَحْسٍ	مُّسْتَمِرٍّ	تَنْزِعُ
بھیجی ہے ہم نے	ان پر	آندھی	تیز	دن میں	منحوس	ہمیشہ کیلئے	اکھاڑتی تھی

ہم نے ان پر ایک سخت آندھی بھیجی ایسے دن میں جس کی نحوست ان پر ہمیشہ کیلئے رہی۔ لوگوں کو یوں

النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿٢٠﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي

النَّاسَ	كَاَنَّهُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ	مُّنْقَعِرٍ	فَكَيْفَ	كَانَ	عَذَابِي
لوگوں کو	گویا کہ وہ	تنے ہیں	کھجوروں کے	اکھڑے ہوئی	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب

اکھاڑتی تھی کہ گویا وہ اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں۔ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور

وَنُذُرِ ﴿٢١﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٢٢﴾ كَذَّبَتْ

وَنُذُرِ	وَ	لَقَدْ	يَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ	مُّدَّكِرٍ	كَذَّبَتْ
اور میرا ڈرانا	اور	بیشک	آسان کیا ہم نے	قرآن کو	یاد کرنے کیلئے	تو کیا ہے	کوئی	یاد کرنے والا	جھٹلایا

میرے ڈرانا؟ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب ہے کوئی نصیحت لینے والا۔ (قوم) ثمود نے ڈر سنانے

ع ۸ ۲۲

ثَمُودُ بِالنُّذُرِ ﴿٢٣﴾ فَقَالُوا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ اِنَّا اِذًا لَّفِي ضَلٰلٍ

ثَمُودُ	بِالنُّذُرِ	فَقَالُوا	اَبَشَرًا	مِّنَّا	وَاحِدًا	نَّتَّبِعُهُ	اِنَّا	اِذًا	لَّفِي ضَلٰلٍ
ثمود نے	رسولوں کو	تو بولے	کیا ایک آدمی کی	جو ہم میں سے ہے	ایک	ہم اسکی پیروی کریں	بیشک ہم	اس وقت	ضرور گمراہ

والے رسولوں کو جھٹلایا۔ تو کہنے لگے کیا ہم اپنے میں سے ایک بشر کی اتباع کریں تب تو ہم یقیناً ضرور گمراہی

وَّسُعُرٍ ﴿٢٤﴾ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿٢٥﴾

وَّ	سُعُرٍ	ءَاُلْقِيَ	الذِّكْرُ	عَلَيْهِ	مِنْۢ بَيْنِنَا	بَلْ	هُوَ	كَذَّابٌ	اَشِرٌ
اور	دیوانے ہیں	کیا ڈالا گیا	ذکر	اس پر	ہم میں سے	بلکہ	وہ	جھوٹا ہے	اترانیوالا

اور عذاب میں ہیں۔ کیا ہم سب میں سے اس پر ذکر اتارا گیا بلکہ یہ سخت جھوٹا ہے اور بڑا ہنسنے والا ہے۔

سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ﴿٢٦﴾ إِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ

لَهُمْ	فِتْنَةً	النَّاقَةِ	مُرْسِلُوا	إِنَّا	الْأَشِرُ	الْكَذَّابُ	مَنِ	غَدًا	سَيَعْلَمُونَ
ان کیلئے	آزمائش ہے	اونٹنی	بھیجنے والے ہیں	ہم	اترانے والا	جھوٹا	کون تھا	کل	جلدی جانیں گے

بہت جلد جان جائیں گے کون تھا بڑا جھوٹا اور خود پسند۔ ہم ان کی آزمائش کیلئے ایک اونٹنی بھیجنے لگے ہیں پس

فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾ وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ

شِرْبٍ	كُلُّ	بَيْنَهُمْ	قِسْمَةٌ	الْمَاءَ	أَنَّ	نَبِّئْهُمْ	وَ	وَاصْطَبِرْ	فَارْتَقِبْهُمْ
حصہ پر	ہر	انکے درمیان	تقسیم کیا گیا ہے	پانی	بیشک	خبر دے ان کو	اور	اور صبر کر	تو انتظار کر ان کا

اے صالح علیہ السلام! ان کے انجام کا انتظار کریں۔ اور انہیں بتائیں کہ پانی ان کے درمیان بانٹ دیا گیا ہے ہر ایک پینے کی

مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾ فَكَيْفَ كَانَ

كَانَ	فَكَيْفَ	فَعَقَرَ	فَتَعَاطَىٰ	صَاحِبَهُمْ	فَنَادَوْا	مُّحْتَضَرٌ
ہوا	تو کیسا	اور کونچیں کاٹ دیں	تو اس نے پکڑا	اپنے ساتھی کو	تو انہوں آواز دی	باری والا حاضر ہو

باری پر ہی آئے گا۔ تو انہوں نے اپنے ساتھی کو پکارا تو اس نے (اونٹنی کو) پکڑا اور اس کی کونچیں کاٹ دیں۔ تو کیسا ہوا میرا

عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا

فَكَانُوا	وَاحِدَةً	صَيْحَةً	عَلَيْهِمْ	أَرْسَلْنَا	إِنَّا	نُذُرِ	وَ	عَذَابِي
تو ہو گئے	ایک	چنگھاڑ	ان پر	ہم نے بھیجی ہے	بیشک	میرا ڈرانا	اور	میرا عذاب

عذاب اور میرا ڈرانا۔ بے شک ہم نے ان پر ایک چنگھاڑ بھیجی تو وہ باڑے والے کی روندی ہوئی باڑھ کی

كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن

مِن	فَهَلْ	لِلذِّكْرِ	الْقُرْآنَ	يَسَّرْنَا	لَقَدْ	وَ	الْمُحْتَظِرِ	كَهَشِيمِ
کوئی	تو کیا ہے	یاد کرنے کیلئے	قرآن کو	آسان کیا ہم نے	بیشک	اور	سوکھی ہوئی	جیسے چورا چورا گھاس

طرح (بھس ہو کر) رہ گئے۔ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب

مُّدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۭ بِالنُّذُرِ ﴿٣٣﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

عَلَيْهِمْ	اَرْسَلْنَا	اِنَّآ	بِالنُّذُرِ	لُوْطٍ	قَوْمُ	كَذَّبَتْ	مُّدَّكِرٍ
تمہارے رشتے	اور نہ	اولاد تمہاری	دن	قیامت کے	فیصلے کرے گا	تمہارے درمیان	اور	اللہ	اس سے جو کچھ

اور تمہاری اولاد فائدہ نہ دے گی روزِ قیامت کو وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور اللہ

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۳﴾ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ

تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	قَدْ	كَانَتْ	لَكُمْ	اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ	وَ	الَّذِيْنَ
تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	بیشک	تھی	تمہارے لئے	پیروی	اچھی	ابراہیم میں	اور	ان لوگوں کی جو

دیکھ رہا ہے جو تم کرتے ہو۔ تمہارے لئے ابراہیم علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں میں عمدہ نمونہ ہے

مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

مَعَهٗ	اِذْ	قَالُوْا	لِقَوْمِهِمْ	اِنَّا	بُرَءٰٓؤُا	مِنْكُمْ	وَ	مِمَّا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ
اسکے ساتھ تھے	جبکہ	کہا	اپنی قوم سے	بیشک ہم	بیزار ہیں	تم سے	اور	اس سے جس کو	تم پوجتے ہو	سوائے

جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا ہم تم سے اور جن کی تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو بیزار ہیں ہم تمہیں نہیں مانتے

اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى

اللّٰهِ	كَفَرْنَا	بِكُمْ	وَ	بَدَا	بَيْنَنَا	وَ	بَيْنَكُمُ	الْعَدَاوَةُ	وَالْبَغْضَآءُ	اَبَدًا	حَتّٰى
اللہ کے	کفر کیا ہم نے	تمہارا	اور	ظاہر ہو گئی	ہمارے درمیان	اور	تمہارے درمیان	عداوت	اور دشمنی	ہمیشہ کیلئے	یہاں تک کہ

اور ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور بغض ہمیشہ کیلئے کھل کر سامنے آ گئے ہیں جب تک تم خدائے واحد پر ایمان نہ لاؤ سوائے

معانقۃ ۱۳

السماع والوقف علی القیمۃ ۱۲۰

تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ

مَآ	وَ	لَكَ	لَاَسْتَغْفِرَنَّ	لِاَبِيْهِ	اِبْرٰهِيْمَ	قَوْلَ	اِلَّا	وَحْدَهٗ	بِاللّٰهِ	تُؤْمِنُوْا
نہیں	اور	تیرے لئے	ضرور بخشش مانگوں گا	اپنے باپ سے	ابراہیم کی	بات	مگر	اکیلے پر	اللہ	تم ایمان لاؤ

ابراہیم علیہ السلام کی اپنے باپ (یعنی چچا آذر) سے اس بات کے کہ میں تیرے لئے بخشش مانگوں گا گو میں اللہ کے

اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا

اَنَبْنَا	اِلَيْكَ	وَ	تَوَكَّلْنَا	عَلَيْكَ	رَبَّنَا	مِنْ شَیْءٍ	مِنَ اللّٰهِ	لَكَ	اَمْلِكُ
ہم نے رجوع کیا	تیری ہی طرف	اور	ہم نے بھروسہ کیا	تجھ پر	اے ہمارے رب	کسی چیز کا	اللہ سے	تیرے لئے	اختیار رکھتا میں

سامنے تیرے لئے کوئی اختیار نہیں رکھتا ہمارے رب! ہم نے تجھ پر ہی بھروسہ کیا اور تیری طرف ہی رجوع کیا

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۴ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا

وَاغْفِرْ لَنَا	كَفَرُوْا	لِّلَّذِيْنَ	فِتْنَةً	تَجْعَلْنَا	لَا	رَبَّنَا	الْمَصِيْرُ	اِلَيْكَ	وَ
اور بخش ہم کو	کافر ہیں	ان کیلئے جو	آزمائش	بنا ہم کو	نہ	اے ہمارے رب	پھرنا	تیری ہی طرف ہے	اور

اور تیری طرف ہی واپسی ہوگی۔ اے ہمارے رب! ہمیں کافروں کیلئے فتنہ نہ بنا اور ہمیں بخش دے

رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۵ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ

اُسْوَةٌ	فِيْهِمْ	لَكُمْ	كَانَ	لَقَدْ	الْحَكِيْمُ	الْعَزِيْزُ	اَنْتَ	اِنَّكَ	رَبَّنَا
پیروی	ان میں	تمہارے لئے	تھی	بیشک	حکمت والا ہے	عزت والا	تو ہی	بیشک تو	اے ہمارے رب

اے ہمارے رب! بے شک تو ہی بہت غالب ہے بڑا حکمت والا۔ بے شک تمہارے لئے ان میں بہترین نمونہ تھا

حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ

فَاِنَّ	يَّتَوَلَّ	مَنْ	وَ	الْاٰخِرَ	الْيَوْمَ	وَ	اللّٰهَ	يَرْجُوا	كَانَ	لِّمَنْ	حَسَنَةٌ
تو بیشک	منہ پھیرے	جو	اور	آخرت کی	دن	اور	اللہ کی	امید رکھتا ہے	جو	ان کیلئے	اچھی

ان کیلئے جو اللہ کی اور قیامت کے دن کی اُمید رکھتے ہیں اور جو روگردانی کرے تو بے شک اللہ ہی

اللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ

اللّٰهَ	هُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	عَسٰى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّجْعَلَ	بَيْنَكُمْ	وَ	بَيْنَ	الَّذِيْنَ
اللہ	وہی ہے	بے نیاز	خوبیوں سراہا	قریب ہے	اللہ	یہ کہ	بنادے	تمہارے درمیان	اور	درمیان	ان لوگوں کے کہ

بے نیاز بہت حمد کیا ہوا ہے۔ قریب ہے اللہ تم میں اور ان میں جو ان میں سے

عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷

عَادَيْتُمْ	مِّنْهُمْ	مَّوَدَّةً	وَ	اللّٰهُ	قَدِيْرٌ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
دشمنی رکھی تم نے	ان سے	دوستی	اور	اللہ	قادر ہے	اور	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے

تمہارے دشمن ہیں دوستی کر دے اور اللہ قادر ہے اور بخشنے والا مہربان ہے۔

لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ

لَا	يَنْهٰىكُمُ	اللّٰهُ	عَنِ الَّذِيْنَ	لَمْ	يُقَاتِلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَ	لَمْ	يُخْرِجُوْكُمْ
نہیں	منع کرتا تم کو	اللہ	ان سے	کہ نہ	لڑے وہ تم سے	دین میں	اور	نہ	نکالا تم کو

اور اللہ تمہیں ان سے منع نہیں کرتا جو تم سے دین میں نہ لڑے اور تمہیں تمہارے گھروں سے نہ نکالے

مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

مِّنْ دِيَارِكُمْ	اَنْ	تَبَرُّوْهُمْ	وَ	تُقْسِطُوْٓا	اِلَيْهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ
تمہارے گھروں سے	یہ کہ	احسان کرو تم ان سے	اور	انصاف کرو	ان سے	بیشک	اللہ	پسند کرتا ہے

کہ ان کے ساتھ احسان کرو اور ان سے انصاف کا برتاؤ کرو بے شک انصاف والے اللہ

الْمُقْسِطِيْنَ ۝۸ اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

الْمُقْسِطِيْنَ	اِنَّمَا	يَنْهٰىكُمُ	اللّٰهُ	عَنِ الَّذِيْنَ	قٰتَلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ
انصاف کرنیوالوں کو	اسکے سوا نہیں کہ	منع کرتا ہے تم کو	اللہ	ان سے	جو لڑے تم سے	دین میں

کو محبوب ہیں۔ اللہ تمہیں صرف ان لوگوں سے دوستی کرنے سے روکتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے

وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰۤى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ج

وَ	اَخْرَجُوْكُمْ	مِّنْ دِيَارِكُمْ	وَ	ظٰهَرُوْا	عَلٰى	اِخْرَاجِكُمْ	اَنْ	تَوَلَّوْهُمْ
اور	نکالا تم کو	تمہارے گھروں سے	اور	مدد کی	اوپر	نکالنے تمہارے کے	یہ کہ	دوستی رکھو ان سے

معاملے میں جنگ کی اور تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں مدد دی

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٩﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا

وَ	مَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِذَا
اور	جو	دوستی رکھے ان سے	تو یہی	ہیں وہ	ظالم	اے	وہ جو	مومن ہو	جب

اور جو ان سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہوں گے۔ اے ایمان والو! جب

جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ط اَللّٰهُ اَعْلَمُ

جَآءَكُمُ	الْمُؤْمِنٰتُ	مُهٰجِرٰتٍ	فَامْتَحِنُوْهُنَّ	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ
آئیں تمہارے پاس	مومن عورتیں	ہجرت کرکے	تو امتحان کرو ان کا	اللہ	خوب جانتا ہے

تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کرکے آئیں تو ان کا امتحان لو اللہ ان کے

بِاِيْمَانِهِنَّ ج فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ط

بِاِيْمَانِهِنَّ	فَاِنْ	عَلِمْتُمُوْهُنَّ	مُؤْمِنٰتٍ	فَلَا	تَرْجِعُوْهُنَّ	اِلَى	الْكُفَّارِ
ان کے ایمان کو	پھر اگر	معلوم کرو ان کو	مومن	تو نہ	لوٹاؤ ان کو	طرف	کافروں کی

ایمان کو خوب جانتا ہے پھر اگر تم انہیں ایمان والیاں

لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ط وَاٰتُوْهُمْ مَّآ

لَا هُنَّ	حِلٌّ	لَّهُمْ	وَ	لَا هُمْ	يَحِلُّوْنَ	لَهُنَّ	وَ	اٰتُوْهُمْ	مَّآ
نہ وہ عورتیں	حلال ہیں	ان کیلئے	اور	نہ وہ مرد	حلال ہیں	ان عورتوں کیلئے	اور	دو ان کو	جو کچھ

معلوم کرو تو انہیں کافروں کو واپس نہ کرو وہ (عورتیں)

أَنْفَقُوْا ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوْهُنَّ أُجُوْرَهُنَّ ۚ

أَنْفَقُوْا	وَ	لَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	أَنْ	تَنْكِحُوْهُنَّ	إِذَا	آتَيْتُمُوْهُنَّ	أُجُوْرَهُنَّ
خرچ کیا انہوں نے	اور	نہیں کوئی گناہ	تم پر	یہ کہ	نکاح کروان سے	جب	دو تم ان کو	مہران کے

ان کیلئے حلال نہیں اور نہ وہ (مرد) ان (عورتوں) کیلئے

وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْئَلُوْا مَا أَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْئَلُوْا مَا

وَ	لَا تُمْسِكُوْا	بِعِصَمِ	الْكَوَافِرِ	وَسْئَلُوْا	مَا	أَنْفَقْتُمْ	وَلْيَسْئَلُوْا	مَا
اور	نہ روکو	نافرمان	کافر عورتوں کو	اور مانگ لو	جو	خرچ کیا تم نے	اور چاہیے کہ وہ بھی مانگ لیں	جو

حلال ہیں اور جو خرچ انہوں نے کیا تھا

أَنْفَقُوْا ۚ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ۖ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠﴾

أَنْفَقُوْا	ذٰلِكُمْ	حُكْمُ	اللّٰهِ	يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ
خرچ کیا انہوں نے	یہ ہے	حکم	اللہ کا	حکم کرتا ہے	تمہارے درمیان	اور	اللہ	جاننے والا	حکمت والا ہے

انہیں دے دو یہ اللہ کا حکم ہے تم میں فیصلہ فرماتا ہے اللہ علم و حکمت والا ہے۔

وَإِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِيْنَ

وَ	إِنْ	فَاتَكُمْ	شَيْءٌ	مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ	إِلَى	الْكُفَّارِ	فَعَاقَبْتُمْ	فَآتُوْا	الَّذِيْنَ
اور	اگر	چلی جائے	کوئی	تمہاری بیویوں میں سے	طرف	کافروں کی	تو سزا دو ان کو	تو دو	ان کو جو کہ

اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی تم سے چھوٹ کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر (کفار سے) تم غنیمت حاصل کرلو تو (غنیمت

ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَا أَنْفَقُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ أَنْتُمْ بِهٖ

ذَهَبَتْ	أَزْوَاجُهُمْ	مِّثْلَ	مَا	أَنْفَقُوْا	وَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	الَّذِيْ	أَنْتُمْ	بِهٖ
چلی گئی ہیں	ان کی بیویاں	مثل	اسکے جو	خرچ کیا انہوں نے	اور ڈرو	اللہ سے	وہ کہ	تم	اس

میں سے) دے دو ان (مسلمانوں) کو جن کی بیویاں (کافروں کی طرف) چلی گئیں مثل اس کی جو انہوں نے خرچ کیا اور اللہ

مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ

اَنْ	عَلٰٓى	يُبَايِعْنَكَ	الْمُؤْمِنٰتُ	جَآءَكَ	اِذَا	النَّبِيُّ	يٰٓاَيُّهَا	مُؤْمِنُوْنَ
اسکے کہ	اوپر	آپ سے بیعت کرنے	مومن عورتیں	آئیں تمہارے حضور	جب	نبی	اے	ایمان لائے ہو

ڈرتے رہو جس پر تم ایمان لا چکے ہو۔ نبی برحق ﷺ! جب آپ کے پاس ایمان والی عورتیں حاضر ہوں اور آپ سے بیعت

لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْــًٔـا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ

اَوْلَادَهُنَّ	يَقْتُلْنَ	لَا	وَ	يَزْنِيْنَ	لَا	وَ	يَسْرِقْنَ	لَا	وَّ	شَيْــًٔـا	بِاللّٰهِ	يُشْرِكْنَ	لَّا
اپنی اولاد کو	قتل کریں گی	نہ	اور	زنا کریں گی	نہ	اور	چوری کریں گی	نہ	اور	کسی کو	اللہ کے ساتھ	شریک بنائیں گی	نہ

کریں اس پر کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری کریں گی اور نہ اپنی اولاد

وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ

لَا يَعْصِيْنَكَ	وَ	اَرْجُلِهِنَّ	بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ	يَّفْتَرِيْنَهٗ	بِبُهْتَانٍ	يَاْتِيْنَ	لَا	وَ
نہ نافرمانی کریں گی تمہاری	اور	اور پاؤں کے درمیان	اپنے ہاتھوں	کہ اٹھائیں اس کو	بہتان	لائیں گی	نہ	اور

کو قتل کریں گی اور نہ کوئی بہتان گھڑ کر لائیں گی اپنے ہاتھ اور پاؤں کے درمیان اور دستور کے مطابق کسی کام میں آپ کی نافرمانی

فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

غَفُوْرٌ	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَهُنَّ	وَاسْتَغْفِرْ	فَبَايِعْهُنَّ	فِيْ مَعْرُوْفٍ
بخشنے والا	اللہ	بیشک	اللہ سے	ان کیلئے	اور بخشش مانگو	تو بیعت کرلو ان سے	بھلے کام میں

نہ کریں گی تو انہیں بیعت فرما لیا کریں اور ان کیلئے اللہ سے استغفار فرمائیں بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد

رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

عَلَيْهِمْ	اللّٰهُ	غَضِبَ	قَوْمًا	تَتَوَلَّوْا	لَا	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	رَّحِيْمٌ
ان پر	اللہ کا	غضب ہوا	ان لوگوں سے کہ	دوستی رکھو	نہ	ایمان لائے ہو	لوگو جو	اے	مہربان ہے

رحم فرمانے والا ہے۔ اے ایمان والو! ان سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ کا غضب ہے

قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾

قَدْ	يَئِسُوْا	مِنَ الْاٰخِرَةِ	كَمَا	يَئِسَ	الْكُفَّارُ	مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ
بیشک	مایوس ہوگئے	آخرت سے	جیسے	مایوس ہوئے	کافر	قبروالوں سے

وہ آخرت سے آس توڑ بیٹھے ہیں جیسے کافر آس توڑ بیٹھے قبر والوں سے۔

آیاتہا ۱۴ ﴿۶۱ سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۹﴾ رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ
پاکی بولتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور	جو	زمین میں ہے	اور	وہ	عزت والا	حکمت والا ہے

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ کی تسبیح بیان کرتا ہے اور وہی عزت و حکمت والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲﴾ كَبُرَ مَقْتًا

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لِمَ	تَقُوْلُوْنَ	مَا	لَا	تَفْعَلُوْنَ	كَبُرَ	مَقْتًا
اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو	کیوں	کہتے ہو	جو	نہیں	کرتے ہو	بڑی ہے	ناپسند

اے ایمان والو! کیوں کہتے ہو وہ جو خود نہیں کرتے۔ اللہ کے ہاں

عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ

عِنْدَ اللّٰهِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا	مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الَّذِيْنَ
اللہ کے پاس	کہ	کہو تم	جو	نہیں کرتے ہو	بیشک	اللہ	دوست رکھتا ہے	ان کو جو

یہ بڑی ناراضگی کی بات ہے کہ تم وہ بات کہو جو خود نہیں کرتے۔ بے شک اللہ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝۴ وَاِذْ

يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِهٖ	صَفًّا	كَاَنَّهُمْ	بُنْيَانٌ	مَّرْصُوْصٌ	وَ	اِذْ
لڑتے ہیں	اس کی راہ میں	صف بنا کر	گویا کہ وہ	عمارت ہیں	رانگا پلائی ہوئی	اور	جب

اس کی راہ میں صف باندھ کر لڑتے ہیں گویا وہ ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار (بنیاد) ہیں۔ اور

قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ

قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	لِمَ	تُؤْذُوْنَنِيْ	وَ	قَدْ	تَّعْلَمُوْنَ	اَنِّيْ
کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے	اے میری قوم	کیوں	ستاتے ہو مجھ کو	اور	بیشک	جانتے ہو تم	کہ میں

(اے محبوب ﷺ! یاد کیجئے) جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے (ہم قبیلہ) لوگوں سے فرمایا اے میری قوم! مجھے کیوں تکلیف پہنچاتے ہو

رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۭ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ

رَسُوْلُ	اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	فَلَمَّا	زَاغُوْٓا	اَزَاغَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	وَ	اللّٰهُ
رسول ہوں	اللہ کا	تمہاری طرف	پھر جب	وہ ٹیڑھے ہوگئے تو	ٹیڑھا کردیا	اللہ نے	ان کے دلوں کو	اور	اللہ

حالانکہ تم جانتے ہو کہ میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں پھر جب انہوں نے کجروی اختیار کی تو اللہ نے ان کے دل ٹیڑھے کردیئے

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ

لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ	وَ	اِذْ	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	يٰبَنِيْٓ
نہیں	ہدایت دیتا	قوم	فاسق کو	اور	جب	کہا	عیسیٰ نے	مریم کے بیٹے	اے اولاد

اور اللہ نافرمانی کرنے والے لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا۔ اور (یاد فرمایئے) جب عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم نے فرمایا اے بنی اسرائیل!

اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ

اِسْرَآءِيْلَ	اِنِّيْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	مُّصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيَّ	مِنَ التَّوْرٰىةِ
اسرائیل	بیشک میں	رسول ہوں	اللہ کا	تمہاری طرف	تصدیق کرتا	اس کی جو	مجھ سے پہلے ہے	تورات

بے شک میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرتا ہوں اور ایک (عظمت والے)

وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا

فَلَمَّا	اَحْمَدُ	اسْمُهٗٓ	مِنْۢ بَعْدِي	يَّاْتِيْ	بِرَسُوْلٍ	مُبَشِّرًا	وَ
پھر جب	احمد	ان کا نام ہوگا	میرے بعد	جو تشریف لائینگے	ایک رسول کی	بشارت دیتا ہوں	اور

رسول کی خوشخبری سناتا ہوا جو میرے بعد تشریف لائیں گے ان کا نام احمد ہے پھر جب وہ رسول (احمد نام والے) ان کے پاس

جَاۗءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

مِمَّنِ	اَظْلَمُ	مَنْ	وَ	مُّبِيْنٌ	سِحْرٌ	هٰذَا	قَالُوْا	بِالْبَيِّنٰتِ	جَاۗءَهُمْ
اس سے جو	زیادہ ظالم ہے	کون	اور	کھلا	جادو ہے	یہ	تو بولے	روشن نشانیاں لیکر	آیا انکے پاس

روشن معجزات لے کر تشریف لے آئے وہ کہنے لگے یہ کھلا جادو ہے۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ

اللّٰهُ	وَ	الْاِسْلَامِ	اِلَى	يُدْعٰٓى	وَهُوَ	الْكَذِبَ	اللّٰهِ	عَلَى	افْتَرٰى
اللہ	اور	اسلام کی	طرف	بلایا جاتا ہو	اور وہ	جھوٹ	اللہ کے	اوپر	باندھے

جو اللہ پر جھوٹ باندھے حالانکہ اسے اسلام کی طرف بلایا جاتا ہے

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِــــُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ

اللّٰهِ	نُوْرَ	لِيُطْفِــــُٔوْا	يُرِيْدُوْنَ	الظّٰلِمِيْنَ	الْقَوْمَ	يَهْدِي	لَا
اللہ کا	نور	کہ بجھادیں	چاہتے ہیں	ظالموں کو	قوم	ہدایت دیتا	نہیں

اور ظالم لوگوں کو اللہ راہ ہدایت نہیں دیتا۔ چاہتے ہیں اللہ کا نور اپنے منہ کی پھونکوں سے بجھادیں

بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ

الَّذِيْٓ	هُوَ	الْكٰفِرُوْنَ	كَرِهَ	لَوْ	وَ	نُوْرِهٖ	مُتِمُّ	وَاللّٰهُ	بِاَفْوَاهِهِمْ
وہ ہے جس نے	وہ اللہ	کافر	ناپسند کریں	اگرچہ	اور	اپنے نور کو	پورا کرنیوالا ہے	اور اللہ	اپنے مونہوں سے

جبکہ اللہ اپنے نور کو پورا فرمانے والا ہے اگرچہ کافر کتنا ہی نا پسند کریں۔

أَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ

الدِّيْنِ	عَلَى	لِيُظْهِرَهٗ	الْحَقِّ	دِيْنِ	وَ	بِالْهُدٰى	رَسُوْلَهٗ	أَرْسَلَ
دینوں	اوپر	تاکہ غالب کرے اسکو	حق دے کر	دین	اور	ہدایت	رسول اپنا	بھیجا

اسی نے اپنا رسول ہدایت اوردین حق دے کر بھیجا ہے تاکہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے

كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ

اَدُلُّكُمْ	هَلْ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الْمُشْرِكُوْنَ	كَرِهَ	لَوْ	وَ	كُلِّهٖ
بتاؤں میں تم کو	کیا	ایمان لائے ہو	وہ جو	اے	مشرک	ناپسندکریں	اگرچہ	اور	سب کے

اگرچہ مشرکوں کو برا ہی لگے۔ اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایسی

عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۱۰﴾ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

بِاللّٰهِ	تُؤْمِنُوْنَ	اَلِيْمٍ	مِّنْ عَذَابٍ	تُنْجِيْكُمْ	تِجَارَةٍ	عَلٰى
اللہ	تم ایمان لاؤ	دردناک سے	عذاب	جو بچالے تم کو	تجارت کے	اوپر

تجارت بتاؤں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچائے۔ تم اللہ اور اس کے

وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ط

اَنْفُسِكُمْ	وَ	بِاَمْوَالِكُمْ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	تُجَاهِدُوْنَ	وَ	رَسُوْلِهٖ	وَ
اپنی جانوں سے	اور	اپنے مالوں	اللہ کی راہ میں	جہاد کرو	اور	اسکے رسول پر	اور

رسول پر ایمان رکھو اور اپنے مال و جان کے ساتھ (کافروں سے) اللہ کی راہ میں جہاد کرو

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ

ذُنُوْبَكُمْ	يَغْفِرْ لَكُمْ	تَعْلَمُوْنَ	كُنْتُمْ	اِنْ	خَيْرٌ لَّكُمْ	ذٰلِكُمْ
تمہارے گناہ	بخشے گا تم کو	جانتے	ہو تم	اگر	بہتر ہے تمہارے لئے	یہ

یہ تمہارے لئے بہت اچھا ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔ وہ تمہارے گناہ بخش دے گا

وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً

وَ	يُدْخِلْكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَ	مَسٰكِنَ طَيِّبَةً
اور	داخل کرے گا تم کو	باغوں میں	کہ رواں ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اور	پاکیزہ محلوں

اور تمہیں داخل فرمائے گا جنتوں میں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور عمدہ پاکیزہ مکانوں

فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ

فِيْ جَنّٰتِ	عَدْنٍ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	وَ	اُخْرٰى	تُحِبُّوْنَهَا
باغوں میں	بسنے کے	یہ ہے	کامیابی	بڑی	اور	ایک اور نعمت	جو تمہیں پیاری ہے

میں ہمیشہ رہنے بسنے کی جنتوں میں یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ اور ایک نعمت تمہیں اور دے گا جسے تم

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

نَصْرٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَ	فَتْحٌ	قَرِيْبٌ	وَ	بَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
مدد ہوگی	اللہ کی طرف سے	اور	فتح	جلد آنیوالی	اور	خوشخبری دو	مومنوں کو	اے	وہ جو

بہت چاہتے ہو اللہ کی مدد اور جلد آنے والی فتح اور اے محبوب مسلمانوں کو خوشخبری سنا دیجئے۔ اے ایمان والو! دینِ خدا کے

اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ

اٰمَنُوْا	كُوْنُوْۤا	اَنْصَارَ	اللّٰهِ	كَمَا	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ	مَرْيَمَ	لِلْحَوَارِيّٖنَ
ایمان لائے ہو	ہو جاؤ	مددگار	اللہ کے	جیسے	کہا	عیسیٰ نے	بیٹے	مریم کے	حواریوں سے

مددگار ہو جیسے عیسیٰ بن مریم نے حواریوں سے کہا تھا کہ کون ہے جو

مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ

مَنْ	اَنْصَارِيْۤ	اِلَى	اللّٰهِ	قَالَ	الْحَوَارِيُّوْنَ	نَحْنُ	اَنْصَارُ	اللّٰهِ
کون ہے	میرا مددگار	طرف	اللہ کی	بولے	حواری	ہم ہیں	مددگار	اللہ کے

اللہ کی طرف ہو کر میری مدد کرے حواری بولے ہم دین خدا کے مددگار ہیں

فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ج

فَاٰمَنَتْ	طَّآئِفَةٌ	مِّنْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	وَ	كَفَرَتْ	طَّآئِفَةٌ
تو ایمان لایا	ایک گروہ	بنی اسرائیل سے	اور	کفر کیا	ایک گروہ نے

تو بنی اسرائیل سے ایک گروہ ایمان لایا اور ایک گروہ نے کفر کیا

فَاَیَّدْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلٰی عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِیْنَ ﴿۱۴﴾ ع

فَاَیَّدْنَا	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	عَلٰی	عَدُوِّهِمْ	فَاَصْبَحُوْا	ظٰهِرِیْنَ
پھر مدد کی ہم نے	ان کی جو	ایمان لائے	اوپر	ان کے دشمن کے	تو ہو گئے وہ	غالب

تو ہم نے ایمان والوں کو ان کے دشمنوں پر مدد دی تو غالب ہو گئے۔

آیاتها ۱۱ ۶۲ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِیَّةٌ ۱۱۰ رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

یُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِی السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِی الْاَرْضِ	الْمَلِكِ	الْقُدُّوْسِ
پاکی بولتا ہے	اللہ کی	جو کچھ	آسمانوں میں	اور	جو کچھ	زمین میں ہے	بادشاہ	کمال پاکی والا

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتا ہے بادشاہ بہت ہی پاک

الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا

الْعَزِیْزِ	الْحَكِیْمِ	هُوَ	الَّذِیْ	بَعَثَ	فِی الْاُمِّیّٖنَ	رَسُوْلًا	مِّنْهُمْ	یَتْلُوْا
عزت والا	حکمت والا	وہ	اللہ وہ ہے جس نے	بھیجا	ان پڑھوں میں	رسول	انہی میں سے	پڑھتے ہیں

عزت والا حکمت والا۔ وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں انہی میں سے ایک (عظمت والا) رسول بھیجا

عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا

مِنْ قَبْلُ	كَانُوْا	اِنْ	وَ	وَالْحِكْمَةَ	الْكِتٰبَ	وَيُعَلِّمُهُمُ	يُزَكِّيْهِمْ	وَ	اٰيٰتِهٖ	عَلَيْهِمْ
اس سے پہلے	تھے وہ	بیشک	اور	اور حکمت کا	کتاب	اور علم عطا فرماتے ہیں انکو	پاک کرتے ہیں انکو	اور	اسکی آیتیں	ان پر

کہ ان پر اس کی آیتیں پڑھتے ہیں اور انہیں پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب وحکمت کا علم عطا فرماتے ہیں اور بے شک وہ (ان کی

مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ وَهُوَ

وَهُوَ	بِهِمْ	يَلْحَقُوْا	لَمَّا	مِنْهُمْ	اٰخَرِيْنَ	وَّ	مُّبِيْنٍ	لَفِيْ ضَلٰلٍ
اور وہ	ان کے ساتھ	ملے	جو نہیں	ان میں سے	اوروں کو بھی	اور	کھلی	البتہ گمراہی میں

ولادت سے پہلے) ضرور کھلی گمراہی میں تھے۔ اور لوگوں میں دوسروں کیلئے بھی (بھیجا) جو ان میں ابھی شامل نہیں ہوئے

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ

اللّٰهُ	وَ	يَّشَآءُ	مَنْ	يُؤْتِيْهِ	اللّٰهِ	فَضْلُ	ذٰلِكَ	الْحَكِيْمُ	الْعَزِيْزُ
اللہ	اور	چاہے	جسے	دیتا ہے وہ	اللہ کا	فضل ہے	یہ	حکمت والا ہے	عزت والا

اور وہ بڑا غالب اور حکمت والا ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۴﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

يَحْمِلُوْهَا	لَمْ	ثُمَّ	التَّوْرٰىةَ	حُمِّلُوا	الَّذِيْنَ	مَثَلُ	الْعَظِيْمِ	ذُو الْفَضْلِ
اٹھایا اس کو	نہ	پھر	تورات	اٹھوائے گئے	ان کی جو	مثال	بڑے کا ہے	صاحب فضل

بڑے فضل والا ہے۔ ان لوگوں کا حال جن پر تورات کا بوجھ ڈالا گیا پھر انہوں

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

كَذَّبُوْا	الَّذِيْنَ	الْقَوْمِ	مَثَلُ	بِئْسَ	اَسْفَارًا	يَحْمِلُ	الْحِمَارِ	كَمَثَلِ
جھٹلایا	وہ جنہوں نے	لوگوں کی	مثال	بہت بری ہے	کتابیں	جو اٹھائے	گدھا	جیسے

نے اسے نہ اٹھایا (اس) گدھے کے حال کی طرح ہے جس کی پیٹھ پر کتابوں کا بوجھ لدا ہوا ہے کیا ہی بری مثال ہے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
آیات	الٰہی کو	اور	اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	قوم	ظالم کو	آپ فرماؤ	اے لوگو	جو

ان لوگوں کی جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا۔ اے حبیب کبریا ﷺ فرما دیجئے اے

هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا

هَادُوْٓا	اِنْ	زَعَمْتُمْ	اَنَّكُمْ	اَوْلِيَآءُ	لِلّٰهِ	مِنْ دُوْنِ	النَّاسِ	فَتَمَنَّوُا
یہودی ہو	اگر	تم یہ گمان رکھتے ہو کہ	تم	دوست ہو	اللہ کے	سوائے	لوگوں کے	تو آرزو کرو

یہودیو! اگر تمہیں یہ گھمنڈ ہے کہ تمام لوگوں کو چھوڑ کر تم ہی اللہ کے دوست ہو

الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ

الْمَوْتَ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَ	لَا يَتَمَنَّوْنَهٗ	اَبَدًا	بِمَا	قَدَّمَتْ
موت کی	اگر	تم	سچے ہو	اور	نہ آرزو کریں گے اسکی	کبھی بھی	بہ سبب اسکے جو	آگے بھیجا

تو موت کی تمنا کرو اگر تم سچے ہو۔ اور وہ کبھی اس کی آرزو نہیں کریں گے ان اعمال کے سبب جو ان کے

اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ

اَيْدِيْهِمْ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالظّٰلِمِيْنَ	قُلْ	اِنَّ	الْمَوْتَ	الَّذِيْ	تَفِرُّوْنَ
انکے ہاتھوں نے	اور	اللہ	جانتا ہے	ظالموں کو	فرماؤ	بیشک	موت	وہ جس سے	تم بھاگتے ہو

ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں اور اللہ ظالموں کو جانتا ہے۔ فرما دیجئے وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو تو

مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ

مِنْهُ	فَاِنَّهٗ	مُلٰقِيْكُمْ	ثُمَّ	تُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عٰلِمِ	الْغَيْبِ	وَ	الشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمْ
اس سے	تو وہ	تم کو ملنے والی ہے	پھر	پھیرے جاؤ گے	طرف	جاننے والے	غیب کے	اور	حاضر کے	تو وہ ضرور تم کو خبر دے گا

وہ ضرور تمہیں ملنی ہے پھر اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو چھپا اور ظاہر سب کچھ جانتا ہے پھر وہ تمہیں بتا دے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ

بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	نُوْدِيَ	لِلصَّلٰوةِ	مِنْ يَّوْمِ
جو کچھ کہ	تم کیا کرتے تھے	اے	لوگو جو	مومن ہو	جب	اذان کہی جائے	نماز کیلئے	دن

جو کچھ تم نے کیا تھا۔ اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن کی نماز کی

الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

الْجُمُعَةِ	فَاسْعَوْا	اِلٰى	ذِكْرِ	اللّٰهِ	وَ	ذَرُوا	الْبَيْعَ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ لَّكُمْ
جمعہ کے	تو دوڑو	طرف	ذکر	اللہ کے	اور	چھوڑ دو	خرید وفروخت	یہ	بہتر ہے تمہارے لئے

اذان دی جائے تو اللہ کی یاد کی طرف دوڑو اور خرید وفروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لئے بہتر ہے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۹ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ

اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	فَاِذَا	قُضِيَتِ	الصَّلٰوةُ	فَانْتَشِرُوْا	فِي الْاَرْضِ
اگر	ہو تم	جانتے	پھر جب	پوری ہو جائے	نماز	تو پھر پھیل جاؤ	زمین میں

اگر تمہیں معلوم ہو۔ پھر جب نماز ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ

وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰ وَاِذَا رَاَوْا

وَابْتَغُوْا	مِنْ فَضْلِ	اللّٰهِ	وَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	لَّعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَ	اِذَا	رَاَوْا
اور تلاش کرو	فضل	اللہ کا	اور یاد کرو	اللہ کو	بہت	تا کہ تم	کامیاب ہو	اور	جب	دیکھا انہوں نے

اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو بہت یاد کرو تا کہ کامیاب ہو جاؤ۔ اور جب انہوں نے کوئی

تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَاۗىِٕمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ

تِجَارَةً	اَوْ لَهْوَا	انْفَضُّوْٓا	اِلَيْهَا	وَ	تَرَكُوْكَ	قَاۗىِٕمًا	قُلْ	مَا	عِنْدَ	اللّٰهِ
تجارت کو	یا کھیل کو	تو دوڑ گئے	اس کی طرف	اور	چھوڑ گئے آپ کو	کھڑے ہوئے	فرماؤ	جو	پاس	اللہ کے

تجارت یا کھیل (تماشا) دیکھا اس کی طرف تیزی سے چل دیئے اور آپ کو (خطبہ میں) کھڑا چھوڑ گئے فرما دیجئے

خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

خَيْرٌ	مِّنَ اللَّهْوِ	وَ	مِنَ التِّجَارَةِ	وَ	اللّٰهُ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ
وہ بہتر ہے	کھیل سے	اور	تجارت سے	اور	اللہ	بہتر ہے	رزق دینے والا

جو اللہ کے پاس ہے وہ کھیل (تماشے) اور تجارت سے بہتر ہے اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

آیاتھا ۱۱ ۶۳ سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۴ رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ

اِذَا	جَآءَكَ	الْمُنٰفِقُوْنَ	قَالُوْا	نَشْهَدُ	اِنَّكَ	لَرَسُوْلُ	اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ
جب	آتے ہیں آپ کے پاس	منافق	تو کہتے ہیں	ہم گواہی دیتے ہیں کہ	بیشک آپ	رسول ہیں	اللہ کے	اور	اللہ	جانتا ہے

جب منافق آپ کے پاس حاضر ہوتے ہیں کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ بے شک یقیناً اللہ کے رسول ہیں

اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱﴾ ج اِتَّخَذُوْۤا

اِنَّكَ	لَرَسُوْلُهٗ	وَ	اللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَكٰذِبُوْنَ	اِتَّخَذُوْۤا
بیشک آپ	اسکے رسول ہیں	اور	اللہ	گواہی دیتا ہے	بیشک	منافق	یقیناً جھوٹے ہیں	بنالیا انہوں نے

اور اللہ جانتا ہے کہ آپ اس کے رسول ہو اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق ضرور جھوٹے ہیں انہوں نے اپنی قسموں

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا

اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اِنَّهُمْ	سَآءَ	مَا	كَانُوْا
اپنی قسموں کو	ڈھال	تو روکا انہوں نے	راہ سے	اللہ کی	بیشک وہ	برا ہے	جو کچھ	تھے وہ

کو ڈھال بنا رکھا ہے پھر یہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں بے شک وہ بہت ہی برا (کام) ہے۔

يَعْمَلُوْنَ ۝٢ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ

يَعْمَلُوْنَ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	ثُمَّ	كَفَرُوْا	فَطُبِعَ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	فَهُمْ
عمل کرتے	یہ	اس لئے کہ وہ	ایمان لائے	پھر	کافر ہوئے	تو مہر کردی گئی	اوپر	انکے دلوں کے	تو وہ

جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔ یہ اس لئے کہ وہ ایمان لائے پھر انکار کر گئے سو ان کے دلوں پر مہر لگ گئی

لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٣ وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۭ وَ اِنْ يَّقُوْلُوْا

لَا	يَفْقَهُوْنَ	وَ	اِذَا	رَاَيْتَهُمْ	تُعْجِبُكَ	اَجْسَامُهُمْ	وَ	اِنْ	يَّقُوْلُوْا
نہیں	سمجھتے	اور	جب	دیکھتے ہو ان کو	پسند آتے ہیں آپ کو	ان کے جسم	اور	اگر	بات کریں

اب وہ کچھ نہیں سمجھتے۔ اور (اے بندے) جب تو انہیں دیکھتا ہے تو تجھے ان کی جسامت (کے خدوخال)

تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۭ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۭ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ

تَسْمَعْ	لِقَوْلِهِمْ	كَاَنَّهُمْ	خُشُبٌ	مُّسَنَّدَةٌ	يَحْسَبُوْنَ	كُلَّ
تو تم سنتے ہو	ان کی بات	گویا وہ	لکڑیاں ہیں	ٹیک لگائی ہوئی	خیال کرتے ہیں	ہر

بھلے معلوم ہوں اور اگر وہ بات کریں تو تم ان کی بات سنتے رہ جاؤ گویا وہ لکڑیاں ٹیک لگائی ہوئی

صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۭ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۡ اَنّٰى

صَيْحَةٍ	عَلَيْهِمْ	هُمُ	الْعَدُوُّ	فَاحْذَرْهُمْ	قٰتَلَهُمُ	اللّٰهُ	اَنّٰى
آواز کو	اوپر اپنے	وہی	دشمن ہیں	تو ان سے بچتے رہو	برباد کرے انہیں	اللہ	کہاں

وہ ہر اونچی آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں وہ دشمن ہیں سو ان سے بچ کر رہیں اللہ انہیں ہلاک کرے

يُؤْفَكُوْنَ ۝٤ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا

يُؤْفَكُوْنَ	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	تَعَالَوْا	يَسْتَغْفِرْ	لَكُمْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	لَوَّوْا
پھرے جاتے ہیں	اور	جب	کہا جاتا ہے	ان سے	آؤ	بخشش مانگیں	تمہارے لئے	اللہ کے رسول	تو گھماتے ہیں

وہ کدھر الٹے جا رہے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے آؤ اللہ کے رسول تمہارے لئے مغفرت طلب کریں (تو ازراہ

رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝٥ سَوَآءٌ

رُءُوْسَهُمْ	وَ	رَاَيْتَهُمْ	يَصُدُّوْنَ	وَهُمْ	مُّسْتَكْبِرُوْنَ	سَوَآءٌ
اپنے سروں کو	اور	آپ دیکھتے ہیں ان کو	منہ پھیر لیتے ہیں	اور وہ ہوتے ہیں	تکبر کرتے	برابر ہے

اپنے سر جھٹکتے ہیں اور آپ انہیں دیکھتے ہیں کہ وہ تکبر کرتے ہوئے (آپ سے) گریز کرتے ہیں۔ ان پر یکساں ہے

عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ

عَلَيْهِمْ	اَسْتَغْفَرْتَ	لَهُمْ	اَمْ	لَمْ	تَسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	لَنْ	يَّغْفِرَ	اللّٰهُ	لَهُمْ
ان پر	آپ بخشش چاہیں	ان کیلئے	یا	نہ	بخشش چاہیں	ان کیلئے	ہرگز نہیں	بخشے گا	اللہ	ان کو

آپ ان کیلئے معافی چاہیں یا ان کیلئے معافی نہ چاہیں اللہ انہیں ہرگز معاف نہیں فرمائے گا

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٦ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ	هُمُ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ
بیشک	اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	قوم	فاسق کو	وہی ہیں	جو	کہتے ہیں

بے شک اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا۔ وہی ہیں جو کہتے ہیں کہ ان پر

لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ

لَا	تُنْفِقُوْا	عَلٰى	مَنْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ	اللّٰهِ	حَتّٰى	يَنْفَضُّوْا	وَ	لِلّٰهِ	خَزَآئِنُ
نہ	خرچ کرو	اوپر	اسکے جو	پاس	رسول	اللہ کے	یہاں تک	پریشان ہو جائیں	اور	اللہ کیلئے ہیں	خزانے

خرچ نہ کرو جو رسول اللہ کے پاس ہیں یہاں تک کہ پریشان ہو جائیں اور اللہ ہی کیلئے ہیں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٧ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	لٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَا	يَفْقَهُوْنَ	يَقُوْلُوْنَ	لَئِنْ
آسمانوں کے	اور	زمین کے	اور	لیکن	منافق	نہیں	سمجھتے	کہتے ہیں	اگر

آسمان اور زمین کے خزانے مگر منافقوں کو سمجھ نہیں۔ کہتے ہیں ہم مدینہ

رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ط وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ

رَّجَعْنَآ	اِلَى	الْمَدِيْنَةِ	لَيُخْرِجَنَّ	الْاَعَزُّ	مِنْهَا	الْاَذَلَّ	وَ	لِلّٰهِ	الْعِزَّةُ
ہم لوٹے	طرف	مدینہ کی	تو ضرور نکالے گا	زیادہ عزت والا	اس سے	زیادہ ذلیل کو	اور	اللہ کیلئے ہے	عزت

لوٹے تو ضرور جو بڑی عزت والا ہے وہ اس میں سے ہمیں نکال دے گا اسے جو نہایت ذلت والا ہے

وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨﴾ ع يٰٓاَيُّهَا

وَلِرَسُوْلِهٖ	وَ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	لٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا
اور اسکے رسول کیلئے	اور	ایمان داروں کیلئے	اور	لیکن	منافق	نہیں	جانتے	اے

اور عزت تو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کیلئے ہے مگر منافقوں کو خبر نہیں۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ج وَ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تُلْهِكُمْ	اَمْوَالُكُمْ	وَ	لَآ	اَوْلَادُكُمْ	عَنْ ذِكْرِ	اللّٰهِ	وَ	مَنْ
لوگو جو	ایمان لائے ہو	نہ	غافل کریں تم کو	تمہارے مال	اور	نہ	تمہاری اولاد	یاد	الٰہی سے	اور	جو

ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں اور جو

مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ

يَّفْعَلْ	ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ	وَ	اَنْفِقُوْا	مِنْ مَّا	رَزَقْنٰكُمْ
کرے گا	ایسا	تو یہی	لوگ ہیں	خسارہ میں	اور	خرچ کرو	اس سے جو	دیا ہم نے تم کو

ایسا کریں گے وہی خسارے میں رہیں گے۔ اور اس میں سے جو ہم نے تمہیں دیا ہے

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ

مِنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِيَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	فَيَقُوْلَ	رَبِّ	لَوْ	لَآ	اَخَّرْتَنِيْٓ
اس سے پہلے	کہ	آئے	ایک کو تم میں سے	موت	تو کہے	اے میرے رب	کیوں	نہ	مہلت دی تو نے مجھ

خرچ کرو اس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کو موت آ پہنچے پھر وہ کہے میرے رب! تو نے کیوں

اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَلَنْ

اِلٰٓى	اَجَلٍ	قَرِيْبٍ	فَاَصَّدَّقَ	وَ	اَكُنْ	مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ	وَ	لَنْ
طرف	مدت	قریب کی	تو میں صدقہ کرتا	اور	ہوتا	نیک لوگوں میں سے	اور	ہرگز نہیں

مجھے تھوڑی مدت تک کی مہلت اور کیوں نہ دی کہ میں صدقہ کرتا اور نیکوں میں ہو جاتا۔ اور اللہ کسی شخص کو ہرگز مہلت

يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱﴾

يُّؤَخِّرَ	اللّٰهُ	نَفْسًا	اِذَا	جَآءَ	اَجَلُهَا	وَاللّٰهُ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
مہلت دیتا	اللہ	کسی جان کو	جب	آجائے	مدت اس کی	اور اللہ	خبردار ہے	اس سے	جو تم کرتے ہو

نہ دے گا جب اس کی مقرر کی ہوئی مدت آ جائے اور اللہ خوب خبردار ہے ان سب کاموں سے جو تم کرتے ہو۔

آیاتہا ۱۸ — ۶۴ سُوْرَۃُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّۃٌ ۱۰۸ — رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ

يُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	لَهُ	الْمُلْكُ
پاکی بولتا ہے	اللہ کی	جو کچھ	آسمانوں میں ہے	اور	جو کچھ	زمین میں ہے	اسی کا	ملک ہے

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں اللہ کی تسبیح کرتی ہے اسی کا ملک ہے

وَلَهُ الْحَمْدُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ

وَ	لَهُ	الْحَمْدُ	وَ	هُوَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	فَمِنْكُمْ
اور	اسی کی	تعریف ہے	اور	وہ	اوپر	ہر	شے کے	قادر ہے	وہ	وہ ہے جس نے	تم کو پیدا کیا	تو بعض تم میں سے

اور اسی کی تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا تو تم میں کوئی

كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

السَّمٰوٰتِ	خَلَقَ	بَصِيْرٌ	تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	اللّٰهُ	وَ	مُّؤْمِنٌ	مِنْكُمْ	وَّ	كَافِرٌ
آسمان	پیدا کیے	دیکھنے والا ہے	جو کرتے ہو تم	اس سے	اللہ	اور	مومن ہیں	بعض تم سے	اور	کافر ہیں

کافر ہوگیا اور تم میں کوئی مسلمان ہو گیا اور اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔ اس نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ

اِلَيْهِ	وَ	صُوَرَكُمْ	فَاَحْسَنَ	صَوَّرَكُمْ	وَ	بِالْحَقِّ	الْاَرْضَ	وَ
اسی کی طرف ہے	اور	صورت تمہاری	پھر اچھی بنائی	صورت بنائی تمہاری	اور	حق کے ساتھ	زمین	اور

اور زمین کو حق پر پیدا کیا اور تمہیں صورت بخشی پھر تمہاری صورتوں کو خوب بنایا اور اسی کی

الْمَصِيْرُ ۝۳ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

تُسِرُّوْنَ	مَا	يَعْلَمُ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	فِي السَّمٰوٰتِ	مَا	يَعْلَمُ	الْمَصِيْرُ
تم چھپاتے ہو	جو	جانتا ہے	اور	زمین میں ہے	اور	آسمانوں میں	جو	جانتا ہے	پھرنا

طرف واپسی ہوگی۔ وہ جانتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۴ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	نَبَؤُا	يَاْتِكُمْ	اَلَمْ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	عَلِيْمٌ	اللّٰهُ	وَ	تُعْلِنُوْنَ	مَا	وَ
ان لوگوں کی جو	خبر	آئی تمہارے پاس	کیا نہیں	دلوں کی باتیں	جانتا ہے	اللہ	اور	ظاہر کرتے ہو	جو	اور

اور جو ظاہر کرتے ہو اور اللہ سینوں کے بھید جانتا ہے۔ کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں آئی جنہوں نے (تم سے)

كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؗ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۵

اَلِيْمٌ	عَذَابٌ	لَهُمْ	وَ	اَمْرِهِمْ	وَبَالَ	فَذَاقُوْا	مِنْ قَبْلُ	كَفَرُوْا
دردناک	عذاب ہے	ان کیلئے	اور	اپنے کام کا	وبال	تو چکھا انہوں نے	جو پہلے ہو چکے	کافر ہیں

پہلے کفر کیا تو (دنیا میں) انہوں نے اپنے کام کی سزا چکھ لی اور (آخرت میں) ان کیلئے نہایت دردناک عذاب ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ز

ذٰلِكَ	بِاَنَّهٗ	كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَقَالُوْٓا	اَبَشَرٌ	يَّهْدُوْنَنَا
یہ	اس لئے کہ	آتے تھے ان کے پاس	ان کے رسول	دلائل لے کر	تو بولے	کیا آدمی	ہدایت دیں گے ہم کو

یہ اس لئے کہ ان کے رسول ان کے پاس روشن دلیلیں لے کر آئے تھے تو انہوں نے کہا کیا بشر ہمیں ہدایت کریں گے تو وہ کافر ہو

فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ الَّذِيْنَ

فَكَفَرُوْا	وَ	تَوَلَّوْا	وَّاسْتَغْنَى	اللّٰهُ	وَ	اللّٰهُ	غَنِيٌّ	حَمِيْدٌ	زَعَمَ	الَّذِيْنَ
تو کافر ہوگئے	اور	پھر گئے	اور بے نیازی کی	اللہ نے	اور	اللہ	بے نیاز ہے	سراہا ہوا	خیال کیا	انہوں نے جو

گئے اور انہوں نے روگردانی کی اور اللہ نے ان کی کچھ پرواہ نہ کی اور اللہ بے نیاز بہت حمد کیا ہوا ہے۔ کافروں نے کہا کہ وہ

كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا

كَفَرُوْٓا	اَنْ	لَّنْ	يُّبْعَثُوْا	قُلْ	بَلٰى	وَرَبِّيْ	لَتُبْعَثُنَّ	ثُمَّ	لَتُنَبَّؤُنَّ	بِمَا
کافر ہیں	یہ کہ	ہرگز نہ	اٹھائیں جائیں گے	فرمائیں	ہاں کیوں نہیں	قسم ہے میرے رب کی	ضرور اٹھائے جاؤ گے	پھر	تم خبر دیے جاؤ گے	جو

ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے فرما دیجئے کیوں نہیں میرے رب کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہیں بتا دیا جائے گا

عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ

عَمِلْتُمْ	وَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَ	النُّوْرِ
کیا تم نے	اور	یہ	اوپر	اللہ کے	آسان ہے	تو ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اسکے رسول پر	اور	نور پر

جو کچھ تم نے کیا تھا اور یہ اللہ کو آسان ہے۔ تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور اس نور پر جو

الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۸ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ

الَّذِيْٓ	اَنْزَلْنَا	وَ	اللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	يَوْمَ	يَجْمَعُكُمْ	لِيَوْمِ
جو	ہم نے اتارا	اور	اللہ	اس سے جو	عمل کرتے ہو تم	خبردار ہے	جس دن	اکٹھا کرے گا تم کو	اس دن

ہم نے اتارا اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔ جس دن وہ تمہیں یوم حشر کیلئے جمع کرے گا

الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا

صَالِحًا	يَعْمَلْ	وَ	بِاللّٰهِ	يُّؤْمِنْ	مَنْ	وَ	التَّغَابُنِ	يَوْمُ	ذٰلِكَ	الْجَمْعِ
اچھے	عمل کرے	اور	اللہ پر	ایمان لائے	جو	اور	ہار جیت کا	دن ہے	یہ	جمع ہونے کے

وہ دن ہو گا ہار جیت کا اور جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور اچھے عمل کرتا ہے

يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

الْاَنْهٰرُ	مِنْ تَحْتِهَا	تَجْرِيْ	جَنّٰتٍ	يُدْخِلْهُ	وَ	سَيِّاٰتِهٖ	عَنْهُ	يُّكَفِّرْ
نہریں	اس کے نیچے	بہتی ہیں	باغوں میں کہ	داخل کرے گا اسکو	اور	برائیاں اس کی	اس سے	تو دور کرے گا

اس کی برائیاں اللہ دور کر دے گا اور اسے ان باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	وَ	الْعَظِيْمُ	الْفَوْزُ	ذٰلِكَ	اَبَدًا	فِيْهَا	خٰلِدِيْنَ
کافر ہوئے	وہ جو	اور	بڑی	کامیابی	یہ ہے	ہمیشہ تک	اس میں	ہمیشہ رہیں

اور جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے یہی بڑی کامیابی ہے۔ مگر جن لوگوں نے انکار کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ

بِئْسَ	وَ	فِيْهَا	خٰلِدِيْنَ	النَّارِ	اَصْحٰبُ	اُولٰٓئِكَ	بِاٰيٰتِنَآ	كَذَّبُوْا	وَ
برا	اور	اس میں	ہمیشہ رہیں	آگ کے	رہنے والے	یہ لوگ ہیں	ہماری آیتوں کو	جھٹلایا	اور

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ آگ کے ساتھی ہوں گے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ واپسی کی بری

الْمَصِيْرُ ۝۱۰ ع مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ

يُّؤْمِنْ	مَنْ	وَ	اللّٰهِ	بِاِذْنِ	اِلَّا	مُّصِيْبَةٍ	مِنْ	اَصَابَ	مَآ	الْمَصِيْرُ
ایمان لا[ئے]	جو	اور	اللہ سے	حکم	مگر	مصیبت	کوئی	پہنچتی	نہیں	ٹھکانہ ہے

جگہ ہے۔ (کسی کو) کوئی مصیبت نہیں پہنچتی مگر اللہ کے حکم سے اور جو اللہ پر ایمان لا[ئے]

بِاللّٰہِ یَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ⑪ وَاَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا

بِاللّٰہِ	یَهْدِ	قَلْبَهٗ	وَ	اللّٰہُ	بِکُلِّ	شَیْءٍ	عَلِیْمٌ	وَ	اَطِیْعُوا	اللّٰہَ	وَ	اَطِیْعُوا
اللہ پر	ہدایت دے گا	اسکے دل کو	اور	اللہ	ہر	چیز کو	جاننے والا ہے	اور	حکم مانو	اللہ کا	اور	حکم مانو

اللہ اس کے دل کو ہدایت فرمائے گا اور اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ اور اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ⑫ اَللّٰہُ

الرَّسُوْلَ	فَاِنْ	تَوَلَّیْتُمْ	فَاِنَّمَا	عَلٰی	رَسُوْلِنَا	الْبَلٰغُ	الْمُبِیْنُ	اَللّٰہُ
رسول کا	پھر اگر	تم پھر جاؤ	تو اسکے سوا نہیں کہ	اوپر	ہمارے رسول کے	پہنچانا ہے	صریح	اللہ

رسول ﷺ کی پھر اگر تم نے روگردانی کی تو (خوب سمجھ لو کہ) ہمارے رسول پر صرف واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔ اللہ ہے جس

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑬ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا

لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا	ھُوَ	وَ	عَلَی	اللّٰہِ	فَلْیَتَوَکَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	یٰٓاَیُّهَا	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْٓا
نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	اور	اوپر	اللہ ہی کے	بھروسہ کریں	مومن	اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو

کے سوا کسی کی بندگی نہیں اور اللہ ہی پر ایمان والے بھروسہ کریں۔ اے ایمان والو!

اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِکُمْ وَاَوْلَادِکُمْ عَدُوًّا لَّکُمْ فَاحْذَرُوْھُمْ ۚ وَاِنْ

اِنَّ	مِنْ اَزْوَاجِکُمْ	وَ	اَوْلَادِکُمْ	عَدُوًّا	لَّکُمْ	فَاحْذَرُوْھُمْ	وَ	اِنْ
بیشک	تمہاری بعض بیویوں	اور	تمہاری اولاد	دشمن ہیں	تمہارے	سو بچو ان سے	اور	اگر

تمہاری کچھ بیویاں اور بچے تمہارے دشمن ہیں تو ان سے احتیاط رکھو اور اگر

تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ⑭ اِنَّمَآ

تَعْفُوْا	وَ	تَصْفَحُوْا	وَ	تَغْفِرُوْا	فَاِنَّ	اللّٰہَ	غَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ	اِنَّمَآ
تم معاف کرو	اور	درگزر کرو	اور	بخش دو	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے	اسکے سوا نہیں کہ

معاف اور درگزر کرو اور بخش دو تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ تمہارے مال

اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا

فَاتَّقُوا	عَظِيْمٌ	اَجْرٌ	عِنْدَهٗۤ	اللّٰهُ	وَ	فِتْنَةٌ	اَوْلَادُكُمْ	وَ	اَمْوَالُكُمْ
تو ڈرو	بڑا	اجر ہے	پاس اس کے	اللہ	اور	آزمائش ہے	تمہاری اولاد	اور	تمہارے مال

اور تمہاری اولاد محض ایک آزمائش ہیں اور اللہ ہی کے پاس بڑا اجر ہے۔ پس جہاں

اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ

لِّاَنْفُسِكُمْ	خَيْرًا	اَنْفِقُوْا	وَ	اَطِيْعُوْا	وَ	اسْمَعُوْا	وَ	اسْتَطَعْتُمْ	مَا	اللّٰهَ
تمہاری جانوں کیلئے	بہتر ہے	خرچ کرو	اور	کہا مانو	اور	سنو	اور	تمہیں طاقت ہو	جتنی	اللہ سے

تک تم سے ہو سکے اللہ سے ڈرو اور سنو اور حکم مانو اور خرچ کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ

اِنْ	الْمُفْلِحُوْنَ	هُمُ	فَاُولٰٓئِكَ	نَفْسِهٖ	شُحَّ	يُّوْقَ	مَنْ	وَ
اگر	کامیاب	وہی ہیں	تو یہ لوگ	اپنے جان کے سے	لالچ	بچایا گیا	جو	اور

اور جو اپنے نفس کے بخل سے بچ گیا وہی لوگ کامیاب ہوں گے۔ اگر

تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

اللّٰهُ	وَ	لَكُمْ	يَغْفِرْ	وَ	لَكُمْ	يُّضٰعِفْهُ	حَسَنًا	قَرْضًا	اللّٰهَ	تُقْرِضُوا
اللہ ہے	اور	تم کو	بخشے گا	اور	تمہارے لئے	دگنا کرے گا اسکو	اچھا	قرض	اللہ کو	قرض دو تم

تم اللہ کو اچھا قرض دو تو وہ اسے تمہارے لئے دو گنا کر دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ نہایت

شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ ع

الْحَكِيْمُ	الْعَزِيْزُ	وَالشَّهَادَةِ	الْغَيْبِ	عٰلِمُ	حَلِيْمٌ	شَكُوْرٌ
حکمت والا	عزت والا ہے	اور ظاہر کا	غیب کا	جاننے والا ہے	حلم والا ہے	قدردان

قدردان بہت حلم والا ہے۔ ہر چھپی اور ظاہر چیز کو جاننے والا بڑا غلبے والا بڑا حکمت والا ہے

ایاتہا ۱۲	۶۵ سورۃ الطلاق مدنیۃ ۹۹	رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا

يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ	اِذَا	طَلَّقْتُمُ	النِّسَآءَ	فَطَلِّقُوْهُنَّ	لِعِدَّتِهِنَّ	وَاَحْصُوا
اے	نبی	جب	طلاق دو تم	عورتوں کو	تو طلاق دو ان کو	ان کی عدت پر	اور گنتے رہو

اے نبی (مومنوں سے فرما دیں) جب تم لوگ عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کے وقت

الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ

الْعِدَّةَ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	رَبَّكُمْ	لَا تُخْرِجُوْهُنَّ	مِنْ بُيُوْتِهِنَّ
ان کی عدت کو	اور ڈرو	اللہ سے	جو تمہارا رب ہے	مت نکالو ان کو	ان کے گھروں سے

پر انہیں طلاق دو اور عدت کا شمار رکھو اور اپنے رب سے ڈرو عدت میں انہیں ان کے گھروں سے نہ نکالو

وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ

وَ	لَا يَخْرُجْنَ	اِلَّآ	اَنْ	يَّاْتِيْنَ	بِفَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ	وَ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ
اور	نہ وہ آپ نکلیں	مگر	یہ کہ	لائیں	بے حیائی	صریح	اور	یہ ہیں	حدیں	اللہ کی

اور نہ وہ آپ نکلیں مگر یہ کہ کوئی صریح بے حیائی کی بات لائیں اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو اللہ کی

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ

وَ	مَنْ	يَّتَعَدَّ	حُدُوْدَ	اللّٰهِ	فَقَدْ	ظَلَمَ	نَفْسَهٗ	لَا	تَدْرِيْ	لَعَلَّ	اللّٰهَ
اور	جو کوئی	آگے بڑھا	حدوں سے	اللہ کی	تو بیشک	ظلم کیا اس نے	اپنی جان پر	نہیں	جانتا تو	شاید	اللہ

حدوں سے آگے بڑھا بے شک اس نے اپنی جان پر ظلم کیا تمہیں معلوم نہیں شاید اللہ

يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝١ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

يُحْدِثُ	بَعْدَ	ذٰلِكَ	اَمْرًا	فَاِذَا	بَلَغْنَ	اَجَلَهُنَّ	فَاَمْسِكُوْهُنَّ
پیدا کر دے	بعد	اس کے	کوئی اور کام	پھر جب	پہنچ جائیں	اپنی عدت کو	تو روک لو ان کو

اس کے بعد کوئی نئی صورت پیدا فرما دے۔ تو جب وہ اپنی معیاد کے قریب پہنچ جائیں تو انہیں

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ

بِمَعْرُوْفٍ	اَوْ	فَارِقُوْهُنَّ	بِمَعْرُوْفٍ	وَّ	اَشْهِدُوْا	ذَوَيْ عَدْلٍ	مِّنْكُمْ
اچھے طریقے سے	یا	جدا کر دو ان کو	اچھے طریقے سے	اور	گواہ بناؤ	دو انصاف والے	مسلمان

بھلائی کے ساتھ روک لو یا بھلائی کے ساتھ جدا کر دو اور اپنوں میں سے دو عادل مردوں کو گواہ بنا لو

وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

وَ	اَقِيْمُوا	الشَّهَادَةَ	لِلّٰهِ	ذٰلِكُمْ	يُوْعَظُ	بِهٖ	مَنْ	كَانَ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ
اور	قائم کرو	گواہی	اللہ کیلئے	یہ	نصیحت فرمائی جاتی ہے	اس کو	جو	ہے	ایمان رکھتا	اللہ

اور اللہ کیلئے گواہی قائم کرو اس سے نصیحت فرمائی جاتی ہے اسے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝٢ لا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ

وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَ	مَنْ يَّتَّقِ	اللّٰهَ	يَجْعَلْ	لَّهٗ	مَخْرَجًا	وَّ	يَرْزُقْهُ	مِنْ حَيْثُ
اور	آخرت کے دن پر	اور	جو ڈرے	اللہ سے	بنائے گا	اس کیلئے	کشادگی	اور	رزق دے گا اسکو	جہاں سے

اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کیلئے نجات کی راہ نکال دے گا۔ اور اسے وہاں سے رزق دے گا

لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ

لَا	يَحْتَسِبُ	وَ	مَنْ	يَّتَوَكَّلْ	عَلَى	اللّٰهِ	فَهُوَ	حَسْبُهٗ	اِنَّ	اللّٰهَ	بَالِغُ
نہیں	گمان کرتا	اور	جو	بھروسہ کرے	اوپر	اللہ کے	تو وہ	کافی ہے اس کو	بیشک	اللہ	پورا کرنے والا ہے

جہاں سے وہ خیال بھی نہیں کر سکتا اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اسے وہ کافی ہو جاتا ہے اللہ

أَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿۳﴾ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ

أَمْرِهٖ	قَدْ	جَعَلَ	اللّٰهُ	لِكُلِّ	شَيْءٍ	قَدْرًا	وَ	الّٰٓـِٔيْ	يَئِسْنَ	مِنَ الْمَحِيْضِ
اپنے کام کو	بیشک	بنایا	اللہ نے	واسطے ہر	چیز کے	ایک اندازہ	اور	وہ عورتیں جو	مایوس ہوں	حیض سے

اپنے امر کو پہنچ کے رہتا ہے اس نے ہر چیز کیلئے ایک اندازہ ٹھہرا دیا ہے۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے

مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔيْ لَمْ

مِنْ نِّسَآئِكُمْ	اِنِ	ارْتَبْتُمْ	فَعِدَّتُهُنَّ	ثَلٰثَةُ	اَشْهُرٍ	وَ	الّٰٓـِٔيْ	لَمْ
تمہاری عورتوں میں سے	اگر	تمہیں شک ہو	تو ان کی عدت	تین	مہینے ہے	اور	وہ جو ابھی	نہیں

نا امید ہو چکی ہوں اگر تمہیں شک ہو تو ان کی عدت تین ماہ ہے اور (ان کیلئے بھی) جنہیں

يَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ

يَحِضْنَ	وَ	اُولَاتُ الْاَحْمَالِ	اَجَلُهُنَّ	اَنْ	يَّضَعْنَ	حَمْلَهُنَّ
پہنچیں حیض کو	اور	حمل والی عورتیں	ان کی عدت	یہ ہے کہ	جن لیں	اپنا حمل

حیض آیا ہی نہ ہو اور حاملہ عورتیں (تو) ان کی عدت وضع حمل ہے اور جو اللہ سے

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ﴿۴﴾ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ

وَ	مَنْ	يَّتَّقِ	اللّٰهَ	يَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ اَمْرِهٖ	يُسْرًا	ذٰلِكَ	اَمْرُ	اللّٰهِ	اَنْزَلَهٗٓ
اور	جو	ڈرے	اللہ سے	بنائے گا	اس کیلئے	کام اسکے میں	آسانی	یہ	حکم ہے	اللہ کا	اتارا اس کو

ڈرتا ہے اس کیلئے وہ اس کے معاملے میں آسانی پیدا کر دیتا ہے۔ یہ اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہاری

اِلَيْكُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ﴿۵﴾

اِلَيْكُمْ	وَ	مَنْ	يَّتَّقِ	اللّٰهَ	يُكَفِّرْ	عَنْهُ	سَيِّاٰتِهٖ	وَ	يُعْظِمْ	لَهٗ	اَجْرًا
تمہاری طرف	اور	جو	ڈرے	اللہ سے	دور کرے گا	اس سے	اس کے گناہ	اور	بڑا کرے گا	اس کیلئے	اجر

طرف نازل فرمایا ہے اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کی برائیاں دور کردے گا اس کے لئے اس کے ثواب کو بڑا کر دیتا ہے۔

باغ۔ اور (طرح طرح کے) پھل میوے اور (جانوروں کا) چارہ۔ تمہارے فائدے کو اور تمہارے چوپایوں کے فائدے کے لیے۔ پھر جب کان پھاڑ

الصَّآخَّةُ ۝۳۳ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝۳۴ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝۳۵ وَصَاحِبَتِهٖ

الصَّآخَّةُ	يَوْمَ	يَفِرُّ	الْمَرْءُ	مِنْ اَخِيْهِ	وَاُمِّهٖ	وَ	اَبِيْهِ	وَ	صَاحِبَتِهٖ
کان پھاڑنیوالی	جس دن	بھاگے گا	آدمی	اپنے بھائی سے	اور اپنی ماں سے	اور	اپنے باپ سے	اور	اپنی بیوی سے

دینے والی آواز آئے گی۔ جس دن آدمی بھاگ جائے گا اپنے بھائی سے۔ اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے۔ اور اپنی بیوی اور اپنے

وَبَنِيْهِ ۝۳۶ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۝۳۷ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

وَ	بَنِيْهِ	لِكُلِّ	امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	يَوْمَئِذٍ	شَاْنٌ	يُّغْنِيْهِ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ
اور	اپنے بیٹوں سے	ہر	آدمی کیلئے	ان میں سے	اس دن	ایک فکر ہے	وہی اسکو بس ہے	کتنے مونھ	اس دن

بیٹوں سے۔ اس دن ہر شخص کو ایسی (پریشان کن) حالت لاحق ہوگی جو اسے (ہر دوسرے سے) بے پرواہ کردے گی۔ کتنے چہرے

مُّسْفِرَةٌ ۝۳۸ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝۳۹ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا

مُّسْفِرَةٌ	ضَاحِكَةٌ	مُّسْتَبْشِرَةٌ	وَ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	عَلَيْهَا
روشن ہوں گے	ہنستے	خوشیاں مناتے	اور	کتنے موںھ	اس دن	ان پر

اس دن روشن ہوں گے۔ ہنستے اور ہشاش بشاش۔ اور اس دن بعض چہرے ان پر گرد

غَبَرَةٌ ۝۴۰ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝۴۱ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝۴۲

غَبَرَةٌ	تَرْهَقُهَا	قَتَرَةٌ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْكَفَرَةُ	الْفَجَرَةُ
گرد پڑی ہوگی	چڑھتی ہوگی ان پر	سیاہی	یہ لوگ	وہی ہیں	کافر	فاجر

پڑی ہوگی۔ ان پر سیاہی چھائی ہوگی۔ وہی لوگ ہیں کافر بدکار

ایاتھا ۲۹ | ۸۱ سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ ۷ | رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝١ وَإِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝٢ وَإِذَا الْجِبَالُ

إِذَا	الشَّمْسُ	كُوِّرَتْ	وَ	إِذَا	النُّجُوْمُ	انْكَدَرَتْ	وَ	إِذَا	الْجِبَالُ
جب	سورج	لپیٹ لیا جائے گا	اور	جب	ستارے	بے نور ہو جائیں	اور	جب	پہاڑ

جب سوج لپیٹ کر بے نور کردیا جائیگا۔اور جب سب تارے گر پڑیں گے۔جب پہاڑ (غبار بنا کر ہوا میں)

سُيِّرَتْ ۝٣ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝٤ وَإِذَا الْوُحُوْشُ

سُيِّرَتْ	وَ	إِذَا	الْعِشَارُ	عُطِّلَتْ	وَإِذَا	الْوُحُوْشُ
چلائے جائیں	اور	جب	تھکی اونٹنیاں	چھوٹی پھریں	اور جب	وحشی جانور

چلا دیئے جائیں گے۔جب [illegible] اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں گی۔اور جب وحشی جانور جمع

حُشِرَتْ ۝٥ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝٦ وَإِذَا النُّفُوْسُ

حُشِرَتْ	وَ	إِذَا	الْبِحَارُ	سُجِّرَتْ	وَإِذَا	النُّفُوْسُ
اکٹھے کیے جائیں	اور	جب	سمندر	سلگائے جائیں	اور جب	جانوں کے

کئے جائیں گے۔اور جب سمندر بھڑکا دیئے جائیں۔اور جب روحیں بدنوں سے

زُوِّجَتْ ۝٧ وَإِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۝٨ بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ ۝٩ وَإِذَا

زُوِّجَتْ	وَ	إِذَا	الْمَوْءٗدَةُ	سُئِلَتْ	بِأَيِّ	ذَنْبٍ	قُتِلَتْ	وَإِذَا
جوڑ بنیں	اور	جب	زندہ دبائی ہوئی	پوچھی جائے	کس	گناہ میں	ماری گئی	اور جب

ملادی جائیں گی۔اور جب زندہ دفن کی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائیگا۔وہ کس گناہ میں قتل کی گئی۔اور جب

الصُّحُفُ نُشِرَتْ ﴿۱۰﴾ وَإِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ﴿۱۱﴾ وَإِذَا الْجَحِيمُ

الصُّحُفُ	نُشِرَتْ	وَإِذَا	السَّمَآءُ	كُشِطَتْ	وَ	إِذَا	الْجَحِيمُ
اعمال نامے	کھولے جائیں	اور جب	آسمان	جگہ سے کھینچ لیا جائے	اور	جب	جہنم

اعمال نامے کھول دیئے جائیں گے۔اور جب آسمان کھینچ لیا جائیگا۔اور جب دوزخ

سُعِّرَتْ ﴿۱۲﴾ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ﴿۱۳﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ أَحْضَرَتْ ﴿۱۴﴾

سُعِّرَتْ	وَ	إِذَا	الْجَنَّةُ	أُزْلِفَتْ	عَلِمَتْ	نَفْسٌ	مَّآ	أَحْضَرَتْ
بھڑکائی جائے	اور	جب	جنت	قریب کی جائے	جان لے گا	ہر آدمی	جو	حاضر لایا

بھڑکا دی جائیگا۔اور جب جنت پاس لائی جائیگی۔ہر جان کو معلوم ہو جائے گا جو اس نے حاضر کیا ہے۔

فَلَآ أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿۱۵﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ﴿۱۷﴾

فَلَآ أُقْسِمُ	بِالْخُنَّسِ	الْجَوَارِ	الْكُنَّسِ	وَالَّيْلِ	إِذَا	عَسْعَسَ
تو میں قسم کھاتا ہوں	الٹے پھرنیوالے	سیدھے چلنے والے	تھم رہنے والے ستاروں کی	اور رات کی	جب	پیٹھ دے

مگر نہیں میں قسم کھاتا ہوں پلٹنے والے کی۔ چلتے رہنے والے، چھپ جانے والوں کی۔اور رات کی جب وہ جانے لگے۔

وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ﴿۱۸﴾ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ﴿۱۹﴾ ذِي قُوَّةٍ

وَالصُّبْحِ	إِذَا	تَنَفَّسَ	إِنَّهُ	لَقَوْلُ	رَسُولٍ	كَرِيمٍ	ذِي قُوَّةٍ
اور صبح کی	جب	دم لے	بیشک یہ	بات ہے	رسول کی	عزت والے	جو قوت والا ہے

اور صبح کی جب وہ طلوع ہونے لگے۔بے شک یہ عزت والے رسول کا قول ہے۔جو قوت والا ہے

عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا

عِنْدَ	ذِي الْعَرْشِ	مَكِينٍ	مُّطَاعٍ	ثَمَّ	أَمِينٍ	وَ	مَا
نزدیک	عرش والے کے	عزت والا	تابعداری کیا گیا	اس جگہ	امانتدار ہے	اور	نہیں

مالک عرش کے حضور عزت والا۔ سردار اور پھر بااعتبار۔ اور تمہارا

صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿٢٢﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿٢٣﴾ وَمَا هُوَ

هُوَ	مَا	وَ	الْمُبِيْنِ	بِالْاُفُقِ	رَاٰهُ	لَقَدْ	وَ	بِمَجْنُوْنٍ	صَاحِبُكُمْ
وہ	نہیں	اور	روشن	کنارہ میں	دیکھا اس نے اس کو	بیشک	اور	دیوانہ	تمہارا ساتھی

صاحب کوئی دیوانہ تو نہیں۔اور بیشک انہوں نے اسے روشن کنارے پر دیکھا۔اور وہ (نبی)

عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿٢٤﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿٢٥﴾ فَاَيْنَ

فَاَيْنَ	رَّجِيْمٍ	شَيْطٰنٍ	بِقَوْلِ	هُوَ	مَا	وَ	بِضَنِيْنٍ	الْغَيْبِ	عَلَى
پھر کدھر	مردود کی	شیطان	بات	وہ	نہیں	اور	بخل کرنے والا	غیب کے	اوپر

غیب (بتانے) پر بخیل نہیں۔اور قرآن مردود شیطان کا کلام نہیں ہے۔پھر

تَذْهَبُوْنَ ﴿٢٦﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٧﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ

اَنْ	مِنْكُمْ	شَآءَ	لِمَنْ	لِّلْعٰلَمِيْنَ	ذِكْرٌ	اِلَّا	هُوَ	اِنْ	تَذْهَبُوْنَ
یہ کہ	تم میں سے	چاہے	اس کیلئے جو	جہان والوں کیلئے	نصیحت ہے	مگر	وہ	نہیں	جاتے ہو تم

بدبختو کدھر جاتے ہو۔یہ تو سارے جہان کیلئے صرف ایک یاد دہانی ہے۔اس کیلئے جو تم میں سیدھی راہ

يَّسْتَقِيْمَ ﴿٢٨﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٩﴾

الْعٰلَمِيْنَ	رَبُّ	اللّٰهُ	يَّشَآءَ	اَنْ	اِلَّآ	تَشَآءُوْنَ	مَا	وَ	يَّسْتَقِيْمَ
سارے جہانوں کا	رب	اللہ	چاہے	یہ کہ	مگر	چاہتے تم	نہیں	اور	سیدھا ہو

اختیار کرنا چاہے۔ اور تمہارا چاہنا کچھ نہیں مگر یہ کہ چاہے اللہ تمام جہانوں کا پروردگار۔

ع ۲۹ ۱

ایاتھا ۱۹ ۸۲ سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَارِ مَکِّیَّۃٌ ۸۲ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ ۙ﴿۱﴾ وَ اِذَا الۡکَوَاکِبُ انۡتَثَرَتۡ ۙ﴿۲﴾ وَ اِذَا الۡبِحَارُ

اِذَا	السَّمَآءُ	انۡفَطَرَتۡ	وَ	اِذَا	الۡکَوَاکِبُ	انۡتَثَرَتۡ	وَ	اِذَا	الۡبِحَارُ
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور	جب	ستارے	جھڑ پڑیں گے	اور	جب	سمندر

جب آسمان پھٹ جائیں گے۔ اور جب ستارے بکھر جائیں گے۔ جب سمندر پھاڑ

فُجِّرَتۡ ۙ﴿۳﴾ وَ اِذَا الۡقُبُوۡرُ بُعۡثِرَتۡ ۙ﴿۴﴾ عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ

فُجِّرَتۡ	وَ	اِذَا	الۡقُبُوۡرُ	بُعۡثِرَتۡ	عَلِمَتۡ	نَفۡسٌ	مَّا	قَدَّمَتۡ
بہا دیے جائینگے	اور	جب	قبریں	کریدی جائیں	جان لے گا	ہر آدمی	جو	اس نے آگے بھیجا

دیے جائیں گے۔ جب قبریں کھول دی جائیں گی۔ ہر شخص جان لے گا جو کچھ اس نے پہلے کیا

وَ اَخَّرَتۡ ؕ﴿۵﴾ یٰۤاَیُّهَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الۡکَرِیۡمِ ۙ﴿۶﴾ الَّذِیۡ

وَ	اَخَّرَتۡ	یٰۤاَیُّهَا	الۡاِنۡسَانُ	مَا	غَرَّکَ	بِرَبِّکَ الۡکَرِیۡمِ	الَّذِیۡ
اور	پیچھے چھوڑا	اے	انسان!	کس چیز نے	دھوکا دیا تجھ کو	اپنے کرم والے رب سے	جس نے

اور (جو کچھ) پیچھے کیا۔ اے انسان تجھے کس چیز نے اپنے ربِ کریم کے بارے دھوکے میں ڈال دیا۔ جس نے (رحم مادر کے اندر ایک

خَلَقَکَ فَسَوّٰىکَ فَعَدَلَکَ ۙ﴿۷﴾ فِیۡۤ اَیِّ صُوۡرَۃٍ مَّا شَآءَ رَکَّبَکَ ؕ﴿۸﴾

خَلَقَکَ	فَسَوّٰىکَ	فَعَدَلَکَ	فِیۡۤ اَیِّ صُوۡرَۃٍ	مَّا	شَآءَ	رَکَّبَکَ
پیدا کیا تجھ کو	پھر درست کیا تجھے	پھر برابر کیا تجھے	جس صورت میں	جو کچھ	چاہا	تجھ ترکیب دیا

نطفہ میں سے) تجھے پیدا کیا، پھر اس نے تجھے درست اور سیدھا کیا پھر وہ تیری ساخت میں تناسب تبدیلی لایا۔ جس صورت میں چاہا تجھے ترکیب دے دیا۔

کَلَّا بَلۡ تُکَذِّبُوۡنَ بِالدِّیۡنِ ۙ﴿۹﴾ وَ اِنَّ عَلَیۡکُمۡ لَحٰفِظِیۡنَ ۙ﴿۱۰﴾ کِرَامًا

کَلَّا	بَلۡ	تُکَذِّبُوۡنَ	بِالدِّیۡنِ	وَ	اِنَّ	عَلَیۡکُمۡ	لَحٰفِظِیۡنَ	کِرَامًا
ہرگز نہیں	بلکہ	تم جھٹلاتے ہو	قیامت کو	اور	بیشک	تم پر	کچھ محافظ ہیں	بزرگ

بلکہ تم قانون جزاء کو جھٹلاتے ہو۔ مگر تم پر نگران فرشتے مقرر ہیں۔ معزز (فرشتے)

كَاتِبِيْنَ ﴿۱۱﴾ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۱۳﴾ وَ اِنَّ

اِنَّ	وَ	لَفِيْ نَعِيْمٍ	الْاَبْرَارَ	اِنَّ	تَفْعَلُوْنَ	مَا	يَعْلَمُوْنَ	كَاتِبِيْنَ
بیشک	اور	ضرور چین میں ہیں	نیکوکار لوگ	بیشک	تم کرتے ہو	جو کچھ	جانتے ہیں	لکھنے والے

لکھنے والے۔وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو۔بے شک نیک لوگ ضرور جنت نعیم میں ہوں گے۔اور بے شک

الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا

عَنْهَا	مَا هُمْ	وَ	الدِّيْنِ	يَوْمَ	يَّصْلَوْنَهَا	لَفِيْ جَحِيْمٍ	الْفُجَّارَ
اس سے	نہیں وہ	اور	انصاف کے	دن	داخل ہوں گے اس میں	ضرور دوزخ میں ہیں	بدکار

بدکار ضرور دوزخ میں ہوں گے۔جزا کے دن وہ اس میں داخل ہوں گے۔اور وہ اس سے کچھ اوجھل

بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ

يَوْمُ	مَا	اَدْرٰىكَ	مَآ	ثُمَّ	الدِّيْنِ	يَوْمُ	مَا	مَآ اَدْرٰىكَ	وَ	بِغَآئِبِيْنَ
دن	کیا ہے	جانیں آپ	کیا	پھر	انصاف کا	دن	کیا ہے	کیا جانیں آپ	اور	غائب ہونیوالے

بھی نہیں ہوں گے۔اور آپ نے کیا سمجھا جزاء کا دن کیا ہے؟ پھر آپ نے کیا سمجھا جزاء

الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾ يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۭ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾ ع

لِلّٰهِ	يَوْمَئِذٍ	وَالْاَمْرُ	شَيْـًٔا	لِّنَفْسٍ	نَفْسٌ	تَمْلِكُ	لَا	يَوْمَ	الدِّيْنِ
اللہ کا ہوگا	اس دن	اور حکم	کچھ بھی	کسی آدمی کیلئے	کوئی آدمی	اختیار رکھے گا	نہ	جس دن	انصاف کا

کا دن کیا ہے۔ جس دن کوئی جان کسی جان پر کچھ اختیار نہ رکھے گی اور سارا حکم اس دن اللہ کا ہے۔

آیاتہا ۳۶ | ۸۳ سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ ۸۶ | رکوعہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۝۲

وَيْلٌ	لِّلْمُطَفِّفِيْنَ	الَّذِيْنَ	اِذَا	اكْتَالُوْا	عَلَى	النَّاسِ	يَسْتَوْفُوْنَ
خرابی ہے	واسطے کم تولنے والوں کے	وہ کہ	جب	ماپ کر لیتے ہیں	اوپر	لوگوں کے	تو پورا لیتے ہیں

بربادی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کیلئے۔ وہ کہ جب اوروں سے ناپ لیں تو پورا لیں۔

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝۳ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ

وَاِذَا	كَالُوْهُمْ	اَوْ	وَّزَنُوْهُمْ	يُخْسِرُوْنَ	اَلَا ،	يَظُنُّ	اُولٰٓئِكَ	اَنَّهُمْ
اور جب	ماپ کر دیتے ہیں انکو	یا	تول کر دیتے ہیں ان کو	تو کم دیتے ہیں	کیا نہیں	یقین رکھتے	یہ لوگ	کہ وہ

مگر جب انہیں (خود) ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو گھٹا کر دیتے ہیں۔ کیا انہیں خیال نہیں کہ وہ

مَّبْعُوْثُوْنَ ۝۴ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۵ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶

مَّبْعُوْثُوْنَ	لِيَوْمٍ	عَظِيْمٍ	يَّوْمَ	يَقُوْمُ	النَّاسُ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اٹھائے جائیں گے	واسطے دن	بڑے کے	جس دن	کھڑے ہونگے	لوگ	واسطے رب کے	جہانوں کے

اٹھائے جائیں گے۔ ایک عظمت والے دن میں۔ جس دن (سب) لوگ رب العٰلمین کے حضور کھڑے ہوں گے۔

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝۷ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا

كَلَّآ	اِنَّ	كِتٰبَ	الْفُجَّارِ	لَفِيْ سِجِّيْنٍ	وَ	مَآ	اَدْرٰىكَ	مَا
ہرگز نہیں	بیشک	لکھت	کافروں کی	سب سے نیچی جگہ میں ہے	اور	کیا	جانیں تم	کیا ہے

بے شک کافروں کی لکھت سب سے نیچی جگہ سجین میں ہے۔ اور تم نے کیا جانا کہ

سِجِّيْنٌ ۝۸ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝۹ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ

سِجِّيْنٌ	كِتٰبٌ	مَّرْقُوْمٌ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	الَّذِيْنَ
سجین	لکھت ہے	مہر شدہ	خرابی ہے	اس دن	جھٹلانے والوں کیلئے	وہ لوگ جو

سجین کیا ہے۔ ایک کتاب ہے لکھی ہوئی۔ افسوس اس دن جھٹلانے والوں پر۔ جو لوگ

يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۱۱﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ اِذَا

يُكَذِّبُوْنَ	بِيَوْمِ	الدِّيْنِ	وَ	مَا	يُكَذِّبُ	بِهٖٓ	اِلَّا	كُلُّ	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ	اِذَا
جھٹلاتے ہیں	دن	قیامت کو	اور	نہیں	جھٹلائے گا	اس کو	مگر	ہر ایک	سرکش	گنہگار	جب

روز جزاء کو جھٹلاتے ہیں۔اور اسے کوئی نہیں جھٹلاتا سوائے ہر اس شخص کے جو سرکش و گنہگار ہے۔جب

تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ كَلَّا بَلْ سكتة رَانَ عَلٰى

تُتْلٰى	عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	كَلَّا	بَلْ	رَانَ	عَلٰى
پڑھی جاتی ہیں	اس پر	ہماری آیتیں	کہتا ہے	کہانیاں ہیں	پہلوں کی	ہرگز نہیں	بلکہ	زنگ ہے	اوپر

اس پر ہماری آیتیں پڑھی جائیں تو کہتا ہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ ہرگز نہیں بلکہ ان کے دلوں پر زنگ

قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

قُلُوْبِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ	كَلَّآ	اِنَّهُمْ	عَنْ رَّبِّهِمْ	يَوْمَئِذٍ
انکے دلوں کے	بسبب اسکے جو	تھے وہ	کماتے	ہاں ہاں	بیشک وہ	اپنے رب سے	اس دن

چڑھا دیا ہے ان کی کمائیوں نے۔حق یہ ہے کہ بیشک اس دن انہیں اپنے رب کے دیدار سے

لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ

لَّمَحْجُوْبُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّهُمْ	لَصَالُوْا	الْجَحِيْمِ	ثُمَّ	يُقَالُ	هٰذَا	الَّذِيْ
پردہ کردیے جائینگے	پھر	بیشک وہ	داخل ہونیوالے ہیں	دوزخ میں	پھر	کہا جائے گا	یہ	وہ ہے جو کہ

(محروم کرنے کیلئے) پس پردہ کر دیا جائیگا۔پھر وہ دوزخ میں جھونک دیے جائیں گے۔ پھر (ان سے) کہا جائے گا یہ ہے وہ

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۷﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَآ

كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	كَلَّآ	اِنَّ	كِتٰبَ	الْاَبْرَارِ	لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ	وَ	مَآ
تھے تم	اس کو	جھٹلاتے	ہاں ہاں	بیشک	لکھت	نیکوں کی جگہ	سب سے اونچا محل علیین میں ہے	اور	کیا

(جہنم کا عذاب) جسے تم جھٹلاتے تھے۔حق یہ ہے کہ بیشک نیکی کرنے والوں کا نامۂ اعمال ضرور (ساتویں آسمان کے اوپر) علیین میں ہے۔ اور

أَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿١٩﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿٢٠﴾ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿٢١﴾

الْمُقَرَّبُوْنَ	يَّشْهَدُهُ	مَّرْقُوْمٌ	كِتٰبٌ	عِلِّيُّوْنَ	مَا	أَدْرٰىكَ
مقرب لوگ	حاضر ہوں گے اس کو	مہر شدہ	لکھت ہے	علیین	کیا ہے	جانیں تم

تم نے کیا جانا کہ علیین کیا ہے۔وہ لکھی ہوئی کتاب ہے۔اس جگہ اللہ کے مقرب فرشتے حاضر رہتے ہیں۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِيْ

فِيْ	تَعْرِفُ	يَنْظُرُوْنَ	الْاَرَآئِكِ	عَلَى	لَفِيْ نَعِيْمٍ	الْاَبْرَارَ	اِنَّ
میں	پہچانے گا تو	دیکھے ہیں	تختوں کے	اوپر	چین میں ہیں	نیک لوگ	بیشک

بے شک نیک لوگ نعمتوں والی جنت میں ہوں گے۔(عزت کے اونچے) تختوں پر (بیٹھے) دیکھتے ہوں گے۔آپ پہچانیں گے

وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿٢٥﴾

مَّخْتُوْمٍ	مِنْ رَّحِيْقٍ	يُسْقَوْنَ	النَّعِيْمِ	نَضْرَةَ	وُجُوْهِهِمْ
مہر کی گئی	صاف شراب میں سے	پلائے جائیں گے	نعمتوں کی	تازگی ہوگی	ان کے چہروں کے

ان کے چہروں میں راحت کی تازگی۔اور ان کو مہر لگی ہوئی شراب طہور پلائی جائے گی۔

خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ؕ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهٗ

مِزَاجُهٗ	وَ	الْمُتَنَافِسُوْنَ	فَلْيَتَنَافَسِ	فِيْ ذٰلِكَ	وَ	مِسْكٌ	خِتٰمُهٗ
ملونی اس کی	اور	لالچ کرنیوالے	چاہیے کہ لالچ کریں	اسی پر	اور	کستوری ہوگی	اس کی مہر

جس پر مشک کی مہر ہوگی اور اس میں پھر سبقت کرنے والوں کو سبقت کرنی چاہیے۔اور اس میں آمیزش

مِنْ تَسْنِيْمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿٢٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا

اَجْرَمُوْا	الَّذِيْنَ	اِنَّ	الْمُقَرَّبُوْنَ	بِهَا	يَّشْرَبُ	عَيْنًا	مِنْ تَسْنِيْمٍ
مجرم ہیں	وہ لوگ جو	بیشک	مقرب لوگ	اس سے	کہ پئیں گے	ایک چشمہ ہے	تسنیم کی ہوگی

تسنیم کی ہوگی۔ایک چشمہ ہوگا جس سے خدا کے مقرب پئیں گے۔بے شک وہ لوگ جنہوں

كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿٢٩﴾ وَ اِذَا مَرُّوْا بِهِمْ

كَانُوْا	مِنَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	يَضْحَكُوْنَ	وَ	اِذَا	مَرُّوْا بِهِمْ
وہ تھے	ان لوگوں میں سے جو	جو ایمان لائے	ہنستے	اور	جب	ان پر گزرتے ہیں

نے جرم کئے مومنوں سے ہنسا کرتے تھے۔اور جب ان پر گزرتے تو (ازراہِ تمسخر) آپس میں آنکھوں

يَتَغَامَزُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿٣١﴾ وَ اِذَا

يَتَغَامَزُوْنَ	وَ	اِذَا	انْقَلَبُوْٓا	اِلٰٓى	اَهْلِهِمُ	انْقَلَبُوْا	فَكِهِيْنَ	وَ	اِذَا
اشارہ کرتے ہیں	اور	جب	پھرتے ہیں	طرف	اپنے گھر والوں کی	پھرتے ہیں	خوش ہوکر	اور	جب

سے اشارے کرتے۔ اور جب اپنے گھر پلٹتے خوشیاں کرتے پلٹتے۔ اور جب

رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿٣٢﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ

رَاَوْهُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَضَآلُّوْنَ	وَ	مَآ	اُرْسِلُوْا	عَلَيْهِمْ
دیکھتے ہیں ان کو	کہتے ہیں	بیشک	یہ لوگ	گمراہ ہیں	اور	نہ	بھیجے گئے	ان پر

مسلمانوں کو دیکھتے کہتے بے شک یہ لوگ بہکے ہوئے ہیں۔ حالانکہ وہ ان پر

حٰفِظِيْنَ ﴿٣٣﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿٣٤﴾ عَلَى

حٰفِظِيْنَ	فَالْيَوْمَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنَ الْكُفَّارِ	يَضْحَكُوْنَ	عَلَى
نگران	تو آج	وہ جو	مومن ہیں	کفار سے	ہنسیں گے	اوپر

نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے۔ہاں آج ایمان والے کافروں پر ہنس رہے ہیں۔ تختوں

الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾

الْاَرَآئِكِ	يَنْظُرُوْنَ	هَلْ	ثُوِّبَ	الْكُفَّارُ	مَا	كَانُوْا	يَفْعَلُوْنَ
تختوں کے	دیکھتے ہوں گے	کیوں	بدلہ ملا	کافروں کو	جو	تھے وہ	کرتے

پر بیٹھے دیکھتے ہیں۔کیا پچھ بدلہ ملا کافروں کو ان کاموں کا جو وہ کرتے تھے؟

ع ٣٦ ٨

رکوعها ۱	۸۴ سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ ۸۳	ایاتها ۲۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ

اِذَا	السَّمَآءُ	انْشَقَّتْ	وَ	اَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَ	حُقَّتْ	وَاِذَا	الْاَرْضُ
جب	آسمان	پھٹے	اور	کان رکھے	اپنے رب کیلئے	اور	اسی لائق ہے	اور جب	زمین

جب آسمان شق ہوگا۔ اور وہ اپنے رب کا حکم سنے گا اور اس پر عمل کریگا اس کا حق بھی یہی ہوگا۔ اور جب زمین پھیلا

مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾

مُدَّتْ	وَ	اَلْقَتْ	مَا	فِيْهَا	وَ	تَخَلَّتْ	وَ	اَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَ	حُقَّتْ
دراز ہو	اور	ڈالے	جو	اس میں ہے	اور	خالی ہو جائے	اور	کان رکھے	اپنے رب کیلئے	اور	اسی لائق ہے

دی جائے گی۔ اور جو کچھ اس میں ہے نکال باہر پھینکے گی اور خالی ہو جائے گی۔ اور اپنے رب کا حکم بجالائے گی اور یہ اس پر حق ہے۔

يٰاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿۶﴾ فَاَمَّا مَنْ

يٰاَيُّهَا	الْاِنْسَانُ	اِنَّكَ	كَادِحٌ	اِلٰى	رَبِّكَ	كَدْحًا	فَمُلٰقِيْهِ	فَاَمَّا	مَنْ
اے	انسان	بیشک تو	دوڑنے والا ہے	طرف	اپنے رب کی	دوڑنا	پھر اس سے ملنا ہے	پھر	جو کوئی

اے آدمی! بے شک تو اپنے رب تک پہنچنے میں بہت مشقتیں برداشت کر رہا ہے تو اس سے (تجھے) ملنا ہے۔ تو وہ جسے اس کا نامۂ

اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ﴿۷﴾ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ﴿۸﴾

اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ	فَسَوْفَ	يُحَاسَبُ	حِسَابًا	يَّسِيْرًا
دیا گیا	اپنا نامہ اعمال	دائیں ہاتھ میں	تو جلدی	حساب لیا جائے گا	حساب	آسان

اعمال داہنے ہاتھ میں دیا جائے۔ اس سے عنقریب آسان حساب لیا جائے گا۔

وَّيَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۹ؕ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ

وَّ	يَنْقَلِبُ	اِلٰۤى اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا	وَ	اَمَّا	مَنْ	اُوْتِىَ	كِتٰبَهٗ	وَرَآءَ
اور	پلٹے گا	اپنے گھر والوں کی طرف	خوش ہو کر	اور	پھر	جو	دیا گیا	اپنا نامۂ اعمال	پیچھے

اور وہ اپنے گھر والوں کی طرف خوش خوش پلٹ کر آئے گا۔ اور جسے اسکی کتاب اسکی پیٹھ کے

ظَهْرِهٖ ۝۱۰ۙ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝۱۱ۙ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۝۱۲ؕ اِنَّهٗ كَانَ فِىْۤ

ظَهْرِهٖ	فَسَوْفَ	يَدْعُوْا	ثُبُوْرًا	وَّ	يَصْلٰى	سَعِيْرًا	اِنَّهٗ	كَانَ	فِىْ
اسکی پیٹھ کے	تو جلدی	پکارے گا	موت کو	اور	داخل ہوگا	دوزخ میں	بیشک وہ	تھا	میں

پیچھے سے دی گئی۔ تو عنقریب وہ اپنی ہلاکت طلب کرے گا۔ اور بھڑکتی آگ میں جا پہنچے گا۔ بے شک وہ اپنے

اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۱۳ؕ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝۱۴ۛ بَلٰۤى ۛۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ

اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا	اِنَّهٗ	ظَنَّ	اَنْ	لَّنْ	يَّحُوْرَ	بَلٰۤى	اِنَّ	رَبَّهٗ	كَانَ	بِهٖ
اپنے اہل کے	بڑا خوش	بیشک اس نے	خیال کیا	یہ کہ	ہرگز نہ	پلٹے گا	کیوں نہیں	بیشک	اس کا رب	تھا	اس کو

گھر میں خوش تھا۔ یقیناً وہ سمجھا تھا کہ وہ ہرگز نہیں پلٹے گا۔ کیوں نہیں اس کا رب اسے

بَصِيْرًا ۝۱۵ؕ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝۱۶ۙ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝۱۷ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا

بَصِيْرًا	فَلَاۤ اُقْسِمُ	بِالشَّفَقِ	وَ	الَّيْلِ	وَ	مَا	وَسَقَ	وَ	الْقَمَرِ	اِذَا
دیکھنے والا	میں قسم کھاتا ہوں	شام کے اجالے کی	اور	رات کی	اور	اس کی جو	اس میں جمع ہو	اور	چاندکی	جب

دیکھ رہا تھا۔ ہیں میں قسم کھاتا ہوں شفق شام کی سرخی کی۔ اور رات کی اور ان چیزوں کی جنہیں وہ (اپنے اندر) سمیٹ لے۔ اور

اتَّسَقَ ۝۱۸ۙ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝۱۹ؕ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۲۰ۙ

اتَّسَقَ	لَتَرْكَبُنَّ	طَبَقًا	عَنْ طَبَقٍ	فَمَا	لَهُمْ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ
پورا ہو	تم ضرور چڑھو گے	منزل	بمنزل	تو کیا ہے	ان کو کہ	نہیں	ایمان لاتے

چاند کی جب وہ پورا ہو جائے۔ ضرور تم منزل بہ منزل چڑھو گے۔ تو کیا ہوا انہیں ایمان نہیں لاتے۔

وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَاِذَا	قُرِئَ	عَلَيْهِمُ	الْقُرْاٰنُ	لَا	يَسْجُدُوْنَ	بَلِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور جب	پڑھا جاتا ہے	ان پر	قرآن	تو نہیں	سجدہ کرتے	بلکہ	وہ جو	کافر ہیں

اور جب انہیں قرآن سنایا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے؟ نہیں بلکہ کافر

يُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۴﴾

يُكَذِّبُوْنَ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يُوْعُوْنَ	فَبَشِّرْهُمْ	بِعَذَابٍ	اَلِيْمٍ
جھٹلاتے ہیں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو وہ	دل میں رکھتے ہیں	تو بشارت دو ان کو	عذاب	دردناک کی

جھٹلا رہے ہیں۔ اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ یہ (اپنے دلوں میں) جمع کر رہے ہیں۔ تو (اے محبوب ﷺ!) آپ انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجیے۔

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾

اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	اَجْرٌ	غَيْرُ	مَمْنُوْنٍ
مگر	وہ جو	ایمان لائے	اور کام کیے	اچھے	ان کیلئے	اجر ہے	نہ	ختم ہونیوالا

مگر جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان کیلئے وہ ثواب ہے جو کبھی ختم نہ ہو گا۔

ایاتھا ۲۲ — ۸۵ سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ ۲۷ — رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ

وَالسَّمَآءِ	ذَاتِ الْبُرُوْجِ	وَالْيَوْمِ	الْمَوْعُوْدِ	وَشَاهِدٍ
قسم ہے آسمان کی	برجوں والے	اور دن کی	وعدہ دیے گئے	اور حاضر ہونیوالے

قسم آسمان کی جس میں برج ہیں۔ اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے۔ جو (اس دن) حاضر ہوگا اس کی قسم اور جو کچھ حاضر کیا

وَّمَشۡهُوۡدٍؕ ﴿۳﴾ قُتِلَ اَصۡحٰبُ الۡاُخۡدُوۡدِۙ ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ الۡوَقُوۡدِۙ ﴿۵﴾

ذَاتِ الۡوَقُوۡدِ	النَّارِ	اَصۡحٰبُ الۡاُخۡدُوۡدِ	قُتِلَ	مَشۡهُوۡدٍ	وَّ
بھڑکنے والی پر	آگ	کھائی والوں پر	لعنت ہو	حاضر کیے گئے کی	اور

جائے گا اس کی قسم۔ غارت ہوں خندقوں والے۔ بھڑکتی ہوئی آگ والے۔

اِذۡ هُمۡ عَلَيۡهَا قُعُوۡدٌۙ ﴿۶﴾ وَّهُمۡ عَلٰى مَا يَفۡعَلُوۡنَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ

بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ	يَفۡعَلُوۡنَ	مَا	عَلٰى	وَّهُمۡ	قُعُوۡدٌ	عَلَيۡهَا	اِذۡ هُمۡ
مومنوں کے ساتھ	کرتے تھے	جو کچھ	اوپر	اور وہ	بیٹھے تھے	اس پر	جبکہ وہ

جب وہ اس (کے کنارے) پر بیٹھے تھے۔ اور وہ جو اس پر گواہ ہیں جو کچھ مسلمانوں

شُهُوۡدٌؕ ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوۡا مِنۡهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ يُّؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ

الۡعَزِيۡزِ	بِاللّٰهِ	يُّؤۡمِنُوۡا	اَنۡ	اِلَّاۤ	مِنۡهُمۡ	نَقَمُوۡا	وَمَا	شُهُوۡدٌ
غالب	اللہ پر	وہ ایمان لائے	یہ کہ	مگر	ان سے	عیب پکڑا	اور نہ	گواہ تھے

کے ساتھ تھے۔ اور انہیں مسلمانوں کا کیا برا لگا یہی نہ کہ وہ ایمان لائے تھے۔ زبردست تعریفوں

الۡحَمِيۡدِۙ ﴿۸﴾ الَّذِىۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

كُلِّ	عَلٰى	اللّٰهُ	وَ	الۡاَرۡضِ	وَ	السَّمٰوٰتِ	مُلۡكُ	لَهٗ	الَّذِىۡ	الۡحَمِيۡدِ
ہر	اوپر	اللہ	اور	زمین کا	اور	آسمانوں	ملک ہے	اسی کیلئے	وہ کہ	سراہے گئے

والے اللہ تعالیٰ پر۔ وہ جس کی آسمانوں اور زمین پر بادشاہت ہے۔ اور اللہ

شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ؕ ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ فَتَنُوا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ ثُمَّ لَمۡ

لَمۡ	ثُمَّ	الۡمُؤۡمِنٰتِ	وَ	الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	فَتَنُوۡا	الَّذِيۡنَ	اِنَّ	شَهِيۡدٌ	شَىۡءٍ
نہ	پھر	مومن عورتوں کو	اور	مومن مردوں کو	تکلیف دی	وہ جنہوں نے	بیشک	گواہ ہے	چیز کے

ہر بات کو دیکھتا ہے۔ یقیناً جن لوگوں نے مومن مرد اور مومن عورتوں کو ستایا پھر اس سے

يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ﴿١٠﴾ إِنَّ

إِنَّ	الْحَرِيقِ	عَذَابُ	لَهُمْ	وَ	جَهَنَّمَ	عَذَابُ	فَلَهُمْ	يَتُوبُوا
بیشک	جلنے کا	عذاب	ان کے لیے	اور	جہنم کا	عذاب ہے	تو ان کیلئے	توبہ کی

توبہ نہ کی تو ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے۔ اور ان کے لیے جلائے جانے کی سزا ہے۔ بے شک

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

مِنْ تَحْتِهَا	تَجْرِي	جَنّٰتٌ	لَهُمْ	الصّٰلِحٰتِ	عَمِلُوا	وَ	آمَنُوا	الَّذِينَ
ان کے نیچے	چلتی ہیں	باغ ہیں	ان کیلئے	اچھے	عمل کیے	اور	ایمان لائے	وہ جو

جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ان کیلئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں

الْأَنْهٰرُ ۚ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ﴿١١﴾ إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ﴿١٢﴾ إِنَّهُ

إِنَّهُ	لَشَدِيدٌ	رَبِّكَ	بَطْشَ	إِنَّ	الْكَبِيرُ	الْفَوْزُ	ذٰلِكَ	الْأَنْهٰرُ
بیشک	بڑی سخت ہے	تمہارے رب کی	پکڑ	بیشک	بڑی	کامیابی	یہ ہے	نہریں

جاری ہیں یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ بیشک آپ کے رب کی پکڑ ضرور بڑی سخت ہے۔ بے شک

هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ﴿١٤﴾ ذُو الْعَرْشِ

ذُو الْعَرْشِ	الْوَدُودُ	الْغَفُورُ	هُوَ	وَ	وَيُعِيدُ	يُبْدِئُ	هُوَ
عرش والا	پیارا	بخشنے والا	وہی ہے	اور	اور پھر کرے	پہلے کرے	وہی

وہی آغاز کرتا ہے اور وہی لوٹاتا ہے۔ اور وہی بخشنے والا محبت کرنے والا ہے۔ صاحب عرش

الْمَجِيدُ ﴿١٥﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ﴿١٦﴾ هَلْ أَتٰىكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ﴿١٧﴾

الْجُنُودِ	حَدِيثُ	أَتٰىكَ	هَلْ	يُرِيدُ	لِمَا	فَعَّالٌ	الْمَجِيدُ
لشکروں کی	بات	آئی تمہارے پاس	کیا	چاہے	جو	کرنے والا	بزرگ

شان والا ہے۔ جو چاہے کر گزرنے والا ہے۔ کیا تمہارے کے پاس لشکروں کی خبر آئی؟

آیۃ سجدۃ ۱۲

فِرۡعَوۡنَ وَثَمُوۡدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا فِیۡ تَکۡذِیۡبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰہُ مِنۡ وَّرَآئِہِمۡ

مِنۡ وَّرَآئِہِمۡ	اللّٰہُ	وَ	تَکۡذِیۡبٍ	فِیۡ	کَفَرُوۡا	الَّذِیۡنَ	بَلِ	ثَمُوۡدَ	وَ	فِرۡعَوۡنَ
ان کو پیچھے سے	اللہ	اور	جھٹلانے کے ہیں	بیچ	کافر ہیں	وہ جو	بلکہ	ثمود کی	اور	فرعون

فرعون اور ثمود (کے لشکروں) کی۔ بلکہ کافر جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں۔ حالانکہ اللہ انہیں ان کے آگے سے اور پیچھے سے

مُّحِیۡطٌ ﴿۲۰﴾ بَلۡ ہُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِیۡدٌ ﴿۲۱﴾ فِیۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ ﴿۲۲﴾

مَّحۡفُوۡظٍ	فِیۡ لَوۡحٍ	مَّجِیۡدٌ	قُرۡاٰنٌ	ہُوَ	بَلۡ	مُّحِیۡطٌ
محفوظ کے	لوح محفوظ میں	بزرگ	قرآن ہے	وہ	بلکہ	گھیرنے والا ہے

گھیرنے والا ہے۔ بلکہ وہ ایک شان والا قرآن ہے۔ جو لوحِ محفوظ میں ہے۔

آیاتہا ۱۷ | ۸۶ سُوۡرَۃُ الطَّارِقِ مَکِّیَّۃٌ ۳۶ | رکوعہا ۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾ النَّجۡمُ الثَّاقِبُ ﴿۳﴾

الثَّاقِبُ	النَّجۡمُ	الطَّارِقُ	مَا	وَمَاۤ اَدۡرٰىکَ	وَالطَّارِقِ	وَالسَّمَآءِ
خوب چمکتا ہوا	تارا ہے	رات کو آنے والا	کیا ہے	اور کچھ تم نے جانا	اور رات کو آنیوالے کی	قسم ہے آسمان کی

آسمان کی قسم اور رات کو آنے والے کی۔ اور کچھ تم نے جانا وہ رات کو آنے والا کیا ہے۔ وہ چمکنے والا ستارہ ہے۔

اِنۡ کُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَیۡہَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ فَلۡیَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾

خُلِقَ	مِمَّ	الۡاِنۡسَانُ	فَلۡیَنۡظُرِ	حَافِظٌ	عَلَیۡہَا	لَّمَّا	نَفۡسٍ	کُلُّ	اِنۡ
پیدا کیا گیا	کس چیز سے	انسان	تو چاہیے دیکھے	نگہبان	اس پر ہے	مگر	جان	کوئی	نہیں

کوئی جان ایسی نہیں جس پر نگہبان مقرر نہ ہو۔ تو آدمی کو غور کرنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا۔

خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝۶ يَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝۷ اِنَّهٗ

خُلِقَ	مِنۡ مَّآءٍ	دَافِقٍ	يَّخۡرُجُ	مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ	وَ	التَّرَآئِبِ	اِنَّهٗ
پیدا کیا گیا	پانی	اچھلنے والے سے	نکلتا ہے	پیٹھ کے درمیان سے	اور	سینے سے	بیشک وہ

وہ بنایا گیا ہے اچھلتے پانی سے۔ جو نکلتا ہے پیٹھ اور سینوں کی ہڈیوں کے درمیان سے۔ بے شک

عَلٰى رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ ۝۸ يَوۡمَ تُبۡلَى السَّرَآئِرُ ۝۹ فَمَا لَهٗ مِنۡ قُوَّةٍ

عَلٰى	رَجۡعِهٖ	لَقَادِرٌ	يَوۡمَ	تُبۡلَى	السَّرَآئِرُ	فَمَا	لَهٗ	مِنۡ قُوَّةٍ
اوپر	اسکے لوٹانے کے	ضرور قادر ہے	جس دن	جانچ ہو	پوشیدہ باتوں کی	تو نہیں	اس کیلئے	کوئی قوت

اللہ اس کے واپس کر دینے پر قادر ہے۔ جس دن ہر بندے کی باتیں پرکھی جائیں گی۔ تو اس کے پاس کوئی زور نہ ہو گا

وَّلَا نَاصِرٍ ۝۱۰ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجۡعِ ۝۱۱ وَالۡاَرۡضِ ذَاتِ الصَّدۡعِ ۝۱۲

وَّلَا	نَاصِرٍ	وَالسَّمَآءِ	ذَاتِ الرَّجۡعِ	وَ	الۡاَرۡضِ	ذَاتِ الصَّدۡعِ
اور نہ	مددگار	قسم ہے آسمان کی	بارش والے	ر	زمین کی	پھٹنے والی

اور نہ کوئی مددگار۔ اور قسم ہے بارش والے آسمان کی۔ اور (سبزہ اُگتے وقت) پھٹ جانے والی زمین کی۔

اِنَّهٗ لَقَوۡلٌ فَصۡلٌ ۝۱۳ وَّمَا هُوَ بِالۡهَزۡلِ ۝۱۴ اِنَّهُمۡ يَكِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا ۝۱۵

اِنَّهٗ	لَقَوۡلٌ	فَصۡلٌ	وَّ	مَا	هُوَ	بِالۡهَزۡلِ	اِنَّهُمۡ	يَكِيۡدُوۡنَ	كَيۡدًا
بیشک وہ	بات ہے	فیصلہ کن	اور	نہیں	وہ	مذاق	بیشک وہ	داؤ چلتے ہیں	اپنا داؤ

بے شک قرآن ضرور فیصلہ کی بات ہے۔ اور کوئی ہنسی کی بات نہیں۔ ہاں وہ تدبیریں کر رہے ہیں۔

وَّاَكِيۡدُ كَيۡدًا ۝۱۶ فَمَهِّلِ الۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا ۝۱۷

وَّ	اَكِيۡدُ	كَيۡدًا	فَمَهِّلِ	الۡكٰفِرِيۡنَ	اَمۡهِلۡهُمۡ	رُوَيۡدًا
اور	میں خفیہ تدبیر فرماتا ہوں	اپنی خفیہ تدبیر	تو ڈھیل دو	کافروں کو	مہلت دینا	تھوڑا سا

اور میں بھی خفیہ تدبیر کر رہا ہوں۔ تو (اے حبیب ﷺ!) آپ کافروں کو (ان کے حال پر) چھوڑ دیں انہیں تھوڑی سی مہلت دے دیں۔

ایاتھا ۱۹ | ۸۷ سُوْرَۃُ الْاَعْلٰی مَکِّیَّۃٌ ۸ | رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلَی ﴿۱﴾ الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی ﴿۲﴾ وَالَّذِیْ

سَبِّحِ	اسْمَ	رَبِّکَ	الْاَعْلَی	الَّذِیْ	خَلَقَ	فَسَوّٰی	وَالَّذِیْ
پاکی بولو	نام کے	اپنے رب کی	جو سب سے بلند ہے	جس نے	بنا کر	ٹھیک کیا	اور وہ جس نے

اپنے رب کے نام کی تسبیح بیان کرو جو سب سے بلند ہے۔ جس نے (کائنات کی ہر چیز کو) پیدا کیا پھر اسے (جملہ تقاضوں کی تکمیل کے ساتھ) درست توازن دیا۔

قَدَّرَ فَھَدٰی ﴿۳﴾ وَالَّذِیْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰی ﴿۴﴾ فَجَعَلَہٗ غُثَآءً

قَدَّرَ	فَھَدٰی	وَ	الَّذِیْٓ	اَخْرَجَ	الْمَرْعٰی	فَجَعَلَہٗ	غُثَآءً
اندازہ کیا	پھر راہ دکھائی	اور	وہ جس نے	نکالا	چارہ	پھر کیا اس کو	چورا

اور جس نے (ہر ہر چیز کیلئے) قانون مقرر کیا پھر راستہ بتایا۔ جس نے زمین سے چارا نکالا۔ پھر اسے سیاہی

اَحْوٰی ﴿۵﴾ سَنُقْرِئُکَ فَلَا تَنْسٰٓی ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ اِنَّہٗ یَعْلَمُ

اَحْوٰی	سَنُقْرِئُکَ	فَلَا	تَنْسٰٓی	اِلَّا	مَا شَآءَ	اللّٰہُ	اِنَّہٗ	یَعْلَمُ
سیاہ	جلدی پڑھائینگے ہم آپ کو	تو نہ	بھولیں گے آپ	مگر	جو چاہے	اللہ	بیشک وہ	جانتا ہے

مائل خشک کر دیا۔ اب ہم آپ کو قرآن پڑھائیں گے تو آپ نہ بھولیں گے۔ مگر جو اللہ چاہے بیشک وہ جہر اور خفی

الْجَھْرَ وَمَا یَخْفٰی ﴿۷﴾ وَنُیَسِّرُکَ لِلْیُسْرٰی ﴿۸﴾ فَذَکِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ

الْجَھْرَ	وَ	مَا	یَخْفٰی	وَ	نُیَسِّرُکَ	لِلْیُسْرٰی	فَذَکِّرْ	اِنْ	نَّفَعَتِ
ظاہر کو	اور	جو	چھپا ہو	اور	آسان کریں گے ہم آپ کیلئے	آسانی کو	تو نصیحت کر	اگر	نفع دے

سب باتوں کو جانتا ہے۔ اور ہم تمہارے لئے آسانی کا سامان کردیں گے۔ پس آپ نصیحت فرماتے رہیے بشرطیکہ نصیحت (سننے

الذِّكْرٰى ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾ وَ يَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾

الْاَشْقَى	يَتَجَنَّبُهَا	وَ	يَّخْشٰى	مَنْ	سَيَذَّكَّرُ	الذِّكْرٰى
بڑا بدبخت	الگ رہے گا اس سے	اور	ڈرتا ہے	جو	جلدی نصیحت لے گا	نصیحت کرنا

والوں کو) فائدہ دے۔ نصیحت وہی لے گا جو ڈرتا ہے۔ اور بڑا بدبخت اس سے دور رہے گا۔

الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾

يَحْيٰى	لَا	وَ	فِيْهَا	يَمُوْتُ	لَا	ثُمَّ	الْكُبْرٰى	النَّارَ	يَصْلَى	الَّذِيْ
جیے گا	نہ	اور	اس میں	مرے گا	نہ	پھر	بڑی میں	آگ	داخل ہوگا	وہ جو

جو سب سے بڑی آگ میں داخل ہو گا۔ پھر نہ اس میں مرے گا اور نہ جیئے گا۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ

بَلْ	فَصَلّٰى	رَبِّهٖ	اسْمَ	ذَكَرَ	وَ	تَزَكّٰى	مَنْ	اَفْلَحَ	قَدْ
بلکہ	پھر نماز پڑھی	اپنے رب کا	نام	یاد کیا	اور	پاک ہوا	جو	کامیاب ہوا	بیشک

بے شک مراد کو پہنچا جو (نفس کی آفتوں اور گناہ کی آلودگیوں سے) پاک ہو گیا۔ اور اپنے رب کا نام یاد کیا پھر نماز پڑھی۔ مگر

تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا

هٰذَا	اِنَّ	اَبْقٰى	وَّ	خَيْرٌ	الْاٰخِرَةُ	وَ	الدُّنْيَا	الْحَيٰوةَ	تُؤْثِرُوْنَ
یہ	بیشک	باقی رہنے والی	اور	بہتر ہے	آخرت	اور	دنیا کی	زندگی کو	پسند کرتے ہو تم

تم دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔ حالانکہ آخرت (ہی کی زندگی) بہتر اور (ہمیشہ) باقی رہنے والی ہے۔ بے شک یہ (قرآنی

لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى ﴿۱۹﴾

مُوْسٰى	وَ	اِبْرٰهِيْمَ	صُحُفِ	الْاُوْلٰى	الصُّحُفِ	لَفِي
موسیٰ میں	اور	ابراہیم	صحیفوں	پہلے میں ہے	صحیفوں	بیچ

تعلیم) یقیناً پہلے صحیفوں میں موجود ہے۔ ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں۔

ایاتھا ۲۶ ۸۸ سُوْرَۃُ الْغَاشِیَۃِ مَکِّیَّۃٌ ۶۸ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَةِ ﴿۱﴾ وُجُوْهٌ یَّوْمَىٕذٍ خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾

هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِیْثُ	الْغَاشِیَةِ	وُجُوْهٌ	یَّوْمَىٕذٍ	خَاشِعَةٌ
یقیناً	آئی تمہارے پاس	بات	چھا جانے والی کی	کئی منہ	اس دن	جھکے ہوں گے

بے شک تمہارے پاس اس مصیبت کی خبر آئی جو چھا جائے گی۔ کتنے ہی چہرے اس دن ذلیل ہوں گے۔

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿۳﴾ تَصْلٰى نَارًا حَامِیَةً ﴿۴﴾ تُسْقٰى مِنْ عَیْنٍ اٰنِیَةٍ ﴿۵﴾

عَامِلَةٌ	نَّاصِبَةٌ	تَصْلٰى	نَارًا حَامِیَةً	تُسْقٰى	مِنْ عَیْنٍ	اٰنِیَةٍ
کام کرنیوالے	مشقت والے	داخل ہوں گے	بھڑکتی آگ میں	پلائے جائیں گے	چشمہ	گرم سے

مشقت کرنے والے، تھکے ہوئے۔ وہ دہکتی آگ میں جا ملیں گے۔ کھولتے پانی کے چشمے سے پلائے جائیں گے۔

لَیْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِیْعٍ ﴿۶﴾ لَّا یُسْمِنُ وَ لَا یُغْنِیْ مِنْ جُوْعٍ ﴿۷﴾

لَیْسَ	لَهُمْ	طَعَامٌ	اِلَّا	مِنْ ضَرِیْعٍ	لَا	یُسْمِنُ	وَ	لَا	یُغْنِیْ	مِنْ جُوْعٍ
نہیں ہے	ان کیلئے	کھانا	مگر	آگ کے کانٹے	نہ	موٹا کرے	اور	نہ	کام دے	بھوک سے

ان کیلئے کوئی کھانا نہ ہو گا بجز خاردار خشک زہریلے درخت کے۔ کہ نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک میں کام دیگا۔

وُجُوْهٌ یَّوْمَىٕذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿۸﴾ لِّسَعْیِهَا رَاضِیَةٌ ﴿۹﴾ فِیْ جَنَّةٍ

وُجُوْهٌ	یَّوْمَىٕذٍ	نَّاعِمَةٌ	لِّسَعْیِهَا	رَاضِیَةٌ	فِیْ جَنَّةٍ
کئی منہ	اس دن	تروتازہ ہوں گے	اپنی کوشش پر	خوش ہوں گے	جنت میں

کتنے ہی چہرے اس دن تروتازہ ہوں گے۔ اپنی محنت پر خوش و خرم ہوں گے۔ ایک عالی شان

عَالِيَةٍ ﴿۱۰﴾ لَّا تَسۡمَعُ فِيۡهَا لَاغِيَةً ﴿۱۱﴾ فِيۡهَا عَيۡنٌ جَارِيَةٌ ﴿۱۲﴾ فِيۡهَا سُرُرٌ

سُرُرٌ	فِيۡهَا	جَارِيَةٌ	عَيۡنٌ	فِيۡهَا	لَاغِيَةً	فِيۡهَا	تَسۡمَعُ	لَا	عَالِيَةٍ
تخت ہیں	اس میں	جاری	چشمے ہیں	اس میں	کوئی بیہودہ	اس میں	سنیں گے	نہ	بلند کے

باغ میں ہوں گے۔جس میں کوئی شخص کوئی بیہودہ بات نہ سنے گا۔اس میں بہتے چشمے ہوں گے۔اس میں بلند

مَّرۡفُوۡعَةٌ ﴿۱۳﴾ وَّ اَكۡوَابٌ مَّوۡضُوۡعَةٌ ﴿۱۴﴾ وَّ نَمَارِقُ مَصۡفُوۡفَةٌ ﴿۱۵﴾

مَصۡفُوۡفَةٌ	نَمَارِقُ	وَّ	مَّوۡضُوۡعَةٌ	اَكۡوَابٌ	وَّ	مَّرۡفُوۡعَةٌ
صف بستہ	قالین	اور	چنے ہوئے	آبخورے ہیں	اور	بلند

تخت ہوں گے۔ اور جام رکھے ہوئے ہوں گے۔ اور صفوں میں لگے ہوئے تکیے۔

وَّ زَرَابِيُّ مَبۡثُوۡثَةٌ ﴿۱۶﴾ اَفَلَا يَنۡظُرُوۡنَ اِلَى الۡاِبِلِ كَيۡفَ خُلِقَتۡ ﴿۱۷﴾ وَاِلَى

اِلَى	وَ	خُلِقَتۡ	كَيۡفَ	الۡاِبِلِ	اِلَى	يَنۡظُرُوۡنَ	اَفَلَا	مَبۡثُوۡثَةٌ	زَرَابِيُّ	وَّ
طرف	اور	پیدا کیا گیا	کیسے	اونٹ کی	طرف	دیکھتے	کیا نہیں	بچھی ہوئی	چاندنیاں	اور

اور بچھے ہوئے غالیچے۔ کیا اونٹ کو نہیں دیکھتے کہ وہ کیسے بنایا گیا۔ اور آسمان

السَّمَآءِ كَيۡفَ رُفِعَتۡ ﴿۱۸﴾ وَاِلَى الۡجِبَالِ كَيۡفَ نُصِبَتۡ ﴿۱۹﴾ وَاِلَى

اِلَى	وَ	نُصِبَتۡ	كَيۡفَ	الۡجِبَالِ	وَاِلَى	رُفِعَتۡ	كَيۡفَ	السَّمَآءِ
طرف	اور	گاڑے گئے	کیسے	پہاڑوں کی	اور طرف	بلند کیا گیا	کیسے	آسمان کی

کو کہ وہ کس طرح بلند کیا گیا۔ اور پہاڑ کیسے قائم کیے گئے۔ اور زمین

الۡاَرۡضِ كَيۡفَ سُطِحَتۡ ﴿۲۰﴾ فَذَكِّرۡ اِنَّمَاۤ اَنۡتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ لَسۡتَ

لَسۡتَ	مُذَكِّرٌ	اَنۡتَ	اِنَّمَاۤ	فَذَكِّرۡ	سُطِحَتۡ	كَيۡفَ	الۡاَرۡضِ
نہیں ہیں آپ	نصیحت کرنیوالے ہیں	آپ	صرف	تو آپ نصیحت کریں	بچھائی گئی	کیسے	زمین کی

کیسے بچھائی گئی۔ پس آپ نصیحت فرماتے رہیے آپ صرف نصیحت ہی کرنے والے ہیں۔ ان

عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ﴿۲۳﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ

عَلَيْهِمْ	بِمُصَيْطِرٍ	إِلَّا	مَنْ	تَوَلّٰى	وَ	كَفَرَ	فَيُعَذِّبُهُ	اللّٰهُ	الْعَذَابَ
ان پر	نگران	مگر	جس نے	منہ پھیرا	اور	کفر کیا	تو عذاب کرے گا اسکو	اللہ	عذاب

کوئی داروغہ نہیں۔ مگر جو (حق سے) منہ موڑے اور کفر کرے۔ تو اللہ اسے سب سے بڑا

الْأَكْبَرَ ﴿۲۴﴾ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم ﴿۲۶﴾

الْأَكْبَرَ	إِنَّ	إِلَيْنَا	إِيَابَهُمْ	ثُمَّ	إِنَّ	عَلَيْنَا	حِسَابَهُمْ
بہت بڑا	بیشک	ہماری طرف ہے	ان کا لوٹنا	پھر	بیشک	ہم پر ہے	ان سے حساب لینا

عذاب دے گا۔ بے شک ہماری ہی طرف ان کا پھرنا ہے۔ پھر بے شک ہماری ہی طرف ان کا حساب ہے۔

ع ۱۴

آیاتہا ۳۰ — ۸۹ سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ ۱۰ — رکوعہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالْفَجْرِ ﴿۱﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿۲﴾ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿۳﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ ﴿۴﴾ هَلْ

وَالْفَجْرِ	وَلَيَالٍ	عَشْرٍ	وَالشَّفْعِ	وَالْوَتْرِ	وَاللَّيْلِ	إِذَا	يَسْرِ	هَلْ
قسم ہے فجر کی	اور راتوں کی	دس	اور جفت	اور طاق کی	اور رات کی	جب	چلے	کیوں

اس صبح کی قسم۔ اور دس (عظمت والی) راتوں کی قسم۔ اور جفت اور طاق کی قسم۔ اور رات کی جب وہ گزرتی ہے۔ بے شک

فِي ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِي حِجْرٍ ﴿۵﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿۶﴾ إِرَمَ

فِي ذٰلِكَ	قَسَمٌ	لِّذِي حِجْرٍ	أَلَمْ	تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِعَادٍ	إِرَمَ
اس میں	قسم ہوئی	عقلمندوں کیلئے	کیا نہ	دیکھا تُونے	کیسے	کیا	تمہارے رب نے	عاد سے	ارم

اس میں بہت بڑی قسم ہے عقلمند کیلئے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا آپ کے رب نے (قوم) عاد کے ساتھ کیسا (معاملہ) کیا۔ (جو اہل) ارم تھے (اور) بڑے

ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿۷﴾ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ ﴿۸﴾ وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوا

ذَاتِ الْعِمَادِ	الَّتِیْ	لَمْ	یُخْلَقْ	مِثْلُهَا	فِی	الْبِلَادِ	وَ	ثَمُوْدَ	الَّذِیْنَ	جَابُوْا
بڑے لمبے قد و قامت والے	وہ کہ	نہ	بنائی گئی	ان کی مثال	بیچ	شہروں کے	اور	ثمود	وہ جنہوں نے	پھاڑا

بڑے ستونوں والے تھے۔ کہ ان جیسا اور شہروں میں پیدا نہیں ہوا۔ اور ثمود کا جو وادی

الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿۹﴾ وَفِرْعَوْنَ ذِی الْاَوْتَادِ ﴿۱۰﴾ الَّذِیْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ ﴿۱۱﴾

الصَّخْرَ	بِالْوَادِ	وَ	فِرْعَوْنَ	ذِی الْاَوْتَادِ	الَّذِیْنَ	طَغَوْا	فِی الْبِلَادِ
پتھروں کو	وادی میں	اور	فرعون	چومیخا کرنیوالا	وہ جنہوں نے	سرکشی کی	شہروں میں

میں چٹانیں تراشتے تھے۔ اور میخوں والے فرعون کا (جو میخوں سے سزا دیا کرتا تھا)۔ وہ لوگ جنہوں نے بڑی سرکشی کی شہروں میں۔

فَاَكْثَرُوْا فِیْهَا الْفَسَادَ ﴿۱۲﴾ فَصَبَّ عَلَیْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾ اِنَّ

فَاَكْثَرُوْا	فِیْهَا	الْفَسَادَ	فَصَبَّ	عَلَیْهِمْ	رَبُّكَ	سَوْطَ	عَذَابٍ	اِنَّ
تو زیادہ کیا انہوں نے	اس میں	فساد	تو گرایا	ان پر	تمہارے رب نے	کوڑا	عذاب کا	بیشک

پھر ان (شہروں) میں بہت زیادہ خرابی پھیلائی۔ تو ان پر تمہارے رب نے عذاب کا کوڑا برسایا۔ بے شک

رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ

رَبَّكَ	لَبِالْمِرْصَادِ	فَاَمَّا	الْاِنْسَانُ	اِذَا	مَا ابْتَلٰىهُ	رَبُّهٗ	فَاَكْرَمَهٗ
تمہارے رب کی	نظر سے کچھ غائب نہیں	پھر	انسان	جب	کہ آزماتا ہے اس کو	اس کا رب	تو عزت دیتا ہے

تمہارے رب کی نظر سے کچھ غائب نہیں۔ مگر انسان ایسا ہے کہ جب اس کا رب اسے آزماتا ہے اور اسے عزت اور نعمتیں دیتا ہے تو

وَنَعَّمَهٗ فَیَقُوْلُ رَبِّیْۤ اَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّاۤ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَیْهِ

وَ	نَعَّمَهٗ	فَیَقُوْلُ	رَبِّیْۤ	اَكْرَمَنِ	وَ	اَمَّاۤ	اِذَا	مَا ابْتَلٰىهُ	فَقَدَرَ	عَلَیْهِ
اور	نعمت دیتا ہے اسکو	تو کہتا ہے	میرے رب نے	میری عزت کی	اور	پھر	جب	کہ اس کو آزماتا ہے	تو تنگ کرتا ہے	اس پر

کہتا ہے، میرے رب نے مجھے عزت بخشی ہے۔ اور جب اسے آزماتا ہے اور اس پر اس کے رزق کو اندازے میں کر دیتا ہے تو کہتا

رِزْقَهٗ ۚ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿١٦﴾ كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿١٧﴾

رِزْقَهٗ	فَيَقُوْلُ	رَبِّيْٓ	اَهَانَنِ	كَلَّا	بَلْ	لَّا	تُكْرِمُوْنَ	الْيَتِيْمَ
اس کا رزق	تو کہتا ہے	میرے رب نے	مجھے خوار کیا	ہرگز نہیں	بلکہ	نہیں	عزت کرتے تم	یتیم کی

ہے میرے رب نے مجھے بے عزت کر دیا ہے۔ یہ بات نہیں بلکہ تم یتیم کا اکرام نہیں کرتے۔

وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿١٨﴾ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿١٩﴾

وَ	لَا	تَحٰٓضُّوْنَ	عَلٰى	طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ	وَ	تَاْكُلُوْنَ	التُّرَاثَ	اَكْلًا	لَّمًّا
اور	نہیں	رغبت دلاتے	اوپر	کھانے	مسکین کے	اور	کھاتے ہو تم	وراثت کو	کھانا	سارا

اور تم ایک دوسرے کو مسکین کے کھلانے پر آمادہ نہیں کرتے۔اور میراث کا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو۔

وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿٢١﴾ وَّجَآءَ

وَ	تُحِبُّوْنَ	الْمَالَ	حُبًّا	جَمًّا	كَلَّآ	اِذَا	دُكَّتِ	الْاَرْضُ	دَكًّا	دَكًّا	وَ	جَآءَ
اور	پسند کرتے ہو	مال کو	پسند کرنا	بہت زیادہ	ہرگز نہیں	جب	ریزہ ریزہ ہو جائے گی	زمین	بری	اچھی طرح	اور	آئے گا

اور مال کی شدید محبت رکھتے ہو۔ جب زمین ریزہ ریزہ کر دی جائے گی۔ اور تمہارے

رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿٢٢﴾ وَجِایْٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ يَوْمَئِذٍ

رَبُّكَ	وَ	الْمَلَكُ	صَفًّا	صَفًّا	وَجِایْٓءَ	يَوْمَئِذٍ	بِجَهَنَّمَ	يَوْمَئِذٍ
تمہارے رب کا حکم	اور	فرشتے	صف	درصف	اور لایا جائے گا	اس دن	دوزخ کو	اس دن

رب جلوہ فرما ہوگا اور فرشتے قطار در قطار (اس کے حضور) حاضر ہوں گے۔اور اس دن دوزخ (سامنے) لائی جائے گی اس دن

يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿٢٣﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ

يَّتَذَكَّرُ	الْاِنْسَانُ	وَاَنّٰى	لَهُ	الذِّكْرٰى	يَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	قَدَّمْتُ
سوچے گا	آدمی	اور کہاں ہوگا	اسے	سوچنے کا وقت	کہے گا	ہائے افسوس	میں آگے بھیجتا

آدمی سوچے گا اور اس وقت اس کیلئے سوچنے کا موقع کہاں؟ کہے گا کاش میں نے (آخرت کیلئے) اپنی (دنیاوی) حیات میں کوئی

لِحَيَاتِيْ ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ

وَثَاقَهٗ	يُوْثِقُ	لَا	وَ	اَحَدٌ	عَذَابَهٗ	يُعَذِّبُ	لَا	فَيَوْمَئِذٍ	لِحَيَاتِيْ
اس کی قید جیسی	قید کرے گا	نہ	اور	کوئی بھی	اس جیسا عذاب	عذاب کرے گا	نہ	تو اس دن	اپنی زندگی کیلئے

نیکی آگے بھیجی ہوتی۔ تو اس دن اس کا سا عذاب کوئی نہیں کرسکتا۔ اور نہ اس کے جکڑنے کی طرح

اَحَدٌ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً

رَاضِيَةً	رَبِّكِ	اِلٰى	ارْجِعِيْٓ	الْمُطْمَئِنَّةُ	النَّفْسُ	يٰٓاَيَّتُهَا	اَحَدٌ
راضی ہوکر	اپنے رب کی	طرف	واپس ہو	اطمینان والی!	جان	اے	کوئی

کوئی جکڑ سکے گا۔اے اطمینان پاجانے والے نفس! اپنے رب کی طرف خوش ہوتی اور خوش

مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿۳۰﴾ ع

جَنَّتِيْ	وَادْخُلِيْ	فِيْ عِبٰدِيْ	فَادْخُلِيْ	مَّرْضِيَّةً
میری جنت میں	اور داخل ہو	میرے بندوں میں	سو داخل ہو	راضی کی ہوئی

کرتی لوٹ چل۔ پھر میرے (خاص) بندوں میں شامل ہوجا۔ اور میری جنت میں داخل ہوجا۔

ایاتها ۲۰ | ۹۰ سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ ۳۵ | رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۱﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ﴿۳﴾

وَلَدَ	وَّمَا	وَوَالِدٍ	الْبَلَدِ	بِهٰذَا	حِلٌّ	اَنْتَ	وَ	الْبَلَدِ	بِهٰذَا	لَآ اُقْسِمُ
جنا	اور جس کو	اور قسم ہے باپ کی	شہر میں	اس	تشریف فرمائیں	آپ	اور	شہر کی	اس	میں قسم کھاتا ہوں

مجھے اس شہر مکہ کی قسم۔ کہ اے محبوب ﷺ! آپ اس شہر میں تشریف فرما ہیں۔ (اے حبیب مکرم ﷺ! آپ کے) والد (آدم یا ابراہیم علیہ السلام) کی قسم اور (ان کی)

وقف لازم

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ ﴿۴﴾ اَیَحْسَبُ اَنْ لَّنْ یَّقْدِرَ عَلَیْهِ اَحَدٌ ﴿۵﴾

لَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِیْ كَبَدٍ	اَیَحْسَبُ	اَنْ	لَّنْ	یَّقْدِرَ	عَلَیْهِ	اَحَدٌ
بیشک	پیدا کیا ہم نے	انسان کو	مشقت میں	کیا خیال کرتا ہے	یہ کہ	ہرگز نہ	قادر ہوگا	اس پر	کوئی بھی

قسم جن کی ولادت ہوئی۔ ہم نے انسان کو مشقتوں میں رہنے کیلئے بنایا ہے۔ کیا وہ گمان کرتا ہے کہ ہرگز اس پر کوئی قابو نہ پا سکے گا۔

یَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿۶﴾ اَیَحْسَبُ اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ﴿۷﴾ اَلَمْ

یَقُوْلُ	اَهْلَكْتُ	مَالًا	لُّبَدًا	اَیَحْسَبُ	اَنْ	لَّمْ	یَرَهٗۤ	اَحَدٌ	اَلَمْ
کہتا ہے	ہلاک کیا میں نے	مال	ڈھیروں	کیا سمجھتا ہے	یہ کہ	نہیں	دیکھا اس کو	کسی نے	کیا نہ

وہ (تکبر سے) کہتا ہے میں نے اپنا کثیر مال خرچ کر دیا۔ کیا آدمی یہ سمجھتا ہے کہ اسے کسی نے نہیں دیکھا۔ کیا ہم نے

نَجْعَلْ لَّهٗ عَیْنَیْنِ ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَیْنِ ﴿۹﴾ وَهَدَیْنٰهُ النَّجْدَیْنِ ﴿۱۰﴾

نَجْعَلْ	لَّهٗ	عَیْنَیْنِ	وَلِسَانًا	وَّ	شَفَتَیْنِ	وَ	هَدَیْنٰهُ	النَّجْدَیْنِ
بنائیں ہم نے	اس کی	دو آنکھیں	اور زبان	اور	دو ہونٹ	اور	راہ دکھائی اسکو ہم نے	دو ابھری چیزوں کی

اس کی دو آنکھیں نہیں بنائیں۔ اور زبان اور دو ہونٹ نہیں دیئے۔ اور ہم نے اسے (خیر و شر کے) دو نمایاں راستے (بھی) دکھا دیئے۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ﴿۱۱﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوْ

فَلَا	اقْتَحَمَ	الْعَقَبَةَ	وَ	مَاۤ	اَدْرٰىكَ	مَا	الْعَقَبَةُ	فَكُّ	رَقَبَةٍ	اَوْ
تو نہ	گھسا	گھاٹی میں	اور	کیا	تم کیا جانیں	کیا ہے	گھاٹی	آزاد کرنا ہے	گردن کا	یا

وہ تو دشوار گزار گھاٹی میں داخل ہی نہیں ہوا۔ اور تم کیا سمجھے ہیں کہ گھاٹی کیا ہے۔ کسی بندے کی گردن کا آزاد کرانا ہے۔ یا

اِطْعٰمٌ فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ یَّتِیْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾ اَوْ مِسْكِیْنًا

اِطْعٰمٌ	فِیْ یَوْمٍ	ذِیْ مَسْغَبَةٍ	یَّتِیْمًا	ذَا مَقْرَبَةٍ	اَوْ	مِسْكِیْنًا
کھانا کھلانا	دن میں	بھوک والے کے	یتیم کو	رشتہ دار	یا	مسکین کو

بھوک کے دن کھانا کھلانا ہے۔ کسی قریبی یتیم کو۔ یا شدید غربت کے مارے ہوئے محتاج کو جو

ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

بِالصَّبْرِ	وَتَوَاصَوْا	اٰمَنُوْا	مِنَ الَّذِيْنَ	كَانَ	ثُمَّ	ذَا مَتْرَبَةٍ
صبر کی	اور وصیتیں کی آپس میں	ایمان لائے	ان سے جو	ہو	پھر	خاک نشین کو

محض خاک نشین (اور بے گھر) ہے۔ پھر ان لوگوں میں (بھی) شامل ہو جو ایمان لائے اور انہوں نے ایک دوسرے کو صبر کی

وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	وَ	اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ	اُولٰٓئِكَ	بِالْمَرْحَمَةِ	تَوَاصَوْا	وَ
وہ جنہوں نے	اور	دائیں جانب والے	یہ لوگ ہیں	مہربانی کی	وصیتیں کی آپس میں	اور

نصیحتیں کیں اور ایک دوسرے کو رحم کی نصیحتیں کیں۔ وہ لوگ دائیں طرف والے (بابرکت) ہیں۔ اور جنہوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾ ع

مُّؤْصَدَةٌ	نَارٌ	عَلَيْهِمْ	اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	هُمْ	بِاٰيٰتِنَا	كَفَرُوْا
بند کی گئی	آگ ہے	ان پر	بائیں جانب والے	یہی ہیں	ہماری آیتوں کا	کفر کیا

ہماری آیتوں سے کفر کیا وہ بائیں طرف والے ہیں۔ ان پر آگ ہے کہ اس میں ڈال کر اوپر سے بند کر دی گئی۔

اٰیاتها ۱۵ | ۹۱ سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ ۲۶ | رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ﴿۱﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ﴿۲﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا

اِذَا	النَّهَارِ	وَ	تَلٰهَا	اِذَا	الْقَمَرِ	وَ	ضُحٰهَا	وَ	وَالشَّمْسِ
جب	دن کی	اور	اس کے پیچھے آئے	جب	چاند کی	اور	اس کی روشنی کی	اور	قسم ہے سورج کی

سورج اور اس کی روشنی کی قسم۔ اور چاند کی قسم جب اس کے پیچھے آئے۔ اور دن کی قسم

جَلّٰىهَا ۝۳ وَ الَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝۴ وَالسَّمَآءِ وَ مَا بَنٰىهَا ۝۵

بَنٰىهَا	مَا	وَ	وَالسَّمَآءِ	يَغْشٰىهَا	اِذَا	الَّيْلِ	وَ	جَلّٰىهَا
اس کو بنایا	جس نے	اور	اور آسمان کی	اس کو ڈھانپے	جب	رات کی	اور	اسے چمکائے

جب وہ اسے چمکاتا ہے۔ اور رات کی قسم جب وہ اسے ڈھانپ لیتی ہے۔ اور آسمان کی قسم اور اس کی جس نے اسے بنایا۔

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝۶ وَ نَفْسٍ وَّ مَا سَوّٰىهَا ۝۷ فَاَلْهَمَهَا

فَاَلْهَمَهَا	سَوّٰىهَا	مَا	وَّ	نَفْسٍ	وَ	طَحٰىهَا	مَا	وَ	وَالْاَرْضِ
پھر الہام کیا اسکو	اسے برابر کیا	جس نے	اور	جان کی	اور	اس کو بچھایا	جس نے	اور	اور زمین کی

اور زمین کی قسم اور اس (قوت) کی جس نے اسے پھیلایا۔ اور جان کی قسم اور اس (قوت) کی جس نے اسے ٹھیک بنایا۔ پھر اس

فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝۸ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝۹ وَقَدْ خَابَ مَنْ

مَنْ	قَدْ خَابَ	وَ	زَكّٰىهَا	مَنْ	اَفْلَحَ	قَدْ	تَقْوٰىهَا	وَ	فُجُوْرَهَا
جس نے	بیشک نامراد ہوا	اور	اس کو پاک رکھا	جس نے	کامیاب ہوا	بیشک	نیکی اس کی	اور	گناہ اس کا

نے اسے اس کی بدکاری اور پرہیز گاری (کی تمیز) سمجھا دی۔ بے شک وہ کامیاب ہوا جس نے اس (نفس) کو پاک کر لیا۔ اور وہ نامراد ہوا جس نے اسے

دَسّٰىهَا ۝۱۰ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ۝۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝۱۲

اَشْقٰىهَا	انْۢبَعَثَ	اِذِ	بِطَغْوٰىهَآ	ثَمُوْدُ	كَذَّبَتْ	دَسّٰىهَا
بڑا بدبخت اس کا	اٹھا	جبکہ	اپنی سرکشی سے	ثمود نے	جھٹلایا	اسے گندا کر دیا

خاک میں ملایا۔ ثمود نے اپنی سرکشی سے (اپنے رسول صالح علیہ السلام کو) جھٹلایا۔ جب اس (قوم) کا سب سے زیادہ بدبخت (تیزی سے) اُٹھا۔

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝۱۳ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا

فَعَقَرُوْهَا	فَكَذَّبُوْهُ	سُقْيٰهَا	وَ	اللّٰهِ	نَاقَةَ	اللّٰهِ	رَسُوْلُ	لَهُمْ	فَقَالَ
تو کونچیں کاٹیں اسکی	تو جھٹلایا انہوں نے اسکو	اسکے پینے سے	اور	الٰہی سے	بچو ناقہ	خدا نے	رسول	ان کو	تو کہا

تو ان سے اللہ کے رسول نے فرمایا اللہ کے ناقہ اور اس کو پانی پلانے (کے دن) کی حفاظت کرنا۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا پھر ناقہ کی

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُم بِذَنۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿١٤﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿١٥﴾

عُقْبٰهَا	يَخَافُ	لَا	وَ	فَسَوّٰىهَا	بِذَنْۢبِهِمْ	رَبُّهُمْ	عَلَيْهِمْ	فَدَمْدَمَ
